تعویذ و عملیات اور خوابوں کی تعبیر کی بہترین کتاب

# تعویذ و عملیات

مع

# حسین خواب نامہ

از قلم
ابو الفیض محمد شریف القادری رضوی

ناشر
اکبر بک سیلرز لاہور

فیض القرآن

تعویذ و عملیات اور خوابوں کی تعبیر
کی بہترین کتاب

# تعویذ و عملیات

مع

# حسین خواب نامہ


مؤلف:

علامہ ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی



ناشر

اکبر بک سیلرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
Ph: 37352022

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ............ فیض القرآن مع حسین خواب نامہ

مصنف ............ ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

فاضل جامعہ رضویہ فیصل آباد

و

جامعہ چشتیہ رضویہ خانقاہ ڈوگراں

بفیضان نظر ............ پیر مفتی ابوداؤد محمد صادق صاحب

امیر جماعت رضائے مصطفےٰ پاکستان

کمپوزنگ ............ محمد نوید رضوی

صفحات ............ 304

ہدیہ ............ 300\-

# فہرست



| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | بہترین لوگ | 9 |
| 2 | کلامِ اعلیٰ حضرت | 11 |
| 3 | نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | 13 |
| 4 | شرفِ انتساب | 14 |
| 5 | الاھداء | 15 |
| 6 | پنج گنج قادری | 16 |
| 7 | علم میں اضافہ کے لئے | 16 |
| 8 | برائے گمشدہ | 17 |
| 9 | دشمن سے حفاظت | 18 |
| 11 | کسی بھی جائز کام کے لئے | 18 |
| 12 | اولاد کے لئے | 19 |
| 13 | درود قادریہ | 19 |
| 14 | وظیفہ جامع ہمہ وقت | 19 |
| 15 | قید سے رہائی ودفع پریشانی کے لئے | 19 |
| 16 | وظیفہ درد | 20 |
| 17 | شفاء کی سورت | 20 |

| | | |
|---|---|---|
| 18 | پریشانیوں سے نجات کے لئے | 21 |
| 19 | حصول رزق کے لئے | 21 |
| 20 | سارے دن حاجات پوری | 21 |
| 21 | تنگدستی دور کرنے کا عمل | 22 |
| 22 | برکت والا عمل | 22 |
| 23 | درود شریف شفاء | 22 |
| 24 | آیاتِ شفاء | 23 |
| 25 | برائے ترقی رزق | 24 |
| 26 | برائے حُب | 26 |
| 27 | دردسر | 26 |
| 28 | دردشقیقہ کے لئے | 27 |
| 29 | بچہ کے رونے دھونے کے لئے | 27 |
| 30 | برائے آسانی پیدائش | 27 |
| 31 | خواب میں ڈرنے والے کے لئے | 28 |
| 32 | بخار کے لئے | 28 |
| 33 | ناف ٹل جانے کے لئے | 28 |
| 34 | سیّدالاستغفار | 29 |
| 35 | استغفار کی برکات | 30 |

| | | |
|---|---|---|
| 36 | برائے حبّ | 30 |
| 37 | حافظہ کی زیادتی کے لئے | 31 |
| 38 | عورت کے مخصوص ایام | 31 |
| 39 | جو بچہ پڑھائی سے بھاگے | 32 |
| 40 | تسخیر کا وظیفہ | 32 |
| 41 | چور کے لئے | 33 |
| 42 | برائے آسیب | 33 |
| 43 | برائے اتفاق واتحاد | 34 |
| 44 | اگر کوئی بچہ گم ہو جائے | 35 |
| 45 | اگر کوئی چیز گم ہو جائے | 35 |
| 46 | دیکھنا خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو | 36 |
| 47 | عمل برائے حاجات | 36 |
| 48 | اگر دانت میں درد ہو | 37 |
| 49 | بد نظر کے لئے | 38 |
| 50 | برائے دفع حُبّ مخلوق | 38 |
| 51 | برائے جدائی ڈالنا دو شخصوں میں | 39 |
| 52 | برائے حمل | 39 |
| 53 | عمل برائے قید سے رہائی | 41 |

| | | |
|---|---|---|
| 54 | ایک عجیب وظیفہ | 42 |
| 55 | حکایت عجیبہ | 44 |
| 56 | اصحاب کہف کے نام | 46 |
| 57 | اصحاب کہف کے ناموں کے خواص | 47 |
| 58 | جادو کا علاج | 47 |
| 59 | حضرت خضر علیہ السلام کی بتائی ہوئی دُعا | 50 |
| 60 | حکمت کی باتیں | 51 |
| 61 | مشکلات کا حل | 52 |
| 62 | نمازِ استخارہ | 53 |
| 63 | نمازِ حاجت | 55 |
| 64 | اسبابِ فقر و تنگ دستی | 56 |
| 65 | اسباب غذا و فراخ دستی | 67 |
| 66 | اضافہ رزق و دولت | 69 |
| 67 | عزت و دولت کا تاج یعنی درود تاج | 73 |
| 68 | خیر و برکت کا خزینہ سورۂ فاتحہ | 75 |
| 69 | خیر و برکت کا بہترین عمل | 75 |
| 70 | عمل الحمد شریف | 75 |
| 71 | عمل افزائش خیر و برکت | 75 |

| | | |
|---|---|---|
| 72 | قرض سے نجات کا عمل | 76 |
| 73 | عمل برائے تسخیر خلق از حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ | 77 |
| 74 | دشمن کو مسخر کرنے کا عمل | 77 |
| 75 | حُبّ کا نہایت مفید عمل | 78 |
| 76 | محبوب کو حاضر کرنے کا عمل | 78 |
| 77 | نیک رشتہ | 79 |
| 78 | رشتہ ہو کر رہے | 79 |
| 79 | شوہر کے دل میں محبت پیدا کرنا | 80 |
| 80 | قضائے حاجات | 80 |
| 81 | نفل نمازیں برائے قضائے حاجات | 81 |
| 82 | درود تنجینا برائے قضائے حاجت | 87 |
| 83 | دُعا حل المشکلات | 88 |
| 84 | درود برائے قضائے حاجات | 89 |
| 85 | نقش سورۂ اخلاص | 89 |
| 86 | نقش سیفی | 91 |
| 87 | دلائل الخیرات | 92 |
| 88 | ناد علی کے پندرہ فوائد | 92 |
| 89 | دشمن پر غالب آنے کا مجرب عمل | 94 |

| | | |
|---|---|---|
| 90 | اسم اعظم | 95 |
| 91 | آپ کا اسم اعظم | 100 |
| 92 | عملیات اسماء الحسنٰی | 104 |
| 93 | ملاقات خضر علیہ السلام | 141 |
| 94 | ملاقات ارواح مقدسین | 143 |
| 95 | خواب نامہ | 144 |
| 96 | خوابوں کی اقسام | 145 |
| 97 | حضرت خزیمہ کا خواب | 146 |
| 98 | خواب نامہ مع تعبیر | 147 |
| 99 | نسخہ کیمیا برائے روحانی امراض | 302 |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# بہترین لوگ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

وعلٰی آلک واصحابک یا حبیب اللہ

محترم قارئین!

حدیث شریف میں ہے کہ:

خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَّنْفَعُ النَّاسِ

یعنی بہترین آدمی وہ ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے۔

اس حدیث پاک میں ان لوگوں کو سب سے بہتر کہا گیا ہے جو لوگوں کو نفع پہنچاتے ہیں' ہمیں چاہیئے کہ ہم پختہ ارادہ کر لیں کہ آئندہ ہم انشاء اللہ ساری زندگی لوگوں کو نفع پہنچائیں گے۔

پھر یقیناً ہم بھی بہترین لوگوں میں شامل ہو جائیں گے۔اور ساتھ یہ بھی ذہن میں رکھیں جس طرح نفع پہنچانے والے بہترین لوگ ہیں اسی طرح نقصان پہنچانے والے بدترین لوگ ہیں یعنی لوگوں میں سب سے برے ہیں' اللہ محفوظ رکھے۔

اس سے اُن لوگوں کو سوچنا چاہیئے جو کسی نہ کسی طرح لوگوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔کوئی کسی کو نقصان پہنچانے والا وظیفہ پڑھتا ہے' کوئی عمل کرتا ہے' کوئی تسبیح پھیرتا ہے' کوئی کسی کے نقصان کی دُعا کرتا ہے' کوئی نقصان پہنچانے کیلئے کوئی حیلہ سوچتا ہے۔ اس طرح کرنے سے اگلے کا نقصان ہوگا یا نہ ہوگا لیکن آپ ضرور گنہگار ہوں گے۔اپنے رب کو ناراض کریں گے کیونکہ اللہ ایسے لوگوں کو پسند نہیں فرماتا۔آپ کبھی بھی کسی کو

نقصان پہنچانے کا مت سوچیں اور ہمیشہ وہ عمل کریں جس میں آپ کا یا کسی مسلمان کا فائدہ اور اللہ کی رضا ہو۔

اس کتاب میں جو اعمال یا وظائف یا تعویزات میں گنہگار نے درج کئے ہیں۔ان کی ہر سنی مسلمان پابند شریعت کو اللہ رسول کے نام پر میری طرف سے اجازت ہے۔لہٰذا سنی مسلمان کو چاہیئے کہ وہ ان اعمال اعمال قرآنی اور وظائف کے فوائد و منافع سے خود بھی فیضیاب ہوں اور دوسرے لوگوں کو بھی فائدہ پہنچائیں۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔آمین

احقر:

**محمد شریف القادری رضوی**

# کلامِ اعلیٰ حضرت

یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہِ مشکل کشا کا ساتھ ہو
یاالٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف ہو
شادی دیدار حسن مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ساتھ ہو
یاالٰہی گورِ تیرہ کی جب آئے سخت رات
ان کے پیارے منہ کی صبح جانفزا کا ساتھ ہو
یاالٰہی! جب پڑے محشر میں شور داروگیر
امن دینے والے پیارے پیشوا کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے
صاحب کوثر شہ جود و عطا کا ساتھ ہو
یاالٰہی سرد مہری پر ہو جب خورشید حشر
سیّد بے سایہ کے ظلِ لوا کا ساتھ ہو
یاالٰہی گرمی محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامن محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو
یاالٰہی نامۂ اعمال جب کھلنے لگیں
عیب پوش خلق ستار خطا کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب بہیں آنکھیں حساب جرم میں
ان تبسم ریز ہونٹوں کی دُعا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب حساب خندۂ بیجا رلائے
چشم گریانِ شفیع مرتضٰی کا ساتھ ہو

یاالٰہی رنگ لائیں جب مری بیباکیاں
ان کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب چلوں تاریک راہ پل صراط
آفتاب ہاشمی نور الہدیٰ کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب سر شمشیر پہ چلنا پڑے
ربِّ سلّم کہنے والے غمزدہ کا ساتھ ہو

یاالٰہی جو دعائے نیک میں تجھ سے کروں
قدسیوں کے لب سے آمین ربّنا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب رضا خواب گراں سے سر اُٹھائے
دولت بیدار عشقِ مصطفٰے (ﷺ) کا ساتھ ہو

(حوالہ: حدائق بخشش)

# نعت رسول مقبول (صلی اللہ علیہ وسلم)

سوہنے آقا توں صدقے میں جاواں سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناواں

پیر جے پاوے میرے وی وہڑے
مک جاون دنیا دے سارے ہی جھیڑے
سوہنے دے راہ وچ اکھیاں وچھاواں

سوہنے آقا توں صدقے میں جاواں سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناواں

سوہنا جے آکے پاوے تجلی
عشق نبی وچ ہوجاواں میں جھلی
پھر سوہنے دے قدماں تے لب میں ٹکاواں

سوہنے آقا توں صدقے میں جاواں سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناواں

سوہنا قدمی جے مینوں وی لاوے
دکھاں غماں توں جان چھڈاوے
خوشی وچ آ کے میں محفل سجاواں

سوہنے آقا توں صدقے میں جاواں سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناواں

سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناواں
اک واری آجا سوہنیاں توں چل کے
بیٹھا شریف اے راہواں نوں مل کے
روندا پیا اے لے لے کے ہاواں

سوہنے آقا توں صدقے میں جاواں سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناواں

(کلام مصنف: ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی)

# شرفِ انتساب

قطب الاقطاب، غوث الاغواث، سیّد الاسیاد، شیخ الملک والجن والانس، علی الاطلاق، غوث الثقلین، سید الاولیاء، امام الاتقیاء، سند الاصفیاء، محبوب سبحانی، غوث صمدانی، شاہباز لامکانی، غوث الوریٰ، غوث الارض والسماء غوث العالمین حضرت سیدنا

**غوث الاعظم الشیخ عبدالقادر الجیلانی الحسنی والحسینی قدس اللہ سرہٗ النورانی**

وُ

شیخ الاسلام والمسلمین، حجۃ اللہ علی الارضین، معجزۃ زمن المعجزات سید المرسلین، امام المحققین، تاج المدققین، سیدنا مجدد اعظم، سرکار اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت علامہ عبدالمصطفیٰ الامام

**الشاہ احمد رضا خان قادری برکاتی فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ**

وُ

پاسبانِ مسلک رضا، خلیفۂ مجاز مفتی اعظم عالم اسلام، نائب محدث اعظم، عالم باعمل، ولی کامل علامہ الحاج

**پیر مفتی ابوداؤد محمد صادق صاحب قادری رضوی مدظلہ العالی**

امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان (گوجرانوالہ)

کے نام مبارک کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

طالب نگاہِ کرم: محمد شریف القادری رضوی

# الاھداء

رئیس المحدثین، سراج العارفین، سلطان المناظرین، قطب الاولیاء
سراج الفقہاء، پیر طریقت، رہبر شریعت، سیدی وسندی واستاذی
حضور پیر ابوالفیض **محمد عبدالکریم** قادری چشتی رضوی
حضور **محدث ابدالوی** رحمۃ اللہ علیہ خانقاہ ڈوگراں شریف
کے نام مبارک

بوساطت:
پیر طریقت، رہبر شریعت، شیخ الحدیث والتفسیر والفقہ
جگر گوشہ حضور محدث ابدالوی، سیدی وسندی واستاذی
حضرت مولانا پیر **محمد نور المجتبیٰ** چشتی رضوی مدظلہ العالی
مہتمم ومفتی وشیخ الحدیث مرکزی دارالعلوم چشتیہ رضویہ خانقاہ ڈوگراں شریف

ع..... گر قبول افتد زہے عز وشرف

ادنیٰ نیازمند:
ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیك یا رسول اللّٰہ

وعلیٰ آلك واصحابك یا حبیب اللّٰہ

# پنج گنج قادری

یہ فیض وبرکت کے پانچ خزانے ہیں۔

ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اوّل وآخر ایک ایک یا تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت کی خوب برکتیں حاصل ہوں گی۔

## پڑھنے کا طریقہ:

| | | |
|---|---|---|
| نمازِ فجر کے بعد ایک تسبیح | ==== | یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ |
| نمازِ ظہر کے بعد | ==== | یَا کَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ |
| نمازِ عصر کے بعد | ==== | یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ |
| نمازِ مغرب کے بعد | ==== | یَا سَتَّارُ یَا اَللّٰہُ |
| نمازِ عشاء کے بعد | ==== | یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ |

یہ وظیفہ میرے مرشد کامل امیر شریعت حضور قبلہ پیر ابوداؤد محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ نے عطا فرمایا ہے۔ میں نے اس کی خوب برکتیں دیکھی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بھی نصیب فرمائے۔ آمین

## علم میں اضافہ کے لئے:

ہر نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر آیت الکرسی ایک مرتبہ اور گیارہ مرتبہ یَا قَوِیُّ پڑھیں۔ اوّل آخر درود شریف پڑھ لیں۔

## برائے گمشدہ:

اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو سب اہل خانہ پانچوں نمازوں کے بعد اور ہر وقت جتنا ہو سکے پڑھتے رہیں۔ بالخصوص کبھی ایک مرتبہ دن میں گھر کے کسی کمرہ کے چاروں کونوں میں ۷۵، ۷۵ مرتبہ پڑھ کر پھونک ماردیں۔

وظیفہ یہ ہے: **یَا مُعِیْدُ اَلْمُعِیْدُ**

نیز **اَللّٰهُمَّ قَلِّبْهُ اِلَیْنَا** اکثر پڑھتے رہیں۔

حصول برکت ورحمت کیلئے گھر کو تصویر سجانے سے بچائیں۔

## ایک حدیث کا مفہوم:

اس لئے حدیث پاک میں آتا ہے جس گھر میں تصویر سجی ہوئی ہو یا کوئی ناپاکی میں رہنے والا ہو یا کتا ہو تو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔ اس لئے رحمت حاصل کرنے کیلئے ان تمام چیزوں سے احتیاط کریں۔

نمبر۱: گھر میں تصویریں نہ سجائیں۔

جاندار کی ہو سکے تو گھر میں خیر و برکت کیلئے روضہ پاک اور خانہ کعبہ کا نقشہ سجائیں۔

نمبر۲: جب غسل کی حاجت ہو تو فوراً غسل کرلیں۔ ناپاکی میں نہ رہیں۔

نمبر۳: کتا گھر میں نہ رکھیں حویلی میں رکھ سکتے ہیں۔ کھیتی کی حفاظت یا مال کی حفاظت یا شکار کے لئے رکھ سکتے ہیں لیکن گھر میں رکھنے سے بچیں۔

## دشمن سے حفاظت:

پانچوں نمازوں کے بعد اور دیگر اوقات میں پڑھتے رہیں اور بعد نماز عشاء سات مرتبہ پڑھ کر مخالفین کا تصور کر کے ان پر پھونک ماریں۔

وظیفہ یہ ہے:

**اَللّٰھُمَّ اکْفِنَا شَرَّھُمْ بِمَا شِئْتَ وَکَیْفَ شِئْتَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَ نَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔**

انشاءاللہ ضرور دُشمن سے حفاظت ہوگی' لازمی پڑھیں۔

## کسی بھی جائز کام کیلئے:

ہر چیز کا سبب مولیٰ تعالیٰ پیدا فرماتا ہے اور پھر وہ چیز حاصل ومیسر ہوتی ہے۔ اس نیت سے یہ وظیفہ پڑھتے جائیں کہ اے سبب پیدا فرمانے والے میرے لئے بہتر اسباب پیدا فرما۔ رزق میں برکت حصول رشتہ و روزگار' قرضہ سے فراغت اور دیگر مشکلات ومقدمات وامراض میں شروع کریں۔

طریقہ: بعد نماز عشاء ننگے سر بغیر چھت کے آسمان تلے کھڑے ہو کر پڑھیں:

**یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابْ** پانچ سو مرتبہ مع اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ مسجد میں یا گھر میں (آسمان تلے) صحن میں یا چھت پر پوری توجہ سے یہ وظیفہ پڑھا جائے اور آخر میں گڑگڑا کر بالخصوص دعا مانگیں' اگر کوئی کمزوری وتکالیف ہو تو بیٹھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ مرد ننگے سر اور خواتین سر ڈھانپ کر پڑھیں۔ بارش وغیرہ کی صورت ہو یا گاڑی میں سفر کر رہے ہوں تو چھت تلے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ مگر پنجگانہ نماز کی پابندی بہت ضروری ہے۔

**اولاد کیلئے:**

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَا

عام اوقات میں جتنا زیادہ ہو سکے پڑھا کریں۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْن

میاں بیوی ایک تسبیح روزانہ پڑھ کر اپنے پر دم کریں یا پانی پر دم کر کے پی لیں اور دعا کریں۔

نیز مرد سورۃ یوسف پڑھے' عورت سورۃ مریم پڑھے۔ روزانہ یا دوسرے چوتھے دن پڑھ کر اپنے او پر دم کریں یا پانی پر دم کر کے پی لیں اور دُعا کریں۔

**درود قادریہ:**

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَآلِهٖ وَسَلِّم

(ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یا جتنا ہو سکے پڑھیں)

**وظیفہ جامع ہمہ وقت:**

(جتنا پڑھا جائے' وضو ہو یا نہ ہو)

يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابْ' يَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتْ' يَا شَافِيَ الْاَمْرَاض

**قید سے رہائی و دفع پریشانی کیلیے:**

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِيْ اَدْرِكْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰه اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰه قَلَّت حِيْلَتِيْ اَغِثْنِيْ وَ اَدْرِكْنِيْ۔ جتنا ہو سکے پڑھتے رہیں۔

اور قیدی کیلئے پڑھنے کے بعد دعا کریں اور اگر کوئی پریشانی ہے تو اس کے دور ہونے کی دعا کریں اور اگر کوئی مشکل ہے تو اس کے حل ہونے کی دُعا کریں۔ اس کی برکت سے آپ کی مشکل حل ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

## وظیفہ درد:

(بر روایت حضرت خضر علیہ السلام) تسمیہ و درود شریف اوّل آخر موضع درد پر ہاتھ پھیرتے ہوئے (جبکہ غیر محرم نہ ہو)

یہ آیت کریمہ پڑھیں:

**وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ**

سات بار یا زیادہ بار پڑھ کر دم کریں۔

تسمیہ ۳ مرتبہ پھر درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

**اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ قُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ**

## شفاء کی سورت:

سورۃ فاتحہ (الحمد) سورۃ شفا ہے۔ جادو وغیرہ لاعلاج مرض کیلئے سفید چینی کی پلیٹ پر یہ اسم اعظم لکھ کر سورۃ فاتحہ لکھے۔ ۴۰ دن مریض کو دھو کر پلانے سے انشاء اللہ شفا ہو گی۔ اسم اعظم یہ ہے:

**يَا حَيُّ حِيْنَ لَاحَيَّ فِي دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ**

(مجربات عزیزی)

# پریشانیوں سے نجات کیلئے

درود شریف تنجینا:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَ تَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر۔ (بوقت مشکل ہزار بار یا جتنا ہو سکے)

اس درود شریف کے بہت ہی برکات ہیں۔ آپ ہر جائز کام کیلئے پڑھ سکتے ہیں لیکن کثرت سے پڑھیں اور محبت سے دل لگا کر پڑھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ آپ کی ہر مشکل حل ہو گی اور پریشانیوں سے نجات مل جائے گی۔

## حصولِ رزق کیلئے:

ستائیسویں پارہ میں سورہ واقعہ سورت غنا ہے جسے پڑھنے سے انشاءاللہ رزق میں، گھر میں برکت ہو گی اور فاقہ نہیں آئے گا۔ جتنے گھر کے افراد پڑھ سکتے ہیں۔ بعد نماز مغرب یا بعد نمازِ عشاء ایک مرتبہ پڑھیں۔ نیز بعد نماز فجر سورت مزمل اور درود تاج شریف پڑھ کر رزق و کاروبار میں برکت کی دعا مانگیں۔

## سارے دن حاجات پوری:

اگر آپ اپنا معمول بنالیں۔ نماز فجر کے بعد یا پہلے ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھ لیا کریں تو انشاءاللہ سارے دن کی حاجات پوری ہوں گی۔ اور خیر و برکت

ہوگی اور آپ کو دس (۱۰) قرآن پاک ختم کرنے کا ثواب ملے گا۔

## تنگدستی دور کرنے کا عمل:

ایک شخص نے اپنی محتاجی و تنگدستی کا اظہار کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اپنے گھر میں داخل ہو تو السلام علیکم کہو۔ (گھر میں کوئی ہو یا نہ ہو) پھر مجھے سلام کرو۔

(اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ)

اور پھر سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) پڑھو

جب اس نے اس پر عمل کیا تو اللہ نے اس کے رزق میں اتنی برکت فرمائی کہ وہ ضروریات کے علاوہ اپنے اقرباء ہمسایوں پر بھی خرچ کرنے لگا۔ (جلاء الافہام)

## برکت والا عمل:

پنجگانہ نماز با جماعت کی پابندی کی جائے اور بوقت ظہر و عشاء وضو کر کے سورۃ الم نشرح پڑھتے ہوئے داڑھی شریف میں کنگھی کی جائے تو بڑی خیر و برکت ہوگی اور تنگدستی و کمی دور ہوگی۔ پنجگانہ نماز با جماعت کے ساتھ داڑھی شریف رکھ کر یہ عمل شروع کریں اور انشاء اللہ اپنی آنکھوں سے اس کی برکات دیکھیں۔

## درود شریف شفاء:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَاءِ هَا وَ عَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَآءِ هَا وَ نُوْرِ الْاَبْصَارِ وَ ضِيَاءِ هَا وَ قُوَّةِ الْاَرْوَاحِ وَغِذَاءِ هَا وَ عَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ۔ جتنا ہو سکے پڑھیں۔ دعا اور دم کریں۔

# آیاتِ شفاء

امام طریقت ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ان کا بچہ بیمار ہوگیا۔ اس کی بیماری اتنی سخت ہوگئی کہ وہ قریب المرگ ہوگیا۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بچہ کا حال عرض کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم آیات شفاء سے کیوں دور رہتے ہو۔ کیوں ان سے تمسک نہیں کرتے اور شفاء نہیں مانگتے۔ میں بیدار ہوگیا اور اس پر غور کرنے لگا تو میں نے ان آیات شفاء کو کتاب الٰہی میں چھ جگہ پایا۔ وہ یہ ہیں:

(۱) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ (پارہ ۱۰، سورہ توبہ، آیت نمبر ۱۶)

اور اللہ تعالیٰ شفاء دیتا ہے مومنین کے سینوں کو

(۲) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ (پارہ ۱۱، سورہ یونس، آیت نمبر ۵۷)

سینوں میں جو تکلیف ہے ان سے شفا ہے۔

(۳) يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

(پارہ ۱۶، سورہ النحل، آیت نمبر ۶۹)

ان کے پیٹ سے نکلتی ہے پینے کی چیز جن کے رنگ مختلف ہوتے ہیں۔

لوگوں کیلئے ان میں شفاء ہے۔

(۴) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

(پارہ ۱۵، سورہ بنی اسرائیل، آیت نمبر ۸۲)

اور قرآن میں ہم ایسی چیز نازل کرتے ہیں جو مومنین کیلئے شفا اور رحمت ہے۔

(۵) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (پارہ ۱۹، سورہ الشعراء، آیت نمبر ۸۰)

اور جب میں بیمار پڑتا ہوں تو اللہ تعالیٰ شفا دیتا ہے۔

(٦) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ

(پارہ ۲۴، سورہ حٰم، السجدہ آیت نمبر ۴۴)

فرمادیجئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مومنین کیلئے یہ ہدایت اور شفاء ہے۔

میں نے ان آیات کو لکھا اور پانی میں گھول کر بچے کو پلادیا اور وہ بچہ اسی وقت شفا پا گیا گویا کہ اس کے پاؤں سے گرہ کھول دی گئی ہو۔ (مدارج النبوۃ)

# برائے ترقی رزق

(عمل سورۂ مزمل شریف)

## سورہ مزمل شریف کا پہلا طریقہ:

فجر کی نماز کے بعد سورۂ مزمل ایک دفعہ پڑھنے کا ورد رکھے اور ان چار آیتوں کو تین تین دفعہ پڑھا کریں۔

اوّل: رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا

دوئم: وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

سوئم: يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

چہارم: وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

جب تمام ہو جو حاجت چاہے برآوے۔

## سورۂ مزمل شریف کا دوسرا طریقہ:

جس وقت اس سورۂ مبارکہ کو کسی مہم اور کسی حاجت کیلئے پڑھے تو اس ترکیب سے پڑھے کہ پڑھتے رَبُّ الْمَشْرِقِ سے وَكِيْلًا تک پڑھ کر

حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (سومرتبہ پڑھے)

اور جب وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

پر پہنچے تو اسی پورے جملہ کی سومرتبہ تکرار کرے۔

اس ترکیب سے تین مرتبہ سورۂ مبارکہ کو پڑھے۔

اس کے بعد یَا مُغْنِیْ یَا مُعْطِیْ کو گیارہ سومرتبہ پڑھے۔

اوّل و آخر یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

گیارہ گیارہ مرتبہ اس درود شریف کو پڑھنا چاہیے۔

جب پڑھ کر فارغ ہو جائے تو سجدہ میں جا کر اپنا مقصد اللہ تعالیٰ سے طلب کرے اور اگر کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا ہو تو سجدہ میں دعا کرتے وقت اس طرح دعا مانگے۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهٗ اِلَیَّ یعنی فلان بن فلان
مِنْ رَّحْمَتِكَ وَ فَضْلِكَ

## سورۂ مزمل شریف کا تیسرا طریقہ:


فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان میں ایک مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھے اور جب فرض ادا کر چکے تو دو مرتبہ اور پڑھے۔ اسی طرح ہر نماز کے بعد دو مرتبہ پڑھا کرے۔ اس طرح اس کی تعداد کل گیارہ مرتبہ ہوگی۔

اوّل و آخر درود شریف تین تین بار یا پانچ بار یا گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ اس کا

ورد ہمیشہ رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی دور ہوگی اور رزق میں ترقی ہوگی۔

## برائے حُبّ

اگر میاں بیوی میں موافقت نہ ہو۔ اس نقش کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکایا جائے۔ انشاء اللہ تھوڑے عرصہ میں میاں بیوی میں ایسی محبت ہوگی کہ لوگ تعجب کریں گے۔




## دردِ سر

موم جامہ کر کے سر میں باندھا جائے مجرب ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷ | یَا مُحَمَّد ﷺ | ۴۷ | |
| | یَا دَافِعَ الْبَلِیَّات | | |

## دردِ شقیقہ کیلئے

اس نقشہ کو موم جامہ کر کے اس طرف باندھے جس طرف درد ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| عَمْسَا | حَلْسَا | جَلْسَا |

## بچہ کے رونے دھونے کیلئے

جو بچہ روتا ہو خواہ لڑکا ہو یا لڑکی تو اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رونا موقوف ہوجائے گا مجرب ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ضَا | رٌ | ضَا | ضَا |
| ۳۶ | ۱۳۲ | یا | رٌ |
| ۶۱ | ۸۹ | ۶۲ | ۳۹ |
| ۶۹ | ۱۳ | ۶۱ | ۵۳ |

## برائے آسانی پیدائش

اگر بچہ پیدا ہونے میں سختی اور دردِ زہ کی شدت ہو تو یہ تعویز لکھ کر پاک کپڑے میں رکھ کر بائیں ران میں عورت کے باندھے اور پیدا ہونے کے فوراً اس کو کھول ڈالے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اِهْيًا اِشْرَاهِيًا

## خواب میں ڈرنے والے کیلئے

جو شخص مرد عورت یا بچہ سوتے سوتے ڈراؤنے خواب دیکھ کر ڈرتا ہو یا چونک جاتا ہو اس کیلئے اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پھر وہ سوتے ہوئے نہیں ڈرے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| یَا رَحِیۡمُ | یَا رَحۡمٰنُ | یَااَللّٰہُ |
| یَا اَحَدُ | یَا قُدُّوۡسُ | یَا مَالِكُ |
| یَا سَلَامُ | یَا مُهَيۡمِنُ | یَا مُؤۡمِنُ |

## بخار کے لئے

جس شخص کو بخار آتا ہو۔ اس آیت مبارکہ کو لکھ کر بخار والے کے گلے میں باندھیں مفید ہے۔ آیت یہ ہے:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صۡبِرُوۡا وَصَابِرُوۡا وَرَابِطُوۡا وَاتَّقُوا اللّٰہَ

لَعَلَّکُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ فلاں بن فلان کا بخار جاتا رہے فلاں بن فلان کی جگہ اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھنا چاہیے۔

## ناف ٹل جانے کیلئے

اگر کسی کی ناف ٹل جاتی ہو تو اس نقش مکرم کو لکھ کر باندھے لیکن موم جامہ کر کے اور تعویذ کمر میں اس طرح باندھے کہ ناف کے اوپر تعویذ رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی۔

اور مریض کو شفا ہوگی۔وہ نقش مکرم یہ ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِذَا جَآءَ | نَصْرُ اللّٰہِ | وَالْفَتْحُ | وَرَاَیْتَ |
| النَّاسَ | یَدْخُلُوْنَ | فِیْ | دِیْنِ |
| اللّٰہِ | اَفْوَاجًا | فَسَبِّحْ | بِحَمْدِ |
| رَبِّکَ | وَاسْتَغْفِرْہُ | اِنَّہٗ | کَانَ |
| تَوَّابًا | یَاغَفُوْرُ | یَا شَافِیْ | یَا کَافِیْ |

## سید الاستغفار

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس بندے نے اخلاص اور دل کے یقین کے ساتھ دن کے کسی حصہ میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں یہ عرض کیا (یعنی ان کلمات کے ساتھ استغفار کیا) اور اسی دن رات شروع ہونے سے پہلے اس کو موت آ گئی تو وہ بلاشبہ جنت میں جائے گا اور اسی طرح اگر کسی نے رات کے کسی حصہ میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں عرض کیا اور صبح ہونے سے پہلے اسی رات میں وہ چل بسا تو وہ بلاشبہ جنت میں جائے گا۔

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ سید الاستغفار (یعنی سب سے اعلیٰ استغفار) یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں یوں عرض کرے۔

**تشریح:**

اس استغفار کی اس غیر معمولی فضیلت کا راز بظاہر یہی ہے کہ اس کے ایک ایک لفظ میں عبدیت کی روح بھری ہوئی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ط

ترجمہ: اے اللہ تو میرا رب ہے' تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے عہد پر اور تیرے وعدے پر قائم ہوں' جہاں تک مجھ سے ہو سکے میں نے جو گناہ کئے ان کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ میں تیری نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں' اور اپنے گناہوں کا بھی اقرار کرتا ہوں۔ لہٰذا مجھے بخش دے کیونکہ تیرے علاوہ کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔

## استغفار کی برکات

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو بندہ استغفار کو لازم پکڑے (یعنی اللہ تعالیٰ سے برابر اپنے گناہوں کی معافی مانگتا رہے) تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے تنگی اور مشکل سے نکلنے اور رہائی پانے کا راستہ بنا دے گا اور اس کی ہر فکر اور ہر پریشانی کو دور کر کے کشادگی اور اطمینان عطا فرما دے گا اور اس کو ان طریقوں سے رزق دے گا جن کا اس کو خیال و گمان بھی نہ ہوگا۔

## برائے حُبّ

جب کوئی حاکم کے غصہ سے ڈرتا ہو اور حاکم اس پر بے جا ظلم کرتا ہو تو ان آیات کو لکھ کر ٹوپی یا پگڑی میں رکھے اور حاکم کے سامنے جاوے خدا کے فضل و کرم سے

وہ شخص کامیاب ہوگا' مجرب ہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّهٗ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ط

## حافظہ کی زیادتی کیلئے

**ترکیب:**

جس شخص کو قرآن مجید حفظ نہ ہوتا ہو تو سوتے وقت عشاء کی نماز کے بعد ہر رات سو مرتبہ پوری الحمد شریف پڑھا کرے۔ انشاء اللہ قرآن شریف یاد ہو جائے گا' مجرب ہے۔

## عورت کے مخصوص ایام

جس عورت کی ماہواری میں زیادتی ہو۔ اس آیت کو لکھ کر کمر میں باندھیں اس صورت میں کہ تعویذ رحم کے برابر پڑا رہے۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ
وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ
عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ○

(انشاء اللہ شفاء ہوگی)

**دیگر:**

جس عورت کی ماہواری بند ہو گئی ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر عورت کی دائیں ران میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حیض جاری ہو جائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لاٗ | و | ۲ | لاٗ | حی | لا |
| س | س | ی | ن | ر | ص |
| | | | | | ح |

## جو بچہ پڑھائی سے بھاگے

ترکیب:

جو بچہ مدرسے یا مکتب سے بھاگتا ہو اس کے گلے میں ان مبارک آیات کو لکھ کر موم جامہ کر کے بطور تعویذ ڈالنا نہایت مفید ہے۔ وہ بچہ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگنا چھوڑ دے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِيْنَ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ط اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ وَّاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِيْنَ ○ ط

## تسخیر کا وظیفہ

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو اور اپنی کوئی حاجت اس سے پوری کرنی ہو تو اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھے اور اس کے بعد تسبیح و تہلیل اور درود پڑھ کر اپنی ضرورت کیلئے دعا مانگے اور پھر ان آیات کو بلا تعداد پڑھتا ہوا اس کے پاس جائے اور وہاں جانے کے بعد بھی بیٹھے بیٹھے پڑھتا رہے۔ جب وہ ہم کلام ہو تو اس وقت پڑھنا چھوڑ دے اور بیچ میں وقفہ ملتا رہے تو اس اثناء میں ان آیات کو پڑھتا ہی رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسخر ہو گا اور آپ کا کام پورا ہو گا۔

نہایت مجرب ہے۔آیات یہ ہیں:

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ط مَا كَانَ يُغْنِىْ عَنْهُمْ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَىْ ءٍ اِلَّا حَاجَةً فِىْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا اِذَا جَآءَ كَ الْمُنَافِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰه ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ۔

## چور کے لئے

**ترکیب:**

جو لوگ چوری میں متہم ہوں یعنی لوگوں پر چوری کا شبہ ہو۔ان سب کے نام الگ الگ پرچوں پر لکھیں اوران پرچیوں پر گیہوں کے آٹے میں جو گندھا ہوا ہو گولیاں بنائیں اوران سب پر اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اوراس کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور چاروں قل ایک ایک بار پڑھیں اوراس کے بعد طشت میں پانی بھر کراس میں وہ سب گولیاں ایک دم پانی میں ڈال دی جائیں گی۔چور کی گولی پانی میں غرق نہ ہوگی اور پانی پر تیرتی رہے گی،مجرب ہے۔

## برائے آسیب

**ترکیب:**

ان آیات کو لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں ڈالے۔ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔وہ آیتیں یہ ہیں:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

................................

## برائے اتفاق واتحاد

**ترکیب:**

اگر کسی گروہ میں لڑائی جھگڑا ہو یا سخت جنگ رہتی ہو تو یہ آیت شریفہ پڑھ کر اس گروہ کی طرف دم کریں اور اگر دم نہ کر سکیں تو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر سب کو پلائیں اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو ہر شخص جس کنویں سے پانی پیتا ہو اس کنویں میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب کے اندر خلوص ومحبت پیدا ہو۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ○

## اگر کوئی بچہ گم ہو جائے

**ترکیب:**

جس کا بچہ گم ہو جائے یا بڑا بھاگ جائے تو ایسی صورت میں اس کو چاہیے سورۃ والضحیٰ یعنی (وَالضُّحٰى وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى) پوری سورۃ پڑھتا رہے۔ وضو بلا وضو ہر وقت ہر حالت میں اس سورۂ مبارکہ کو پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس جگہ سے بچہ کھو گیا تھا اسی جگہ پہنچانے والے آن کر پہنچا جائیں گے۔

اور بچہ اسی مقام پر واپس آ جائے گا اور بڑا خود بخود گھبرا کر بہت جلد انشاء اللہ تعالیٰ اپنی جگہ لوٹ آئے گا۔ مجرب ہے۔ پڑھتے وقت بھاگے ہوئے کا تصور رکھنا ضروری ہے۔ اس کی کوئی تعداد نہیں بلا تعداد اس کو کثرت سے پڑھتا رہے۔

## دیگر: اگر کوئی چیز گم ہو جائے

**ترکیب:**

جس شخص کی کوئی چیز گم ہو جائے یا بچہ کھو یا جائے تو اس کو چاہیے کہ اس درود شریف کو لکھ کر کسی درخت میں باندھ کر لٹکائے جو چیز گم ہو جائے۔ اس درود شریف کے نیچے اس چیز کا نام لکھا جائے اور جو بچہ کھو یا گیا ہے اس بچے کا نام اور اس کی ماں کا نام ضرور لکھیے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ
اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ اَلْفَ اَلْفَ ذَرَّةٍ

## دیکھنا خواب میں آنحضرت ﷺ کو

**ترکیب:**

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جو حضور ﷺ کے غلام تھے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص سوتے وقت یہ کلمے پڑھے مجھ کو خواب میں دیکھے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ وَالشَّھْرِ الْحَرَامِ وَالرُّکْنِ
وَالْمَقَامِ اِقْرَأْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ مِّنِّیْ السَّلَامَ

لیکن ان باتوں کا ضرور خیال کرے کہ اس کا جسم کپڑے اور بستر پاک ہو اور خوشبو میں تمام چیزیں بسی ہوئی ہوں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور زیارت سے مشرف ہوگا۔ بدھ کی شب سے شروع کرے ورد رکھنے سے بہت جلد اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔

## عمل برائے حاجات

**ترکیب:**

جب کوئی مصیبت نازل ہو کوئی پریشانی درپیش ہو تو چاہیے کہ رات کو نصف حصہ میں اُٹھ کر وضو کرے اور دو رکعتیں ادا کرے، جس وقت سلام پھیر چکے تو قبلہ رو بیٹھا رہے اور اس درود شریف کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُحِلُّ بِھَا عُقْدَتِیْ وَتُفَرِّجُ بِھَا کُرْبَتِیْ وَتَقْضِیْ بِھَا حَاجَتِیْ

درود شریف کو پورا کر کے باری تعالیٰ کی جناب میں دُعا کرے۔ضرور قبول ہو گی۔اس کے فوائد کثیر ہیں جو کہ شمار میں نہیں آسکتے' مجرب ہے۔

## اگر دانت میں درد ہو

**ترکیب:**

جس شخص کے دانتوں میں درد ہو' تو یہ عمل اس طرح کیا جائے۔اوّل گوشے میں چھری گاڑھ کر یعنی دبا کر یہ پڑھے:

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ حَضْرَتِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانْ

اور چھری کو اس گوشہ پر خوب زور دے اور مریض سے کہہ دیا جائے کہ جس دانت میں درد ہے' اسے خوب زور سے پکڑے اگر درد جاتا رہے تو خیر ورنہ دوسرے' تیسرے اور چوتھے گوشے پر اسی طرح کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درد بالکل جاتا رہے گا۔



# بدنظر کے لئے

ترکیب:

جس بچے کو نظر لگ جائے یا ضد کرتا ہو یا سوتے میں ڈرتا ہو تو سورۃ قل اعوذ برب الفلق پوری اور سورۃ قل اعوز برب الناس پوری سورۃ تین دفعہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور یہ آیات اور دُعا لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالے۔ وہ آیات اور دعا یہ ہے:

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ سْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ط فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّ کُمَا تُکَذِّبٰنِ ○ اَعُوْذُ بِکَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَیْنٍ لَآمَّةٍ

# برائے دفع حُبّ مخلوق

ترکیب:

جس شخص پر مخلوق کی محبت غالب ہو تو اس کو چاہیئے کہ کسی طشتری پر اللہ تعالیٰ کے ان ناموں کو لکھے جن میں حرف یا (ی) ہو جیسے کَرِیْمٌ، رَحِیْمٌ، حَفِیْظٌ اور مثل اس کے کہ جن ناموں میں (ی) ہو پھر زبان سے اس طشتری کو چاٹے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے دل سے مخلوق کی محبت جاتی رہے گی۔ طشتری کو لکھ کر نہار منہ چاٹے اور جب تک چاٹتا رہے جب تک اس کے دل میں محبت کا جذبہ باقی رہے' چاٹتے وقت یہ نیت کرنا بھی ضروری ہے کہ میرے دل سے محبت دنیا جاتی رہے۔

# برائے جدائی ڈالنا دو شخصوں میں

**ترکیب:**

اگر دو شخصوں میں جدائی ڈالنا منظور ہو تو اس آیت مبارکہ کو کاغذ پر لکھ کر دونوں میں سے ایک کے تکیے میں رکھے۔ ان شاء اللہ فوراً جدائی ہوگی۔ آیات یہ ہیں:

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ
لِكُلِّ امْرِیٍٔ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ○

یہ آیت لکھ کر نیچے فلاں شخص فلاں سے جدا ہو جائے۔ ماؤں کا نام ضرور لکھا جائے اور فلاں کی جگہ اس کا نام اور اس کی والدہ کا نام اور دوسرے فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی ماں کا نام تحریر کرے۔

# برائے حمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اِنَّكَ
اَنْتَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ يَلِدْ
وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ○ط

الهی بحرمت محمد و علی والحسن والحسین علیهم السلام یا زده

یعنی گیارہ تعویذ لکھ کر گیارہ روز تک گھول کر پلائیں۔

**دیگر:**

کسی گوشہ میں بیٹھ کر باوضو لکھے اور حاملہ عورت کی کمر میں باندھے اور تعویذ رحم پر پڑا رہے۔

اللہ تعالیٰ کے حکم سے حمل محفوظ رہے۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَمَلَ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ مِنْ جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه آمِيْن۔ آمِيْن۔ آمِيْن ○

دیگر:

اگر کوئی شخص اس دعا یا عبارت کو لکھ کر (اس عورت کو جس کے اولاد نہ ہوتی ہو) کو دے اور وہ اس کو موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ عورت اسی مہینے میں حاملہ ہوگی اور جو کسی درخت میں باندھ دے تو وہ بھی خوب پھلے پھولے گا۔

وہ دعا یا عبارت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ھو ۱ | ھو ۲ | ھو ۳ | ھو ۴ | ھو ۵ | ھو ۶ | ھو ۷ |
| اَللّٰه ۱ | اَللّٰه ۲ | اَللّٰه ۳ | اَللّٰه ۴ | اَللّٰه ۵ | اَللّٰه ۶ | اَللّٰه ۷ |
| حَيٌّ ۱ | حَيٌّ ۲ | حَيٌّ ۳ | حَيٌّ ۴ | حَيٌّ ۵ | حَيٌّ ۶ | حَيٌّ ۷ |
| قَيُّوْمٌ ۱ | قَيُّوْمٌ ۲ | قَيُّوْمٌ ۳ | قَيُّوْمٌ ۴ | قَيُّوْمٌ ۵ | قَيُّوْمٌ ۶ | قَيُّوْمٌ ۷ |

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

..........

# عمل برائے قید سے رہائی

**ترکیب:**

قیدی کی رہائی کے لئے اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک سو چار مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔قیدی رہائی پائے گا۔

یَاغِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَ مُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ مُنَادِیْ
عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَرَجَائِیْ حِیْنَ تَقْطَعُ حِیْلَتِیْ ط

**دیگر:**

پنجگانہ نماز میں پانچوں وقت سو سو مرتبہ سات دن تک پڑھیں۔ان شاء اللہ تعالیٰ رہائی ہوگی۔آیت یہ ہے:

یَا بُنَیَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ
مُّتَفَرِّقَۃٍ وَمَا اُغْنِیْ عَنْکُمْ مِنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ اِنِ الْحُکْمُ
اِلَّا لِلّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَعَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ
یَا خَالِصُ یَا مُخْلِصُ ط

**دیگر:**

**ترکیب:**

جو کوئی ناحق قید ہو جائے ہر روز ہزار بار یہ کلمات کہے:

یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ وَیَانَاصِرَ الْمَظْلُوْمِیْنَ
اُنْصُرْنِیْ بِفَضْلِکَ

# ایک عجیب وظیفہ

مفسرین نے فرمایا ہے کہ عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ کے ایک فرزند کو جن کا نام ''سالم'' تھا۔ مشرکوں نے گرفتار کرلیا۔ تو عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے اور اپنی مفلسی و فاقہ مستی کی شکایت کرتے ہوئے یہ عرض کیا کہ مشرکوں نے میرے بچے کو گرفتار کرلیا ہے۔ جس کے صدمہ سے اس کی ماں بے حد پریشان ہے تو اس سلسلے میں اب مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم صبر کرو اور پرہیز گاری کی زندگی بسر کرو اور تم بھی بکثرت لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھا کرو اور بچے کی ماں کو بھی تاکید کردو کہ وہ بھی کثرت سے اس وظیفہ کا ورد کرتی رہیں۔ یہ سن کر عوف بن مالک اشجعی اپنے گھر چلے گئے اور اپنی بیوی کو یہ وظیفہ بتا دیا پھر دونوں میاں بیوی اس وظیفہ کو بکثرت پڑھنے لگے۔ اسی درمیان میں وظیفہ کا یہ اثر ہوا کہ ایک دن مشرکین ''سالم'' کی طرف سے غافل ہو گئے۔ چنانچہ موقع پا کر حضرت سالم مشرکوں کی قید سے نکل بھاگے اور چلتے وقت مشرکوں کی چار ہزار بکریاں اور پچاس اونٹوں کو بھی ہانک کر ساتھ لائے اور اپنے گھر پہنچ کر دروازہ کھٹکھٹایا۔

ماں باپ نے دروازہ کھولا تو حضرت سالم موجود تھے۔ ماں باپ بیٹے کی ناگہاں ملاقات سے بے حد خوش ہوئے اور عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے بیٹے کی سلامتی کے ساتھ قید سے رہائی کی خبر سنائی اور یہ فتویٰ دریافت کیا کہ مشرکین کی یہ بکریوں کو جس طرح چاہیں استعمال کریں اور اس کے بعد مندرجہ ذیل آیت نازل ہوئی کہ:

ومن یتق اللّٰہ یجعل لہٗ فخر جا ○ ویدزقه من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللّٰہ فھو حسبه ان اللّٰہ بالغ امرہٖ ط قد جعل اللّٰہ لکل شیءٍ قدرا ○

(سورہ الطلاق رکوع ۱)

ترجمہ: جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کیلئے نجات کی راہ نکال دے گا اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہو اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو اللہ اس کیلئے کافی ہے۔ بے شک اللہ اپنے ہر کام کو پورا کرنے والا ہے۔ بے شک اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ رکھا ہے۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ میں ایک ایسی آیت جانتا ہوں کہ اگر لوگ اس آیت کو لے لیں تو یہ آیت لوگوں کو کافی ہو جائے گی۔ اور وہ آیت یہ ہے:

ومن یتق اللّٰہ سے آخر آیت تک (غرائب القرآن بحوالہ صاوی)

☆☆☆☆☆☆

# حکایت عجیبہ

علامہ اجہوری نے اپنی کتاب ''فضائل رمضان'' میں تحریر فرمایا ہے کہ ایک مرتبہ کچھ لوگ سمندر میں کشتی پر سوار ہو کر سفر کر رہے تھے تو سمندر میں سے ایک آواز دینے والے کی آواز آئی مگر اس کی صورت نہیں دکھائی پڑی۔ اس نے کہا اگر کوئی شخص مجھے دس ہزار دینار دے دے تو میں اس کو ایک ایسا وظیفہ بتا دوں گا کہ اگر وہ ہلاکت کے قریب پہنچ گیا ہو اور اس وظیفہ کو پڑھ لے تو تمام بلائیں اور ہلاکتیں ٹل جائیں گی تو کشتی والوں میں سے ایک نے بلند آواز سے کہا کہ آؤ میں تجھ کو دس ہزار دینار دیتا ہوں۔ تو مجھے وہ وظیفہ بتا دے تو آواز آئی کہ تو دیناروں کو سمندر میں ڈال دے' مجھے مل جائیں گے۔ چنانچہ کشتی والے نے دس ہزار دیناروں کو سمندر میں ڈال دیا۔ تو اس غیبی آواز دینے والے نے کہا کہ وہ وظیفہ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ آخر آیت تک ہے۔ تجھ پر جب کوئی مصیبت پڑے تو اس کو پڑھ لیا کرو۔ یہ سن کر کشتی کے سب سواروں نے اس کا مذاق اُڑایا اور کہا کہ تو نے اپنی دولت ضائع کر دی۔ تو اس نے جواب دیا کہ ہرگز ہرگز میں نے اپنی دولت کو ضائع نہیں کیا ہے اور مجھے اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ قرآن شریف کی آیت ضرور نفع بخش ہوگی۔ اس کے بعد چند دن کشتی چلتی رہی پھر اچانک طوفان کی موجوں سے کشتی ٹوٹ کر بکھر گئی اور سوائے اس آدمی کے کشتی کا کوئی آدمی بھی زندہ نہیں بچا۔ یہ کشتی کے ایک تختہ پر بیٹھا ہوا سمندر میں بہتا چلا جا رہا تھا۔ یہاں تک کہ ایک جزیرہ میں اتر پڑا اور چند قدم چل کر یہ دیکھا کہ ایک شاندار محل بنا ہوا ہے اور ہر قسم کے موتی اور جواہرات وہاں پڑے ہوئے ہیں اور اس محل میں ایک بہت ہی حسین عورت اکیلی بیٹھی ہوئی ہے اور ہر قسم کے میوے اور کھانے کے سامان وہاں رکھے ہوئے ہیں۔

اس عورت نے اس سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ اور کیسے یہاں پہنچ گئے؟ تو اس نے عورت سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ اور یہاں کیا کر رہی ہو؟ تو اس عورت نے اپنا قصہ سنایا کہ میں بصرہ کے ایک عظیم تاجر کی بیٹی ہوں۔ میں اپنے باپ کے ساتھ سمندری سفر میں جا رہی تھی تو ہماری کشتی ٹوٹ گئی اور مجھے کوئی اچانک کشتی میں سے اچک کر لے بھاگا اور میں اس جزیرہ میں اس محل کے اندر اس وقت سے پڑی ہوں۔ ایک شیطان ہے جو مجھے اس محل میں لے آیا ہے۔ وہ ہر ساتویں دن یہاں آتا ہے میرے ساتھ صحبت تو نہیں کرتا مگر بوسہ و کنار کرتا ہے اور آج اس کے یہاں آنے کا دن ہے۔ لہٰذا تم اپنی جان بچا کر یہاں سے بھاگ جاؤ' ورنہ وہ آ کر تم پر حملہ کر دے گا۔ ابھی اس عورت کی گفتگو ختم بھی نہیں ہوئی تھی کہ ایک دم اندھیرا چھا گیا تو عورت نے کہا کہ جلدی بھاگ جاؤ' وہ آ رہا ہے ورنہ وہ تم کو ضرور ہلاک کر دے گا۔ چنانچہ وہ آ گیا اور یہ شخص کھڑا رہا مگر جوں ہی شیطان اس کو دبوچنے کیلئے آگے بڑھا تو اس نے ومن یتق اللہ کا وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا۔ تو شیطان زمین پر گر پڑا اور اس زور کی آواز آئی کہ گویا پہاڑ کا کوئی ٹکڑا ٹوٹ کر گر پڑا ہے اور پھر وہ شیطان جل کر راکھ کا ڈھیر ہو گیا۔ یہ دیکھ کر عورت نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو فرشتہ رحمت بنا کر میرے پاس بھیج دیا ہے۔ تمہاری بدولت مجھے اس شیطان سے نجات ملی۔ پھر اس عورت نے اس مرد سے کہا کہ ان موتی جواہرات کو اٹھا لو اور اس محل سے نکل کر میرے ساتھ سمندر کے کنارے چلو اور کوئی کشتی تلاش کر کے یہاں سے نکل چلو۔ چنانچہ بہت سے موتی و جواہرات اور پھل وغیرہ کھانے کا سامان لے کر دونوں محل سے نکلے اور سمندر کے کنارے پہنچے تو ایک کشتی "بصرہ" جا رہی تھی۔ دونوں اس پر سوار ہو کر بصرہ پہنچے۔ لڑکی کے والدین اپنی گمشدہ لڑکی کو پا کر بے حد خوش ہوئے اور اس مرد کے ممنون احسان ہو کر اس کو بہت عزت و احترام کے ساتھ اپنے گھر میں مہمان رکھا۔ پھر

لڑکی کے والدین نے پوری سرگزشت سن کر دونوں کا نکاح کر دیا اور دونوں میاں بیوی بن کر رہنے لگے اور تمام موتی جواہرات جو دونوں جزیرہ سے لائے تھے وہ دونوں کی مشترکہ بن گئے اور اس عورت سے خداوند تعالیٰ نے اس مرد کو چند اولاد بھی دی اور دونوں بہت ہی محبت والفت کے ساتھ خوشحال زندگی بسر کرنے لگے۔ (صاوی)

**فائدہ:**

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ اعمال ووظائف قرآنی میں بڑی بڑی تاثیرات ہیں مگر شرط یہ ہے کہ عقیدہ درست ہو اور اعمال کو صحیح طریقے سے پڑھا جائے اور زبان گناہوں کی آلودگی اور لقمہ حرام سے محفوظ اور پاک وصاف ہو اور عمل میں اخلاص نیت اور شرائط کی پوری پوری پابندی بھی ہو تو ان شاء اللہ تعالیٰ قرآنی اعمال سے بڑی بڑی اور عجیب عجیب تاثیرات کا ظہور ہوگا جس کی ایک مثال آپ نے پڑھ لی ہے۔ "واللہ تعالیٰ اعلم"
(غرائب القرآن بحوالہ صاوی)

**اصحاب کہف کے نام:**

ان کے ناموں میں بھی بہت اختلاف ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے نام یہ ہیں: مکسلمینا، تملیخا، مرطونس، نینوس، ساریونس، ذونواس، فلسطیونس اور ساتواں چرواہا تھا جو ان لوگوں کے ساتھ ہو گیا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کا نام ذکر نہیں فرمایا اور ان لوگوں کے کتے کا نام "قطمیر" تھا اور ان لوگوں کے شہر کا نام "افسوس" تھا اور ظالم بادشاہ کا نام دقیانوس تھا۔ (مدارک التنزیل)

اور تفسیر صاوی میں لکھا ہے کہ اصحاب کہف کے نام یہ ہیں: مکسلمینا، تملیخا، مرطونس، نینوس، ساریونس، ذونوانس، فلسطیونس یہ آخری چرواہے تھے جو راستے میں ساتھ

ہو لئے تھے اوران لوگوں کے کتے کا نام قطمیر تھا۔(عجائب القرآن بحوالہ صاوی)

## اصحاب کہف کے ناموں کے خواص:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اصحاب کہف کے ناموں کا تعویذ نو کاموں کیلئے فائدہ مند ہے۔

(۱) بھاگے ہوئے کو بلانے کیلئے اور دشمنوں سے بچ کر بھاگنے کیلئے

(۲) آگ بجھانے کیلئے کپڑے پر لکھ کر آگ میں ڈال دیں۔

(۳) بچوں کے رونے اور تیسرے دن آنے والے بخار کیلئے

(۴) دردسر کیلئے دائیں بازو پر باندھیں۔

(۵) ام الصبیان کیلئے گلے میں پہنائیں۔

(۶) خشکی اور سمندر میں سفر محفوظ ہونے کیلئے۔

(۷) مال کی حفاظت کیلئے

(۸) عقل بڑھنے کیلئے

(۹) گنہگاروں کی نجات کیلئے (عجائب القرآن بحوالہ صاوی)

## جادو کا علاج

روایت ہے کہ لبید بن اعصم یہودی اور اس کی بیٹیوں نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کر دیا تھا' جس کا اثر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک پر نمودار ہوا۔لیکن آپ نے قلب اور عقل و اعتقاد پر کچھ بھی اثر نہیں ہو سکا۔چند روز کے بعد حضرت جبرائیل علیہ السلام حاضر خدمت ہوئے اور انہوں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! ایک یہودی نے آپ پر جادو کر دیا ہے اور جادو کا کچھ سامان ہے وہ فلاں کنوئیں میں ایک پتھر کے نیچے دبا دیا گیا

ہے۔حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔انہوں نے کنوئیں کا پانی نکال کر پتھر اُٹھایا تو اس کے نیچے سے کھجور کے گابھے کی تھیلی برآمد ہوئی۔اس میں حضور ﷺ کے موئے مبارک جو کنگھی سے ٹوٹے تھے اور کنگھی کے ٹوٹے ہوئے کچھ دندانے اور ایک ڈورا یا کمان کا چلہ جس میں گیارہ گرہیں لگی ہوئی تھیں اور ایک موم کا پتلا جس میں گیارہ سوئیاں چبھی تھیں۔یہ سب سامان پتھر کے نیچے سے نکلا اور یہ سب سامان حضور ﷺ کی خدمت میں لایا گیا۔

اس کے بعد قرآن مجید کی دونوں سورتیں

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس نازل ہوئیں۔ان دونوں سورتوں میں گیارہ آیتیں ہیں۔ ہر ایک آیت کے پڑھنے سے ایک ایک گرہ کھلتی جاتی تھی۔ یہاں تک کہ سب گرہیں کھل گئیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بالکل شفایاب ہوگئے۔(تفسیر خزائن العرفان)

اور جادو کا سارا سامان زیر زمین دفن کردیا گیا۔

**فائدہ:**

تعویذات اور عملیات جس میں کوئی لفظ کفر یا شرک کا نہ ہو جائز ہیں۔اسی طرح گنڈے بنانا اور ان پر گرہیں لگا کر آیات قرآن اور اسماء الٰہیہ پڑھ کر پھونک مارنا بھی جائز ہے۔جمہور صحابہ اور تابعین اسی پر ہیں اور حدیث عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا میں ہے کہ جب حضور سید عالم ﷺ کے گھر والوں میں سے کوئی بیمار ہوتا تو آپ ان دونوں سورتوں کو پڑھ کر دم فرماتے تھے اور بخاری و مسلم کی حدیث میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ رات کو جب بستر مبارک پر تشریف لاتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو جمع فرما کر سورۃ قُل

هُوَ اللّٰه اَحَد، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَق اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس پڑھ کر ہاتھوں پر دم فرمایا کرتے اور اپنے سر سے پاؤں تک پورے جسم مبارک پر اپنے ہاتھوں کو پھیرا یا کرتے تھے۔ جہاں تک دست مبارک پہنچ سکتے۔ یہ عمل تین مرتبہ فرماتے۔

خلاصہ یہ ہے کہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَق اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس یہ دونوں سورتیں جن وشیاطین اور نظر بد وآسیب اور تمام امراض خصوصاً جادوٹونے کا مجرب علاج ہیں۔ ان کو لکھ کر تعویذ بنائیں اور گلے میں پہنائیں اور ان کو بار بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اور کھانے پانی اور دواؤں پر پڑھ کر پھونک ماریں اور مریض کو کھلائیں پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مرض خصوصاً جادوٹونا دفع ہو جائے گا اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔ اسی طرح قرآن مجید کی دوسری تمام سورتوں کے خصوصی خواص ہیں۔

سورۃ الاخلاص

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○ (پارہ ۳۰، سورہ فلق)

ترجمہ: اے محبوب تم فرماؤ میں اس کی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے۔ اس کی سب مخلوق کے شر سے اور اندھیری ڈالنے والے کے شر سے جب وہ ڈوبے اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ مجھ سے جلے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

(پارہ ۳۰، سورہ الناس)

ترجمہ: اے محبوب! تم فرماؤ میں اس کی پناہ لیتا ہوں جو سب لوگوں کا رب' سب لوگوں کا بادشاہ' سب لوگوں کا خدا ہے۔ اس کے شر سے جو دل میں برے خیالات ڈال کر دبک رہے وہ (شیاطین) جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں۔ کچھ جن ہیں اور کچھ انسان ہیں۔

(عجائب القرآن)

## حضرت خضر کی بتائی ہوئی دُعا

حضرت علامہ محمد بن سماک بہت جلیل القدر محدث اور با کرامت ولی تھے۔ ایک مرتبہ یہ بہت سخت بیمار ہو گئے تو ان متوسلین ان کا قارورہ لے کر ایک نصرانی طبیب کے پاس چلے۔ راستے میں ان لوگوں کو ایک بہت ہی خوش پوشاک بزرگ ملے' جن کے بدن سے بہترین خوشبو آ رہی تھی۔ انہوں نے فرمایا کہ تم لوگ کہاں جا رہے ہو؟ ان لوگوں نے کہا کہ حضرت محمد بن سماک بہت سخت علیل ہیں۔ یہ ان کا قارورہ ہے جس کو ہم فلاں طبیب کے پاس لے کر جا رہے ہیں۔ یہ سن کر ان بزرگ نے فرمایا کہ سبحان اللہ' ایک اللہ کے ولی کیلئے تم لوگ ایک اللہ کے دشمن سے مدد طلب کر رہے ہو' قارورہ پھینک کر واپس جاؤ اور محمد بن سماک سے کہہ دو کہ مقام درد پر وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ پڑھ کر دم کریں۔ یہ فرما کر وہ بزرگ غائب ہو گئے اور لوگوں نے واپس آ کر حضرت محمد بن سماک سے ذکر کیا تو آپ نے مقام درد پر ہاتھ رکھ کر آیت کے ان دونوں جملوں کو پڑھا تو فوراً ہی آرام ہو گیا۔ پھر حضرت محمد بن سماک نے لوگوں سے فرمایا کہ وہ بزرگ جنہوں نے تم لوگوں کو یہ وظیفہ بتایا تمہیں یہ خبر ہے کہ وہ کون بزرگ تھے؟ لوگوں نے کہا

کہ جی نہیں ہم لوگوں نے انہیں نہیں پہچانا تو حضرت محمد بن سماک نے فرمایا کہ وہ بزرگ حضرت خضر علی نبینا وعلیہ السلام تھے۔(مدارج التنزیل)

قرآن مجید کی آیت کا اتنا سا ٹکڑا ہر مرض کی مکمل دوا اور مجرب علاج ہے۔ مرض کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھ دیا جائے تو بیماری دور ہو جاتی ہے لیکن شرط یہ ہے کہ پڑھنے والا پابند شریعت اور صدق مقال و رزق حلال پر کاربند ہو۔ بلاشبہ یہ آیت شفاء امراض کے لئے قرآن مجید کے عجائب میں سے ہے۔(واللہ تعالیٰ اعلم)

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

(حوالہ عجائب القرآن)

## حکمت کی باتیں:

حضرت لقمان نے ایک ہزار برس کی عمر پائی یہاں تک کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی صحبت میں رہ کر ان سے علم سیکھا اور حضرت داؤد علیہ السلام کی بعثت سے پہلے آپ بنی اسرائیل کے مفتی تھے مگر جب حضرت داؤد علیہ السلام منصب نبوت پر فائز ہو گئے تو آپ نے فتویٰ دینا ترک کر دیا اور بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ حضرت لقمان نے فرمایا ہے کہ میں نے چار ہزار نبیوں کی خدمت میں حاضری دی ہے اور ان پیغمبروں کے مقدس کلاموں میں سے آٹھ باتوں کو میں نے چن کر یاد کر لیا ہے۔ جو یہ ہیں:

(۱) جب تم نماز پڑھو تو اپنے دل کی حفاظت کرو۔

(۲) جب تم کھانا کھاؤ تو اپنے حلق کی حفاظت کرو۔

(۳) جب تم کسی غیر کے مکان میں رہو تو اپنی آنکھوں کی حفاظت کرو۔

(۴) جب تم لوگوں کی مجلس میں رہو تو اپنی زبان کی حفاظت رکھو۔

(۵) اللہ تعالیٰ کو ہمیشہ یاد رکھو۔

(۶) اپنی موت کو ہمیشہ یاد کرتے رہا کرو۔

(۷) اپنے احسانوں کو بھلا دو۔

(۸) دوسروں کے ظلم کو فراموش کردو۔

(حوالہ غرائب القرآن)

## مشکلات کا حل:

ربیع نے کہا کہ جب حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ منصور کی ملاقات کیلئے آئے تو آپ منہ میں کچھ پڑھ رہے تھے۔

آپ کے لب مبارک عالم حرکت میں رہے اور منصور کا غصہ جاتا رہا۔ منصور نے کہا بہت زیادہ وقت آپ کو اپنے پاس بٹھایا اور آپ کو مسرور و شادماں رکھا۔

جب حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ خلیفہ سے اُٹھ کر باہر تشریف لائے تو ربیع نے کہا: یا حضرت اس وقت خلیفہ تو آپ سے بہت ناراض تھے جب آپ تشریف لائے تو آپ نے اندر ہی اندر کچھ پڑھا، جس سے خلیفہ کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا۔

یہ سن کر حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

اے ربیع! میں اس وقت اپنے دادا حضور امام حسین رضی اللہ عنہ کی بتائی ہوئی دعا پڑھ رہا تھا۔

وہ دعا حسینی مندرجہ ذیل ہے:

يَا عُدَّتِيْ عِنْدَ شِدَّتِيْ وَيَا غَوْثِيْ عِنْدَ كُرْبَتِيْ اَحْرِسْنِيْ
بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاكْفِنِيْ بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ

ترجمہ: اے میرے سامانِ حرب میری سختی کے وقت اور اے میرے مددگار میری تکلیف کے وقت میری حفاظت فرما۔ اپنی اس آنکھ سے جو سوتی نہیں اور حفاظت کر اپنی ثابت قدمی سے جو زیادتی نہیں کرتا۔

ربیع نے کہا کہ یہ مذکورہ دعا میں نے حفظ کر لی اور جب بھی مجھے کوئی مشکل کا سامنا ہوتا تو میں یہ دُعا پڑھتا اور مشکل آسان ہو جاتی اور مجھے خوشی نصیب ہوتی۔

## نمازِ استخارہ:

بعض اوقات آدمی کو اپنے کام میں یہ تردد و تذبذب ہوتا ہے کہ کروں یا نہ کروں مثلاً سفر پر جانا یا کسی رشتہ کو منظور کرنا چاہتا ہے یا شادی بیاہ وغیرہ ایسی ہی کوئی تقریب انجام دینا چاہتا ہے لیکن دل میں طرح طرح کے خیالات آتے ہیں۔ آدمی گھبرا جاتا ہے کہ کیا کروں کیا نہ کروں؟ ایسے موقعوں کیلئے شریعت میں نماز استخارہ آئی ہے۔ اس نماز کا پڑھنے والا (مرد خواہ عورت) گویا کہ اپنے رب عزوجل سے مشورہ لیتا ہے۔ امید ہے کہ وہ نامراد نہ ہوگا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تمام کاموں میں استخارہ کی تعلیم فرماتے تھے جیسے قرآن کی سورت تعلیم فرماتے تھے۔ (ترمذی شریف)

## مسئلہ:

استخارہ کا وقت اس وقت تک ہے کہ ایک طرف رائے پوری جم نہ چکی ہو۔ نماز استخارہ کا طریقہ یہ ہے کہ جب آدمی کسی کام کا ارادہ کرے تو پہلے دو رکعت نماز نفل پوری توجہ سے پڑھے پھر خوب دل لگا کر یہ دُعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ
وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ

وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ
هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ مَعَاشِيْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِيْ وَ
عَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ
فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ
مَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ وَعَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ
عَنِّيْ وَاقْدِرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ (غنیۃ)

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے استخارہ کرتا ہوں۔ تیرے علم کے ساتھ اور تیری قدرت کے ساتھ طلب کرتا ہوں۔ اور تجھ سے تیرے فضل عظیم کا سوال کرتا ہوں۔ اس لئے کہ تو قادر ہے اور میں قادر نہیں اور تو جانتا ہے' میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کا جاننے والا ہے۔ اے میرے اللہ! اگر تیرے علم میں یہ ہے کہ یہ کام میرے لئے بہتر ہے' میرے دین و معیشت اور انجام کار میں اس وقت اور آئندہ میں تو اس کو میرے لئے مقدر کر دے اور آسان کر پھر میرے لئے اس میں برکت دے اور اگر تو جانتا ہے کہ میرے لئے یہ کام برا ہے میرے دین و معیشت اور انجام کار میں۔ اس وقت اور آئندہ میں تو اس کو مجھ سے پھیر دے اور مجھ کو اس سے پھیر اور میرے لئے خیر کو مقرر فرما جہاں بھی ہو پھر مجھے اس سے راضی کر۔

اور اپنی حاجت اپنے ذہن میں رکھے۔ بالخصوص جبکہ ہذا الامر زبان سے ادا کرے۔ مستحب یہ ہے کہ اس دعا کے اوّل آخر الحمد للہ اور درود شریف پڑھے اور پہلی رکعت میں قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور دوسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے۔ (ردالمختار)

اور دعائے مذکورہ پڑھ کر دائیں کروٹ پر باطہارت' قبلہ کی طرف منہ کر کے سو رہے۔ اگر خواب میں سپیدی یا سبزی دیکھے تو وہ کام بہتر ہے' کر ڈالے اور سیاہی یا سرخی دیکھے تو برا ہے۔ اس سے بچے۔ (ردالمختار)

یا پھر دل میں جو بات زیادہ جمتی ہو اس پر عمل کرے۔

**مسئلہ:**

بہتر یہ ہے کہ سات بار استخارہ کرے پھر دیکھے کہ دل میں کیا بات گزرتی ہے۔ اسی پر عمل کرے۔ان شاء اللہ اسی میں خیر ہے۔(درمختار)

(حوالہ سنی بہشتی زیور)

**نمازِ حاجت:**

جب کوئی حاجت پیش آئے تو اس کیلئے دو یا چار رکعتیں پڑھے۔ حدیث شریف میں ہے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ اور تین بار آیت الکرسی پڑھے اور باقی تین رکعتوں میں سورۃ فاتحہ اور قل ھو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ایک ایک بار پڑھے تو یہ ایسی ہیں۔جیسے شب قدر میں چار رکعتیں پڑھیں۔بزرگانِ دین فرماتے ہیں کہ ہم نے یہ نماز پڑھی اور ہماری حاجتیں پوری ہوئیں۔نماز کے بعد دعا مانگے۔اوّل آخر درود شریف پڑھے۔

(۲) قضائے حاجت کیلئے ایک مجرب نماز جو علمائے کرام ہمیشہ پڑھتے آئے۔ صلوٰۃ الاسرار یعنی نماز غوثیہ ہے جو ملا علی قاری اور شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی اور دوسرے علمائے کرام حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

اس نماز کی ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز مغرب سنتیں پڑھ کر دو رکعت نماز نفل پڑھے اور بہتر یہ ہے کہ الحمد شریف کے بعد ہر رکعت میں گیارہ گیارہ بار قُل ھُوَ اللہ احد پڑھے سلام کے بعد اللہ عزوجل کی حمد و ثناء کرے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر گیارہ بار درود وسلام عرض کرے اور گیارہ بار یہ کہے:

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدُدْنِیْ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ

پھر عراق کی جانب گیارہ قدم چلے۔ ہر قدم پر یہ کہے:

یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ وَیَا کَرِیْمَ الطَّرَفَیْنِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدُدْنِیْ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ

پھر حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے وسیلہ سے اللہ عزوجل سے دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد مراد کو پہنچے۔

امام اجل ابوالحسن نور الدین اپنی مشہور کتاب بہجۃ الاسرار شریف میں حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے راوی کہ حضور ارشاد فرماتے ہیں کہ جو کوئی سختی میں میری دہائی دے وہ سختی دور ہو جائے اور جو کسی مشکل میں میرا نام لے کر ندا کرے وہ مشکل حل ہو جائے اور جو کسی حاجت میں اللہ عزوجل کی طرف مجھ سے توسل کرے اور مجھے وسیلہ بنا کر دعا کرے وہ حاجت پوری ہو۔

مولیٰ عزوجل ہم سب کو آپ کی برکات سے مالا مال فرمائے۔ آمین

# اسباب فقر و تنگ دستی

(ماخوذ از معمولات مشائخ، مطبوعہ دہلی و دولت بے زوال وغیرہ)

کتب متداولہ میں جو اسباب کہ انسان کو مفلس کر دیتے ہیں، بکثرت لکھے ہیں چونکہ احصاء اور شمار اس مختصر رسالہ میں دشوار ہے۔ اس لئے لب لباب کے طور پر اختصار کے ساتھ درج کئے جاتے ہیں۔ اسے کتب معتبرہ کا انتخاب سمجھنا چاہیئے۔ حق تعالیٰ سب مسلمانوں کو اس بلائے ناگہانی سے نکالے اور ان کے اقوال و افعال اپنی

مرضی کے موافق کر دے اور مجھ کو اور اس رسالہ کے ناظرین اور جملہ مسلمین و مسلمات کو اپنی رحمت کاملہ سے نوازے۔ آمین

فقیر قادری عرض کرتا ہے کہ ان اسباب میں وہ بھی ہیں جن کا ذکر قرآن و حدیث میں ملتا ہے اور اکثر و بیشتر وہ ہیں جو اکابر ملت و رہنمایانِ شریعت نے اپنے اپنے مشاہدے اور تجربے سے دریافت کئے تو جو ان اسباب سے اپنے آپ کو دور رکھے گا' خود ہی فائدہ اُٹھائے گا اور جو ان میں ملوث ہو گا وہ خود دیکھ لے گا کہ اس نے کیا کھویا کیونکر کھویا۔ ہاں آدمی یہ کبھی نہ بھولے کہ مؤثر حقیقی اللہ عزوجل ہے اور ہر نفع و نقصان کی کنجی اسی کے دست قدرت میں ہے۔ وہ چاہے کرے اس سے کوئی باز پُرس کرنے والا نہیں۔

وہ اسباب یہ ہیں:

(۱) جھوٹ بولنا۔

(۲) زنا کرنا۔

(۳) گناہوں میں مشغول رہنا۔

(۴) جھوٹی قسمیں کھانا۔

(۵) جنابت میں کھانا کھانا۔

(۶) برہنہ پیشاب کرنا۔

(۷) شب میں جھاڑو دینا خصوصاً کپڑے سے جھاڑنا۔

(۸) ناخن دانت سے تراشنا۔

(۹) پاجامہ یا دامن یا آنچل سے منہ پونچھنا۔

(۱۰) فقیروں سے روٹی کے ٹکڑے خریدنا۔

(۱۱) کھڑے ہو کر پاجامہ پہننا۔

(۱۲) بیٹھ کر دستار یعنی عمامہ باندھنا۔

(۱۳) خشک بالوں میں کنگھا کرنا یا کھڑے ہو کر بال کاڑھنا۔

(۱۴) شکستہ کنگھا استعمال کرنا۔

(۱۵) ماں باپ کا نام لے کر پکارنا۔

(۱۶) مقراض (قینچی) سے موئے زیر ناف کاٹنا۔

(۱۷) چالیس روز سے زیادہ زیر ناف کے بال رکھنا۔

(۱۸) بزرگوں کے آگے چلنا۔

(۱۹) دروازے پر بیٹھنے کی عادت کرنا۔

(۲۰) لہسن پیاز کے پوست جلانا۔

(۲۱) مکڑی کے جالے دور نہ کرنا۔

(۲۲) جوں کو زندہ چھوڑنا۔

(۲۳) نماز میں کاہلی کرنا۔

(۲۴) پھٹے ہوئے کپڑے کو نہ سینا۔

(۲۵) فجر کی نماز پڑھ کر مسجد سے جلد نکل آنا۔

(۲۶) صبح کے وقت سونا۔

(۲۷) اولاد پر باوجود مالداری، تنگی کرنا۔

(۲۸) بغیر ہاتھ دھوئے کھانا کھانا۔

(۲۹) کھانے کے بعد برتن صاف نہ کرنا۔

(۳۰) اہل وعیال سے لڑتے رہنا۔

(۳۱) میت کے قریب بیٹھ کر کھانا۔

(۳۲) خلال کرتے وقت جو ریشہ نکلے اسے پھر منہ میں رکھ لینا۔

(۳۳) ہر قسم کی لکڑی سے خلال کرنا۔

(۳۴) چراغ منہ کی پھونک سے بجھانا۔

(۳۵) کھانے پینے کے برتن کھلے ہوئے رکھنا۔

(۳۶) بازار میں سب سے پہلے جانا اور بعد میں آنا۔

(۳۷) اوندھے جوتے کو دیکھنا اور اس کو سیدھا نہ کرنا۔

– دولت بے زوال میں لکھا ہے کہ اگر رات بھر جوتا اوندھا پڑا تو شیطان اس پر آن کر بیٹھتا ہے۔ وہ اس کا تخت ہے۔

(۳۸) بکریوں کے گلے میں گھس کر چلنا خصوصاً شام کے وقت

(۳۹) اولاد کو گالی دینا' یا لعنت کرنا۔

(۴۰) فقیر کو جھڑک دینا۔

(۴۱) بایاں پاؤں پہلے پاجامہ میں ڈالنا اور بائیں ہاتھ کی آستین پہلے پہننا۔

(۴۲) قبرستان میں ہنسنا۔

(۴۳) کوڑا کرکٹ گھر میں جمع رکھنا۔

(۴۴) صبح ہوتے ہی خدا اور رسول کا نام لئے' ذکر کئے بغیر دنیا میں مشغول ہو جانا۔

(۴۵) مغرب اور عشاء کے درمیان سونا۔

(۴۶) گانے بجانے میں دل لگانا۔

(۴۷) بلاوجہ شرعی اپنوں سے تعلقات ختم کر لینا۔

(۴۸) صلہ رحمی نہ کرنا۔

(۴۹) جنابت کی حالت میں ناخن ترشوانا یا سر منڈانا یا موئے زیر ناف وغیرہ صاف کرنا

(۵۰) زکوٰۃ یا صدقات واجبہ مثلاً قربانی و کفارہ قسم وغیرہ کے ادا کرنے میں بخل کرنا یا خواہ مخواہ انہیں ٹالتے رہنا۔

(۵۱) بغیر حاجت سوال کرنا۔

(۵۲) امانت میں خیانت کرنا۔

(۵۳) اندھیرے میں کھانا کھانا۔

(۵۴) ماں باپ کو ایذا دینا۔

(۵۵) قرآن پاک کو بے وضو ہاتھ لگانا۔

(۵۶) شب چہار شنبہ (بدھ کی رات) یا شب یک شنبہ (اتوار کی رات) میں بیوی سے صحبت کرنا' اگر اس صحبت میں حمل بھی رہا تو بچہ بے حیا اور بد نصیب پیدا ہو گا اور ہمیشہ مفلس اور حریص رہے گا (مولائے کریم اپنا فضل فرمائے۔ غالباً اسی بنا پر سنیچر اور منگل کے دن' دلہن بیاہ کر نہیں لاتے' بزرگوں اور گھر کی بڑی بوڑھیوں کا یہ عمل یہ فقیر اپنے بچپن سے دیکھتا آ رہا ہے)

(۵۷) قحط کی نیت سے غلہ روکنا کہ اور مہنگا ہو گا جب بیچیں گے۔

(۵۸) قمار بازی یا گانے بجانے کے آلات وغیرہ گھر میں رکھنا۔

حدیث شریف میں ہے کہ جس گھر میں شراب اور دف اور طنبورہ (سارنگی)' ستار وغیرہ) ہو اس گھر کے آدمیوں کی دعا قبول نہیں ہو گی اور نہ اس گھر میں رحمت کے فرشتوں کا نزول ہو گا۔

(۵۹) راستہ میں پیشاب کرنا (اور بے ستری ہو تو حرام و گناہ)۔

(۶۰) ہمیشہ بے ہودگی مسخرہ پن اور ہزلیات (مذاق دل لگی) میں مصروف رہنا۔

(۶۱) ننگے سر کھانا کھانا۔

(۶۲) ننگے سر بیت الخلاء میں جانا۔

(۶۳) نکلے ہوئے کھانے میں دیر کرنا کہ کھانا دستر خوان پر اُلٹا ان کا انتظار کر رہا ہے۔

(۶۴) برہنہ سر بازار میں پھرنا اور عورتوں کا ننگے سر رہنا اور اجنبیوں کے سامنے اسی حالت میں آنا جانا حرام' حرام' حرام اور سخت گناہ ہے۔

(۶۵) سجدۂ تلاوت نہ کرنا' یا وضو ہوتے ہوئے اس میں دیر لگانا۔

(۶۶) تلاوتِ قرآن کے دوران آیت سجدہ چھوڑ کر آگے پڑھنا۔

(۶۷) دوسرے شخص کا کنگھا عاریتاً مانگ کر استعمال کرنا۔ (خصوصاً) صاف کئے بغیر کہ دوسرے کے بال اس کے بالوں میں الجھیں۔

(۶۸) حوض یا تالاب یا بہتے پانی میں پیشاب کرنا۔ (اس سے نسیان بھی پیدا ہوتا ہے۔ دولت بے زوال میں لکھا ہے کہ پانچ چیزوں سے بھول پیدا ہوتی ہے۔ حوض وغیرہ میں پیشاب کرنا۔ راکھ پر پیشاب کرنا' چوہے کا جھوٹا کھانا' قبلہ کی طرف منہ کر کے پیشاب کرنا' زندگانی حرام خوری میں گنوانا بلکہ غور کیجئے تو یہ آخری ایک مستقل بلا و عذاب ہے)

(۶۹) نہانے کی جگہ پیشاب کرنا۔

(۷۰) برہنہ ہو کر سونا۔

(۷۱) سوتے وقت پاجامہ یا تہبند سر کے نیچے رکھ کر سونا۔
(دولت بے زوال میں لکھا ہے کہ اس سے خواب خوفناک نظر آتا ہے)

(۷۲) بلا ضرورت بستر کے پاس پانی کا لوٹا یا سلفچی پیشاب کے لئے رکھنا۔

(۷۳) نماز قضا کر دینا۔

(۷۴) مسجد میں دنیا کی باتیں کرنا۔

(۷۵) وضو کرتے وقت دنیا کی باتیں کرنا (اس وقت دعائیں پڑھے یا پھر خاموش رہے)

(۷۶) بلاوجہ شرعی کسی کے تحفہ ہدیہ یا نذرانہ کو رد کر دینا۔

(۷۷) روٹی کو خوار رکھنا (کہ اس کی بے ادبی ہو اور پیروں میں آئے)

(۷۸) وضو کی جگہ پر پیشاب یا پیشاب کی جگہ وضو کرنا۔

(۷۹) دروازے پر بیٹھ کر کچھ کھانا پینا (یہ خلاف ادب بھی ہے اور قابل نفرت بھی)

(۸۰) استاد کی عظمت و توقیر میں کمی کرنا نہ کہ معاذ اللہ اس کی توہین کرنا۔

(۸۱) مٹی یا چینی کے شکستہ برتن استعمال میں رکھنا' خواہ اس سے پانی پینا۔

(۸۲) شکستہ یا گرہ دار قلم سے لکھنا۔

(۸۳) قلم کا تراشہ ادھر اُدھر ڈال دینا کہ پیروں میں آئے۔

(۸۴) مہمان کو حقارت سے دیکھنا اور اس کے آنے سے ناخوش ہونا۔

(۸۵) بیت الخلاء میں باتیں کرنا یا وہاں کسی دینی بات میں غور و تامل کرنا۔

(۸۶) مردوں کو چھوٹا استنجا کرتے وقت عام گزرگاہوں پر ٹہلنا اور باتیں کرنا۔

(۸۷) بغیر بلائے دعوت میں جانا۔

(۸۸) چارپائی پر دستر خوان وغیرہ رکھے بغیر کھانا کھانا۔

(۸۹) چارپائی پر خود سرہانے بیٹھنا اور کھانا پائنتی پر رکھنا۔

(۹۰) دانتوں سے روٹی کترنا۔

(۹۱) دانتوں کو بلاوجہ کپڑے سے ملنا جیسے مسواک کرتے ہیں۔

(۹۲) ظلم کرنا' کسی کو ناحق ایذا دینا اگرچہ جانور کو۔

(۹۳) گناہ کے کاموں میں ضد کرنا اور اپنی بات پر اڑ جانا۔

(۹۴) جس برتن میں کھانا کھایا ہے اسی میں ہاتھ دھونا۔

(۹۵) قرآن مجید گھر میں موجود ہوتے ہوئے نہ پڑھنا۔

(۹۶) ماں باپ' استاذ' مرشد کی مرضی کے خلاف کام کرنا۔

(۹۷) دروازے کی دہلیز پر تکیہ لگانا یا سر رکھ کر سونا۔

(۹۸) سبز درخت کاٹ کر اس کی لکڑیاں فروخت کرنا۔

(۹۹) بلاضرورت جانور ذبح کرنے کا پیشہ اختیار کرنا۔

(۱۰۰) صحیح رشتہ ملنے کے باوجود جوان لڑکیوں کو نہ بیاہنا۔

''معمولاتِ مشائخ'' سے یہ ہم نے جو کچھ نقل کیا اس سلسلہ میں یہ بتا دینا بھی مفید اور کارآمد ہوگا کہ احکامِ شریعت کے خلاف قدم بڑھانا' اپنے لئے برکتوں کے دروازے بند کرنا اور نحوست و افلاس اور فقر و تنگ دستی کو دعوت دینا ہے۔اس تقدیر پر اور بہت لوگ ایسے نکل سکتے ہیں کہ دانستہ مضرتوں میں گرتے اور پھر بلاؤں میں گر کر خود کا علاج ڈھونڈتے ہیں' دعائیں کرتے ہیں اور اس باب میں دعائیں ان کے حق میں قبول نہیں ہوتیں۔سبب ظاہر ہے کہ یہ کام خود انہوں نے اپنے ہاتھ سے کیے ہیں۔

مثلاً حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

تین شخص اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں اور ان کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ایک وہ جس کے نکاح میں کوئی بدخلق عورت ہو اور وہ اسے طلاق نہ دے۔دوسرا وہ جس کا کسی پر کچھ آتا تھا اور اس کے گواہ نہ کرے۔تیسرا وہ جس نے سفیہ بے عقل کو مال سپرد کر دیا حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: سفیہوں کو اپنا مال نہ دو۔(حاکم)

ایک اور حدیث شریف میں ایسے ہی تین اور ارشاد فرمائے۔ایک وہ کہ ویرانے مکان میں اُترے۔دوسرا وہ مسافر کہ سرِ راہ مقام کرے یعنی سڑک سے بچ کر نہ ٹھہرے۔

(طبرانی)

تیسرا وہ جس نے خود اپنا جانور چھوڑ دیا۔ اب خدا سے دعا کرتا ہے کہ اسے روک دے تو یہ چھ ہوئے جن کی نسبت تصریح فرمائی کہ ان کی دعا قبول نہیں ہوتی۔

اور ظاہر ہے کہ جب دعا قبول نہ ہوگی' برکت جائے گی' پریشانی آئے گی' اضطرار و بے قراری میں اضافہ ہوگا اور افلاس و تنگدستی منہ چڑائے گی اور ان امور میں عدم قبول کا سبب ظاہر کہ یہ کام خود اپنے ہاتھوں کیے ہیں۔

ویرانے مکان میں اُترنے والا اس کی مضرتوں سے آگاہ ہے پھر اگر وہاں چوری ہو یا کوئی لوٹ لے یا جن ایذا پہنچائیں تو یہ باتیں خود اس کی قبول کی ہوئی ہیں۔ اب کیوں ان کی رفع کی دعائیں کرتا اور گھبراتا ہے۔

یوں ہی جب راستہ پر قیام کیا تو ہر قسم کے لوگ گزریں گے اب اگر چوری ہو جائے یا ہاتھی گھوڑے کے پاؤں یا کسی اور سواری کو کچھ نقصان پہنچ جائے یا رات کو سانپ وغیرہ سے ایذا پہنچے تو اس کا اپنا کیا ہوا ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ شب کو سرِ راہ نہ اترو کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق سے جسے چاہے راہ پر پھیلنے کی اجازت دیتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کی خلاف ورزی نحوست ہی لائے گی۔ اور جانور بلکہ اپنے کسی بھی مال کو بلا حفاظت بے احتیاطی سے چھوڑ کر یہ دعا کرنا کہ اللہ اس کی حفاظت کر۔ ظاہر حماقت ہے۔ کیا واحد قہار کو آزمانا یا معاذ اللہ اسے اپنا محکوم ٹھہرانا ہے اور عورت کی نسبت صحیح حدیث سے ثابت کہ ٹیڑھی پسلی سے بنی ہے۔ اس کی کجی ہرگز نہ جائے گی' سیدھا کرنا چاہو تو ٹوٹ جائے گی اور اس کا ٹوٹنا یہ ہے کہ طلاق دے دی جائے پس یا تو آدمی اس کی کجی پر صبر کرے یا طلاق دے دے۔ یہ کہ نہ طلاق دیتا ہے نہ صبر کرتا ہے بلکہ بددعا دیتا ہے۔ خواہ خود کو یا عورت کو اور روز روز کی کل کل سے گھبرایا گھبرایا بوکھلایا بوکھلایا پھرتا ہے اب گھر میں نحوست نہ آئے گی تو کیا رحمت و برکت کی بارش ہوگی۔

اور سفیہ ناتجربہ کار نا قابل اعتماد کو مال دے کر جب گواہ نہ کئے تو خود اپنا مال ہلاکت میں ڈالا۔ سفیہ کو دینا بربادی کیلئے پیش کرنا ہے پھر دانستہ مضرت میں گر کر برکت کی دعا مانگنا حماقت نہیں تو اور کیا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ:

خویشتن کردہ را علاجے نیست

علمائے کرام وصوفیائے عظام نے اس موقع کی مناسبت سے اور بھی ایسے لوگ گنائے ہیں جو خود کردہ کا علاج ڈھونڈتے ہیں۔

(۱) مثلاً جو بغیر کسی سخت مجبوری کے رات کو ایسے وقت گھر سے باہر نکلے کہ لوگ سو گئے ہوں۔ پاؤں کی پہچل راستوں سے موقوف ہوگئی۔ صحیح حدیث میں اس سے ممانعت فرمائی کہ اس وقت بلائیں منتشر ہوتی ہیں۔

(۲) یا رات کو دروازہ کھلا چھوڑ دے۔

(۳) یا بغیر اللہ بسم اللہ پڑھے بند کرے کہ شیطان اسے کھول سکتا ہے اور جب بسم اللہ پڑھ کر داہنا پاؤں مکان میں رکھے تو شیطان کے ساتھ آیا تھا باہر رہ جاتا ہے اور جب بسم اللہ پڑھ کر دروازہ بند کرے تو اس کے کھولنے پر قدرت نہیں رکھتا۔

(۴) یا کھانے پینے کے برتن بسم اللہ کہہ کر نہ ڈھانکے کہ بلائیں اُترتی اور خراب کر دیتی ہیں پھر وہ طعام ومشروب بیماریاں لاتے ہیں۔

(۵) یا بچے کو مغرب کے وقت باہر نکالے کہ اس وقت شیاطین منتشر ہوتے ہیں۔

(۶) یا کھانے سے فارغ ہو کر بے ہاتھ دھوئے سو رہے کہ شیطان چاٹتا ہے اور معاذ اللہ برص کا باعث ہوتا ہے۔

(۷) یا غسل خانہ میں پیشاب کرے کہ اس سے وسوسہ پیدا ہوتا ہے۔

(۸) یا چھجے کے قریب سوئے اور چھت پر روک نہ ہو کہ گر پڑنے کا احتمال ہے۔

(۹) یا عورت سے ہم بستری کے وقت بسم اللہ نہ کہے کہ شیطان شریک ہو جاتا ہے اور اپنا عضو اس کے عضو کے ساتھ داخل کرتا ہے جس کے باعث بچہ انسان و شیطان دونوں کے نطفے سے بنتا اور پھر برا تخم برا ہی پھل لاتا ہے۔

(۱۰) یا کھانا بغیر بسم اللہ کے کھائے کہ شیطان ساتھ کھاتا اور جو طعام چند مسلمانوں کو کفایت کرتا ایک ہی کے کھانے میں فنا ہو جاتا ہے۔

(۱۱) یا زمین کے سوراخوں میں پیشاب کرے کہ کبھی سانپ وغیرہ جانوروں کا گھر یا جن کا مکان ہوتا ہے اور انسان ایذا پاتا ہے۔

(۱۲) یا اپنی خواہ اپنے دوست کی کوئی چیز پسند آئے تو اس پر نظر بد دور کرنے کی دعا اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلَیْهِ وَلَا تَضُرُّهٗ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه نہ پڑھے کہ نظر حق ہے۔ مرد کو قبر اور اونٹ کو دیگ میں داخل کر دیتی ہے۔

(۱۳) یا تنہا سفر کرے کہ فساق انس و جن سے مضرت پہنچتی ہے اور ہر کام میں دقت پیش آتی ہے۔

(۱۴) یا بنگام جماع شرمگاہ زن کی طرف نگاہ کرے کہ معاذ اللہ اپنے یا بچے یا دل کے اندھے ہونے کا باعث ہے۔

(۱۵) یا اس وقت باتیں کرے کہ بچے کے گونگے ہونے کا احتمال ہے۔

(۱۶) یا کھڑے کھڑے پانی پیا کرے کہ درد جگر کا مورث ہے۔

(۱۷) یا پاخانہ میں بغیر بِسْمِ اللّٰه اور اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ کہے جائے کہ خبیث (مرد خواہ عورت) جن سے مضرت کا اندیشہ ہے۔

(۱۸) یا لوگوں کے راستوں میں خواہ ان کی نشست و برخاست کی جگہ پاخانہ پیشاب کرے یا کوڑا کرکٹ ڈالے یا اوپر سے پانی وغیرہ پھینکے کہ ان کے ملوث ہونے کا

اندیشہ ہوتو آپ ہی گالیاں کھائے گا۔

(۱۹) یا سفر سے پلٹ کر بغیر اطلاع کیے رات کو اپنے گھر میں چلا آئے کہ مکروہ دیکھنے کا احتمال ہے۔

(۲۰) یا فاسقوں' فاجروں' بدوضعوں' بدمذہبوں کے پاس نشست و برخاست کرے ان سے میل جول خلط ملط رکھے' ان سے مشورہ لے ان پر اعتماد کرے کہ لوگوں کے نزدیک انہیں میں شمار ہوگا اور پھر محبت تو اپنا رنگ لاتی ہی ہے۔ ان کا رنگ چڑھ جائے تو دین وایمان کے رخصت ہونے یا قلبی بیماریوں کے پیدا ہونے کا خطرہ سامنے موجود اور اگر بالفرض صحبت بد کے اثر سے بچا تو متہم و بدنام ضرور ہو جائے گا اور مثل مشہور ہے بدا چھا بدنام بُرا۔ پھر عقیدہ کی بدنامی' عمل کی بدنامی سے بدرجہا بدتر۔ یہ اور اس قسم کے صدہا امور و آداب' احادیث کریمہ میں ماثور اور علمائے اہلسنّت کے فتاویٰ کتب میں مذکور ہیں۔ خدا توفیق دے اور جو یہاں ذکر کئے گئے وہی ذہن نشین رہیں تو رحمت خداوندی کو توجہ فرماتے اور برکتوں کے نزول میں کیا دیر لگتی ہے۔

(حوالہ سنی بہشتی زیور)

## اسباب غنا و فراخ دستی

(۱) نماز اشراق یعنی طلوعِ آفتاب کے کم از کم بس منٹ بعد دو یا چار نفل پڑھنا۔

(۲) چاشت کی نماز کی پابندی کرنا دولت بے زوال میں لکھا ہے کہ دو چیزیں کبھی جمع نہیں ہوسکتیں۔ مفلسی اور چاشت کی نماز یعنی جو کوئی چاشت کی نماز کا پابند ہوگا' کبھی مفلس نہ ہوگا۔

(۳) ایام بیض یعنی ہر مہینے کی ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ کو روزے رکھنا۔ فتوح الاوراد میں منقول

ہے کہ تجربہ سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ جو کوئی ایام بیض کے روزے رکھے اس کے رزق میں وسعت ہو گی۔ دنیاوی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور دونوں جہاں میں برکتوں سے مالا مال۔

(۴) سورۂ واقعہ کا ہمیشہ بالخصوص بعد مغرب پڑھتے رہنا۔

(۵) مردوں کو اوّل وقت فجر میں' سنت فجر اپنے گھر پڑھ کر فرض نماز کیلئے مسجد میں جانا کہ بعض روایات میں آیا ہے کہ جس شخص نے فجر کی سنتیں اپنے گھر میں پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ اس کا رزق کشادہ کرتا ہے۔ اس کے اعزاء واقارب کا جھگڑا اس سے کم ہو جاتا ہے اور اس کا خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے۔

(۶) نماز پنجگانہ کیلئے اذان کا جواب دینا اور اس کا احترام بجالانا کہ لیٹا ہو بیٹھ جائے اوراد و وظائف بلکہ تلاوت قرآن موقوف کر دے۔ سر پر ٹوپی دوپٹہ وغیرہ ڈال دے ہرگز ہرگز دنیا کی کوئی بات نہ کرے کہ ایمان میں خلل آنے کا اندیشہ ہے۔

(۷) دینی معلومات فراہم کرنے کی کوشش میں لگا رہنا۔

(۸) دوسروں تک علم دین پہنچانا اگرچہ قرآن کی ایک آیت یا دین کا ایک مسئلہ کہ دوسروں کو تم سے جو خیر پہنچے وہ تمہارے لئے مبارک ہے۔

(۹) خدا توفیق دے تو نماز تہجد پڑھتے رہنا۔

(۱۰) توبہ واستغفار کرنا بالخصوص فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ستر بار۔

(۱۱) مردوں کو حکم شرعی کے مطابق چاندی کی انگوٹھی میں عقیق سرخ استعمال کرنا یہ موجب برکت بھی ہے اور درد جگر کو نافع بھی۔

(۱۲) گھر میں آیۃ الکرسی اور سورۃ اخلاص پڑھتے رہنا۔

(۱۳) صبح کے وقت یا بعد عصر یا مغرب وعشاء کے مابین نہ سونا۔

(۱۴) ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمہ پڑھنا یعنی ۳۳ بار سبحان اللہ، ۳۳ بار الحمد للہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر۔

(۱۵) قرآن مجید اور دینی کتابیں دینی مدرسوں کیلئے وقف کرنا۔

(۱۶) والدین کی خدمت میں مصروف رہنا۔

(۱۷) سورۂ مزمل اور سورۂ نباء کی تلاوت کم از کم ایک بار کر لینا۔ اور سورۂ ملک بعد عشاء پڑھ کر سو رہنا اور شب جمعہ میں سورۂ کہف پڑھنا۔

(۱۸) سرکہ گھر میں رکھنا۔

(۱۹) عاشورہ محرم میں مسکینوں کو کھانا کھلانا کہ آج کے روز جو چیز دوسروں کو کھلائی پلائی جاتی ہے سال بھر تک اس میں برکت رہتی ہے اسی لئے مسلمانوں میں حلیم کا عمل جاری ہے۔

(۲۰) درود شریف بکثرت پڑھنا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلَیْهِ وَعَلٰی كُلِّ مَنْ ھُوَ مَحْبُوْبٌ وَ مَرْضِیٌّ لَدَیْهِ (حوالہ سنی بہشتی زیور)

## اضافہ رزق و دولت

غربت و افلاس ہو یا مال و دولت کی افراط غیر مسلم حضرات کیلئے اللہ تعالیٰ کی شان ربوبیت کا اظہار ہے کہ ہم ایسے پالتے ہیں کہ ہماری شانِ خالقیت کو فراموش کر کے شمس و قمر، شجر و حجر کی پرستش کر رہے ہیں اور ہمارے سوا سینکڑوں خدا بنا رکھے ہیں اور اپنے سے کمتر مخلوق کی عبادت کر رہے ہیں مگر ہم اپنے خوانِ کرم سے تم کو بھی نواز رہے ہیں اور ان پر جو تکلیف و مصیبت آتی ہے وہ بھی شانِ ربوبیت کا اظہار ہے کہ یہ حقیر جو

تکلیف و مصیبت تم پر آئی ہے کہو ان سے جن کو تم پوجتے ہو کہ وہ اس کو دور تو کر دیں انصاف پسند کہہ اُٹھتے ہیں کہ جو اپنی مدد آپ نہ کر سکیں۔ وہ دوسروں کی مدد کیا کریں گے غرضیکہ افلاس و دولت وغیرہ کی ہدایت کیلئے شان ربوبیت کا اظہار ہے اور مسلمانوں کیلئے امتحان ہے یا احسان۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

اَلٓمّٓ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَكُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ

کیا لوگ اس گھمنڈ میں ہیں کہ اتنا کہہ لینے پر چھوڑ دیئے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور ان کا امتحان نہ ہوگا۔

اس سے معلوم ہوا کہ تنگدستی' غربت و افلاس بھی امتحان ہے کہ کون صبر کرتا ہے اور کون اپنے خدا کو بھول کر حرام کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ مثلاً: چوری' سود' سٹہ اور دوسرے کو نقصان پہنچا کر اپنا بھلا چاہتا ہے اور دولت و عزت دے کر امتحان اس طرح کہ کون شکر ادا کرتا اور غریبوں کی مدد کرتا ہے۔ اس سلسلے میں چند اقوال جن کو اہل ایمان جواہر پاروں سے تشبیہ دیتے ہیں' پیش کئے جاتے ہیں۔

اولیاء اللہ کا ارشاد ہے: دنیا خدا کی دشمن ہے' خدا کے دوست اس کے دشمن سے محبت نہیں کرتے ایسے ہی حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "جو شخص تمام آسمان و زمین والوں کی تعداد کے برابر عبادت کرے اور دولت دنیا سے محبت رکھے' قیامت کو ندا فرمائی جائے گی یہ وہ شخص ہے جو خدا کے دشمن سے محبت رکھتا ہے"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں "دو بھوکے بھیڑیئے بھیڑوں کے غول میں اس قدر خرابی نہیں ڈالتے جس قدر دوستی مال و جاہ کی مسلمان کے دل کو تباہ و برباد کرتی ہے اور نفاق کو دل میں اس طرح اُگاتی ہے جیسے پانی سبزے کو۔

عارفین کا ارشاد ہے کہ دنیا تصرف کیلئے محبت کیلئے نہیں۔ دنیا کی دولت حاصل کرو اپنی ذات اور اہل وعیال اور راہ خدا میں صرف کرو اس کی محبت کو دل میں جگہ نہ دو کہ دل خدا کی محبت کے لئے ہے غیر کو آنے کی اجازت نہیں۔

شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے سوال کیا: زکوٰۃ کس قدر ہے؟ فرمایا "فقہاء کے مذہب میں دوسو درہم سے پانچ درہم دنیا اور مذہب عشاق میں دوسو میں سے ایک بھی رکھنا جائز نہیں بلکہ اس کے شکریہ میں جان دینا چاہیئے کہ اس نے اپنے کرم سے دیئے مگر اس کی محبت نہ دی اور اپنی راہ میں خرچ کرنے کی توفیق بخشی۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: اللہ تعالیٰ سود کو گھٹاتا اور صدقے کو بڑھاتا ہے اور اللہ تعالیٰ ناشکرے گنہگار کو دوست نہیں رکھتا' ایسے ہی علمائے حق کا قول ہے کہ سود کی کمائی چوری کی جاتی ہے یا لٹ جاتی ہے یا آگ میں چلی جاتی ہے یا خاک میں مل جاتی ہے۔ حاکم ٹیکس میں چھین لیتا ہے یا اولاد عیاشی میں خرچ کر دیتی ہے مگر خود کو اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ صدقہ بڑھتا ہے کہ جس طرح ایک دانے سے دس بالیاں پیدا ہوتی ہیں اور ہر بالی میں سو (۱۰۰) دانے ہوتے ہیں۔ صدقہ کا بدلہ دنیائے فانی میں بہت تھوڑا اور آخرت میں کل مزید انعام کے ساتھ ملتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اس اُمت کی پہلی نیکی یقین اور زہد ہے اور پہلا فساد بخل ہے' یقین سے مراد اللہ تعالیٰ رازق و مالک ہے"۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان جھوٹ اور خیانت کی خصلت پر پیدا نہیں کیا جاتا بلکہ وہ صدق و امانت سے بسبب تصدیق وایمان کے مشرف ہوتا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو تکبر کرتا ہے' خدا اسے خوار کرتا ہے یعنی جو اپنی نظر میں خود کو بڑا تصور کرے وہ اور لوگوں کی نظر میں کتے اور سور سے بدتر ہے۔

اللہ تعالیٰ نے سیدنا اسماعیل علیہ السلام پر وحی نازل فرمائی کہ اے اسماعیل! اگر تو مجھے پانا چاہتا ہے تو شکستہ دلوں کے پاس تلاش کر میں تجھے ان میں ملوں گا۔

حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی اپنے ضعیفوں میں تلاش کرو (اور مجھے راضی رکھنا ہے تو) ان کو راضی رکھو۔ اس لئے کہ تم کو تمہارے ضعیفوں کی بدولت رزق دیا جاتا ہے (یہاں ضعیف سے مراد وہ لوگ ہیں جو حصولِ دولت میں کمزور اور مجبور ہیں)

رسول اللہ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو حکم فرمایا کہ مساکین سے محبت کرو اور ان سے قریب رہو۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: انسان کے دل میں حسد اور ایمان اکٹھے نہیں ہو سکتے اور فرمایا: حسد سے بچو کہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو یہ وہ جواہر پارے ہیں جن کو پرو کر مسلمان اپنے گلے کی زینت بنالے تو دنیا و آخرت سنور جائے گی۔

اب تو یہ بات سمجھ میں آ گئی ہو گی کہ غربت و افلاس بھی رحمت ہے کہ جس کا دل بوجہ غربت و مصیبت ٹوٹا ہے مگر وہ نہ تو خدا کو چھوڑ کر غیر کی طرف مائل ہوا نہ احکام خداوندی کے خلاف حرام کو ذریعہ معاش بنایا' نہ مالداروں کی دولت دیکھ کر حسد کی گندگی میں ملوث ہوا بلکہ صبر و نماز کے ذریعہ اللہ اور رسول ہی کی طرف لو لگائے ہے تو اس کا دل خدا کا گھر ہے' ایسوں ہی کیلئے ارشاد فرمایا:

نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ

اے بندے میں تیری رگِ جاں سے قریب تر ہوں۔

اللہ اکبر شکستہ دل کا یہ اعزاز اسی پر بس نہیں خدا کے محبوب ﷺ ارشاد فرمائیں جو مجھے راضی رکھنا چاہے تو میری اُمت کے غریبوں کو راضی رکھے۔ اسی پر بس نہیں اُم المومنین اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ارشاد ہوا کہ میری اُمت کے غریبوں فقیروں سے محبت

کرواور اسی پر بس نہیں کل روز قیامت تمہارا رب تبارک وتعالیٰ ارشاد فرمائے گا: کہاں ہیں میرے محبوب کی اُمت کے غریب ومسکین جب وہ آئیں گے تو فرمایا جائے گا کہ اے بندو! میں نے تمہیں ذلت اور رسوائی کیلئے غریب نہیں کیا تھا بلکہ اس لئے کہ اگر تم صبر کرو تو آج تمہیں خلعت عزت وکرامت عطا فرماؤں اور اس خلعت کو زیب تن کرلو اور جنت میں چلے جاؤ اور اسے بھی اپنے ساتھ لیتے جاؤ جس نے ترس کھا کر تمہیں کھلایا پہنایا ہو۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْد ساری دنیا کی دولتیں اس اعزاز پر قربان۔

اس باب کی ساری ہدایتیں ان جواہر پاروں سے ظاہر ہیں کہ حصولِ دولت وغنا کے عملیات سے قبل بری عادتوں جوا' شراب' عیاشی' تکبر' سود' سٹہ وغیرہ سے تائب ہو' کبھی غریب کو حقیر نظر سے نہ دیکھے' نہ جھڑکے بلکہ جو ممکن ہو اس کے ساتھ احسان کرے مگر بد افعال غریب کو نقد نہ دے کہ وہ فاقہ نہیں توڑے گا بلکہ نشہ کرے گا۔ ہاں کھانا کھلا دے اور اپنا پرانا کپڑا پہنا دے کہ نیا دیا گیا تو بیچ کر برے کام میں خرچ کرے گا۔

## عزت ودولت کا تاج یعنی درود تاج

یہ درود شریف بہت محبوب ومقبول ہے اور اکثر کی ورد زباں اور حرزِ جاں جان ہے اور کیوں نہ ہو کہ اس کا نام بھی درود تاج ہے یعنی رحمت وبرکت کا بے زوال تاج' جب تنگدستی دور نہ ہونے اور روزگار نہ ملنے کی وجہ سے عزت کی حفاظت دشوار ہو جائے تو درود تاج بعد ہر نماز ۷ بار اور بعد نماز عشاء ایک سو ایک بار بحضور قلب پڑھے اور دن میں تلاش معاش میں نکلے' تین دن ایسا ہی کرے اگر تین دن میں کوئی ذریعہ نہ نکلے تو چوتھے روز بعد فجر سے پڑھنا شروع کرے اور اس وقت تک پڑھتا رہے کہ جب تک کوئی آکر اس کو خوشخبری نہ سنائے۔ درود تاج یہ ہے:

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

اللهم صل على سيدنا ومولانا محمد صاحب التاج والمعراج والبراق والعلم ط دافع البلاء والوباء والقحط والمرض والالم اسمه مكتوب مرفوع مشفوع منقوش فی للوح والقلم سيد العرب والعجم جسمه مقدس معطر مطهر منور فی البيت والحرم شمس الضحى بدر الدجى صدر العلى نور الهدى كهف الورى مصباح الظلم ط جميل الشيم ط شفيع الامم ۔ صاحب الجود والكرم ط والله عاصمه و جبريل خادمه والبراق مركبه والمعراج سفره و سدرة المنتهى مقامه و قاب قوسين مطلوبه والمطلوب مقصوده والمقصود موجوده سيد المرسلين ط خاتم النبيين ط شفيع المذنبين ط انيس الغريبين ط رحمة للعالمين ط راحة العاشقين ط مراد المستاقين ط شمس العارفين سراج السالكين ط مصباح المقربين ط محب الفقراء والغرباء والمساكين سيد الثقلين نبی الحرمين ط امام القبلتين ط و سيلتنا فی الدارين ط صاحب قاب قوسين محبوب رب المشرقين والمغربين ط جد الحسن والحسين ط مولانا و مولى الثقلين ط ابی القاسم محمد ابن عبدالله نور من نور الله ط يا ايها المشتاقون بنور جماله صلوا عليه وآله واصحابه وسلموا تسليما ط

# خیر و برکت کا خزینہ سورۂ فاتحہ

یہ عمل بہت مقبول اور باعث خیر و برکت ہے کہ جب کھانا سامنے آئے پہلے ایک بار درود شریف اور ایک بار الحمد شریف' تین بار قل ھواللہ شریف ایک بار درود شریف پڑھ کر سید عالم ﷺ اور تمام اولیاء اللہ اور تمام مسلمانوں کو اس کا ثواب بخش کر کھائے۔ اللہ تعالیٰ روز افزوں ترقی دے۔

# خیر و برکت کا بہترین عمل

یہ عمل میرے تجربے میں ایک مدت سے ہے اور میں نے جس کو بھی بتایا اس نے بھی تعریف کی جب روپیہ پیسہ مال و زر کسی سے لے تو بِسْمِ اللّٰه پڑھ کر لے اور جب کسی کو دے تو اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھ کر دے اگر اس پر کچھ ہی دن پابندی کر لی تو نہ کسی کو دینے سے کمی آئے گی نہ آمد میں کمی ہوگی۔ غرض کم آمدنی میں بھی خیر و برکت کا وہ عالم ہوتا ہے کہ اکثر دست غیب کا گمان ہونے لگتا ہے۔

# عمل الحمد شریف

فجر کی سنت اور فرض کے درمیان بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد کی لام کے ساتھ ملا کر پڑھے۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ آخر تک ایک سو بار مجرب و آزمودہ ہے۔

# عمل افزائش خیر و برکت

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سو بار اوّل آخر درود شریف تین بار اگر کبھی عمل

میں دیر ہو جائے تو درمیان ہی میں نماز فرض جماعت سے ادا کریں۔عمل کی وجہ سے نماز قضا یا جماعت ترک نہ کریں بلکہ جو باقی رہے بعد کو پورا کریں مگر نماز یا مصافحہ میں درود کے سوا کوئی بات نہ کریں، عمل مجرب آزمودہ ہے۔

## قرض سے نجات کا عمل

یہ عمل سید عالم ﷺ نے ایک صحابی کو رنج وغم اور قرض کے بار کو دور کرنے کیلئے صبح وشام پڑھنے کی تاکید فرمائی تھی اور چند ہی روز میں وہ غم والم کے بار قرض سے سبکدوش ہو گئے۔مگر حدیث شریف سے تعداد اس عمل کی ثابت نہیں اور اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ آدھی رات ڈھلنے سے سورج کی کرن چمکنے تک صبح ہے اور دوپہر ڈھلنے سے غروب آفتاب تک شام ہے۔اس کے پیش نظر فقیر نے اس عمل کا یہ وقت مقرر کیا ہے کہ صبح طلوع فجر کے بعد نماز سنت سے فارغ ہو کر اسی مقام پر بیٹھا رہے۔اوّل درود تاج ۳بار سبحان اللہ وبحمدہٖ ۲۱بار پھر فجر کی جماعت تک یہ دعا بے شمار پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعِجْزِ وَالْکَسْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ

آخر میں ایک بار درود تاج پڑھے اور شام کو عصر کی نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھا رہے اور بغیر کام کئے اسی طرح اذانِ مغرب تک اس دعا کو حضور قلب کے ساتھ اپنے غموں اور فکروں کو پیش نظر رکھ کر بچشم نم پڑھتا رہے کہ یہ دعا ایسی ذات مقدس کی تعلیم فرمودہ ہے جس کے متعلق اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

؎ وہ زبان جس کو سب کُن کی کنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

# عمل برائے تسخیر خلق از حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ

یَارَحْمٰنُ کُلَّ شَیْءٍ رَاجِعَۃٌ ۔ایک ہزار مرتبہ روزانہ مع اوّل آخر درود شریف ۳۔۳بار وِرد میں رکھے۔

# دشمن کو مسخر کرنے کا عمل

یہ عمل حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے منقول اور نہایت مجرب ہے۔ ہر روز قبل طلوع آفتاب یعنی نماز فجر سے پہلے یا بعد صرف ۱ابار پڑھنے کا ورد کرلیا کرے پھر کسی عمل کی عامل کو ضرورت نہ ہوگی۔

دشمن ذلیل وخوار ہوکر بلکہ مطیع وفرمانبردار ہوکر قدموں میں آ گرے گا۔

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ اَعْدَآئِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ لِسُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ وَلَیِّنْھُمْ کَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاوٗدَ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَ ذَلِّلْھُمْ کَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ قَھِّرْھُمْ کَمَا قَھَّرْتَ اَبَاجَھْلٍ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ط صُمٌّ بُکْمٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ط صُمٌّ بُکْمٌ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ط اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ط فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اگر کسی دن فجر سے قبل نہ ہو سکے تو بعد نماز فجر قبل طلوع پڑھے پڑھتے وقت دشمن یا کسی اور کا نام لینے کی ضرورت نہیں صرف تصور کافی ہے۔

# حُبّ کا نہایت مفید عمل

ایک برتن میں پانی لے کر پیئے اور دل میں سات بار یَـا بُدوُحُ پڑھے۔ پھر پانی منہ میں لے کر برتن میں کلی کر دے جس کو پلائے محبت میں دیوانہ ہو جائے۔ سورۃ الم نشرح ۷ا بار اس طرح پڑھے کہ ہر آیت کے بعد طالب اس کی ماں اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے کر کہے: اَللّٰھُمَّ اَلْقِ مُحَبَّۃً عَلٰی قَلْبِ جب سورۃ ختم ہو۔ ایک سیاہ مرچ کے دانہ پر دم کر کے کوئلے کی آنچ پر جلائے۔ تین دن صبح بعد فجر کرے۔ ان شاء اللہ محبت پیدا ہوگی، ہرگز ہرگز ناجائز کام کیلئے نہ کرے۔ (یہ لکھ کر بازو پر باندھیں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | |
|---|---|
| اللہ | محمد |
| ابوبکر | عمر |
| عثمان | علی |

اسم مطلوب مع والدہ

القی محبة فلاں بن فلاں علی قلب فلانه

بنت فلانه بحق والقینا محبة منی

# محبوب کو حاضر کرنے کا عمل

اوّل آخر ۳۔۳ بار یہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں ۱۱ مرتبہ سورۃ اخلاص ایک سانس میں پڑھے پھر اس کی صفت دیکھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ الف الف

## نیک رشتہ

اگر کسی لڑکی کا رشتہ نہ ہوتا ہو اور بڑی کوشش کے باوجود رکاوٹ ہو تو یہ عبارت لکھ کر لڑکی کے گلے میں ڈالیں اور ان شاءاللہ کوئی نہ کوئی مناسب رشتہ مل جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ قَوْلِكَ هٰذَا بِحُرْمَةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ تَرْزُقَ فلان بنت فلان زَوْجًا مَوَافِقًا غَيْرِ مَخَالِفٍ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

## رشتہ ہو کر رہے

اگر کسی کو رشتہ درکار ہو اور اسے پیغام آئے اور وہ دیکھنے کیلئے جائے تو اسے پسند آ جائے مگر دوسرا فریق نہ مانتا ہو تو اس کے دل میں محبت پیدا کرنے کیلئے دوسرے فریق کے گھر کے کسی فرد کے داہنے پاؤں کے نیچے کی مٹی لا کر اس پر سات بار یہ دُعا پڑھ کر بروز اتوار دم کرے۔

اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّ جِبْرَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ وَ عِزْرَائِيْلَ وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِيِّ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ اَلْحُبُّ فلان بن فلان على قلب فلان بن فلان

پھر اس مٹی کو آگ میں ڈالے ان شاءاللہ بے قرار ہو کر رشتہ مل جائے گا۔

# شوہر کے دل میں محبت پیدا کرنا

یہ نقش لکھ کر اگر مرد سے بیوی متنفر ہے تو مرد اپنے الٹے بازو پر باندھے اور اگر بی بی سے شوہر متنفر ہے تو عورت اپنے سیدھے بازو پر باندھے موم جامہ ضرور کرلیا جائے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۲۰ | ۲۶ | فلاں بن فلاں<br>فلاں بنت علی حب فلاں |
| ۱۴ | ۲ | ۱۲ | ۲۲ |
| ۴ | ۳۰ | ۱۶ | ۱۰ |
| ۱۸ | ۸ | ۶ | ۲۸ |

# قضائے حاجات

اس باب میں جو عملیات درج کئے جا رہے ہیں وہ تقریباً ہر ضرورت اڑی سے اڑی اور کڑی سے کڑی مشکل میں کام آنے والے ہیں۔ اس باب سے کسی عمل کو اپنی حاجت اور ضرورت اور اپنی اہلیت کے مطابق انتخاب کرنا آپ کا کام ہے۔ ہر عمل مجرب آزمودہ اور سریع الاثر ہے مگر یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ جس کام کیلئے عمل کریں وہ جائز ہو دوسرے اپنی زندگی کے ہر حصے پر نظر ڈالیں کہ جو مشکل مجھے درپیش ہے کبھی کسی دوسرے...... ذریعہ میری وجہ سے تو ایسی تکلیف نہیں پہنچی ہے۔ مثلاً مقدمہ، جسمانی تکلیف واذیت، روپیہ پیسے لین دین، ہیر پھیر یا مسلمان کو اس کی اشد ضرورت پر جس کو تم انجام دے سکتے تھے مگر بوجہ بخل یا بخوف ناداری ٹھکرا دیا ہو وغیرہ وغیرہ۔ اگر ایسا ہے تو اس مسلمان سے معافی مانگنی چاہئے اور اگر دور ہو یا انتقال کر چکا ہے تو عمل شروع کرنے

سے قبل دو نفل پڑھ کر اس کیلئے ایصالِ ثواب کرنا ضروری ہے اور اس کے گناہوں کی بخشش اور اس کے درجات کی بلندی کی دُعا کریں۔

قضائے حاجات کیلئے سب سے بہتر تدبیر یا کسی عمل میں اثر پیدا کرنے کیلئے ماں باپ کی دُعا حاصل کر لینا اکسیر کا حکم رکھتا ہے اگر دونوں میں سے ایک موجود ہو یا دونوں انتقال کر چکے ہوں تو ان کی قبر پر حاضر ہو کر ان کی روح کو ایصالِ ثواب کر کے ان کے وسیلے سے ربِ قدیر سے مدد چاہیں پھر عمل کریں ان شاء اللہ کبھی ناکام نہ ہوں گے۔

اہل حاجت کو عمل بتانے سے قبل اس کی کتابِ زندگی کا مطالعہ کر کے ضروری ہدایات پر عمل کرنے کی تاکید شدید کر دیں۔

## نفل نمازیں برائے قضائے حاجات

### ترکیب اوّل:

وضو تازہ اچھی طرح کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھے' بعد سلام عرض کرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰى رَبِّیْ فَيَقْضِیْ حَاجَتِیْ

اور اپنی حاجت ذکر کرے۔ یہ دُعا صحیح حدیث میں تعلیم فرمائی۔ قال الرضاء ایک نابینا خدمت اقدس حضور سید عالم ﷺ میں حاضر ہو کر اپنی نابینائی کا شاکی ہوا۔ حضور ﷺ نے یہ نماز و دعا ارشاد فرمائی۔ انہوں نے مسجد میں جا کر پڑھی' کچھ دیر نہ گزری تھی کہ دونوں آنکھیں کھل گئیں۔ گویا کبھی اندھے نہ تھے۔ اس دعا کے اوّل آخر حمد الٰہی و درود رسالت اپناہی صلوۃ اللہ وسلامہ علیہ اور آمین پر ختم اور شروع میں اللہ تعالیٰ کو اسمائے طیبہ سے ندا کرے۔ (احسن الدعاء) بہتر ہے۔

## ترکیب دوم:

نمیر وابن بشکوال وہیب بن ورد سے روایت کرتے ہیں جو بندہ بارہ رکعت پڑھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ وآیت الکرسی وسورۃ اخلاص پڑھے پھر سجدے میں یہ کلمات پڑھے:

سُبْحَانَ الَّذِیْ لَبِسَ الْعِزَّ وَ قَالَ بِهٖ ط سُبْحَانَ الَّذِیْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَحْصٰی كُلَّ شَیْ ءٍ بِعِلْمِهٖ ط سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا یَنْبَغِی التَّسْبِیْحُ اِلَّا لَهٗ ط سُبْحَانَ ذِی الْمَنِّ وَالْفَضْلِ ط سُبْحَانَ ذِی الْعِزِّ وَالْكَرَمِ ط سُبْحَانَ ذِی الطَّوْلِ وَالنِّعَمِ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَ مُنْتَهَی الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَجَدِّكَ الْاَعْلٰی وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ كُلِّهَا لَا یُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ط

پھر خدا تعالیٰ سے وہ سوال کرے جس میں گناہ نہیں۔ مثلاً کہے اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ اور اس حاجت کا ذکر کرے۔ اللہ تعالیٰ روا فرمائے۔ وہب کہتے ہیں: ہمیں پہنچا ہے کہ یہ ترکیب اپنے بیوقوفوں اور ابلہوں کو نہ سکھاؤ کہ گناہوں پر دلیری نہ کریں۔

## ترکیب سوم:

عبدالرزاق نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جو شخص خدا سے کچھ حاجت رکھتا ہو تنہا مکان میں باوضوئے کامل چار رکعت پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قل ھو اللہ احد دس بار، دوسری میں بیس بار، تیسری میں تیس بار، چوتھی میں چالیس بار پڑھے پھر پچاس بار قل ھو اللہ احد اور ستر (۷۰) مرتبہ لاحول پڑھے اگر

اس پر قرض ہو ادا ہو جائے اور وطن سے دور ہو۔ خدا تعالیٰ اسے گھر پہنچائے اور جو آسمان کے برابر گناہ رکھتا ہو اور استغفار کرے خدا اس کے گناہ بخشے اور جو اولاد نہ رکھتا ہو خدا اسے اولاد دے اور جو دعا کرے خدا اس کی دعا قبول فرمائے اور جو خدا سے دعا نہیں کرتا خدا اس سے ناراض ہوتا ہے"۔ عبداللہ فرماتے ہیں "اپنے احمقوں کو یہ دُعا نہ سکھاؤ کہ اس سے نافرمانی پر استعانت کریں گے"۔

## قال الرضا۔ ترکیب چہارم:

امام احمد اپنی مسند میں ابودرداء رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ میں نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا "جو وضو کامل طور پر کرے یعنی بمراعات سنن و آداب، پھر دو رکعتیں پورے طور پر پڑھے یعنی باجتماع سنن و مستحبات و حضور قلب پھر جو کچھ اللہ تعالیٰ سے مانگے، عاجل یا آجل اللہ تعالیٰ اسے عطا فرمائے"۔ امام حافظ ابن حجر عسقلانی پھر امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "اس کی سند حسن ہے"۔

## ترکیب پنجم:

ترمذی ونسائی وابن حبان وحاکم حضرت انس رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ ان کی والدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا ایک دن صبح کو خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں اور عرض کی کہ حضور مجھے کچھ ایسے کلمات تعلیم فرمادیں کہ میں نماز پڑھا کروں۔ ارشاد فرمایا "دس بار اللہ اکبر، دس بار سبحان اللہ، دس بار الحمد کہہ پھر جو چاہے مانگ اللہ عزوجل عطا فرمائے گا" نعم نعم۔ اچھا اچھا۔ امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے۔ ابن خزیمہ وابن حبان الزاماً فرماتے ہیں: صحیح ہے۔ حاکم نے کہا یہ شرط احادیث صحیح مسلم صحیح ہے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

## اقول:

اس کا طریقہ یوں ہو کہ دو رکعت نفل بوضوئے تازہ وحضور قلب پڑھے۔ قعدے میں بعد درود شریف اللہ اکبر' سبحان اللہ' الحمد للہ دس بار کہہ کر دعائے مقصود ایسے لفظوں سے کرے جو مخل نماز نہ ہوں۔

مثلاً: اَسْئَلُكَ اَنْ تَقْضِیَ لِیْ حَاجَاتِیْ كُلَّهَا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ مَا كَانَ مِنْهَا اِلٰی خَیْرٍ وَلَكَ رِضًا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ (آمین)

## ترکیب ششم:

ترمذی وابن ماجہ وحاکم حضرت عبداللہ بن ابی ادفی رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ حضور سید عالم ﷺ فرماتے ہیں" جسے اللہ تعالیٰ یا کسی آدمی کی طرف حاجت ہو چاہئے کہ اچھی طرح وضو کرے دو رکعت پڑھے پھر اللہ تعالیٰ کی طرف ثنا کرکے اور نبی ﷺ پر درود بھیجے پھر کہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْكَرِیْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ ط لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِیَ لَكَ رِضًی اِلَّا قَضَیْتَهَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

## ترکیب ہفتم:

اصبہانی انس رضی اللہ عنہ سے راوی حضور سید عالم ﷺ نے مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے فرمایا: اے علی! کیا تمہیں وہ دعا نہ بتادوں کہ جب تمہیں کوئی غم یا پریشانی ہو اسے عمل میں لاؤ تو باذن اللہ تعالیٰ تمہاری دعا قبول اور غم دور ہو۔ وضو کے بعد دو رکعت

نماز پڑھو اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور اپنے نبی ﷺ پر درود خوانی اور اپنے سب مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کیلئے استغفار کرو۔ پھر کہو:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُفَرِّجَ الْهَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ اَدْعُوْكَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا فَارْحَمْنِىْ فِىْ حَاجَتِىْ هٰذِهٖ لِقَضَآئِهَا وَنَجَاحِهَا رَحْمَةً تُغْنِيْنِىْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ ط

## ترکیب ہشتم:

حاکم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے راوی حضور اقدس ﷺ فرماتے ہیں: رات یا دن میں بارہ رکعتیں ہر دو رکعت پر التحیات پڑھ کر پچھلی التحیات کے بعد اللہ تعالیٰ کی ثناء اور نبی ﷺ پر درود بجالاؤ پھر سجدے میں فاتحہ سات بار آیت الکرسی سات بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝ دس بار پڑھ کر پھر کہو: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ مُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّكَ لَا اَعْلٰى وَكَلِمَاتِكَ التَّآمَّةِ ط

پھر اپنی حاجت مانگ پھر سر اٹھا کر دائیں بائیں سلام پھیر اور اسے بیوقوفوں کو نہ سکھاؤ کہ وہ اس کے ذریعہ سے دعا مانگیں گے تو قبول ہوگی۔ احمد بن حرب و ابراہیم بن علی و ابوزکریا و حاکم نے کہا ہم نے اس کا تجربہ کیا تو حق پایا۔

## ترکیب نہم:

حافظ ابوالفرج ابن الجوزی بطریق ابان بن ابی عباس انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”جسے اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت دنیا وآخرت کی ہو وہ پہلے کچھ صدقہ دے پھر بدھ، جمعرات و جمعہ کا روزہ، پھر جمعہ کو مسجد جامع میں جا کر بارہ رکعتیں پڑھے، دس رکعتوں میں الحمد ایک بار، آیت الکرسی دس بار اور آخر کی دو میں الحمد ایک بار قل ھواللہ احد پچاس بار، پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے تو کوئی حاجت ہو، دنیا خواہ آخرت کی اللہ تعالیٰ پوری کرے“۔

## ترکیب دہم:

امام ابوالحسن نور الدین علی بن جریر لخمی شطنوفی قدس سرہٗ العزیز بہجۃ الاسرار شریف میں بسند صحیح حضور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ ارشاد فرماتے ہیں: من استغاث بی فی کربۃ کشفت عنہ جو کسی سختی میں میری دوہائی دے وہ سختی دور ہو جائے۔ **ومن نادانی باسمی فی شدۃ فرجت عنہ** اور جو مشکل میں میرا نام لے کر ندا کرے، وہ مشکل حل ہو جائے۔ **ومن توسل بی الی اللّٰہ عزوجل فی حاجۃ قضیت لہ** اور جو کسی حاجت میں اللہ عزوجل کی طرف مجھ سے توسل کرے وہ حاجت روا ہو جائے اور جو شخص دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص گیارہ بار پھر بعد سلام نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ **ویذکرنی ثم یخطو الی جھتہ العراق احدی عشرہ خطوۃ ویذکر اسمی ویذکر حاجۃ فانھا تقضی باذن اللہ تعالیٰ** اور مجھے یاد کرے پھر عراق شریف کی طرف گیارہ قدم چلے اور میرا نام لیتا جائے پھر اپنی حاجت ذکر کرے تو بے شک وہ حاجت باذن اللہ تعالیٰ پوری ہو۔ یہ

مبارک نماز اس سلطان بندہ نواز اکابر آئمہ دین مثل امام جہضم وامام یافعی ومولانا علی قادری ومولانا شیخ محقق محدث دہلوی وغیرہم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل وروایت فرمائی۔

## درود تنجینا برائے قضائے حاجت

یہ درود تنجینا ہے بہت مشہور مگر اس کی کرامتوں سے عوام ناواقف ہیں۔صرف عاملین اس کی برکات سے واقف ہیں۔قضائے حاجت کیلئے اس کے پڑھنے کی ترکیب بھی سینہ بسینہ چلی آرہی ہے۔غالباً اس کی ترکیب حدیث شریف کے مضمون سے وضع کی گئی ہے۔

غرض درود تنجینا ہر ایک مشکل میں کام آتی ہے۔اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ ہر روز بوقت عشاء کھڑے ہوکر پڑھے اور دو نفل برائے قضائے حاجت ادا کرے اگر حاجت دینی ہو تو قبلہ رُخ اور اگر کوئی حاجت دنیوی مثلاً حصولِ دولت یا ادائے قرض، حصولِ ملازمت ترقی کیلئے جنوب کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو اور اگر دشمن کو مغلوب کرنا ہو یا مقدمے سے برأت مقصود ہو، کسی روٹھے ہوئے کو اپنی طرف مائل کرنا ہو اور اپنی محبت میں دیوانہ کرنا ہو تو جانب شمال رخ کر کے کھڑے ہوکر پہلے دن ۱۰ بار، دوسرے دن ۲۰ بار، تیسرے دن ۳۰ بار غرض جب تک حاجت پوری نہ ہو، دس بار ہر روز بڑھاتے جائیں۔مایوسی اور ناکامی کا خیال بھی نہ آنے پائے۔بس درود شریف کے فیوض وبرکات کی بارش میں خود کو نہاتا تصور کرے۔درود تنجینا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ
سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ
وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا

جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَ تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

ایک بزرگ کا فرمان ہے کہ ایام بیض میں تین روزے رکھے اور شب میں بعد نماز عشاء دو نفل پڑھ کر دست بستہ بیٹھ کر دریائے محبت سید عالم میں ڈوب کر نہایت خضوع وخشوع کے ساتھ ایک ہزار بار پڑھے اگر پہلے ہی روز کام ہو جائے تب بھی تین روز پڑھنا ہی چاہئے اور ہر روز روزہ بھی رکھے۔ بس حاجت کے پورا ہو جانے کے بعد ادائے شکر نعمت کی نیت سے پڑھے اور اس کا ثواب سید عالم ﷺ کی روح پاک کو بخشے اگر ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو بار پڑھتا رہے تو اس کی ہر ضرورت دینی اور دنیوی کی بجا آوری سید کونین ﷺ کے ذمہ کرم پر ہو۔

## دُعا حل المشکلات

حضور ﷺ نے یہ دُعا ایک نابینا کو تعلیم فرمائی تھی۔ اس کے پڑھنے سے فوراً آنکھیں روشن ہو گئیں۔ اس مبارک دُعا کا بارہا تجربہ حدیث نبوی ﷺ سے ہوا۔ دوبارہ پڑھنے کی نوبت نہیں آئی کہ بڑی سے بڑی مشکلیں حل ہو جاتی ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ اوّل تازہ وضو کرے، پھر دو نفل پڑھ کر سو بار یہ دُعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّىْ فِىْ حَاجَتِىْ هٰذِهٖ لِتَقْضِىْ لِىْ حَاجَتِىْ۔

یہ دُعا مسجد میں جس جگہ نفل پڑھے اسی جگہ پڑھے۔

# درود برائے قضائے حاجات

وقت ظہر ۳۱۳ بار پڑھے ان شاء اللہ حاجت پوری ہو مع بسم اللہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِكَ اِنِّیْ مُشْتَاقٌ بِنُوْرِ جَمَالِكَ وَ رَسُوْلِكَ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ

# نقش سورۂ اخلاص

منقول ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے کہ سورۃ اخلاص اسی ترتیب سے لوح محفوظ میں لکھی ہے اس کے ۲۵ فوائد ہیں۔

(۱) یہ کہ لکھ کر دریا کے پانی سے دھو کر درد شکم والے کو پلائے ان شاء اللہ شفا پائے۔

(۲) یہ کہ لکھ کر مسجد کے بیچ دفن کرے غائب حاضر ہو۔

(۳) بخار والے کے بازو پر باندھنے سے شفاء ہو۔

(۴) یہ کہ لکھ کر دیوانہ یا پاگل کے گلے میں باندھنے سے صحت ہو۔

(۵) کسی کو دیو یا جن کا خلل ہو یہ نقش باندھنے سے نجات ہو۔

(۶) لکھ کر کلام پاک میں رکھے جو آزاد ہو خواب میں معلوم ہو جائے۔

(۷) یہ لکھ کر دریا میں ڈالے جو مراد ہو مولیٰ تعالیٰ پوری فرمائے۔

(۸) دردسر کے واسطے سر میں باندھے درد رفع ہو۔

(۹) شرف آفتاب یا مشتری یا شرف قمر میں لکھ کر کسی میٹھی چیز پر مطلوب کو کھلا دے یک لحظ جدا ہونا نہ چاہے۔

(۱۰) لکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے دشمن مقہور ہوں۔

(۱۱) اگر لکھ کر گونگے بچے کو کھلائے بولنے لگے۔

(۱۲) ہر قسم کے درد والا اس کو دیکھتا رہے۔ دیکھتے دیکھتے درد کافور ہو۔

(۱۳) لکھ کر اپنے پاس رکھے، رزق میں فراخی ہو۔

(۱۴) اگر لکھ کر بازو پر باندھے اور جنگ میں جائے با فتح ونصرت آئے۔

(۱۵) جو لکھے اس کے دشمن دوست ہوں۔

(۱۶) اگر مردے کے کفن پر لکھے عذاب قبر سے نجات پائے۔

(۱۷) جس کے پاس یہ نقوش ہو وہ خلق کی نگاہوں میں عزیز ہو۔

(۱۸) اگر شوہر لکھ کر عورت کو کھلائے اس کا دل کبھی کسی مرد کی طرف مائل نہ ہو۔

(۱۹) جو اپنے پاس رکھے دنیا سے با ایمان جائے۔

(۲۰) اگر مرد یہ نقش لکھ کر عورت کے سینے پر رکھے جو اس کے دل میں ہو اپنے مرد سے کہہ دے۔

(۲۱) اگر لکھ کر دریا کے پانی سے دھو کر پیئے ابلیس کے مکروفریب وشر سے نجات ہو۔

(۲۲) اگر ہرن کی کھال پر لکھ کر پاس رکھے تمام عامل علوی وسلفی مطیع وفرمانبردار ہو۔

(۲۵) یہ کہ خلل مسان کیلئے بروز جمعہ لکھے اور بچے کے گلے میں ڈالے ان شاء اللہ دفع ہو۔

نقش مکرم یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قل | ھو | اللہ | احد | اللہ | الصمد | لم | یلد | |
| ھو | اللہ | احد | اللہ | الصمد | لم | یلد | ولم | |
| اللہ | احد | اللہ | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| احد | اللہ | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم |
| اللہ | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن |
| الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | لهٗ |
| لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | لهٗ | کفواً |
| یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | لهٗ | کفواً | احد |

# نقش سیفی

یہ نقش مکرم حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے منقول ہے جن آسیب سحر وغیرہ ام صبیان اور دشمن کو ہلاک کرنے دشمن کو زیر کرنے میں اپنی نظیر آپ ہے جس شخص کے پاس ہو اس پر کسی قسم کا جادو وغیرہ اثر نہ کرے۔ نقش مکرم یہ ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶۵۱۱ | ۱۶۵۲۵ | ۱۶۵۲۱ | ۱۶۵۱۸ |
| ۱۶۵۲۲ | ۱۶۵۱۷ | ۱۶۵۱۲ | ۱۶۵۲۴ |
| ۱۶۵۱۶ | ۱۶۵۱۹ | ۱۶۵۲۷ | ۱۶۵۱۳ |
| ۱۶۵۲۶ | ۱۶۵۱۴ | ۱۶۵۱۵ | ۱۶۵۲۰ |

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ نادعلیا مظهر العجائب تجدہ عونالك

فی النوائب کل هم وغم سینجلی بنبوتك یا رسول اللہ و

بولایتك یا علی یا علی یا علی

# دلائل الخیرات

دلائل الخیرات شریف جس میں درود ہی درود ہے۔ اس کا ایک حزب روزانہ اور ہمیشہ اس کی پابندی کرنا حصول مقاصد دینی ودنیاوی کیلئے کافی ہے۔

# نادِعلی کے پندرہ فوائد

(از: حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِنُبُوَّتِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

(۱) بڑی سے بڑی مہم و دشواری ہو ہر روز ۴۱ بار پڑھے۔ ان شاء اللہ بہت جلد آسان ہو۔

(۲) برائے حصول مقاصد ۶۶ مرتبہ ہر روز تا حصول مراد پڑھے بہت جلد منزل مقصود کو پہنچے۔

(۳) برائے مریض جو زندگی سے مایوس ہو چکا ہو ۷ مرتبہ بارش کے پانی پر دم کر کے تاصحت پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء پائے۔

(۴) خلل جن آسیب وغیرہ کیلئے ۱۵ مرتبہ پانی پر دم کر کے چھینٹا دے ان شاء اللہ دفع ہو۔

(۵) حُب کے لئے ۴۷ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے سارے بدن پر پھیر لیا کرے جس سے بات کرے مطیع و مسخر ہو۔

(۶) کیسا ہی رنج وغم ہو ہزار بار روزانہ باطہارت پڑھے فضل خدا سے سب غم کافور ہوں

(۷) اگر کسی کو پیغام لے کر بھیجے اور امر دشوار ہو کہ نہ معلوم میرا پیغام منظور ہوگا یا نہیں تو چپکے سے تین بار پڑھ کر اس کے کان میں دم کرے۔ ان شاء اللہ کامیاب واپس آئے۔

(۸) اگر کسی پر کوئی تہمت لگائے یا کوئی ملزم کسی الزام میں پکڑا گیا ہو تو تا صفائی ۴۰ مرتبہ ہر روز پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے، ان شاء اللہ تہمت سے بری ہو۔

(۹) اگر کہیں سے کسی بات کا یا خط وغیرہ کا جواب منگانا ہو اور نہ آتا ہو تو قبل نماز عشاء اس طرف کو منہ کر کے ۶۵ بار پڑھ کر دم کیا کرے۔ ان شاء اللہ تین روز میں جواب آئے یا خبر آئے۔

(۱۰) برائے حصولِ دولت وغنا جاہ وحشم ۹۱ مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کرے، چند روز میں کچھ ہو جائے۔ چاہیئے کہ تا زندگی ترک نہ کرے اور وقت اور جگہ کی پابندی رکھے بوجہ مجبوری اگر کہیں جائے تو مصلٰی ضرور ساتھ لے جائے۔

(۱۱) مزید دولت و جاہ و حشمت کیلئے ۵۰۰ بار وقت و جائے معین پر پڑھے، جلد کامیابی ہو۔

(۱۲) دشمن کو مطیع کرنا ہو تو اس کا تصور کر کے ۱۸ بار پڑھ لیا کرے۔

(۱۳) کسی مہم کو جلد سے جلد آسان کرنا ہو تو نماز حاجت کی نیت سے ہر رکعت میں ۳۰۳ بار سورۂ اخلاص پڑھے اور ثواب اس کا بروح پاک حضرت علی مرتضٰی مشکل کشا شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم کو بخشے بعدہٗ ۷۰ بار ناد علی پڑھے۔ ان شاء اللہ اسی دن کامیاب ہو ورنہ تین دن یہ عمل کرے۔

(۱۴) دشمنوں اور بدخواہوں کی زبان بند کرنے کی نیت سے ہر نماز کے بعد دس بار پڑھ لیا کرے۔

(۱۵) حضور پُر نور سید عالم ﷺ کا دیدار کرنے کیلئے کامل طہارت کے ساتھ بعد نماز عشاء اوّل آخر درود شریف سوسو بار اور ۵۰۰ نادعلی پڑھے اور باوضو سو جائے۔
ان شاء اللہ العزیز اسی شب میں دولت دیدار سے مشرف ہو۔

درود شریف ہر ہر عمل کے ساتھ ۳ یا ۷ یا ۹ یا ۱۱ بار اپنے مقدور بھر پڑھنا ضروری ہے۔

# دشمن پر غالب آنے کا مجرب عمل

یہ عمل حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے منقول اور نہایت مجرب ہے۔ ہر روز قبل طلوع آفتاب یعنی نماز فجر سے پہلے یا بعد صرف ۱۱ بار پڑھنے کا ورد کر لیا پھر کسی دوسرے عمل کی عامل کو ضرورت نہ ہوگی۔ دشمن ذلیل وخوار ہو کر بلکہ مطیع فرمانبردار ہو کر قدموں میں آگرے گا۔

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْنِیْ اَعْدَآئِیْ كَمَا سَخَّرْتَ الرِّيْحَ لِسُلَيْمَانَ بْنَ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامَ وَلَيِّنْهُمْ كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَذَلِّلْهُمْ كَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ قَهِّرْهُمْ كَمَا قَهَّرْتَ اَبَاجَهْلٍ لِمُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

نوٹ: اگر کسی دن فجر سے قبل نہ ہو سکے تو بعد نماز فجر سے قبل طلوع پڑھے پڑھتے وقت دشمن یا کسی اور کا نام لینے کی ضرورت نہیں صرف تصور کافی ہے۔

# اسمِ اعظم

ازقلم: امام اہلسنّت اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ العزیز اور آپ کے والد ماجد
مولانا نقی علی خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ

**بشارت ا:**

حدیث میں آیہ کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کی نسبت فرمایا: یہ اسم اعظم ہے جو اس کے ساتھ دعا کرے، قبول ہو۔ علماء فرماتے ہیں: آیہ کریمہ قبول دعاء خصوصاً دفع بلا میں اثر تمام رکھتی ہے۔ قال الرضا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا وہ اسم نہ بتا دوں کہ جب وہ اس سے پکارا جائے۔ اجابت کرے اور جب اس سے سوال کیا جائے عطا فرمائے۔ وہ دعا یہ ہے جو یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تین تاریکیوں میں کی تھی۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ

کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ یہ خاص حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے تھا یا سب مسلمانوں کیلئے ہے۔ فرمایا مگر تو نے خدا تعالیٰ کا ارشاد نہ سنا کہ

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔

یعنی پس ہم نے حضرت یونس علیہ السلام کی دُعا قبول فرمائی اور اسے غم سے نجات دی اور یوں ہی نجات دیں گے ایمان والوں کو۔

**بشارت ۲:** سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہتے سنا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ
الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

ارشاد فرمایا: خدا کی قسم تو نے اللہ تعالیٰ سے وہ اسم اعظم لے کر سوال کیا کہ جب اس سے سوال کیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے اور جب اس سے دعا کی جاتی ہے قبول فرماتا ہے۔

امام ابوالحسن علی مقدسی و امام عبدالعظیم منذری و امام بن حجر عسقلانی وغیرہم ائمہ رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اس حدیث کی اسناد میں کوئی طعن نہیں اور دربارۂ اسم اعظم یہ سب احادیث سے جید و صحیح تر ہے۔

## بشارت ۳:

ایک حدیث میں آیا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے:

اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

اور الم اللّٰہ لا الہ الا ھو الحی القیوم

## بشارت ۴:

بعض علماء یا بدیع السموات والارض یا ذوالجلال والاکرام کو اسم اعظم کہتے ہیں۔ قال الرضا سری بن یحییٰ قدس سرہٗ بعض اولیاء سے راوی ہیں دعا کرتا تھا اللہ تعالیٰ سے کہ مجھے اسم اعظم دکھا دے۔ مجھے آسمان میں ایک ستارہ نظر پڑا جس پر لکھا تھا:

یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

## بشارت ۵:

بعض علماء نے یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم کو اسم اعظم کہا۔

## بشارت ۶:

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن صامت رضی اللہ عنہ کو یوں دعا کرتے سنا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ
لَا شَرِیْکَ لَکَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰاتِ
وَالْاَرْضِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

فرمایا: یہ اللہ کا وہ اسم اعظم ہے کہ جب اس سے پکارا جائے اجابت کرے اور جب مانگا جائے عطا فرمائے۔

## بشارت ۷:

حدیث میں ہے: حضرت اُم المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یوں دعا کی:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ اللّٰہَ وَاَدْعُوْکَ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْکَ الْبَرَّ
الرَّحِیْمَ وَاَدْعُوْکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ
مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمْنِیْ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان میں اسم اعظم ہے۔ (رواہ ابن ماجہ)

## بشارت ۸:

ابودرداء وابن عباس رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں: اسم اعظم ربّ ربّ ہے۔ رواہ الحاکم

حدیث میں آیا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ یا رب یا رب کہتا ہے رب عزوجل فرماتا ہے: لَبَّیْکَ اے میرے بندے! مانگ کہ تجھے دیا جائے۔

**بشارت ۹:** حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ اسم اعظم

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ہے۔

## بشارت ۱۰:

ابوامامہ باہلی صحابی رضی اللہ عنہ کے شاگرد وقاسم بن عبدالرحمٰن شامی کہتے ہیں:

اسم اعظم اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔

**بشارت ۱۱:**

امام قاضی عیاض نے بعض علماء سے نقل فرمایا: اسم اعظم کلمہ توحید ہے۔

**بشارت ۱۲:**

امام فخر الدین رازی و بعض صوفیاء کرام نے کلمہ ھُو کو اسم اعظم بتایا۔

**بشارت ۱۳:**

جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اللہ اسم اعظم ہے۔ حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: شرط یہ ہے کہ تو اللہ کہے اور اس وقت تیرے دل میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہ ہو۔

**بشارت ۱۴:**

بعض علماء نے بسم اللہ شریف کو اسم اعظم کہا۔ حضور غوث الثقلین رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ بسم اللہ زبان عارف سے ایسی ہے جیسے کُن کلام خالق ہے۔

**بشارت ۱۵:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جو ان پانچوں کلموں سے ندا کرے۔ اللہ تعالیٰ سے کچھ مانگے اللہ عزوجل عطا فرمائے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ
لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ
وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

**بشارت ۱۶:**

اوپر گزرا کہ جو شخص یاارحم الراحمین تین بار کہے۔فرشتہ کہتا ہے: مانگ کہ ارحم الراحمین نے تیری طرف توجہ فرمائی۔

**بشارت ۱۷:**

پانچ بار یاربنا کہنے کا فضل امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے گزرا۔

**بشارت ۱۸:**

یہی خاصیت اسمائے حسنیٰ کی ہے۔قال الرضا

**بشارت ۱۹:**

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یاارحم الراحمین کہتے سنا۔فرمایا: مانگ کہ تیری دعا قبول ہوئی۔

**بشارت ۲۰:**

ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے: حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرائیل میرے پاس کچھ دعائیں لائے اور عرض کی جب حضور کو کوئی حاجت پیش آئے انہیں پڑھ کر دعا مانگے۔

**يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا كَاشِفَ السُّوْءِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا مُجِيْبَ الدَّعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ يَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ بِكَ اَنْزِلُ حَاجَتِيْ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهَا فَاقْضِهَا۔**

# آپ کا اسم اعظم

اس سربستہ راز کو بھی امام اہلسنت اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے ظاہر فرما کر ہماری مشکل آسان فرمادی۔ ایک سائل کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں:

عرض: حضور میرے بھتیجا ہوا ہے اس کا کوئی تاریخی نام تجویز فرمادیں۔

ارشاد: تاریخی نام سے کیا فائدہ نام وہ ہوں جن کے احادیث میں فضائل آئے ہیں۔ میرے اور میرے بھائیوں کے جتنے لڑکے پیدا ہوئے ہیں، میں نے سب کا نام محمد رکھا اور بات ہے کہ یہی نام تاریخی بھی ہو جائے حامد رضا خاں کا نام محمد ہے اور ان کی ولادت ۹۲ھ میں ہوئی اور اس نام مبارک کے عدد بھی بانوے ہیں۔ ایک وقت تاریخی نام میں یہ ہے کہ اسمائے حسنیٰ سے ایک یا دو جن کے اعداد موافق عدد نام قاری ہوں۔ عدد نام دو چند کر کے اگر پڑھے جاتے ہیں تو وہ قاری کو اسم اعظم کا فائدہ دیتے ہیں۔ تاریخی نام سے مقدار بہت زیادہ ہو جائے گی۔ مثلاً اگر کسی کی ولادت اس ۱۳۲۹ھ میں ہوئی تو اس کے مطابق اسمائے حسنیٰ ۲۶۵۸ بار پڑھے جائیں گے اور محمد نام ہوا تو ایک سو چوراسی بار دونوں میں کس قدر فرق ہوا (پھر اس نام اقدس کے فضائل میں یہ چند حدیثیں ذکر فرمائیں)

ایک حدیث میں ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں "جو میری محبت کی وجہ سے اپنے لڑکے کا نام محمد یا احمد رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ باپ اور بیٹے دونوں کو بخشے گا"۔

ایک روایت میں ہے: ملائکہ اس گھر کی زیارت کو آتے ہیں جس میں کسی کا نام محمد یا احمد ہے۔ ایک روایت میں ہے: جس مشوروں میں اس نام کا آدمی شریک ہو اس میں برکت رکھی جاتی ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ تمہارا کیا نقصان ہے کہ تمہارے گھروں میں دو یا تین محمد ہوں۔

# نقشہ اسمائے باری تعالیٰ مع اعداد قمری

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَللّٰہُ | رَحْمٰنُ | رَحِیْمٌ | مٰلِكٌ | قُدُّوْسٌ | سَلَامٌ |
| ۶۶ | ۲۹۸ | ۲۵۸ | ۹۰ | ۱۷۰ | ۱۳۱ |
| مُؤْمِنٌ | مُھَیْمِنٌ | عَزِیْزٌ | جَبَّارٌ | مُتَکَبِّرٌ | خَالِقٌ |
| ۱۳۶ | ۱۴۵ | ۹۴ | ۲۰۶ | ۶۶۲ | ۷۳۱ |
| بَارِیٌّ | مُصَوِّرٌ | غَفَّارٌ | قَھَّارٌ | وَھَّابٌ | رَزَّاقٌ |
| ۲۱۳ | ۳۳۶ | ۱۲۸۱ | ۳۰۶ | ۱۴ | ۳۰۸ |
| فَتَّاحٌ | عَلِیْمٌ | قَابِضٌ | بَاسِطٌ | رَافِعٌ | خَافِضٌ |
| ۴۸۹ | ۱۵۰ | ۹۰۳ | ۷۲ | ۳۵۱ | ۱۴۸۱ |
| مُعِزٌّ | مُذِلٌّ | سَمِیْعٌ | بَصِیْرٌ | عَدْلٌ | لَطِیْفٌ |
| ۱۱۷ | ۷۷۰ | ۱۸۰ | ۳۰۲ | ۱۰۴ | ۱۲۹ |
| خَبِیْرٌ | رَقِیْبٌ | مُجِیْبٌ | وَاسِعٌ | حَکَمٌ | وَدُوْدٌ |
| ۸۱۲ | ۳۱۲ | ۵۵ | ۱۳۷ | ۶۸ | ۲۰ |
| عَظِیْمٌ | غَفُوْرٌ | شَکُوْرٌ | عَلِیٌّ | کَبِیْرٌ | حَفِیْظٌ |
| ۱۰۲۰ | ۱۲۸۶ | ۵۲۶ | ۱۱۰ | ۲۳۲ | ۹۹۸ |
| مُقِیْتٌ | حَسِیْبٌ | جَلِیْلٌ | کَرِیْمٌ | مُجِیْدٌ | بَاعِثٌ |
| ۵۵۰ | ۸۰ | ۷۳ | ۲۷۰ | ۵۷ | ۵۷۳ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شَهِيْدٌ | حَقٌّ | قَوِيٌّ | وَكِيْلٌ | مَتِيْنٌ | وَلِيٌّ |
| ۳۱۹ | ۱۰۸ | ۱۱۶ | ۶۶ | ۵۰۰ | ۴۶ |
| حَمِيْدٌ | مُحْصِيٌ | مُبْدِئٌ | مُعِيْدٌ | مُحْيِيْ | مُمِيْتٌ |
| ۶۲ | ۱۴۸ | ۵۶ | ۱۲۴ | ۶۸ | ۴۹۰ |
| حَيٌّ | قَيُّوْمٌ | وَاجِدٌ | مَاجِدٌ | وَاحِدٌ | اَحَدٌ |
| ۱۸ | ۱۵۶ | ۱۴ | ۴۸ | ۱۹ | ۱۳ |
| صَمَدٌ | قَادِرٌ | مُقْتَدِرٌ | مُقَدِّمٌ | مُؤَخِّرٌ | اَوَّلٌ |
| ۱۳۴ | ۳۰۵ | ۷۴۴ | ۱۸۴ | ۸۴۶ | ۳۷ |
| اٰخِرٌ | ظَاهِرٌ | بَاطِنٌ | وَالِيْ | مُتَعَالِيْ | بَرٌّ |
| ۸۰۱ | ۱۱۰۶ | ۶۲ | ۴۷ | ۵۵۱ | ۲۰۲ |
| تَوَّابٌ | مُنْتَقِمٌ | مُنْعِمٌ | عَفُوٌّ | رَءُوْفٌ | مَالِكُ الْمُلْكِ |
| ۴۰۹ | ۶۳۰ | ۲۰۰ | ۱۵۶ | ۲۸۶ | ۲۱۲ |
| ذُوالْجَلَالِ | وَالْاِكْرَامِ | رَبٌّ | مُقْسِطٌ | جَامِعٌ | غَنِيٌّ |
| ۸۰۱ | ۲۹۹ | ۲۰۲ | ۲۰۹ | ۱۱۴ | ۱۰۶۰ |
| مُغْنِيٌّ | مُعْطِيٌّ | مَانِعٌ | ضَارٌّ | نَافِعٌ | نُوْرٌ |
| ۱۱۰۰ | ۱۲۹ | ۱۶۱ | ۱۰۰۱ | ۲۰۱ | ۲۵۶ |
| هَادٍ | بَدِيْعٌ | بَاقٍ | وَارِثٌ | رَشِيْدٌ | صَبُوْرٌ |
| ۲۰ | ۸۶ | ۱۱۳ | ۷۰۷ | ۵۱۴ | ۲۹۸ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دَیَّانْ | بَصِیْرْ | اَکْبَرْ | دَافِعْ | دَلِیْلْ | دَائِمْ |
| ۶۵ | ۳۰۲ | ۲۲۳ | ۱۵۵ | ۷۴ | ۴۵ |
| کَبِیْرْ | شَافٍ | حَلِیْمْ | حَنَّانْ | مَنَّانْ | سَرِیْعْ |
| ۲۳۲ | ۳۹۱ | ۸۸ | ۱۰۹ | ۱۴۱ | ۳۴۰ |
| هُوْ | سُبُّوْحْ | حَافِظْ | سَتَّارْ | مَانِعْ | مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ |
| ۱۱ | ۷۶ | ۹۸۹ | ۶۶۱ | ۱۶۱ | ۲۰۱ |
| اَحْکَمُ الْحَاکِمِیْنَ | مُحْتَسِبْ | کَافٍ | وَافٍ | عَادِلْ | حَکِیْمْ |
| ۲۲۹ | ۵۰۱ | ۱۱۱ | ۹۷ | ۱۰۵ | ۷۸ |
| ثَابِتْ | زَکِیٌّ | مُبِیْنْ | یٰسِیْنْ | یٰسٓ | قَدِیْرْ |
| ۹۰۳ | ۳۷ | ۱۰۲ | ۱۳۰ | ۷۰ | ۳۱۴ |
| سُبْحَانُ | مَحْمُوْدْ | صِدْقْ | نَقِیٌّ | تَقِیٌّ | قَائِمْ |
| ۱۲۰ | ۹۸ | ۱۹۴ | ۱۶۰ | ۵۱۰ | ۱۴۲ |
| اِلٰهٌ | مُخْفِیْ | بُرْهَانْ | سُلْطَانْ | سَلَامْ | حَامِدْ |
| ۳۶ | ۸۳۰ | ۲۵۸ | | ۱۳۱ | ۵۳ |
| شَاهِدْ | کَبِیْرْ | مَالِكْ | مَلِیْكْ | حَاکِمْ | عَالِمْ |
| ۳۱۰ | ۲۳۲ | ۹۱ | ۱۰۰ | ۶۹ | ۱۴۱ |
| اَعْلٰی | وَحِیْدْ | مُعِزْ | مُعِیْنْ | مُسْتَبِیْنْ | حَامِدٌ |
| ۱۵۱ | ۳۰ | ۱۱۷ | ۱۷۰ | ۵۲۲ | ۵۳ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا۔ب | ج۔د | ہ۔و۔ز | ح۔ط | ی۔ک | ل۔م |
| ۱۔۲ | ۳۔۴ | ۵،۶،۷ | ۸،۹ | ۱۰،۲۰ | ۳۰،۴۰ |
| ن۔س۔ع | ف۔ص۔ق | ر۔ش | ت۔ث | خ۔ذ۔ض | ظ۔غ |
| ۵۰،۶۰،۷۰ | ۸۰،۹۰،۱۰۰ | ۲۰۰،۳۰۰ | ۴۰۰،۵۰۰ | ۶۰۰،۷۰۰،۸۰۰ | ۹۰۰،۱۰۰۰ |

# عملیات اسمائے الحسنٰی

یَــا ھُوْ اسم ذات باری تعالیٰ ہے۔صاحب تنویرالاسماء تحریر فرماتے ہیں کہ اہل تحقیق نے اسم اعظم کہا ہے اور یہ خاص ترین اسم ہے۔اسمائے باری تعالیٰ سے اور اسمائے حسنیٰ میں سب سے پہلے واقع ہوا ہے اگر کوئی شخص ۲۹ مرتبہ ھُو کہے تو آتش دوزخ اس پر حرام ہو' جس کا دل آخرت کے انجام سے لرزاں و ترساں ہو۔ ''اللہ ھو'' کا ذکر کرے حشر میں مطمئن ہوگا۔تنویرالاسماء میں ہے: حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اگر کوئی شخص روز پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور چینی کے پیالے پر لا الہ الا ھُو لکھ کر آب باراں یا آب چشمہ سے دھو کر روزہ افطار کرے مرض نسیان ختم ہو جائے جو یاد کرے کبھی نہ بھولے۔ مسحور کو پلائے سحر دفع ہو اگر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہر بلا سے محفوظ رہے۔دشمنوں پر مظفر منصور ہو' اچھے بُرے کی نظر میں مقبول القول ہو' ہر دلعزیز ہو۔تنویر میں ہے کہ ایک مجلس میں بارہ ہزار مرتبہ یا اللہ یا ھُو کہے کہ جن و انس وحوش و طیور و جملہ مخلوقات مسخر و مطیع ہو۔ پرند و چرند درندانس کرنے لگیں' خواص اشیاء و علوم مخفیات منکشف ہوں۔

**ا۔یَااَللّٰہُ:**

یہ نام اسم ذات ہے اور تمام صفات الٰہیہ کا جامع ہے۔تنویر میں ہے اگر کوئی

شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ یا اللہ پڑھے تو مستجاب الدعوات ہو جائے۔ صاحب دلائل تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی بعد ہر نماز سو بار پڑھتا رہے صاحب باطن اور کشف ہو جو کوئی تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) اسم کو لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے خدا چاہے چالیس روز میں مراد حاصل ہو۔

## ۲۔یَا رَحْمٰنُ:

جو لوگ امور دینی و دنیوی کاہلی وغفلت کی وجہ سے اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ انہیں چاہئے کہ بعد ہر نماز سو مرتبہ مداومت کریں۔ تنویر میں ہے کہ اس کے دل کو ظلمت وغفلت وستی سے پاک کرے۔ ۱۲ جو بچے پڑھنے سے بھاگتے ہوں اور دل نہ لگتا ہو ان کو پنج وقت پانی پر دم کر کے پلائیں۔ صاحب دلائل فرماتے ہیں ۲۹۸ بار بعد نماز فجر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر رحمت فرمائے۔ دل کو روشن فرمائے مرگی والے کے کان میں ۴۰ مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر دم کرے۔ فوراً ہوش آئے۔ کشف اگر ۴۰ روز دو ہزار پانچ سو مرتبہ باشرائط تلاوت کرے تمام اسرار مشاہدہ کرے۔

## ۳۔یَارَحِیْمُ:

امام علی رضا رحمۃ اللہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس اسم کو ۲۵۸ مرتبہ روزانہ تلاوت کرے تو اس کا انجام بخیر ہو۔ مرتے وقت باایمان جائے سکرات وقبر وپل صراط کی منزلیں آسان ہوں۔

## ۴۔ یَا مَالِكُ یَا مَلِیْكُ یَا مَلِكُ:

یہ اسماء ہم معنی اور ہم صفات ہیں۔ ان تینوں اسماء میں سے جو بھی ۹۱/اسم کے اعداد کے لحاظ سے ۹۰ آپ کے نام کے مطابق ہوں ان کو اسی تعداد یعنی قاعدہ اوّل کے

مطابق پڑھیں۔امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ اسم بہت سریع الاجابت ہیں مگر (ان میں سے کسی) اسم کو آٹھ ہزار ایک سو مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے قبول ہو۔

تنگدستی بیروزگاری کیلئے یا ملک ۹۰ بار یا ملیک ۱۰۰ بار یا مالک ۹۱ بار روزانہ پڑھے تو خلق سے بے نیاز ہو اور دولت دنیا اس کی جانب رجوع کرے۔اگر اس اسم کو اسم قدوس سے ملا کر پڑھے یعنی (الملک القدوس ۲۶۰ بار) اگر صاحب ملک یعنی صاحب عزت و اقبال ہو یا کاروبار اور ملازمت یا جس عہدے پر فائز ہو تو مولیٰ تعالیٰ اس کے ملک یعنی نسب کو قائم و دائم رکھے اور عزت و حرمت ملے۔اگر ۹۰ بار ہی پڑھے تو دل منور ہو۔(دلائل الخیرات شریف)

## ۵۔یَا قُدُّوْسُ:

اگر اس اسم کو وقت زوال ۱۷۰ مرتبہ پڑھتا رہے اس کا باطن معصیت سے صاف ہو کر روشن ہو جائے اور جو کوئی اسم سبوح کے ساتھ بعد نماز جمعہ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھائے ملکوتی صفات پیدا ہو جائیں جب دشمن کے خوف سے بھاگنے کے سوا چارہ نہ ہو تو بکثرت پڑھے اس کے اور دشمنوں کے درمیان حصار قائم ہو جائے یا ان کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سبوح | قدوس | رب الملئکة | والروح |
| والروح | رب الملئکة | قدوس | سبوح |
| قدوس | سبوح | والروح | رب الملئکة |
| رب الملئکة | والروح | سبوح | قدوس |

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوْحِ اگر کوئی تعداد حروف کہ ۲۲ ہے۔

اتنے سومرتبہ یعنی ۲۲۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے تو کبھی کسی کے سامنے دست سوال دراز کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے اور اتنے ہزار مرتبہ یعنی ۲۲ ہزار مرتبہ چالیس یوم با احتیاط ممنوعات شرح پڑھ لے بعدہٗ ۷۰ بار پڑھتا رہے تو خود کیمیا بن جائے۔

(نقش از منقول تنویر)

## ۶۔ یَا سَلَامُ یَا سَلٰمُ:

یہ اسم بغیر الف کے بھی لکھا جاتا ہے اور الف کے ساتھ بھی صرف اعداد میں فرق ہے، جس کی وجہ سے دو جگہ لکھا گیا ہے۔ اس اسم پاک کا پڑھنے والا افعال رذیلہ اور کردار قبیحہ سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ بعد نماز فجر ایک ہزار بار پڑھنے سے علم اور جودت (یعنی ذہن میں تیزی اور قوت حافظہ) زیادہ ہو۔ اس اسم کا ذاکر بوجہ علم وسخا مشہور ہو جاتا ہے اور شہر بہ شہر عوام وخواص اس کی مدح وثنا کرنے لگیں۔

## ۷۔ یَا سَلَامُ یَا اَللّٰہُ:

شفائے امراض کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔ مرض شدید میں مریض کے سرہانے بیٹھ کر اس طرح پڑھے کہ تسبیح مریض کے سر سے مس ہوتی رہے، جب تسبیح ختم ہو اس تسبیح کو مریض کے تکیہ کے نیچے رکھ دے۔ دوسرے دن وقت مقررہ یا کچھ قبل پھر تسبیح نکال کر اسی طرح پڑھے اور تسبیح سرہانے رکھ دے۔ اسی طرح تین دن یا تین شب یہ عمل کرے اور تسبیح مریض کے سرہانے تا شفاء ہی رکھی رہنے دے۔ ان شاء اللہ پہلے دن سے افاقہ ہو اور جلد شفاء حاصل ہو۔

## برائے قضائے حاجت:

گوشہ خلوت یا گوشہ مسجد میں نصف شب میں دو رکعت نماز ادا کرے اور

حضوری قلب کے ساتھ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کھڑے ہوکر پڑھے۔ جو حاجت ہو پوری ہو اور اگر چالیس دن اسی طرح پڑھے تو علم باطن و ظاہر حاصل ہو اور کل مخلوق مسخر ہو۔

## ۸۔ یَا مُؤْمِنُ:

امام ہشم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو کوئی روزانہ ایک سو چھتیس بار پڑھے تو قلب میں ایمان کی لہریں موجزن ہو جائیں۔ شیخ مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اگر ایک ہزار ایک سو بتیس (۱۱۳۲) مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کی بدگوئی اور امراض خبیثہ سے محفوظ رکھے۔ شیخ عبدالمجید مغربی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ جو شہوت نفس اور غضب سے خالی ہو کر خلوت میں باستقلال بہ زبان و قلب ذکر میں محو ہو کہ نفس کا بھی وجود نہ رہے عمل پڑھے بعد ۴۱ یوم گزرنے کے دیوار پر ایک خاص نور ظاہر ہوگا جس کا اظہار زبان سے ناممکن ہے۔ ذاکر کا قلب انوار معرفت سے منور ہو جائے گا اور ذاکر خود اپنے کو بحر انوار میں جلوہ گر دیکھے گا۔ اس کے بعد اس ذاکر میں صفت پیدا ہو جائے گی کہ جو اُسے دیکھ لے باایمان ہو جائے اور گنہگار تائب ہو جائے گا۔

## ۹۔ یَا مُهَيْمِنُ:

اس اسم مبارک میں ہیبت و عظمت کی بہت بڑی خاصیت ہے اور دشمنوں کے قلب کو مرعوب کرنے اور رعب و وجاہت سے مسخر کرنے کی خاص تاثیر ہے۔ اس اسم کے ذاکر پر سخت دل موم ہو جاتے ہیں۔ کارہائے مشکل آسان ہو جاتے ہیں۔ ناقابل برداشت بوجھ اُٹھانے کی قوت پیدا ہو جاتی ہے نہ مخلوق کو اس سے برائی پہنچے نہ کوئی اسے برائی و نقصان پہنچا سکے۔ شیخ مغرب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ۴۰ یا ۷۰

روز بوقت صبح بعد غسل (کہ غسل کرتے وقت اور بعد غسل ختم تک کسی سے بات نہ کرے اچھا لباس پہن کر ۸۴۹۶) مرتبہ اس اسم کو پڑھے ایسی تسخیر پیدا ہو کہ خود متحیر ہو جائے۔

## ۱۰۔ یَا عَزِیْزُ یَا مُعِزُّ:

یہ دونوں اسماء ہم معنی اور ہم صفات ہیں۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ اسم اذکار متوکلین سے ہے۔ اس لئے اس اسم کے ساتھ اور کسی اسم کو نہ ملائے۔ امام اہلسنّت اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے پنج گنج قادری میں بعد نماز فجر یا عزیز یا اللہ سو بار تحریر فرمایا ہے جو خاندان قادریہ کا معمول رہا ہے اور مجربات سے ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ کسی دوسرے اسم کے ساتھ پڑھنے میں اس کے فوائد کبریٰ میں کمی نہ ہو گی بلکہ مثل دوسرے اسماء کے زود اثر و قوی تر ہو جائے گا۔ (اقبال احمد)

اگر اس کے نقش چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھ کر پہنے دشمن پر غلبہ و تفوق حاصل ہو۔ پیش حکام سلاطین معزز ہو۔ اشرار و خرافات عالم سے مامون رہے۔ اسرار عزت سے آراستہ ہو۔ اگر اسم پاک کو اس طرح پڑھے:

یَا عَزِیْزُ عَذِّزْنِیْ تُعَزِّزْتُ بِعِزَّتِكَ یَا مُعِزُّ نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ۲۱۱ بار پڑھیں تو عوام و خواص حکام و رعایا بلکہ ہر شے مسخر ہو اور اپنے گرد ہجوم دیکھے مگر شرط یہ ہے کہ ہر مومن کے ساتھ اخلاق حسنہ سے پیش آئے۔

## ۱۱۔ یَا جَبَّارُ یَا قَهَّارُ:

یہ دونوں اسم جلالی اور مقہوری اعداد کیلئے بہت زود اثر ہیں۔ ان کے عاملین کو چاہئے کہ اگر کسی کے اسم اعظم میں یہ اسماء یا ان میں سے ایک آئے تو وہ بادشاہ و حاکم یا

ان کے مثل رعب وہیبت' عزت وعظمت پائے مگر کسی اور طریقے پر دشمنوں کیلئے پڑھے تو یہ خیال رکھے کہ دشمن مومنین میں سے ہوں تو ذلیل وخوار اوران کی ہلاکی کی نیت سے ہرگز نہ پڑھے بلکہ اس لئے کہ دشمن نقصان نہ پہنچا سکیں تو اتنا ہی کافی ہے۔ باقی مرضی مولیٰ پر چھوڑ دیں کیونکہ کسی مومن کو ذلیل وخوار برباد یا ہلاک کرنا جائز نہیں۔ اگرچہ اس کا ظلم برداشت سے بالاتر ہو اپنا مقصد تو اسی سے حاصل کرے کہ دشمن کی دشمنی کا اثر نہ ہو۔ وباللہ التوفیق

شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کی دعوت ۴۰ روز کی ہے۔ دس ہزار مرتبہ روزانہ پابندی شرائط خلوت میں پڑھے۔ نفس میں پاکیزگی طبیعت میں انکساری اور نیک نیتی ہو۔ مقاصد میں کامیابی اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو۔ عظیم القدر اور جلیل المرتبت گردانا جائے۔

شیخ ابوالعباس احمد فرماتے ہیں کہ مریدوں اور اہل ریاضت کیلئے مناسب ہے کہ نفس مغلوب اور شہوت سے محفوظ رہے۔ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے اسم یاجبار یا اللہ پنج گنج قادریہ میں بعد نماز عصر ۱۰۰ بار تحریر فرمایا ہے۔

## ۱۲۔ یَا خَالِقُ یَا بَارِیُٔ یَا مُصَوِّرُ:

امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص دستکاری یا کار نازک اور مشق کتاب یا صاحب قلم ہو (یعنی لکھنے کا کام زیادہ کرتا ہو اور اس میں کسی وجہ سے خلل پڑتا ہو وہ ان اسماء کی تلاوت کرے' سب تکالیف دور ہو کر سہولت حاصل ہو یا سلاطین (احکام بالا) سے تعلقات ہوں اور کوئی درمیان میں فساد پیدا کرتا ہو یعنی کوئی ان تعلقات میں مخل نہ ہو یا حکام کو برگشتہ کر دیتا ہو یا اندیشہ ہو تو اسم خالق کی تلاوت کی برکت سے تمام درمیانی

نقصانات دور ہوں اور جملہ حالات بہتر ہو جائیں۔

شیخ مغرب رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص اولاد فرزند سے محروم ہو یا تنگی رزق کا شکار ہو تو وہ ان اسماء کا ورد کرے، کامیاب ہو۔ جو کوئی اسم خالق کا ورد کرے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کرے اور وہ اس کیلئے قیامت تک عبادت میں مشغول رہے اور پڑھنے والے کا چہرہ نورانی کر دے اور جو کوئی ہفتہ میں سو بار اسم یا باری پڑھے حق تعالیٰ اسے قبر میں نہ چھوڑے بلکہ ریاض قدس میں لے اور بے اولاد ہو سات دن روزہ رکھے اور نزدیک افطار ۲۱ بار یا مصور پڑھے اور پانی پر دم کر کے بیوی کو پلا دے، فرزند نیک پیدا ہو۔

## ۱۳۔ یَا کَبِیْرُ یَا اَکْبَرُ یَا مُتَکَبِّرُ:

امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اکثر مباشرت سے پہلے اس اسم کو دو مرتبہ پڑھ لے تو پروردگار فرزند صالح عطا فرمائے۔ شیخ عبدالمجید مغربی نے فرمایا ہے کہ یہ ذکر صالحین اور عابدین کے اذکار سے ہے۔ اس اسم کے ذکر میں شائستگی اور امور میں باقاعدگی پیدا ہو جاتی ہے اور عوام خواص میں عزت و حرمت پیدا ہوتی ہے اور ہر سرکش ذلیل و سرنگوں ہو جاتا ہے۔ ۶۳۶ مرتبہ یا متکبر بعد نماز صبح تلاوت کرنی چاہئے۔ اگر کوئی شخص دو سو بیس مرتبہ روزانہ اس اسم یا کبیر کو پڑھے بزرگی حاصل ہو۔ شیخ ابوالعباس ابن علی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: اسم یا کبیر کا ذکر اذکار جلیلہ سے ہے اور جو خواص اسم متکبر کے ہیں وہی اسم مبارک کے ہیں۔ ان اسماء کے ذکر سے ہر سرکش اور بادشاہ مطیع ہو جاتا ہے۔

## ۱۴۔ یَا غَفُوْرُ یَا غَفَّارُ یَا عَفُوُّ:

امام جعفر صادق h فرماتے ہیں کہ جب انسان پر روزی تنگ ہو یا پریشانی

دامن گیر ہو یا کوئی مصیبت پیش آئے یا اولاد کی تمنا ہو زیادتی مال ومتاع چاہتا ہو۔اس کو چاہیے کہ خلوصِ دل سے پروردگار عالم کی درگاہ میں توبہ کرے۔اس نیت کے ساتھ کہ آئندہ ان خطاؤں کا مرتکب نہ ہوگا تو وہ جس شے کو طلب کرے گا' حاصل ہوگی اور ہر شدت وبختی دور ہو ظالم وموذی کی ایذا اور ظلم سے محفوظ رہے۔ان امور میں یہ تین اسماء سریع التاثیر ہیں۔

پنج گنج قادریہ میں یا غفار یا اللہ کا عمل بھی مرقوم ہے۔سو بار بعد نماز عشاء پڑھے۔یہ سب فوائد حاصل ہوں۔(ان شاء اللہ تعالیٰ)

## ۱۵۔یَا وَهَّابُ:

جو کوئی فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اس اسم کو پڑھے اور لکھ کر پاس رکھے۔حق تعالیٰ اس کو اتنا دیتا ہے کہ حیران رہ جائے اور نماز چاشت کے بعد بھی سجدے میں سات بار کہے۔اللہ تعالیٰ خلقت سے بے پرواہ کر دیتا ہے اگر کوئی حاجت اہم ہو تو نصف شب کو وضو کرے اور تین بار سجدہ کرے اور ہر سجدہ میں سو بار یا وہاب کا ورد کرے۔اس طرح کہ ہاتھ کی ہتھیلیاں اوپر کو رہیں۔مثل دعاء کے ان شاء اللہ تعالیٰ پہلی شب میں ہی حاجت پوری ہو ورنہ تین شب کرے کامیاب ہو۔

اور شیخ مغربی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مہم پیش آئے یا کسی چیز کا طالب ہو یا کوئی مراد حاصل کرنا ہو یا کسی دوسرے کے ہاتھ میں قید ہو یعنی مقروض ہو یا محنت سخت برداشت کرنی پڑتی ہو یا رزق میں تنگی ہو یا طالب راہ حقیقت ہو یا دنیا کا مال حاصل کرنا مقصود ہو یا اعلیٰ درجہ کی حکومت (یا ملازمت) حاصل کرنا ہو یا دشمن کو دفع کرنا ہو یا دوست سے ملاقات کی تمنا ہو یا اس کے علاوہ کوئی سی بھی مراد رکھتا ہو تو بوقت نیم شب وضوئے کامل کر کے دو رکعت نماز بجالائے۔شب جمعہ ہو تو بہتر ہے اور مسجد میں یا خانہ خلوت

میں اس عمل کو کرنا چاہئے۔ بعد نماز سر کو برہنہ کر کے دست بدعا ہو کر سو مرتبہ یا وہاب کہے۔ بعدۂ حق تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ اس عمل کو متواتر تین شب کرے۔ ان شاء اللہ الوہاب مقصد پورا ہو۔

## ۱۲۔ یَا رَزَّاقُ:

رزق ضروریاتِ زندگی کا نام ہے اور اسم یا رزّاق کے پڑھنے والے کو خزانہ غیب سے روزی ملتی ہے جو کوئی طلوع صبح صادق کے بعد نماز فجر سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں پر کھڑے ہو کر دس دس بار اسم یا رزّاق تلاوت کرے، کبھی اس کے گھر میں ضعف اور مفلسی نہ ہو۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ گھر میں قبلہ رُخ کھڑا ہو اور داہنے ہاتھ کے گوشے سے شروع کرے اور اس کونے سے دوسرے کونے تک اس طرح جائے کہ قبلہ سے رُخ نہ پھیرے اور ہر گوشہ میں قبلہ رخ ہی کھڑے ہو کر یہ اسم پڑھے بہت مجرب ہے۔ جناب امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص روزانہ تین سو آٹھ مرتبہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کرے تو رزق کشادہ ہو۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ان اللہ<br>۵۵۲ | ھوالرزاق<br>۵۶۶ | ذوالقوۃ<br>۵۶۳ | المتین<br>۵۶۰ |
| المتین<br>۵۶۴ | ذوالقوۃ<br>۵۵۹ | ھوالرزاق<br>۵۵۳ | ان اللہ<br>۵۶۵ |
| ھوالرزق<br>۵۵۸ | ان اللہ<br>۵۶۱ | المتین<br>۵۶۸ | ذوالقوۃ<br>۵۵۴ |

| ذوالقوۃ | المتین | ان اللہ | ھوالرزق |
|---|---|---|---|
| ۵٦۷ | ۵۵۵ | ۵۵۷ | ۵٦۴ |

## ۱۷۔ یَا فَتَّاحُ:

یہ اسم مبارک ہر کار مشکلہ جس کا حل دشوار ہو اس اسم پاک کی برکت سے آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ ظفر جلیل میں ہے جو بعد فجر دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر ستر بار یافتاح کا ورد کرے اس کے آئینہ دل سے زنگ میل دور ہو اور نور وصفائی کی ارزانی ہو۔۱۲

یہ اسم پاک امتحان دینے والوں اور وکیلوں' مناظروں' نئی نئی ایجاد کرنے والوں' مفکروں' مبلغوں' مقرروں کیلئے شمع شبستان کا کام دیتا ہے۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ اسم سالکوں کے لئے مناسب ہے جو کثرت سے اس کا ورد کرے تو پروردگار ابواب فتح ونصرت کشادہ فرمادے اور جو شخص دو رکعت نماز ادا کرے' رکعت اوّل میں بعد سورۃ فاتحہ یٰسین شریف اور دوسری میں بعد سورۂ فاتحہ' سورۃ تبارک الذی پڑھے' بعد نماز ۴۸۹ مرتبہ یافتاح پڑھے۔ تمام مشکلات آسان ہوں' ہر حاجت برآوے' غیبی امداد شامل ہو۔ اس اسم کا پڑھنے والا تسخیر اور مقدمات میں کامیابی کیلئے نقش محیط الاسرار شریف سامنے رکھے اور نگاہ اس پر رہے' آنکھ میں تسخیر پیدا ہو۔

## ۱۸۔ یَا عَالِمُ یَا عَلِیْمُ:

امام ہمام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر کوئی اپنے دل میں اس اسم کی کثرت کرے تو پروردگار اپنے خزانۂ علم سے سرفراز فرمائے۔ یہ اسم پاک استخارے اور اسرار مخفی کے اظہار کیلئے مخصوص ہے۔ اگر یہ جاننا چاہے کہ اس مقدمہ کا انجام کیا ہوگا۔ لڑائی میں کس کی فتح ہوگی' تجارت میں نفع ہوگا یا نقصان' شرکت مفید ہوگی' سفر اچھا ہوگا۔ اسی قسم

کے دیگر امور مخفی جو قبل از وقت معلوم کرنا چاہتے ہوں تو تین شب جمعہ بعد نصف شب باوضوئے تازہ دو رکعت نماز ادا کرے اور بعد نماز ایک سو پچاس مرتبہ اس اسم کو پڑھے۔ اس کے بعد بستر خواب پر جائے اور درود میں مشغول رہے۔ یہاں تک کہ سو جائے۔ بس ان شاء اللہ خواب میں بتا دیا جائے گا اور جو کچھ معلوم ہوگا اس میں بغیر کسی ولی کامل کی دعا کے ردّوبدل نہ ہوگا۔ یعنی جو معلوم ہوگا ویسا ہی ظہور میں آئے گا۔

**۱۹۔ یَا قَابِضُ:**

اگر دشمن قوی ہو یا جان و مال کا خطرہ ہو اس اسم کو تین شب متواتر بہ نیت آوارگی دشمن پڑھے' دشمن مقہور ہو اور مقصد حاصل ہو۔ یہ وہ اسم ہے کہ اس کی قوت سے فرشتہ موت' قبض روح کرتا ہے۔ اگر کوئی شخص اس کا ورد کرے تو اس کی مشکلیں آسان ہوں اور قوت و ہیبت زیادہ ہو۔ اس اسم کا نقش خون حیض اور بواسیر کے روکنے کیلئے اکسیر ہے۔ جو شخص پیسے کے لین دین کے وقت یہ اسم پڑھے' کبھی نقصان نہ ہو۔

**۲۰۔ یَا بَاسِطُ:**

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں اگر بوقت صبح دس مرتبہ ہاتھ پھیلا کر یا باسط کہے اور ہاتھ چہرے پر مل لے تو حق تعالیٰ کسی کا محتاج نہ کرے' رزق کشادہ ہو۔ غم و الم دور ہوں۔ تنگدست اور مبتلائے قحط نہ ہو۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر طالب صادق اس اسم کو اس طرح پڑھے کہ اپنے نفس کو شہوت سے جسم کو حرام سے زبان کو کلام بد سے نظر کو محرمات سے کان کو غیبت سے ہاتھ کو ممنوعات سے دل کو معاصی سے عقل کو خواہش سے روح کو کرامت کی طرف التفات کرنے سے اور سر کو غیر کی جانب خمیدہ ہونے سے روکے تو کامل ہو جائے۔ تسخیر کیلئے اسم یا باسط یا وَدُودُ کا ورد کرے۔

عاملین فرماتے ہیں کہ اسم یا وَدُودُ یا بَاسِطُ کے اعداد میں اپنے نام کے اعداد شامل کر کے اس طرح نقش بنائے کہ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ کا مربع حصار کئے ہوتو اس کے پہنے یا گلہ یا غلہ میں رکھنے اور دُکان پر لگانے سے ایسی برکت ہو کہ حیران رہ جائے۔ (مگر اللہ کے نام پر یومیہ آمدنی سے نکالنا ضروری ہے)

۲۱۔یَا خَافِضُ:

یہ اسم پاک دشمنوں کی شقاوت وعداوت سے محفوظ و مامون رہنے کیلئے خاص ہے۔ شیخ بزرگ فرماتے ہیں جو شخص حیوانی فضائل سے اپنے نفس کو پاک کر کے اس اسم کو پڑھے اس پر اس کے اسرار منکشف ہو جائیں اور اس اسم کا عامل جس حاکم وظالم کے سامنے جائے' حاکم اس اسم کی ہیبت سے ذلیل وضعیف ہو۔

۲۲۔یَا رَافِعُ:

جو شخص تین روزے رکھے اور چوتھے روز اگر چودھویں شب ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ ستر ہزار مرتبہ پڑھے۔ دشمن پر فتح ہو اور مخلوق میں برگزیدہ اور مالدار ہو۔ اگر اسم یَاخَافِضُ یَا رَافِعُ کے اعداد میں شامل کر کے نقش ریشمی کپڑے یا چاندی پر کندہ کرا کے اپنی ٹوپی کے اندر سی لے تو ضعف وغم دور ہو۔ تحصیل علم میں آسانی ہو۔ امتحان میں امتیازی نمبر حاصل کرے۔

۲۳۔یَا مُذِلُّ:

شیخ جلال الدین محمود تبریزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر دشمن قوی ہو جابر وظالم ہو جس سے خوف جاں لاحق ہو تو وضوئے کامل کر کے دو رکعت نماز ادا کرے۔ بعد نماز سجدے میں ۷۷ مرتبہ یہ اسم تضرع وزاری پڑھے۔ حق تعالیٰ امان میں رکھے۔ دشمن

ذلیل ہوں۔ یہ علم تسخیر عطارد کیلئے ہے۔ شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر تسخیر عطارد کی تمنا ہے تو ساٹھ روز کی خلوت اختیار کرے اور دس ہزار مرتبہ روزانہ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَذِیْزِ سُلْطَانِہٖ یَا مُذِلُّ کی تلاوت کرے اور ان ایام میں دوسرا کوئی وظیفہ یا عمل ہرگز نہ پڑھے۔ بید انجیر سے چوکی سہ پایہ تیار کر کے اور ہر پایہ پر اسم مذکور تحریر کرے اور بالائے چوکی اسم یا اللہ تحریر کرے۔ اور زیرین چوکی بخور روشن کرے سوا ضروریات ضروریہ کے خلوت سے نہ آئے' نہ کسی کو اندر آنے دے۔ آخر دعوت ملک عطارد بصورت مرد پیر حاضر ہوگا اور مژدہ مبارک کے ساتھ اطاعت و تسخیر قبول کرے گا۔ اس کے بعد عامل کو اختیار ہے کہ جس وقت چاہے ملک عطارد کے بتائے ہوئے قاعدے کے مطابق اس سے ملاقات کرے۔ اس کے عامل میں بہت سی خوبیاں پیدا ہوں گی۔ زبان سے علم و ہنر کی باتیں ادا ہوں جن کو سن کر عقلائے زمانہ تعجب کریں۔ حق سبحانہ' تعالیٰ عزیز و محترم گردانے' ذلت و خواری دور ہو اور عامل کے اک اشارے پر ذلیل عزیز اور عزیز ذلیل ہو۔ گدا مسند بادشاہی کرے اور بادشاہ گدا ہو جائے۔

۲۴۔ یَا سَمِیْعُ:

امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسم کا پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اہل تحقیق لکھتے ہیں کہ اس کے عامل کو چاہئے کہ فحش غیبت سے اپنی زبان و کان کو بچائے۔ محمد احمد تمیمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں اگر روزانہ بعد نماز فجر سات مرتبہ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھے۔ تمام دن مہمات سے کفایت فرمائے اور مشکلات سے محفوظ۔ اگر اس کا نقش لکھ کر اپنی ٹوپی میں رکھے' مراتب بلند ہوں' عزیز خلائق ہو۔

۲۵۔یَا بَصِیْرُ:

اہل تحقیق فرماتے ہیں۔اس اسم کا ورد کرے اور اپنی چشم کو عیوب خلق اور امر کے خلاف شروع سے روکے تو اللہ تعالیٰ اسے بینائی ظاہر و باطن عنایت فرمائے۔اس اسم مبارک کی برکت سے انبیاء علیہم السلام کو معراج حاصل ہوئی اور اولیاء مقرب بارگاہ الٰہی ہوئے۔اگر روز جمعہ نماز سنت اور فرض کے درمیان ایک سو مرتبہ اس اسم کی تلاوت کرے تو عنایات و مکاشفات اور اسرار اسمائے الٰہی سے مشرف ہو۔ظفر جلیل میں روز پنجشنبہ لکھا ہے۔بہتر ہے کہ روز پنجشنبہ اور جمعہ دونوں دن نماز فجر کی سنت و فجر کے درمیان پڑھے یا عصر کی سنتیں پڑھ کر اس اسم کی تلاوت کرے پھر فرض باجماعت ادا کرے۔(اقبال احمد)

۲۶۔یَا حَاکِمُ یَا حَکَمُ یَا حَکِیْمُ۔

اس اسم میں صفات ہائے عجیب و غریب ہیں۔کوئی مہم پیش آئے قید و مجبوری' قرض و غربت' تنگی معیشت و درویشی یا مثل اس کے تو اس اسم کا ورد کرے۔شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اس کی مداومت کرتا ہے اس پر امور حقیقیہ اور مواہب الٰہیہ کھول دیئے جاتے ہیں اور اگر کوئی شخص اس اسم کے اعداد کے موافق روزانہ بعد ہر نماز کے تلاوت کرے تو پروردگار عالم فہم و حکمت عطا فرمائے اور اس مشکل کو سلجھانے میں دشواری نہ ہو۔اس اسم کا عامل جس مشورے میں شریک ہو بہتر اور مفید رائے دے اور اس کی رائے علم و حکمت' فہم و دانش پر مبنی ہو' جس مشکل کا حل بڑے بڑے مفکر اور اہل دانش نہ نکال سکے ہوں۔اس کا حل اس کا عامل تلاش کر لے گا۔اس لئے حکیم وڈاکٹر اور وکیلوں کیلئے اس اسم اعظم کی تلاوت مفید ہے۔

## ۲۷۔یَا عَادِلُ یَا عَدْلُ:

جو مرد مومن قبر وحشر کی ہولنا کیوں سے ڈرتا ہو اور یہ خوف ہو کہ میرے ماتحت اور محکوم افراد کو میری ذات سے کوئی اذیت یا دکھ پہنچ گیا تو قبر وقناعت میں اس کی سزا کیا ہوگی کیونکہ ارشاد باری ہے کہ میں اپنے رحم وکرم سے اپنے قصور تو معاف فرمادوں گا مگر میرے کسی بندے کے حقوق کسی پر ہوں تو وہ معاف نہ کروں گا۔ وہ بندہ خود معاف کر دے تو اسے اختیار ہے۔ لہٰذا آخرت کی باز پرس سے ڈرنے والے افسران' مجسٹریٹ' جج اور کارخانوں کے منیجر و مالکان وغیرہ کو اس اسم کا ورد کرنا چاہیئے یا عادل کے عدد ۱۰۵ ان اعداد کو ۴ سے اور یا عدل کے ۱۰۴ اعداد کو ۳ سے ضرب دے کر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنی صفت عدل کا پرتو اس پر ڈال دے۔ اگر ہر شب جمعہ کو ۲۱ روٹی کے ٹکڑوں پر تحریر کر کے کھائے تو نور ایمان زیادہ ہو۔ خامیاں اور برائیاں دور ہوں اگر بعد نماز صبح بغیر کسی سے بات کیے پانچ ہزار تین سو سولہ مرتبہ پڑھے تو پروردگار عالم جمیع ظالمال دفع فرمائے اور امن وسکون حاصل اور نماز سے پہلے چار مرتبہ العدل کہے تو دُعا مستجاب ہو' جو شخص بروز جمعہ روٹی کے ۲۰ ٹکڑوں پر لکھ کر کھائے تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے خلق کو مسخر کر دے۔

## ۲۸۔یَا لَطِیْفُ:

اس اسم کی برکت سے حق تعالیٰ طالبان کو علم عنایت فرماتا ہے اور عابدین و مومنین کے اعمال کو اس کے صدقہ میں ملائکہ آسمان پر لے جاتے ہیں جو شخص اس اسم کی مداومت کرے اس کو چاہیئے کہ خلق خدا سے بہ لطف وشفقت پیش آئے تا کہ حق تعالیٰ ذاکر کو مظہر لطف بنا دے جو ملازمت یا روزگار سے محروم یا فقر وفاقہ میں مبتلا ہو یا کم آمدنی کی وجہ سے پریشان ہو یا بوجہ غربت کوئی مونس نہیں یا بیمار ہے اور کوئی غمخوار نہیں یا لڑکیاں

ہیں اور شادی نہیں ہوتی یا کثیر العیال ہے تو وہ وضو کامل کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور اس اسم کو حصولِ مقصد کیلئے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے کام کو سرانجام فرمائے۔

۲۹۔ یَا خَبِیْرُ:

اس اسم کا عالم خواب و بیداری میں پوشیدہ حالت سے باخبر ہو جاتا ہے۔

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یعنی دو رکعت نماز ادا کرے اور ثواب سیدنا غوث اعظم h کی روح پاک کو بخشے اور بعد نماز ۲۱ بار یہ عزیمت پڑھے جو معلوم کرنا ہو عالم خواب یا نیم خواب بیداری یا عالم بیداری میں دیکھ لے۔ (مجموعہ اعمال) جو کوئی اپنے نفس کے تابع ہو چکا ہو اور احکام الٰہی سے غافل ہو اس اسم کو کثرت سے پڑھے' نیکوکار ہو جائے۔

۳۰۔ یَا حَلِیْمُ:

اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس اسم کی برکت سے مخلوق کا آب و طعام مرتب کیا گیا ہے اور اسی کی برکت سے عالم قائم ہے اگر کوئی شخص ۸۸۳ بار روزانہ تلاوت کرے تو خلقت مہربان ہو۔ اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر وقت آب پاشی کھیت میں چھڑکے زراعت میں برکت ہو اور کھیتی آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے گی۔

شیخ حاجی ناصر الدین اور شیخ عبدالمجید مغربی رحمۃ اللہ علیہ متفق ہیں کہ اگر بیمار کے سرہانے ایک بار سورۂ فاتحہ اور دس بار یا حلیم پڑھے تو مرض کے ہیجان اور شدت میں فوراً تخفیف ہو اور مریض شفایاب ہو۔

۳۱۔ یَا عَظِیْمُ:

شیخ مغرب علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں: اس اسم کا ذاکر جس کی جانب نگاہ

اُٹھا دے وہ بے ساختہ تعظیم کے واسطے کھڑا ہو جائے' جس شخص کو لوگ بہ نظر حقارت دیکھتے ہیں بوجہ غربت وافلاس' تنگی رزق و بے روزگاری یا جو شخص اپنے علم اور خاندانی افتخار کے مطابق عہدہ یا ملازمت حاصل کرنے میں ناکام رہے وہ شرف آفتاب نقش مربع چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھے اور اسم کا ورد کرے' معظم ومکرم ہو۔

## ۳۲۔ یَا شَکُوْرُ:

اہل حقیقت فرماتے ہیں اس اسم کا ذاکر مستجاب الدعوات ہو جائے اور پروردگار عالم اپنے انعامات کیلئے مخصوص فرمالے اور مقام کشف حاصل ہو۔ دنیا وآخرت کی نیکیاں اور بھلائیاں حاصل ہوں۔ اگر آنکھوں کی روشنی کم ہو جائے یا بصارت ختم ہو جائے اس اسم کو ۴۱ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر دم کر لے اور منہ پر ڈالے اور آنکھوں پر ملے۔ مولیٰ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی واپس فرمادے۔

## ۳۳۔ یَا عَلِیُّ:

جو شخص اس اسم کی تلاوت کرے اگر ذلیل ہو تو عزیز اور ادنیٰ ہو تو اعلیٰ مرتبے پر پہنچے۔ فقیر ہو تو مالدار ہو جائے۔ غریب الوطن ہو تو وطن کی واپسی کا سامان مہیا ہو جائے۔ دشمن پر تسلط ہو' ملوک وسلاطین میں تقرب حاصل ہو۔ اگر اس اسم کا نقش انگشتری میں پہنے اور اس کا ورد کرے تو ایسے عجیب وغریب اثرات ملاحظہ فرمائے کہ خود حیران رہ جائے۔ اگر حاکم یا بادشاہ ہے تو لشکر و رعایا اطاعت میں سر تسلیم خم کر دے اور اگر وہ انگشتری لڑکی کو پہنائی جائے جس کی شادی نہ ہوتی ہو تو بہ برکت اسم معظم پیغام آنا شروع ہو جائیں۔ بہتر ہے کہ علی العظیم کو ملا کر پڑھے۔ یا اسم علی اور عظیم کے پڑھنے کے بعد آیت الکرسی شریف کو تین بار پڑھے۔

### ۳۴۔یَا حَافِظُ یَا حَفِیظُ:

اس اسم کا عامل خوف حاکم، ظلم ظالمین، شر شیاطین سے محفوظ رہتا ہے۔ چرندو پرند، درند وحشرات الارض سے محفوظ و مامون رہتا ہے۔ جنگلات کا کام کرنے والوں فوجی جہاز رانوں کو اس کا ورد ضرور کرنا چاہئے۔ ساتھ ہی بچوں کو خلل و آسیب و بیماری سے محفوظی کیلئے اس کا نقش دینا چاہئے۔ امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تعداد اسم کے مطابق کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھے تو وسوسہ شیطانی و خیالات فاسدہ خوف سلاطین، سانپ بچھو کے گزند سے محفوظ رہے۔ لاعلاج مریض کے باندھے شفایاب ہو۔

### ۳۵۔یَا مُقِیتُ:

یہ اسم نفس کو مطیع اور روح کو مسخر کرنے میں یکتا ہے۔ یعنی جو شخص نفس کو تابع کر لیتا ہے وہ پانی پر مثل زمین چلتا ہے اور فضائے بسیط میں پرواز کرتا ہے اور روح مسخر ہو جاتی ہے تو جسم روح کی مانند لطیف ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے قرب و بعد سب یکساں ہو جاتے ہیں۔ روح کی طرح جسم آسمانوں کی سیر کرتا ہے اور یہ اسم بے سہاروں کا سہارا ہے۔ اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس اسم کو دریائے معرفت میں غرق ہو کر پڑھے اور اپنا زیادہ وقت خدمت خلق میں صرف کرے اور ہر دوست و دشمن پر شفقت وجود سخا کرنے میں دریغ نہ کرے تا کہ حق تعالیٰ نفس کو مطیع اور روح کو مسخر کر دے۔

### ۳۶۔یَا حَسِیبُ:

اس اسم کی برکت سے کراماً کاتبین اور ملائکہ مقربین بندوں کے اعمال پر مطلع ہوتے ہیں۔ شر و خوف وشمنان اور بد مزاج بدکار عورت اسی طرح بیوی اپنے بدکار عیاش مرد کیلئے، ملازم اپنے جابر و ظالم حاکم جس سے ہر وقت عزت و آبرو کا خطرہ ہو تو چہار شنبہ یا

پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور بعد نماز ۷۷ مرتبہ کہے: حسبی اللہ ان شاء اللہ تعالیٰ چند ہی بار عمل کرنے سے عادات بد افعال قبیحہ سے نجات حاصل ہو۔ اگر اعداد اسم کے مطابق بغیر صوم ورد کرے تو اس کی برکت سے حاجات بر آویں' مال و اہل فرزند آفاتِ ارضی و سماوی سے محفوظ رہیں۔ شریر کند ذہن کام اور پڑھنے سے بھاگنے خوف و ڈر سے رونے یا نظر سے بیمار ہونے والے بچوں کو مٹی کے پیالے یا آبخورے پر یَا حَسِیْبُ وَ یَا مُقِیْتُ سات بار پڑھ کر دم کرے بعدہٗ پانی اس میں سے خود پئے اور بچا ہوا پانی بچے کو پلائے۔

## ۴۷۔ یَا جَلِیْلُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ:

یہ دونوں اسم خواص میں یکتا ہیں۔ حضرت امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (ان میں سے کوئی) اسم اگر سات روز تک روٹی کے ایک ٹکڑے پر لکھ کر کھائے باقی روٹی صدقہ کر دے تو تمام مخلوق مسخر ہو اور باکرام پیش آئے۔

اس اسم کا پڑھنے والا خدا اور بندگانِ خدا کے سامنے معزز و مکرم ہو اور جمیع مقاصد و مراعات حاصل ہو۔ اگر کاغذ سفید پر لکھ کر مکان میں رکھے' برکت ہو۔ لوگ اس کی جانب رجوع کریں۔ حاملہ عورت باندھے تو حمل اسقاط سے محفوظ رہے اور بچہ جن آسیب' ام صبیان کے خلل سے محفوظ رہے۔ اگر کھانے یا پانی پر دم کر کے طرفین کو کھلائیں یا پلائیں تو صلح ہو۔ سیسہ کی تختی پر لکھ کر مطلوب کی صورت بنا کر اس کے مکان میں رکھ دیں۔ نکسیر جاری ہو اور مٹی کا پتلا بنا کر لکھ کر سکھا کر برادہ بنا کے ظالم کے گھر میں ڈالے برباد ہو۔ (تنویر)

## ۴۸۔ یَا مُقْسِطُ:

یہ اسم قوی ہیبت ہے۔ اس کے پڑھنے والے سے لوگ خوفزدہ رہتے ہیں۔

بڑے سے بڑا جابر و مفسد اس سے آنکھ ملانے سے گریز کرتا ہے۔ اس کے عامل میں یہ صفت اسی وقت تک باقی رہتی ہے کہ جب تک وہ کسی سے غیر منصفانہ سلوک نہ کرے۔ اگر کسی کا حق کسی نے داب رکھا ہے۔ اگر شوہر بے انصافی سے عورت کا حق غصب کرتا ہے تو اس اسم کے اعداد کے مطابق پڑھے۔ اگر چالیس روز میں اس کا اثر شوہر کے فعل سے ظاہر نہ ہو یعنی شوہر اس کا حق محبت حق زوجیت ادا نہیں کرتا تو یہ نہ سمجھے کہ اس کا اثر نہیں ہوا بلکہ اپنی خامی تصور کرے کہ مجھ پر بھی شوہر کا حق باقی ہے اور میں اس کو ادا نہیں کر پاتی۔ یہ خیال کر کے ہر تکلیف برداشت کرتے ہوئے شوہر کی خدمت کرے اور اس اسم کا ایک چلّہ اور کرے۔ اس نیت سے کہ اگر مجھ میں خامی ہے تو میری اور میرے شوہر کی اصلاح فرمادے اپنے عدل سے۔ (اقبال احمد)

اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم کا ورد کرے یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ عادل ہے کسی پر ظلم نہیں فرماتا۔

## ۳۹۔ یَا جَامِعُ:

اس اسم کی برکت سے جمیع مخلوقات جناب سلیمان علیہ السلام کی مسخر تھیں۔ اگر کوئی شخص پریشان حال ہو اعزہ و احباب سے دور ہو۔ محبوب کی جدائی میں بے قرار ہو تو بروز یکشنبہ بوقت چاشت غسل کرے اور دو رکعات نماز ادا کر کے منہ آسمان کی طرف کرے۔ دونوں ہاتھ پھیلا کر دس مرتبہ یا جامع کہے۔ اس طرح کہ جب پہلی بار جامع پڑھے داہنے ہاتھ کی ایک انگلی بند کرے۔ دوسری پر دوسری اس طرح دس بار میں دسوں انگلیاں بند کر لے پھر بے شمار اس اسم کا ورد کرے۔ بعدہٗ ہاتھ کھول کر منہ پر پھیر لے۔ محبوب حاضر ہو۔ یہ عمل ہرگز ہرگز غیر عورت یا غیر مرد کیلئے تو کیا اس کیلئے بھی نہ کرے جس سے منگنی ہو چکی ہو نکاح نہ ہوا۔ وہ صرف فرار شدہ یا میکے بیٹھ جانے والی کیلئے

کرے۔اسی طرح وہ عورت اپنے شوہر کیلئے کرے جس کا شوہر غائب ہو یا لڑکا چلا گیا ہو

۴۰۔یَا کَرِیْمُ:

شیخ ابولعباس احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کی مداومت کرے تو مدت حیات معزز و مکرم رہے اور مستجاب الدعوات ہو جائے۔تنگدستی و مفلسی دور ہو دولت اور وسعت رزق حاصل ہو۔اس اسم کی برکت سے علم و دولت عزت و شہرت جو بھی نعمت حاصل ہو وہ کریم و سخی دے کر واپس نہ لے۔اس یقین کے ساتھ عمل کرے اگر سوتے وقت بستر پر لیٹنے کے بعد پڑھے اور پڑھتے پڑھتے سو جائے تو شب بھر فرشتے اس کیلئے دعا کریں۔پنج گنج قادریہ میں یَا کَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ بعد نماز ظہر سو بار مرقوم ہے۔(ابوظیفۃ الکریمہ)

۴۱۔یَا رَقِیْبُ:

یہ اسم پاک محافظت حسن و جمال اولاد زر و مال کاروبار کھیتی ملازمت وغیرہ کیلئے ہے۔یہ اسم معانی و اوصاف ہیں بہت وسیع ہے۔اگر کسی کے حسن و جمال اولاد اموال عزت و مال کے حاسد و رقیب زیادہ ہوں یا کسی کی منگنی ہو چکی ہو اور حاسدین درمیان میں حائل ہو جائیں اور کشیدگی پیدا کرنے کی کوشش کریں یا کشیدگی پیدا کر دی گئی ہو تو اس اسم کا ورد کرنا چاہئے۔جو مال و ملکیت بوجہ دشمنی و حسد چھین لی گئی ہو اس کے حصول کیلئے بھی اس کا عمل بہتر ہے۔

حضرت امام علی رضا رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جس دشمن کے مقابلہ کی طاقت نہ ہو اس کیلئے سات بار ہر نماز سے پہلے پڑھ لیا کرے۔گھر بار کھیتی وغیرہ کو تنہا چھوڑتے وقت دشمن کے نقصان پہنچانے کا خطرہ ہو تو اس اسم کو سات بار پڑھ کر جس کی حفاظت

مقصود ہو اس کے گرد دم کردے واپسی تک کوئی نقصان نہ پہنچا سکے۔

## ۴۲۔ یَا مُجِیْبُ:

اس اسم کی برکت سے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے گلے پر چھری کند ہو گئی تھی۔ امام علی رضا رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگی جائے قبول ہو۔ اگر کسی دُعا و عمل کے آخر میں ۲۶ مرتبہ یَا سَرِیْعُ یَا مُجِیْبُ پڑھے تو فوراً ظہور ہو۔

شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے نقش کو اپنے پاس رکھے تو ہر بلا سے محفوظ رہے۔ اگر کوئی سخت مہم درپیش ہو یا کسی امر میں مضطرب ہو تو ایک مجلس میں نوے ہزار مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ حاجت پوری ہو بغایت مجرب ہے۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی حاکم یا بادشاہ کو مسخر کرنا ہو تو اس کی تصویر خلوت میں اپنے سامنے رکھے اور اس اسم کے نقش کو نئی ٹھیکری پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اور خلوت میں اس اسم کو پڑھنا شروع کرے' مقصد حاصل ہو۔ اگر اس کا نقش چاندی پر کندہ کرا کے پاس رکھے' قبولیت دُعاء کی برکت حاصل ہو۔

## ۴۳۔ یَا وَاسِعُ:

اہل طریقت نے فرمایا ہے کہ جو شخص حریص ہو تو اس کیلئے یہ اسم نافع ہے۔ اگر ۱۲۷ مرتبہ روزانہ ورد میں رکھے۔ حق تعالیٰ اپنے افضال کی بارش فرمائے اگر کوئی ۱۰۲۵ مرتبہ پڑھے' علو مرتبہ منزلت عالی تسخیر قلوب سلاطین و امراء رفعت و جاہ منزلت احوال' عجیب و حالات غریب اور وسعت رزق کے مفاد حاصل ہوں۔ اگر اس کے نقش کو لکھ کر کسی مکان یا دکان یا ذخیرہ تجوری میں رکھیں' برکت حاصل ہو۔ تسخیر کیلئے ۷۰ یوم روزانہ

ستر ہزار مرتبہ پڑھے تو مرتبہ عالی ہو۔تمام مخلوق مطیع و مسخر ہو وسعت رزق کیلئے ۱۵ مرتبہ ہر بعد نماز پڑھے۔

### ۴۴۔یَا وَدُوْدُ:

یہ اسم حُب کے لئے عاملین میں بہت مشہور ہے۔اہل تحقیق فرماتے ہیں اگر اس کا عامل اپنے بیگانے ہر ملنے والے سے اخلاق ومحبت سے پیش آئے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنا محبوب بنالے۔امام علی رضا رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر کوئی خواہشات نفسانی میں مبتلا ہو شرابی یا زانی ہو کذاب اور ایذائے اہل اسلام میں کوشاں رہتا ہو تو ۹۶۰ مرتبہ اسم یا وَدُودُ اوّل وآخر ۵۴ بار آیت کریمہ

اِنَّهٗ هُوَ یُبْدِئُ وَ یُعِیْدُ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ

پڑھے۔پھر دعا کرے ان شاءاللہ نیک انسان بن جائے گا۔اسی طرح فاحشہ عورتوں کو سدھارنے کیلئے بھی یہ عمل کرنا چاہئے۔

### ۴۵۔یَا مَاجِدُ یَا مُجِیْدُ:

جو شخص صاحب عزت و بزرگی ہو چاہے کہ اس اسم کا ورد کرے اگر کوئی شخص ذلیل ورسوا ہو یا کسی وجہ سے یہ گمان ہو کہ ذلیل ورُسوا ہو جائے گا۔مثلاً کسی کی امانت رکھی خرچ کر چکا یا مالدار تھا اب مفلس ہے اور لڑکی یا لڑکے کی شادی کرنا جس میں پردہ فاش ہونے کا اندیشہ ہے یا ملازمت چھوٹ چکی ہو یا معزول کئے جانے کا اندیشہ ہے تو اس اسم کا ورد کرے۔مولیٰ تعالیٰ اس کی برکت سے ایسا ذریعہ عطا فرمادے گا کہ ذلت و رُسوائی سے محفوظ رہے۔امانت میں خیانت رشوت یا مزدور وملازم کا پیشہ کوئی الزام رکھ کر کاٹنا یا کسی کی بھول سے فائدہ اُٹھانا اس کی رقم مار لینا حرام ہے۔ایسا کرنے والا اپنے

پچھلے فعل سے توبہ کرے اور آئندہ کیلئے عہد کرے پھر عمل کرے۔ شیخ ابوالعباس فرماتے ہیں: یہ عمل امراء اور بادشاہوں کے حسب حال ہے۔

۴۶۔ یَا بَاعِثُ:

اس اسم کو برائے صفائے باطن و رفع وسوسہ شیطان و تزکیہ نفس پڑھنا چاہئے اگر کسی شخص میں شہوت، غفلت و حرص بخل بہت ہو تو اس اسم کو بوقت خواب لیٹ کر سینے پر ہاتھ رکھ کر پانچ سو بار پڑھنا چاہئے۔ شیخ عبدالمجید مغربی فرماتے ہیں کہ بَاعِثُ ہی ہے جو پریشانیوں کو دفع فرماتا ہے۔ یہ اسم سرا کبر ہے۔ اس کا ذکر اس فرد کیلئے بہت مناسب ہے جس کی ہمت پست ہو چکی ہو۔ زندگانی اور صحت و حفظ قوی جسمانی و روحانی کی عجیب و غریب تاثیر اس اسم میں موجود ہے۔

۴۷۔ یَا شَهِیْدُ یَا شَاهِدُ:

اہل حقیقت نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے ذاکر کو برے افعال اور دروغ گوئی سے بچنا ضروری ہے جو شخص روزانہ اعداد اسم کے مطابق ورد میں رکھے۔ اس کے اہل و عیال ہر بلا اور برائی سے محفوظ رہیں۔ اگر کسی کی بیوی یا بچہ نافرمان شریر ہو تو روزانہ صبح کو اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر ۲۱ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے۔ مطیع و فرمانبردار ہو۔ اگر ہر نماز کے بعد اعداد اسم کے مطابق پڑھے تو قلب ذاکر سے حجاب اُٹھ جائیں۔

۴۸۔ یَا حَقُّ:

کسی سے لڑائی جھگڑا ہو جائے یا کسی قسم کا لین دین کا معاملہ ہو یا مقدمہ ہو یا پنچایت کے طور پر فیصلے کیلئے کچھ لوگ جمع ہونے والے ہوں اور خود کا حق پر ہونے کا شرعی یقین ہو، ساتھ ہی یہ گمان ہو کہ فیصلہ میرے خلاف ہوگا تو اس اسم کا ورد کرے۔

شیخ مغرب رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا کہ گمشدہ شے کے حصول کیلئے کاغذ کے کونوں پر گمشدہ کا نام اور درمیان میں یا حق تحریر کرے دستیاب ہو اور ظفر جلیل میں اتنا اضافہ کیا ہے کہ اس کاغذ کو اپنی ہتھیلی پر رکھے اور ہاتھوں کو مثل دُعا اُٹھائے اور نظر آسمان کی جانب ہو پھر اس اسم کو شفیع لائے یعنی اس کا ورد اعداد اسم کے مطابق کرے یا وہی شے ملے یا اس سے بہتر اگر قیدی نصف شب کو سر ننگا کر کے ایک سو آٹھ بار پڑھے رہائی پائے۔

**۴۹۔ یَا وَکِیْلُ:**

اس اسم کے ذاکر کو یہ یقین کرنا چاہئے کہ حق تعالیٰ جمیع مخلوقات کی کفایت کرنے والا ہے۔ اس اسم کا ذاکر تمام خوف سے مامون رہے اگر مقام خوف پر تلاوت کرے خواہ خوف بہائم ہو یا خوف برق ورعد یا خوف زلزلہ پروردگار محفوظ رکھے۔

شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس اسم میں حصول مرادات کی تاثیر کلی موجود ہے جو شخص اسم مبارک کی تلاوت کرے اگر مسافر ہے بخیریت وطن واپس آئے۔ قید ہے تو نجات پائے۔ مقروض ہے تو قرض ادا ہو اگر بہ نیت دفع دشمن پڑھے مقہور ہوں۔

**۵۰۔ یَا قَوِیُّ:**

یہ اسم بہت قوی الاثر ہے۔ اس کی تلاوت کا اثر فوراً ظاہر ہوتا ہے۔ اس کے عامل پر ایک دو نہیں ہزاروں دشمن بلکہ پوری فوج بھی غلبہ حاصل کر کے ظلماً نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ دفع بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے یا وقت سے پہلے بوڑھے یا کمزور اور چلنے پھرنے سے معذور ہو جانے والے یا معذور ہو جانے کا خطرہ ہو تو **یَا قَادِرُ یَا قَوِیُّ یَا قَائِمُ یَا دَائِمُ** چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پینا چاہئے۔ (اقبال احمد)

شارحین کرام نے مستند طریقہ دشمن سے محفوظ رہنے کا بتایا کہ آٹا خمیر کر کے

ایک ہزار گولیاں بنائے اور ہر گولی پر اسم مذکور ایک بار پڑھ کر دم کرتا جائے اور پرندوں کو کھلاتا جائے اور دشمن کا تصور رکھے اس کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

۵۱۔یَا مَتِیْنُ:

اس اسم کا عامل اگر اپنی چشم کو نامحرم سے محفوظ رکھے تو اس کی محبت و ہیبت دوست دشمن ہر ایک کے قلب میں خون کی گردش کے ساتھ دوڑنے لگے۔ اگر کسی خاص ذات کو مسخر کرنا ہو تو خوشبودار پھول یا میوہ پر دم کر کے دے۔ وہ خوشبو سونگے یا میوہ کھائے تو مہربان ہو' جو بچہ چلنے سے معذور ہو اس اسم کا نقش باندھے چلنے لگے۔ بچے کی ماں کے دودھ نہ ہو اس اسم کو لکھ کر ماں کو پلائے دودھ بہت ہو۔

۵۴۔یَا حَامِدُ یَا مُحَمَّدُ یَا حَمِیْدُ:

اس اسم پاک کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ اس اسم کا عامل عالم محویت میں گم ہو کر پڑھے اور خالص حمد و ثناء ہی کی نیت رکھے تو صفات محمودہ سے متصف ہو جاتا ہے۔ اس اسم کے قاری کی حاضر و غائب تعریف ہو گی۔ یہ اسم تسخیر و محبت اور افعال بد سے بچانے میں بہت زود اثر ہے۔ ان میں سے کوئی اسم یا تینوں اسماء اگر لکھ کر پلائے جائیں تو تمام بری عادات چھوٹ جائیں۔ شریر بدچلن نافرمان بچوں کیلئے پیالے پر یہ عبارت کندہ کرا کے رکھ لیں۔ اسی میں پانی پلائے۔

یَا حَمِیْدَ الفِعَالِ ذَاالْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ یَا حَمِیْدُ

۵۳۔یَا مُحْصِیْ:

اس اسم کے پڑھنے والا عذاب قبر و حشر سے امان پاتا ہے۔ اگر روز جمعہ یا شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے حساب عاقبت آسان ہو۔ یہ اسم اکاونٹنٹ اور

کلرکوں کیلئے آب حیات کا حکم رکھتا ہے۔ کتنا ہی کام کرتا ہو آسان ہو جائے اور حساب کتاب میں اگر غلطی ہو تو فوراً محسوس ہو جائے' جو علم حساب پڑھتا ہو یا امتحان دیتا ہو یا جس کے حساب میں غلطیاں زیادہ ہوں' وہ اس کا ورد کرے۔

## ۵۴۔ یَا مُبْدِیُ یَا مُعِیْدُ:

جس امر مشکل یا مکان دوکان کی تعمیر' دوکان کارخانہ وغیرہ غرض کسی بھی کام کی ابتداء کرتے وقت اس اسم کو ۵۶ مرتبہ پڑھ کر آغاز کیا جائے۔ بحسن وخوبی انجام کو پہنچے۔

شیخ عبدالمجید مغربی فرماتے ہیں اگر طالب فرزند قبل صحت ۵۶ مرتبہ مرد و عورت پڑھ لیں۔ مولیٰ تعالیٰ اپنی قدرت کاملہ سے فرزند فرمائے اگر زن حاملہ درد میں رکھے' بچہ صحیح سالم پیدا ہو اور وقت پیدائش تکلیف نہ ہو۔

## ۵۵۔ یَا مُحْیِیُ یَا حَیُّ:

یہ اسم مبارک کو مورچہ پر جانے والے فوجی سپاہیوں' سمندر میں غوطہ لگانے والوں' بس' ٹیکسی' رکشہ ڈرائیوروں خصوصاً پہاڑی علاقوں میں کام کرنے والوں پل اور سرنگیں بچھانے والے غرض ہر وہ کام جس میں موت کا خطرہ ہو۔ یہ اسم پاک ۹۵ مرتبہ پڑھ کر گھر سے نکلے۔ سلامت گھر واپس آئے جو لوگ دریاؤں کے قریب رہتے ہیں۔ سیلاب یا زلزلوں کا خطرہ رہتا ہو وہ اس کا ورد رکھیں' جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہیں۔

(تنویر وظفر وفوائد کبریٰ وغیرہ)

## ۵۶۔ یَا مُمِیْتُ:

یہ اسم پیرانِ طریقت اور رہنمایانِ شریعت کیلئے ضروری ہے کہ اس اسم کی برکت سے نفس امارہ مطیع و مسخر ہو جاتا ہے۔ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بوقت

خواب اپنے دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر ۴۹۰ مرتبہ یَا مُمِیْتُ پڑھے۔اس کے بعد سو جائے۔حق تعالیٰ اس کے نفس کو مطیع و مسخر فرمادے۔دیگر ہلاکی و بربادی دشمن کیلئے بھی یہ اسم مخصوص ہے۔شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ پانچ اسم

یَا مُصَوِّرُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا مُحْیِیُ یَا مُمِیْتُ۔

اگر طالب علم ان اسماء کا ورد کرے تو عالم ہو جائے۔پروردگار عالم فہم وادراک عقل وذہن لطیف عطا فرمائے۔تمام مشکلات میں آسانیاں پیدا ہوں۔

## ۵۷۔یَا قَیُّوْمُ:

اس اسم کی مداومت کی برکت سے عمر دراز ہوتی ہے۔معاملات میں کامیابی دشمنوں پر غلبہ اور دلوں پر تصرف حاصل ہوتا ہے۔سیدنا امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔فرماتے ہیں کہ دیکھا میں نے بوقت شدت جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ کہا اور فوراً راحت حاصل ہوئی۔

جو شخص طالب عزت وجاہ اور ترقی کاروبار ہو برائے قدرت وسرعت واجابت وقضائے حاجات وحصولِ مقاصد وفتح مقدمات اس اسم مبارک میں سب تاثیرات موجود ہیں۔شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وقت سحر اس کا ورد کرے تو خلق مسخر ہو۔اکثر اکابرین نے اسم یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ کو اسم اعظم فرمایا ہے۔

## ۵۸۔یَا وَاجِدُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ:

یہ اسمائے الٰہیہ حصولِ دولت وغنا کیلئے امتیازی شان رکھتے ہیں۔یاواجدُ حصول کشف کیلئے عاملین کا معمول رہا ہے جو شخص حلال ذریعہ معاش کا متلاشی ہو یا تاجر جس کی تجارت حسب منشا نہ چلتی ہو یا اولاد کثیر ہو خورد ونوش کا انتظام قلیل ہو یا بالکل نہ

ہو۔اس لئے حرام وناجائز ذرائع معاش تلاش کرنے سے بہتر ہوگا۔کہ ان میں سے کوئی ایک اسم منتخب کر کے ورد کرے یا ایسی دعائیں جن میں یہ اسماء بھی شامل ہوں عمل میں لائے۔اللہ تعالیٰ غیب سے طیب وطاہر رزق کثیر عطا فرمائے اور وہ بے نیاز اس قدر دے کہ خرچ سے بچ رہے۔ان اسماء کو اپنے اعداد اسم کے مطابق ورد میں رکھے۔

## ۵۹۔یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَا وَحِیْدُ:

ان اسماء میں کسی اسم کے ذکر سے ذاکر کا دل ایسا مطمئن اور بے خوف ہو جاتا ہے کہ بڑے سے بڑے خطرے اور لرزا دینے والے واقعے جراساں کر دینے والے ماحول میں بھی بے خوف رہے اور فکر قریب نہیں آتا۔یہاں تک پھانسی کے تختے پر بھی اس کے قلبی اطمینان وسکون کا وہ نورانی جلوہ ہوتا ہے کہ جس کو دیکھ کر نمرود وشداد دوراں بھی کانپ کر اپنے آپ کو اس کے قدموں میں ڈال دیتے ہیں۔گویا اس واحد یکتا کی وحدانیت کے جلوے اس اسم کے ذاکر کو اپنی آغوش میں لے لیتے ہیں۔اس لئے عاملین اور اہل تحقیق اس اسم کو شاہان وذمہ داران مملکت اور فوجی افسران کیلئے تحفہ قدرت بناتے ہیں۔(از:شارحین اسماء باری)

دیگر کوئی سخت مہم یا بیماری کیلئے ہو خطرناک راستوں میں یا بوجہ تنہائی کسی مقام پر خوف ہو تو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے مہم آسان بیمار شفایاب ہو اور خوف وہراس دور ہو۔

## ۶۰:یَا صَمَدُ:

اس اسم کا ذاکر اہل اللہ میں سے ہوتا ہے۔اس اسم کے پڑھنے والا بھوکا نہیں رہتا یا بھوک پیاس کی شدت سے محفوظ رہتا ہے۔اکثر عاملین وکاملین نے یَا اَحَمَدُ یَا صَمَدُ کو اسم اعظم بتایا ہے۔شیخ مغرب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:اسم یا صمد کو ایک ہزار مرتبہ

پڑھے تو رزق میں وسعت اور کاروبار میں خیر و برکت ہو۔

کتاب مفتاح الجنان میں مذکور ہے کہ اگر شب جمعہ بعد نصف شب میں باوضو ایک ہزار مرتبہ حضور قلب پڑھے تو قاری میں عظیم اثرات پیدا ہو جائیں اگر کوئی فسق و فجور میں مبتلا ہو تو اس کیلئے تین روزے رکھے اور ہر روز ساعت مشتری میں ایک ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھے اور اس کیلئے دعا کرے۔ وہ شخص فسق و فجور سے تائب ہو۔ محبت کیلئے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پہلے طالب پیئے پھر وہ پانی مطلوب کو پلا دے' محبت میں بے چین ہو۔

## ۶۱۔ یَا قَادِرُ یَا قَدِیْرُ یَا مُقْتَدِرُ:

یہ اسماء ہر بڑے سے بڑے اور اہم سے اہم اور مشکل سے مشکل امور میں مشکل کشائی فرماتے ہیں۔ جب اپنے اور بیگانے' دوست واحباب سب الگ ہو جائیں اور کوئی حامی و مددگار تو کیا بات کا پوچھنے والا بھی نہ ہو تو ایسے نفسی نفسی کے موقع پر ان اسماء سے کسی اسم کا بھی ذکر اس کی کشتی حیات کو ساحل مراد پر لگانے کیلئے کافی ہے۔ خصوصاً نجومی جس وقت وحشت انگیز خبریں دے کر انسان کو مبتلائے وحشت کر دیں ان کے خود ساختہ دعوؤں کو جھٹلانے اور ستاروں کے اثرات بد سے محفوظ رہنے کیلئے ان اسماء سے کسی اسم کا ذکر بہتر ہے۔ (شرح اسمائے باری)

## ۶۲۔ یَا مُقَدِّمُ:

اس اسم کی برکت سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے طور پر کلام کیا۔ امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بوقت خواب اس اسم کو پڑھے۔ دشمنوں کے حملے' چوری کے خوف' مکان کے گرنے' جہاز کے ڈوبنے کے خوف سے محفوظ رہے۔

### ۶۳۔یا مُؤَخِّرُ:

شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب انسان کی عمر قریب اختتام پہنچے اور اعمال خیر کچھ بھی نہ ہوں۔گناہوں کی کثرت ہو' قبر و حشر کا خوف دامن گیر ہو تو اس اسم کی مداومت کرے۔حق تعالیٰ گناہوں کو معاف فرمائے اور عمر کو دراز کرے تاکہ اعمال نیک کر سکے۔اسی لئے عاملین اس اسم کو مایوس مریضوں کو کثرت سے پڑھنے کو بتاتے ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ اپنی رحمت سے شفا دیتا ہے۔چاہئے کہ بعد شفاء عبادت الٰہی سے غافل نہ ہو۔

### ۶۴۔یا اَوَّلُ:

شیخ مغرب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص طالب فرزند ہو یا دفینہ حاصل کرنا چاہتا ہو یا فتوحات غیبی کا طالب ہو تو چاہئے کہ چالیس جمعہ بعد نماز جمعہ مداومت کرے' مقصد حاصل ہو۔شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ذاکر اپنے کل مقاصد میں سابق رہے گا اور اگر اسم کو یا آخر کے ساتھ ذکر کرے تو مقام کشف حاصل ہو۔

۱۴۰ا۔یَا اٰخِرُ: شیخ بونی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس نام کی قرأت کرے اس کو قوت و نصرت بے اندازہ حاصل ہو اور جو بھی دشمنی کرے ہلاک ہو۔مقابلہ کرے مغلوب ہو جو شخص اس اسم کے اور دشمن کے نام کے اعداد شامل کر کے نقش بنائے اور ہفتہ کی پہلی ساعت میں بوہے پر کندہ کرے اور اسی تعداد کے مطابق پڑھے اور اس نقش کو آگ میں داب دے' دشمن ہلاک ہو۔

### ۶۵۔یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ:

یہ دونوں اسمائے باریٔ تعالیٰ اصلاح اور نورانیت کیلئے خاص ہیں۔ یہ اسماء ظاہر و باطن کی اصلاح فرما کر ذاکر میں روحانیت پیدا ہو جاتی ہے۔کشف قبور اور استخارہ

کیلئے عاملین میں مشہور ہیں۔شیخ مغرب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بعد نماز چاشت پانچ سو مرتبہ پڑھے تو حق تعالیٰ دیدۂ دل کو ظاہر و باطن میں نورانی کردے۔خواب غفلت سے بیداری عنایت فرمائے اور تاریک دل سے دفع ہو'جس کے دوستوں' ساتھیوں' یا اہل معاملہ میں سے جو بھی ایسا ہو کہ دل میں کچھ زبان پر کچھ' ایسے دوستوں سے کافی نقصان پہنچ جاتا ہے۔لہٰذا ان اسماء کا ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اس کے دوستوں کی بھی اصلاح فرمادیتا ہے۔اور اس اسم کے ذاکر کے دوست احباب یا غیر سب اسی طرح پیش آئیں جو ان کے دل میں ہو۔

۶۶۔یَا وَالِیْ:

یہ اسم پاک دست کار محنتی حضرات کیلئے خاص ہے کہ اس اسم کی برکت سے کم وقت میں زیادہ کام انجام پاتا ہے۔اس اسم کا عامل اگر ٹھیکیدار ہو یا مزدور وہ کبھی خالی نہ رہے۔اس کے کام کی قدر بہت ہو جو مزدوری مانگے ملے۔مالکان اس سے کام کرانے کیلئے ہر قیمت پر تیار رہیں۔اگر اس اسم کو برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر مکان یا دکان کے گوشوں نیز بالا خانہ پر چھڑکیں تو چوری' بجلی' آندھی' طوفان' بارش' سیلاب' زلزلہ و جملہ آفات سے محفوظ رہے۔

۶۷۔یَا مُتَعَالِیْ:

اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس اسم کو بہ عجز و انکساری پڑھنا چاہئے اور خلق خدا میں خود کو حقیر سمجھے تا کہ حق تعالیٰ مرتبہ بلند فرمائے اور غیب سے ہر کام انجام فرمائے اگر کوئی عورت بعد فراغت حیض و نفاس میں اسم کی برکت تلاوت کرے تو جملہ آفات سے محفوظ رہے۔شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس اسم کا ذکر کر کے کسی بادشاہ کے پاس

جائے۔ وہ عزت سے پیش آئے اور جو حاجت ہو پوری ہو۔

## ۶۸۔ یَا بَرُّ:

حضرت امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر نابالغ بچہ کو یہ اسم یاد کرا دے اور وہ اس کو پڑھتا رہے۔ یہاں تک کہ سن بلوغ کو پہنچے تمام عمر آفاتِ روزگار سے محفوظ رہے۔

شیخ مغرب فرماتے ہیں: اس اسم کا ذاکر جس چیز کا طالب ہو حاصل ہو۔ شیخ ابوعباس احمد ابن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کا ذکر کرے نغماتِ الٰہیہ کی فراوانی ہو۔

## ۶۹۔ یَا تَوَّابُ:

جس فرد پر بہ سبب گناہوں کے تکلیف و مصیبت ہو یا رزق کی تنگی میں مبتلا ہو اس اسم کی برکت سے اس کے گناہ مغفور ہوں' رحمت و کرم کی بارش ہو۔ ۴۰۹ بار روزانہ ورد میں رکھے اور بعد فراغت جو دعا کرے اس کی دعا قبول ہو۔ جو شیر خوار بچہ بہت روتا ہو اس پر ستر مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ ہر مرض و آفات و بلیات سے محفوظ رہے۔ اس اسم کا ذاکر جو اس کے معانی و صفات میں غرق ہو کر پڑھے اولیائے کاملین میں شمار ہو' گناہ و فواحش سے اس کا دل متنفر ہو جائے۔ (شرح اسماء)

## ۷۰۔ یَا تَوَّابُ یَا مُنْتَقِمُ:

برائے فتح و ظفر خصوصاً جن لوگوں کے کاروبار' کارخانوں' دکانوں کو بوجہ حسد سفلی کے ذریعہ باندھ دیا جاتا ہے یا جو لوگ برے دوستوں یا نفس کے فریب میں آ کر اپنی عزت دولت کو قمار بازی' سٹہ بازی' ریس میں برباد کر چکے ہوں اور اپنی کھوئی دولت و عزت کو حاصل کرنا چاہتے ہوں تو سچے دل سے تائب ہو کر یَا تَوَّابُ یَا مُنْتَقِمُ کا ورد کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پھر وہی دن ہوں گے اور وہی راتیں۔ (شرح اسماء)

۷۱۔یَا رَؤُفُ:

یہ اسم مبارک تسخیر و محبت اور دشمن کے پنجۂ ظلم سے رہائی کیلئے پڑھنا چاہیے۔ اس کے عامل کو ہر مرد اُنسیت و محبت سے دیکھے۔ اگر اس کے عامل کے پاس ایک پیسہ نہ ہو اور وہ بڑے سے بڑا کاروبار کرنا چاہے تو لوگ اسے بخوشی قرض دیں اور تقاضا نہ کریں کیونکہ اس کے عامل کے قرض دینے والے کو اللہ تعالیٰ بڑی برکت دیتا ہے۔ اگر کوئی بہ نیت خیانت اس عمل کو کرے تو ذلیل و خوار ہو۔ ورنہ عظمت و وقار اس کے قدم چومے۔

(شرح اسماء)

۷۲۔یَا مُعْطِیْ یَا مُنْعِمُ یَا نَافِعُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ:

یہ اسمائے الٰہیہ حصولِ دولت و غنا کیلئے مخصوص ہیں۔ برائے نفع تجارت وسعت رزق حلال میں امتیازی شان رکھتے ہیں۔ بڑے بڑے وظائف عملیات اور چلّہ کشی اور محنت شاقہ کے بعد جو چیز حاصل نہیں ہوتی وہ چند یوم میں ان اسمائے الٰہیہ میں سے کسی بھی اسم مبارک کی برکت سے حاصل ہو جاتی ہے۔ اگر کسی کو روپیہ پیسہ دیتے وقت یَا مُعْطِیْ ورد دل میں کرے تو اللہ تعالیٰ اس اسم کی برکت سے اس سے زیادہ عطا کرے۔ اگر خرید و فروخت کے وقت دل میں یَا نَافِعُ کا ورد کرے تو اس تجارت میں نفع و برکت ہو۔ اگر دستکار اپنا کارخانہ یا دکان کھولتے وقت یَا مُنْعِمُ کا ورد کرے تو کام زیادہ اور اچھا اور جلد بکنے والا تیار ہو اور دکان پر بکری زیادہ ہو۔ یَا حَنَّانُ بعد نماز فجر اور یَا مَنَّانُ بعد نماز عشاء اعداد اسم کے مطابق پڑھا جائے خیر کثیر اور دولت برکت والی حاصل ہو۔

۷۳۔یَا مَانِعُ:

اہل تحقیق فرماتے ہیں جو شخص اس کا ورد کرے تو لازم ہے کہ کسی فرد کو اذیت نہ

پہنچائے تاکہ حق تعالیٰ ذاکر سے بلائے دنیا و آخرت کو دور فرما دے۔ اگر کسی کی زوجہ نافرمان ہو تو بستر خواب پر اس اسم کو پڑھے موافقت پیدا ہو جائے۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں کہ یہ اسم خوفزدہ کیلئے بہت بہتر ہے۔

## ۷۴۔ یَا ضَارُّ:

اس اسم کا ذاکر ہر ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔ خواہ عزت و مال یا اہل وعیال سے متعلق ہو۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں اگر کوئی شخص طالب عزت و جاہ و بزرگی ہو تو ہر شب اور امام علی رضا رضی اللہ عنہ نے شب جمعہ سو (۱۰۰) بار پڑھنے کو فرمایا ہے۔

## ۷۵۔ یَا نُوْرُ:

اس اسم پاک کی برکت سے جسم و قلب منور ہو جاتا ہے۔ انوار الٰہیہ کا نزول ہوتا ہے۔ امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ۲۵۶ مرتبہ اس اسم کو روزانہ ورد رکھے تو قلب نورانی ہو اور آنکھیں نور الٰہی سے روشن ہو جائیں۔ اس کے قاری سے ہر شخص عزت و احترام سے پیش آئے۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو اس کا ورد کرے نور ایمان سے اس کا دل منور ہو جائے۔

## ۷۶۔ یَا ھَادِیُ:

اس اسم پاک کو عاملین ہرکارہ کہتے ہیں یعنی ہر کام اس اسم پاک کی برکت سے انجام پاتا ہے۔ شیر خوار بچوں کا رونا، شریر و نافرمان بچوں، کج خلق بدکردار مرد و عورتوں کے سدھار کیلئے خاص طور پر اس کے عمل کئے جاتے ہیں اور نقش دیئے جاتے ہیں۔ سیدی مرشدی حضور مفتی اعظم ہند مدظلہ ہر غیر مسلم کو خواہ وہ کسی بھی ضرورت و حاجت کو لے کر آیا ہو۔ دیگر نقوش کے ساتھ اعداد میں اس نقش کو ضرور دیتے ہیں۔ (اقبال احمد)

## ۷۷۔یَا بَدِیْعُ:

اگر اس اسم کو بوقت دعا ستر مرتبہ پڑھے تو دعا مستجاب ہو' جس شخص سے اس کی کوئی محبوب شے چھین لی گئی ہو یا کوئی کسی امر مشکلہ میں سرگشتہ ہو یا کسی معاملہ میں پریشان ہو یا کوئی والی و حاکم اپنے عہدے سے معزول کر دیا گیا ہو تو غسل کر کے جامہ پاک پہنے اور رزق حلال سے صدقہ دے اور بعد تصدیق دو رکعت نماز ادا کرے اور ستر مرتبہ

یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ اور ایک ہزار مرتبہ یا بدیع پڑھے۔ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی حاصل ہو۔

## ۷۸۔یَا بَاقِیْ:

اسی اسم کی برکت تھی کہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ جبکہ پہلوانی کیا کرتے تھے کسی نے آپ کی پشت کو ختم نہیں کیا اور اسی کی برکت سے منصب ولایت سے سرفراز فرمائے گئے۔شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسم کا ذاکر کبھی بیمار نہیں ہوتا اگر بادشاہ ذکر کرے تو ملک پر زوال نہ آئے۔شیخ مغرب فرماتے ہیں کہ اگر ہر شب سو مرتبہ اور شب جمعہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو مستجاب الدعوات ہو جائے۔

## ۷۹۔یَا وَارِثُ:

اس اسم پاک کی برکت سے اس کا ذاکر اپنی قوم میں سردار و معظم ہو۔صاحب اولاد ہو' اموال میں برکت ہو' روزی فراخ ہو۔شیخ بونی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ وسعت رزق کیلئے اس کی تلاوت مفید ہے اور کوئی شخص اس اسم کے دریائے وسعتِ معانی میں غرق ہو کر یعنی صاحب حال ہو کر پڑھے تو قبیلہ کی سرداری حاصل ہو' اولاد میں کثرت اموال میں برکت ہو۔

### ۸۰۔یَا رَشِیْدُ:

اس اسم کا عامل کسی قوم کا لیڈر یا رہنما ہو تو وہ قوم سرفراز ہو۔اس کے مشورے اور اس کے حکم کی تعمیل سے وہ قوم یا قبیلہ ترقی کی منازل پر گامزن ہو۔علوِ مرتبت عظمتِ شہرت کا پرچہ ہو۔حضرت امام علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو اس کا ورد کرے اس کے تمام امور نہایت سہولت اور حسن خوبی سے انجام پائیں اور شیخ احمد فرماتے ہیں کہ جو بعد نماز صبح و مغرب کھڑے ہو کر ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو مہمات میں بلا سعی کامیابی نصیب ہو۔اگر نیت استخارہ پڑھے تو ہر کام کا انجام اور نفع وضرر کا حال عالم خواب یا حالاتِ بیداری میں معلوم ہو۔

### ۸۱۔یَا صَبُوْرُ:

اس اسم پاک کے ذکر سے سختیوں پر صبر حاصل ہوتا ہے اور اس اسم کا ذاکر کوئی سخت کام کرنے سے عاجز نہیں ہوتا۔اگر کسی عظیم صدمے اولاد یا کسی عزیز یا محبوب کے انتقال کی وجہ سے خلل دماغ' حافظہ کی خرابی وغیرہ امور لاحق ہو جائیں تو اس اسم کے نقش کو دھو کر پلائے۔اگر کسی رنج و غم اور دردِ مشقت کے موقع پر خوف و دہشت کے وقت یا دشمنان و حاسدان کی زبان اپنی بدگوئی سے بند کرنا ہو تو ایک ہزار تین بار پڑھے۔

## ملاقات خضر علیہ السلام

حضرت ابراہیم تیمی جو اعظم ترین اولیاء کرام میں سے ہیں۔فرماتے ہیں کہ یہ عمل خضر علیہ السلام نے مجھے تعلیم فرمایا۔اس عمل سے تین فائدے بیک وقت حاصل ہوتے ہیں۔اوّل سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو۔دوسرے خضر علیہ السلام سے مشرف ملاقات حاصل ہو۔تیسرے آپ ملاقات کر کے حاجات حل ہونے کی تدبیر بتائیں۔قبل طلوع آفتاب و قبل غروب آفتاب سورہ فاتحہ (۷) بار'سورۃ فلق اور سورۃ

الناس (۷) بار سورۃ اخلاص (۷) بار سورۃ کافرون (۷) بار آیت الکرسی (۷) بار کلمہ تمجید (۷) بار۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَحَبِيْبِكَ وَ نَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ (۷بار)

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعْوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ (۷بار)

اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ افْعَلْ لِيْ وَبِهِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَا اَنْتَ لَهٗ اَهْلٌ وَلَا تَفْعَلْ بِنَا يَا مَوْلَانَا مَا نَحْنُ لَهٗ اَهْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ جَوَّادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ بِرٌّ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (۷بار)

اس کا ثواب سید عالم ﷺ و حضرت خضر علیہ السلام و جمیع ارواح اُمت محمد ﷺ کو بخشے۔ تین روز میں ستارہ قسمت بالائے عرش نظر آئے اور مشرف بہ زیارت سید عالم ﷺ ہو۔ اگر ہر روز ورد رکھے اس کو غیب سے بے مشقت روزی ملے۔

# ملاقات ارواحِ مقدسین

جب ارواحِ طیبین مقدسین رضوان اللہ علیہم اجمعین سے شرف ملاقات حاصل کرنا ہو یا کسی اہم ضرورت وحاجت کو حل کرنا مقصود ہو تو سورۂ یٰسٓ شریف اس طرح پڑھیں۔

سورہ یٰسٓ شریف میں ۷ مبین ہیں۔ سورۂ یٰسٓ شروع کریں جب پہلی مبین پر پہنچیں تو یہ دعا تین بار پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ كُلِّ مَدْيُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَحْذُوْنٍ سُبْحَانَ النَّاصِرِ عَنْ كُلِّ مَظْلُوْمٍ سُبْحَانَ الْمُخْلِصِ كُلِّ مَسْجُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَهٗ بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ سُبْحَانَ الْهَمِّ اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ سُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ۔

اسی طرح ہر مبین پر تین بار پڑھیں، تین دن میں مقصود حاصل ہو۔

# خواب نامہ

خوابیں بچے بوڑھے جوان مرد عورت سب ہی دیکھتے ہیں نیک اور صالح لوگ جو پچھلی شب میں دیکھیں وہ خوابیں اکثر صحیح اور سچی ہوتی ہیں۔ اپنی خواب نیک صالح مرد مومن سے دن میں بیان کریں یا خود نیک تعبیر سے لے لیں' گھڑ کر ہرگز ہرگز خواب بیان نہ کریں۔ اگر کسی قسم کی ڈراؤنی خواب دیکھنے میں آئے تو پہلے یہ دیکھیں کہ کسی بادی چیز کے کھانے سے پیٹ میں گرانی تو نہ تھی کہ ایسی خوابیں محض پیٹ میں گیس بن کر دماغ میں گھٹنے سے نظر آتی ہے۔ حاملہ عورتوں کو یا جن کو حیض ٹھیک وقت پر نہیں ہوتا۔ ان کو اکثر ساری ساری رات ڈراؤنی اور خراب خوابوں میں گزرتی ہے۔ ایسی خوابوں کا کوئی اعتبار نہ کرنا چاہیئے۔

آیت الکرسی سات بار اور چاروں قل تین تین بار میٹھے تیل پر دم کر کے رکھ لیں اور سوتے وقت ۲-۲ قطرے کان میں لیا کریں۔ اکثر نمازی پرہیزگار سرکار غوثیت مآب رضی اللہ عنہ سے سچی عقیدت رکھنے والوں کو بعض خوابیں اگر پریشان کن ہوں تو گھبرانا نہ چاہیئے بلکہ یہ سمجھنا چاہیئے کہ ایسا واقعہ زندگی میں پیش آنے والا تھا۔ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی دعا و تصرف سے خواب پر ختم کر دیا گیا۔

حدیث میں ارشاد ہوا ہے کہ خواب مرد مومن کی نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو اسرار غیبی سے آگاہ فرماتا ہے۔

نبی رحمت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الرُّوْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ۔ (متفق علیہ) (مشکوٰۃ شریف)

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھا خواب نبوت کے حصوں میں سے چھیالیسواں حصہ ہے۔

# خوابوں کی اقسام

قارئین کرام!

خواب کی دو اقسام ہوتی ہیں۔ ایک اچھا خواب اور دوسری بُرا خواب۔ اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے اور بُرا خواب شیطان کی طرف سے آتا ہے۔

اچھا خواب بیان کر کے اس کی تعبیر پوچھنا بہتر ہے اور بُرا خواب جب دیکھیں تو کسی کو نہیں بتانا چاہیئے۔ آج ہم میں یہ بُری عادت ہے کہ اگر رات کو کوئی بُرا خواب دیکھ لیں تو صبح ہوتے ہی ہر ایک کو بتانا شروع کر دیتے ہیں۔ ایسا کرنا شرعاً منع ہے۔ آئیں پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ عالیشان سماعت فرمائیں۔

## اچھا خواب:

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور پریشان خواب شیطان کی طرف سے ہوتا ہے۔ جب تم میں سے کوئی ایسی چیز دیکھے جس کو پسند کرتا ہے تو اس کا ذکر نہ کرے مگر اس کو جس شخص کو پسند کرتا ہو۔ (یعنی اپنے رازدار کو بتادے) جب ایسی چیز دیکھے جس کو پسند کرتا ہو تو (اس خواب) کی برائی اور شیطان کی برائی سے اللہ کی پناہ مانگے۔ تب تین بار تھوکے تو اس کو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ ایک اور روایت میں ہے: سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بُرا خواب دیکھنے والا بائیں جانب تین بار تھوکے اور اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوا کروٹ لے جس کروٹ پر لیٹا ہو۔ (حوالہ مشکوٰۃ شریف)

# حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کا خواب

حضرت سیدنا خزیمہ رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ وہ پیارے آقا و مولیٰ حضرت سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی مبارک پر سجدہ کر رہے ہیں۔

خواب دیکھ کر حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے یہ خواب دیکھا ہے کہ میں آپ کی پیشانی مبارکہ کو سجدہ کر رہا ہوں۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا تو آپ نے فرمایا اپنا خواب سچا کرلو۔ یہ فرما کر سرکار لیٹ گئے اور حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ نے سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی مبارکہ پر سجدہ کیا۔

(حوالہ مشکوۃ شریف)

جے انج دیدار کراونا نہیں جے مکھ توں پردہ چاوٗ نا نہیں
وچ خواب دے آ جایں وی یل ایناں تے کرم فرماوندا جا

☆☆========☆☆

# ردیف ''الف''

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| انوارِ الٰہی دیکھنا | جنت نصیب ہو' قید سے آزادی ہو' اعمال نیک ہوں' فراخی نعمت ہر دو جہاں سے۔ |
| انبیاء کو خوش دیکھنا | دین اور دنیا میں عزت ہو' زیارت پیغمبر نصیب ہو اور غضبناک دیکھنا اس کے برعکس ہے۔ |
| اولیاء کو دیکھنا | بشارت نیک افعال اور زیادتی اقبال کی دلیل ہے۔ |
| ابدال کو دیکھنا | موجب زیادتی نیکی ترقی دارین کی دلیل ہے۔ |
| اسرافیل کو دیکھنا | صاحب خواب کیلئے بہت مبارک ہو دین و دنیا میں۔ |
| آسمان کا دیکھنا | مال ملنے کی دلیل ہے یا رتبہ بلند ہو اور اگر آسمان پر چڑھ گیا ہے تو خدا کے یہاں عزت پائے گا۔ اور صراط سے جلد اُتر جائے گا یا بادشاہ خواہ حاکم مہربان ہو گا۔ |
| ابر آسمان دیکھنا یا محیط دیکھنا | وبا آنے کی فتنے کی دلیل ہے اور ایک جگہ برسنا رحمت کی دلیل ہے اور ابر کا مع بجلی بارش کے دیکھنا قرض ادا ہو۔ قیدی رہا ہو' بیمار شفا پاوے۔ |
| آفتاب کو روشن دیکھنا | بلند درجہ کی دلیل ہے' ملک عظیم کو پہنچے گا' زیادتی رزق کی دلیل ہے۔ اگر کسی نے دیکھا کہ آفتاب اُس کے گھر میں طلوع ہوا ہے تو اگر وہ بے زبان ہے عقد ہو گا۔ |
| آفتاب کو گہن یا گرد و غبار | مرض یا کسی معیبت کے آثار ہیں یا صاحب خواب کے |

| | |
|---|---|
| میں ڈھکا دیکھنا | والدین کا انتقال ہوگا۔آسمان کے قریب اُڑ کے پہنچنا حصول نعمت دین ودنیا ہو۔ |
| آپ کو اُڑتے دیکھنا | گناہوں سے بری ہو یا سفر کو جاوے اور سلامت گھر واپس آئے۔ |
| اونٹ کا گوشت کھانا | بیماری اُٹھائے لیکن روزی حلال ہاتھ آئے۔ |
| اذان کہنا | اگر حج کا مہینہ ہے تو کبھی حج نصیب ہوگا اور اگر غیر ایام حج میں دیکھے اور قربت زمانہ حج ہے تو نیک باتوں کا چرچا کرے گا اور اگر یہ دیکھے کہ وہ کلمہ اذان میں کہتا ہے جن کو خود نہیں جانتا تو وہ چور ہوگا۔ |
| انڈا دیکھنا اور انڈے کا مالک ہونا | اگر کسی نے انڈا پایا اور یہ نہیں معلوم کہ کس چڑیا کا ہے تو عورت پانے کی دلیل ہے۔ |
| انڈے کھانا | اگر خاکینہ یا کسی اور عورت سے پکا کر کھایا ہے تو مال صالح سے تعبیر ہے اگر خام یا کچا تناول کیا ہے تو مال حرام سے تعبیر ہے اور کسی انڈے کا چھلکا یا سفیدی بدون زردی کے کھائی ہے تو مال مردے یا مقتول کا پائے گا۔ |
| اشرفی کا دیکھنا | لڑکا پیدا ہو یا نفع تجارت ہو اور رتبہ بلند ہو۔ |
| انگوٹھی پہننا | کسی عہدے پر سرفراز ہو یا کسی حسینہ سے عقد نکاح ہو۔ |
| انگوٹھی کا بیچ ڈالنا | عورت کی جدائی کا صدمہ اُٹھائے۔ |
| انگوٹھی کھو جانا | حکومت جاتی رہے قدر و منزلت جاتی رہے۔ |
| انگوٹھی سونے کی | عورتوں کو بہت خوب ہے اور مردوں کیلئے نازیب ہے |

| | |
|---|---|
| بلا نگینہ دیکھنا | بلکہ برائی کی علامت ہے۔ |
| اُلو دیکھنا | مال جانے سے تعبیر ہے۔ |
| آم کھانا | تونگری کی دلیل ہے صاحب اولاد ہو۔ |
| آہن دیکھنا | خوشی پیدا ہو یا صاحب اولاد ہو۔ |
| آسمان سے شہد یا سرکہ خواہ روغن یا مثل اس کے دیکھنا | یہ سب چیزیں خیر و برکت کی دلیل ہیں۔ |
| آسمان پر قوس وقزح دیکھنا | اگر وہ سبز رنگ ہو امن و امان ہے اور اگر زرد رنگ ہے تو مرض کی دلیل ہے اور سرخ ہے تو دلیل خونریزی کی اور بعضوں نے سرخ نکاح سے تعبیر کیا ہے۔ |
| اذان بے وقت کہنا | ظالم کے ظلم و جور میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ یا کوئی تہمت لگے کہ صاحب خواب محض بے گناہ ہوگا۔ |
| اذان راستے میں کہتے جانا | حج کرنے کی دلیل ہے۔ |
| انار شیریں کھانا | بمعنی مال کے ہیں بلکہ ہر میوے سے دلیل کہ دنیا میں خوشی ہوگی۔ |
| انار ترش کھانا | رنج و غم کی دلیل ہے بلکہ جملہ میوہ ہائے ترش کی یہی تعبیر ہے |
| انگور سفید سیاہ کا دیکھنا | اگر موسم یا فصل میں دیکھے تو خیر و برکت کی نشانی ہے اور بے فصل دیکھنا مرض یا رنج کی دلیل ہے۔ |
| انگور کا شیرہ نکالنا | انگور کا شیرہ نکلتے دیکھنا خوشی کی دلیل ہے۔ |
| انار میٹھا دیکھنا | نیک نامی اور شادمانی کی دلیل ہے۔ |
| آنکھ کا دیکھنا | اگر دیکھا ہے کہ آنکھ کی روشنی میں زیادتی ہے تو گویا اس |

| | |
|---|---|
| | کے دین میں ترقی ہے' کمی دیکھنا دین کی کمی پر دلیل ہے۔ |
| انگلیوں کا دیکھنا | مقصد سے دور رہنے کی دلیل ہے۔ |
| انگلیوں کا الگ الگ دیکھنا | عزیز و اقارب جدا ہوں' تکلیف سے زندگی بسر ہو۔ |
| آگ بغیر دھویں کے روشن دیکھنا | بادشاہ یا حاکم کی زیارت ہو۔ رتبہ بلند ہو' تمام فکروں سے نجات ہو۔ |
| آگ کا کھانا | مال حرام کھائے گا' پشیمانی اُٹھائے گا' یہی تعبیر آگ اٹھانے کی ہے۔ |
| آگ جلانے کا پکانا | فضول خرچی سے نجات ہو' نفع بے حساب ہو۔ |
| آگ سے کپڑا جلتے دیکھنا | آنکھ کے نقصان کی دلیل ہے۔ |
| آئینہ دیکھنا | دین دنیا کی مرادیں حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ اگر عورت حاملہ ہو تو پسر پیدا ہونے کی دلیل ہے اور عورت نے دیکھا تو لڑکی پیدا ہو۔ |
| آبِ زمزم پینا | علم اشرف حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| اولے کا میدان دیکھنا | دشمن بدخواہ بہت ہوں۔ |
| اولا کھانا | باعث پریشانی و حیرانی ہے اور کبھی خوشی و شادمانی کی بھی تعبیر ہے۔ |
| اولے کو گرتے دیکھنا | اگر خلاف موسم میں دیکھے تو نقصان اُٹھائے اور موسم میں دیکھے تو فائدہ کثیر اُٹھائے۔ |
| آندھی کا دیکھنا | رنج و غم کی دلیل ہے۔ |
| آندھی کا آنا اور بجلی گرنا | کوئی بلا آنے والی ہو یا وبا پھیلے۔ |

| | |
|---|---|
| اونٹ کا دیکھنا | اگر قبضہ میں ہے تو دنیا تابع ہوگی یعنی دنیا سے بے نیاز ہوگا اور اونٹوں کی قطار دیکھنے سے بھی وہی تعبیر ہے۔ |
| اونٹ کو جستہ کناں دیکھنا | کوئی بلا آسمانی نازل ہونے والی ہے۔ |
| اونٹ پر آپ کو سوار دیکھنا | سفر کی دلیل ہے یا حج کی نعمت ہاتھ آئے۔ |
| انجیر دیکھنا | مالدار ہونے کی دلیل ہے۔ |
| انجیر کا پتہ دیکھنا | خوب نہیں صاحب کے لئے۔ |
| انجیر کا کھانا | مال تو ملے گا لیکن حسرت ویاس سے خالی نہیں۔ |
| امرود کا کھانا یا دیکھنا | اگر شیریں ہے تو دنیا میں نعمت حاصل ہو۔ اگر ترش ہے تو مرض ہونے کی دلیل ہے۔ |
| اخروٹ کھانا | تجارت میں نفع ہو۔ |
| الائچی دیکھنا خواہ کھانا | صاحب خواب کی تعریف وثنا اور نیک کام ہونے کی دلیل ہے اور مال پانے یا حاصل ہونے کی دلیل ہے اور زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی دلیل ہے۔ |
| اینٹ کا دیکھنا | اگر کوری خشک پیرایہ سے نکلی ملی ہے تو خزانہ ملنے کی دلیل ہے۔ |
| اینٹ کا دیوار سے نکل جانا | کوئی مرد وہاں سے کوچ کر جائے گا یا کوئی عورت خاص گھر چھوڑ کر چلی جائے گی۔ |

# ردیف "ب"

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| بچھو کا گوشت کھانا | اپنے دشمن سے مال پانے کی دلیل ہے۔ |
| بچھو کو لحاف و کپڑے و ہر چیز میں گھسے دیکھنا | اس کا کوئی دشمن ایسا ہے جو باتیں صاحب خواب کی لوگوں کو غیبت میں پہنچاتا ہے۔ |
| بدن میں ناسور دانے | یہ تمام مال دستیاب ہونے کی دلیل ہے اور کوڑھ سفید داغ کا دیکھنا۔ |
| دنبل قرحہ زخم دیکھنا | یہی مال پر دلالت کرتا ہے۔ |
| بال زیر ناک کم یا زیادہ دیکھنا | اگر بال زیر ناف کم دیکھے مال پاک اور حلال ملنے کی دلیل ہے اور بکثرت یا دراز دیکھنا حرام مال کی دلیل ہے۔ |
| برہنہ بدن دیکھنا | اگر ایسی حالت میں خلق اس کو ملامت نہیں کرتی تو تعبیر اس کی بہتر ہوگی کہ کشائش اور نجات مرض سے ہوگی اور اپنے گناہوں سے پاک ہوگا اگر قرض دار ہے تو قرض ادا ہوگا۔ |
| بچھو کا ڈنک مارتے دیکھنا | بچھو بمنزلہ دشمن کے ہے چنانچہ جس نے دیکھا کہ بچھو نے ڈنک مارا ہے تو اس کا کوئی دشمن ہے کہ زبان سے اس کے تئیں ایسی غیبت میں باتیں کرے گا جس سے اس کو تکلیف پہنچے۔ |
| بچھو کا مار ڈالنا | دشمن پر ظفریاب ہونے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| بچھو سے دوسروں کو کٹوانا | صاحب خواب دوسروں کی غیبت کرتا ہے پرہیز کرے۔ |
| بزرگان' زاہد عابد مرد نیک یا فقرا کو دیکھنا | نیکی زیادہ ہو' خیر و برکت ہو' عنایت و رحمت خدا ہو۔ |
| بادشاہ کو مہربان دیکھنا | عزت و توقیر بڑھے اور نعمت دنیا ملنے کی دلیل ہے اور بادشاہ کے ساتھ کھانے کی بھی یہی تعبیر ہے۔ |
| بادشاہ کی میت دیکھنا | ملک خراب ہو۔ |
| بادام کا دیکھنا | دوستوں سے فائدہ ہو' غیب سے روزی نصیب ہو' ہمیشہ خوش رہے۔ |
| باغ کا دیکھنا | اگر خشک ہے تو باعث رنج ملال ہے اگر سرسبز دیکھے موجب دولت وجاہ و اقبال ہے۔ |
| باغ کی سیر کرنا | جنتی ہونے کی دلیل ہے یا کسی حسینہ عورت سے کچھ حاصل ہونے کی اُمید ہے۔ |
| باغ کا دروازہ بند کرتے دیکھنا | رزق میں تنگی ہو یا طلاق عورت کو ہو۔ |
| باغ آم انگور وغیرہ میوہ دار کا لگانا خواب میں | شرف و عزت کی دلیل ہے اور خاردار درختان کا لگانا برعکس اس کے ہے۔ |
| بادشاہ کو غصہ میں دیکھنا | رنج و غم کی نشانی ہے۔ |
| بالوں کو کھلے ہوئے چہرے تک دیکھنا | تونگر و مفلس دونوں کیلئے وبال جان ہے۔ |
| بال سر کے گرتے دیکھنا | دولت ملنے کی دلیل ہے اور اگر قرض دار ہے تو ادائیگی قرض کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| بال اپنے ہاتھ سے مونڈنا اور سر صاف کرنا | خلق کی نظروں سے گر جانے کی دلیل ہے۔ |
| بال سر کے کھلے دیکھنا | عورت کیلئے شادی کی دلیل ہے۔ |
| بال سر کے سفید دیکھنا | سبب خیر و برکت وزیادتی عمر وحرمت کی دلیل ہے اور اگر سیاہ دیکھے تو غربت کیلئے انسب ہے اور غنی کیلئے خطرہ ہے |
| بال سر کے دراز دیکھنا | اگر صاحب خواب تاجر ہے تو اس کے مال میں زیادتی ہوگی اور اگر وہ کاشتکار ہے تو اس کی کاشت میں افزونی ہوگی اگر ان میں سے کوئی نہیں ہے تو اس کے لئے بہتر نہیں ہے۔ |
| بال داڑھی حد سے زائد دیکھنا | صاحب کیلئے رنج وغم کی نشانی ہے۔ |
| بال و سر و داڑھی میں روغن لگانا | اگر روغن خوشبودار ہے اور حد مقدار پر لگایا ہے تو صاحب خواب کی زینت خوب ہوگی اور زائد روغن لگایا ہے یعنی چہرے پر بہا ہے تو تعبیر اس کی برعکس ہے اچھی نہیں ہے |
| بال داڑھی منڈ جانا | جو مرتبہ لوگوں کے درمیان اس کا ہے وہ جاتا رہے گا اسی طرح اگر سر و داڑھی کے بال منڈ گئے یا نوچ ڈالے گئے ساتھ ہی اس کا قرض ادا ہوگا۔ |
| بال سفید وسیاہ یعنی کھچڑی دیکھنا | فرزند پیدا ہونے کی دلیل ہے اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اس کے حق میں بہتر نہیں ہے۔ |
| بال سر کے پریشان اگر عورت دیکھے | تو اس کا شوہر غائب حاضر ہوگا اور اس کے شوہر نہیں ہے تو نکاح کرے گی۔ |

| | |
|---|---|
| بال سر کے اگر عورت دیکھے کہ اسکے کوئی تراشتا ہے | تو اس کا شوہر اس کو طلاق دے گا اور اگر مرد دیکھے اپنی عورت کے بال سر کے مونڈے ہیں تو اس کے اولاد نہ ہوگی۔ |
| بال زبان پر دیکھنا | رنج وغم کی نشانی ہے۔ |
| بال داڑھی میں نکلے ہوئے عورت دیکھے | تو اس کا شوہر آ جائے گا اور اگر موجود ہے تو سفر کرے گا اور جو بیوہ ہے تو نکاح کرے گی اور جو حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا اور وہ لڑکا سردار ہوگا۔ |
| نابالغ کو دیکھنا بال داڑھی کے | اگر لڑکے نے دیکھا کہ میرے داڑھی نکلی ہے تو بالغی سے پہلے مر جائے گا۔ |
| بازو کھلے کسی عورت اجنبی کو دیکھنا | تو صاحب خواب مال دنیا سے آسودہ ہو جائے گا۔ |
| بول و براز خواب میں دیکھنا | مال حرام ملنے کی دلیل ہے۔ |
| بیل فربہ کا دیکھنا کہ ہاتھ آیا ہے | تو موافق فربہی اس بیل کے صاحب خواب کو نفع بہت ہوگا۔ |
| بیل برنگ زرد یا سرخ کا دیکھنا | بال سے لدے ہوئے کسی شہر یا موضع میں آتے ہوئے دیکھنا اور بلا وارث کے ہے تو اس پر مرض آنے والا ہے۔ |
| بکریاں بہت پالنا | کسی جماعت کا حاکم ہونا۔ |
| بیمار بجلی اور مینہ دیکھے | تو شفا حاصل ہو اور جو مقروض ہو تو قرض ادا ہو جائے اور قیدی ہو تو چھوٹ جائے۔ |
| باغ سبز دیکھنا | اگر غیر معلوم ہے تو اسلام اور خوشخبری ہے۔ |

| | |
|---|---|
| بیل کالاغر دیکھنا | بیماری یا موت یا گرانی غلہ کی دلیل ہے۔ اور یہی تعبیر گوشت سے ہے۔ |
| بکری چرانا | حکومت ہاتھ آئے اور دودھ پینا مال سے تعبیر ہے۔ |
| بکریوں کا گلہ دیکھنا | حکومت ہاتھ آئے عزیز واقارب میں باعزت ہو۔ |
| بھیڑی دیکھنا | نکاح کی دلیل ہے' بھیڑ کو قتل کرنا عورت کو طلاق دینا ہے |
| بیل کا گوشت کھانا | روزی مشقت سے ملے گی مگر حلال ہوگی۔ |
| بھینس کا دیکھنا | رنج وغم کی دلیل ہے۔ |
| باران رحمت ہونا | سال فراخ ہو' غلہ ارزانی پر ہے۔ |
| بھیڑیا دیکھنا | حاکم وقت ظالم سے سامنا ہو۔ |
| بالائی کھانا | کہیں سے روپیہ ہاتھ آئے مفت عیش اُٹھائے اور بعض نے تعبیر اس کے برعکس کہی۔ |
| باز چڑیا دیکھنا | دشمن پر فتح پائے۔ |
| بھوکا آپ کو دیکھنا | حیرانی و پریشانی وقرضداری کی نشانی ہے۔ |
| باورچی کا دیکھنا | کثرت نعمت مال کی دلیل ہے۔ |
| بیابان میں چلنا کھانا | |
| بندریا بلی کا دیکھنا | دشمن سے امن رہنے کی دلیل ہے۔ |
| بہشت یا بہشت کی نعمتوں کو دیکھنا | تقویٰ پرہیزگاری اعمال نیک اور بہشت میں بعد مرنے کے داخل ہونیکی کی دلیل ہے۔ |
| باجرہ دیکھنا یا کھانا | خوب نہیں صاحب خواب کیلئے |
| بکری کا دودھ پینا خراب | دنیا میں عیش وعشرت سے گزر ہو۔ |

| | |
|---|---|
| بالوں میں کنگھی کرتے دیکھنا | خوب نہیں ہے۔ |
| بندر خواہ بلی کا بچہ مارنا | کم عمری کی دلیل ہے یا بیماری کی علامت ہے۔ |
| بزاز کو دیکھنا | خواب میں بزاز کو دیکھنا مرتبہ اعلیٰ کی دلیل ہے اور یہ دیکھے کہ بزاز کپڑا فروخت کرتا ہے تو کسی سے دشمنی پیش آئے۔ |

# ردیف ''پ''

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| پانی کا کنویں سے جوش کرنا | پاکیزہ مال سے اللہ تعالیٰ برکت دے گا۔ |
| پانی کھاتے پیتے دیکھنا | دین و دنیا میں ترقی ہو۔ |
| پانی سے کنواں خالی ہو جانا | مال تلف ہو جانا قدرے باقی رہ جانا رنج اُٹھانا۔ |
| پانی کنویں سے نکال کر درخت میں دینا | یتیموں کی پرورش کرنے کی دلیل ہے۔ |
| پل صراط دیکھنا | دنیا سے نفرت ہو نیک کاموں کی طرف رغبت ہو۔ |
| پیسہ پانا | حیرانی و پریشانی کی نشانی ہے۔ |
| پارہ پانا | روپیہ کثیر پائے مگر بلا ضرورت خرچ ہو جائے۔ |
| پاخانہ پھرنا | دین سے خالی ہو مگر دنیا حصول ہو۔ |
| پان کھانا | عزت و آبرو بڑھنے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| پریاں دیکھنا | علم وعرفان حاصل ہواور ترقی دین ودنیا ہو۔ |
| پیشاب خون کا گرنا | پیٹ میں بچہ مرجائے یا عارضہ سخت اُٹھائے صحت ہوجائے |
| پیپ بدن سے جاری دیکھنا | اگر بیمار ہوتو صحت ہو مالدار پریشان ہو غریب کوآزادی ہو |
| پیاسا آپ کو دیکھنا | دنیا کی حرص بڑھے دین میں خلل پڑے۔ |
| پہننے کا کپڑا پرانا دیکھنا | افلاس اور تردد بڑھے۔ |
| پیوندی بیر دیکھنا | لڑکا پیدا ہو عزت بڑھے۔ |
| پاؤں دیکھنا | سفر کی علامت ہے۔ |
| پہاڑ دیکھنا | دشمن پر فتح مندی کی دلیل ہے۔ |
| پہاڑ پر چڑھنا | دولت پانے کی دلیل ہے اور رفعت بلندی کی نشانی ہے |
| پہاڑ کو ڈھانا | کسی ظالم کی بنیاد کو ڈھائے گا یا کسی کو ہلاک کرے گا۔ |
| پانی پر چلنا | دولت ملنے کی دلیل ہے۔ |
| پھول دیکھنا سرخ | اگر باغ میں دیکھے فرزند پیدا ہو یا کوئی خوشی حاصل ہو دونوں جہاں میں بہتری ہو۔ |
| پانی کے اندر کھڑے ہونا | تندرستی کی دلیل ہے۔ |
| پرندوں کا دیکھنا | بزرگی کی دلیل ہے۔ |
| پھول دیکھنا سفید | راحت وآرام ملے۔ |
| پھول گلاب چنبیلی وغیرہ کا دیکھنا | خوشی کی علامت ہے اور نیک نامی کی دلیل ہے۔ |
| پائجامہ پھٹا دیکھنا | زوجہ کو طلاق دے گا۔ |
| پیالہ دیکھنا | زیادہ رزق کی دلیل ہے۔ |
| پاؤں زمین پر مارنا یا پاؤں دیکھنا | رنج وغم کی نشانی ہے۔ |

پیٹ خواہ پیٹھ کا دیکھنا: تجارت سے نفع ہو، معین و مددگار غیب سے پیدا ہو، مال اور فرزند سے زینت ہو۔

پانی پر راستہ چلنا: کسی پر غالب ہونے کی دلیل ہے۔

پہننا نعلین: اگر خواب میں کوئی شخص جوتی پہنے گا تو عورت خوبصورت سے عقد کرے گا اور اگر جوتی پیر سے اُتار دے گا تو عورت کو طلاق دے گا۔

پائخانہ پھرنا: تعبیر اس کی مال حرام سے ہے لیکن جتنی بدبو زائد ہوگی اتنا ہی مال حرام کا ہوگا اور جتنی بدبو میں کمی ہوگی گناہوں میں بھی کمی ہوگی۔

پگڑی دیکھنا خواہ باندھنا: عورت بدصورت ملے یا لڑکی پیدا ہو، مال کثرت سے ملے

پہاڑوں پر چڑھنا: بلند مرتبہ پر پہنچنے کی دلیل ہے۔

پھلواری کی سیر کرنا: خیر کثیر اور علوم مرتبت پر دلیل ہے۔

پیرزن کو دیکھنا: اگر وہ غیر معلوم ہے تو اسی سال کے کمال اور نقصان سے تعبیر ہے۔

پیشاب کرتے دیکھنا: اگر سختی میں ہے تو حق تعالیٰ اس کو کشائش دے گا اور اگر قرضدار ہے تو اس کا قرض ادا ہوگا اور اگر مالدار ہے تو اس کے مال میں نقصان و زوال آئے گا بقدر زیادتی پیشاب کے۔

پائخانہ دیکھنا: رزق میں افزونی ہو اگر نوچے چھٹے ہوں تو پریشانی کی دلیل ہے۔

# ردیف ''ت''

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| تاروں کا زمین پر گرتے دیکھنا | جس جگہ وہ ستارے گرتے دیکھا ہے اس جگہ نزول عذاب الٰہی ہو۔ |
| تاروں کا ٹوٹتے دیکھنا آسمان پر | اگر صاحب خواب تونگر ہے محتاج ہو جائے گا اور اگر محتاج ہے تو شہید ہو جائے گا۔ |
| تخت پر بیٹھنا یا دیکھنا | صاحب رتبہ ہو یا حاکم صاحب عزت ہو۔ |
| تھوک بہتے منہ سے دیکھنا | خست اور بخل کی دلیل ہے۔ |
| تیر مارنا | بیوتوں میں عزت پائے اُمید دلی برآئے۔ |
| تیتر چڑیا دیکھنا | مال ملنے کی امید ہے یا ترقی اقبال کی دلیل ہے۔ |
| تابوت جنازہ اپنا دیکھنا | زیادتی زندگی کی دلیل ہے۔ |
| تبسم ہونا یعنی مسکرانا | رنج وغم کی نشانی ہے۔ |
| تعویذ پانا | آسیب میں مبتلا ہو۔ |
| تکیہ چبانا | بزرگی پائے اور بزرگوں میں شامل ہو جائے۔ |
| تِل چبانا | چوری میں مبتلا ہو۔ |
| تنور پانا | ترقی دولت ہو۔ |
| تاج دیکھنا یا پانا | اگر کسی بزرگ سے پائے تارک الدنیا ہو جائے۔ بادشاہ سے پائے حکومت ملے۔ |
| تلوار دیکھنا | عورت یا بادشاہ خواہ اولاد سے مراد ہے یا افزائش |

| | |
|---|---|
| | جودوسخا سے مراد ہے۔ |
| تلوار سے لڑنا یعنی مقابلہ کرنا | یہ رتبہ بلندی کی دلیل ہے۔ |
| تلوار کا ملنا اور تلوار کا بلند کرنا | اگر کسی نے دیکھا کہ تلوار کو بلند کیا ہے اور کسی کو اس سے مارا نہیں ہے تو صاحب خواب کا رتبہ بلند ہو گا یا اس کے گھر دختر نیک پیدا ہو گی۔ پسر کے مرنے پر دلیل ہے اور اگر تلوار کا قبضہ ٹوٹ گیا ہے تو اس کا پدر خواہ چچا مر جائے گا اسی طرح اگر کسی نے دیکھا کہ تلوار کی نوک ٹوٹ گئی ہے تو اس کی دادی خواہ ماں یا خالہ کا انتقال ہو گا یا کوئی عورت قریب رشتہ کی فوت ہو گی۔ |
| تلوار کا کند ہو جانا دیکھنا | صاحب خواب کے نفع کی راہ بند ہونے کی دلیل ہے۔ |
| تیر پر قابض ہو یا تیر پانا | غلبہ عزت و شرف کی دلیل ہے۔ |
| تیر مارنا | کوئی کتاب یا تحریر ایسی جگہ لکھے گا جس سے لوگوں کو رنج ہو گا۔ |
| تیر معہ کمان کے پانا خواب میں | دشمن پر غلبہ پائے۔ |

## ردیف "ٹ"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ٹڈی دیکھنا | کہیں کا سردار ہو آمدنی کثیر ہو۔ |
| ٹھلیا دیکھنا | عورت نیک بخت ہاتھ آئے۔ |
| ٹٹو پر سوار ہونا | سفر تجارت کا کرے۔ |
| ٹوپی کا دیکھنا | حکومت یا سرداری کی دلیل ہے۔ |
| ٹیلوں پر چڑھنا | رتبہ بلند ہو عزت بڑھنے کی دلیل ہے ایسی کسی بلندی پر چڑھنا بھی رتبہ کی بلندی دلیل ہے۔ |

## ردیف "ث"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ثور بیل دیکھنا | صاحب خواب کے لئے بہتر نہیں ہے۔ |
| ثمر خام دیکھنا | کوئی کام اختتام کو نہ پہنچنا' نا کام رہ جانا۔ |

# ردیف "ج"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| جنات کے ساتھ آپکو دیکھنا | کہیں فریب میں پھنسنے کی اور نقصان کی دلیل ہے۔ |
| جَو کا دیکھنا | حلال روزی نصیب ہوگی مگر تھوڑی مصیبت کے بعد۔ |
| جواہر کا دیکھنا | اللہ کی یاد میں مشغول ہونے اور مال ملنے کی دلیل ہے۔ |
| جھنڈا دیکھنا | عالم ذی وقار ہو قوم کا سردار ہو خواہ خزانہ ملے۔ |
| جھنڈا سفید کا دیکھنا | توانگر صاحب عزت ہونے کی دلیل ہے۔ |
| جھنڈا سبز | کہیں جا کر مصیبت اٹھائے مگر سلامت گھر واپس آئے |
| جھنڈا سرخ | نیک نام مشہور ہو اور خوشی حاصل ہو۔ |
| جھنڈا زرد | بیمار ہو کر صحت حاصل ہو۔ |
| جھنڈا سیاہ | جدھر جائے ظفریاب ہو لوگ عزت کریں۔ |
| جماع کرتے دیکھنا | ترقی مال اور زینت دنیا کی علامت ہے۔ |
| جماع مردے سے کرنا | جس کام میں مایوس ہو چکا ہے اس کا انجام ہو۔ |
| جماع مردے کو اپنے ساتھ کرتے دیکھنا | راحت و آرام سے زندگی بسر ہو عزیزوں سے نفع ہو۔ |
| جنگل ہرا دیکھنا | دافع رنج و الم ہو مسرت کا سامنا ہو اور خشک دیکھنا برعکس ہے۔ |
| جہاد کرنا | دنیا و آخرت میں عزت ملنے کی دلیل ہے۔ |
| جونک دیکھنا | بیماری کی علامت ہے۔ |

| | |
|---|---|
| جوان دیکھنا | کمزوری کی علامت ہے۔ |
| جوتا پہننا | کنیز خواہ حسینہ عورت سے وصل ہو۔ |
| جوتا تنگ پہننا | اپنی عورت سے جنگ کرنے کی دلیل ہے۔یعنی عورت تنگ کرے۔ |
| جوتا پیر سے اُتارنا | عورت کو طلاق دینے پر دلیل ہے۔ |
| جوتا کا ٹوٹ جانا یا پھٹ جانا | صاحب خواب کی زوجہ کا انتقال ہو نہایت ملال ہو۔ |
| جوتا ایک پھٹ جانا یا چھن جانا | برادر حقیقی کے مرنے کے آثار ہیں۔ |
| جامۂ فیروزی کا پہننا | صاحب خواب کیلئے نہایت مبارک ہو نصیبہ زور آور ہو۔ اسی طرح اگر کسی نے دیکھا کہ جامہ سیاہ رنگ کا پہنا ہے تو بھی اس کی زندگی خوشگوار گزرے گی۔ |
| جامۂ سرخ کا پہننا | صاحب خواب کو حاکم خواہ بادشاہ سے خطرہ ہو۔ |
| جامۂ سبز | صاحب خواب کو نعمت زر حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |

# ردیف "چ"

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| چیونٹیوں کو گھر آتے دیکھنا | مال کثیر ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔ |
| چشمہ دیکھنا | خیر و برکت اور نعمت پر دلیل ہے۔ |
| چھت کو اپنے اوپر گری دیکھنا | کسی بزرگ سے رنج پہنچنے کی دلیل ہے یا کوئی بزرگ سفر سے گھر واپس آئے گا۔ |
| چاندی کا دیکھنا | مال حلال پر دلیل ہے۔ |
| چاندی کی انگوٹھی پہننا | اپنی ہی لیاقت کے موافق عزت و بزرگی ملے یا کسی عورت حسینہ سے عقد ہو یا فرزند پیدا ہو۔ |
| چراغ روشن دیکھنا | درازی عمر اور تندرستی سے دلیل ہے اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی کی بھی دلیل ہے اور مفلس ہو تو تونگری اور بیکار ہو تو با کار ہونے سے بھی دلیل ہے۔ |
| چاند دیکھنا | بزرگی و عقلمندی خواہ حکیم حکمت کی دلیل ہے۔ یا عورت ملے یا اولاد سے بھی دلیل ہے۔ |
| چاند گہن دیکھنا | غلہ کی گرانی ہو یا عورت کا اسقاط حمل ہو تو روزی تنگ ہو یا حاکم وقت پر کوئی آفت آئے۔ |
| چاندنی کھلی دیکھنا | منفعت اور دولت ملے عزت سے زندگی بسر ہو افزونی نعمت اور دولت ہو۔ |
| چاند کو آغوش میں لینا | اولاد پیدا ہونے کی بشارت ہے۔ |

| | |
|---|---|
| چاند کا اپنے پاس آتے دیکھنا | لڑکا پیدا ہونے کی بشارت ہے یا کہیں کا حاکم وقت ہو۔ |
| چوہا دیکھنا | عورت بدسیرت اور بدصورت پائے، تمام عمر رنج اُٹھائے |
| چوکھٹ چومنا | عورت کا تابع ہو راہ سے بے راہ ہو یا کسی کی محبت میں ذلیل وخوار ہو۔ |
| چھال درخت کی کھانا | افلاسی کی دلیل ہے۔ |
| چادر دیکھنا | نیک بی بی ہاتھ آئے۔ |
| چھت دیکھنا | رتبہ بلند ہو صاحب دولت ہو۔ |
| چاول دیکھنا | بعد چندے مصیبت راحت حاصل ہو۔ |
| چھوٹے چھوٹے پرندوں کو دیکھنا | خوش دلی کی دلیل ہے۔ |
| چھینکنا | جس مطلب میں شک پڑ جائے وہ شک بے شک وشبہ پوری ہو۔ |
| چھاگل دیکھنا | صاحب خواب کیلئے بہتر نہیں۔ |
| چھڑی دیکھنا | دشمن خود مارا جائے۔ |
| چھاتی دیکھنا | شادی ہو، کثرت اولاد لڑکیوں کی ہو۔ |
| چیتے کے مقابل سے بھاگتے دیکھنا | فتح مندی اور مقصد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| چوہے کو دیکھنا کہ کوئی چیز گھر کی کھاتا ہے | تو صاحب خواب کی عمر کے نقصان کی دلیل ہے۔ |
| چیل کا دیکھنا | درازی بیماری ہو۔ |
| چھاچھ | فکر پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| چھوٹی ہونا داڑھی کا | عزت وآبرو کم ہونے کی دلیل ہے۔ |
| چکور کا دیکھنا | عورت خوبصورت اور پارسا پر دلیل ہے۔ |

## ردیف ''ح''

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| حوض کا دیکھنا | خیر وبرکت ونعمت پر دلیل ہے۔ |
| حمام میں غسل کرنا | فکر وغم سے رہا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| حمام بلا پانی کے دیکھنا | عورتوں سے رنج پہنچے۔ |
| حلال جانوروں (گائے بکری وغیرہ) | روزی حلال اور طریق پسندیدہ نیک کاموں پر دلیل ہے اور جن جانوروں کا گوشت حرام ہے۔اس کا دودھ پینا بیماری اور فکر کی دلیل ہے۔ |
| حرم شریف دیکھنا | ہم چشموں میں توقیر وعزت ہو۔ |
| حیض سے پاک ہوکر غسل کرنا | اگر بیمار ہے صحت کی دلیل ہے اور مغفرت کی دلیل ہے۔ |
| حیض سے نہ ہو اور حائض دیکھے | اس سے کوئی گناہ سرزد ہونے کی دلیل ہے۔ |
| حمام بنانا | دشمن تباہ ہوں یا عورت نیک ہاتھ آئے۔ |
| حلال کرنا جانوروں کا | حاکم وقت سے نفع کی اُمید ہے یا کار خیر کرنے کی اُمید ہے |
| حلوہ کھانا | جہالت سے دور ہو راحت حصول ہو۔ |
| حجامت بنوانا | خاندان میں کوئی آفت آئے |
| حصار یعنی قلعہ کا دیکھنا | اگر کوئی شخص قلعہ میں محصور ہو تو سردار قوم یا نئے یاروں سے ہم آغوش ہو یا دین کا محافظ ہو۔ |

| | |
|---|---|
| حمام میں پیشاب کرنا | مریض ہو یا کوئی اور سختی اُٹھائے۔ |
| حجام کو دیکھنا | مالدار کیلئے اچھا نہیں ہے مال کو نقصان ہو اور کوئی رنج ہو |
| حمار یعنی گدھے کا خواب میں دیکھنا | اگر حمار پر سوار دیکھے اور حمار کو اپنے قبضے میں دیکھے تو اس کی کوشش کامیاب ہے جو وہ کر رہا ہے اور تعبیر مال و زر سے بھی ہے۔ |

## ردیف ''خ''

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| خوان کھانے سے بھرا دیکھنا | عیش حاصل ہونے پر اور درازی عمر پر دلیل ہے۔ |
| خچر کو خواب میں دیکھنا | سفر کی دلیل ہے۔ |
| خاک کا کھانا | مال بہت ملنے کی دلیل یا تو معاش کی تکلیف اُٹھانے کی نشانی ہے۔ |
| خاک پر چلنا | دولت مند ہونے کی دلیل ہے۔ |
| خمیر کا دیکھنا | سخی ہو فقراء کو فائدہ پہنچے اولاد زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| خچر کا دودھ پینا | تنگی معاش کی دلیل ہے۔ |
| ختنہ کرنا یا کرتے دیکھنا | گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے۔ اور روپیہ و نعمت سے خوش ہونے پر۔ |
| خرگوش دیکھنا | عورت ملنے سے تعبیر ہے۔ |
| خچر کا گوشت کھانا | خراب عورت کا مال ہاتھ آئے اور بے جا صرف ہو جائے |

| | |
|---|---|
| خچر پر سوار ہوتے دیکھنا | مالک خچر کی عورت سے خیانت کرنا۔ |
| خربوزہ کھانا | دولت ہاتھ آنے کی دلیل ہے لیکن جلد ہی صرف ہونے کی بھی سبیل ہے۔ |
| خرما کھانا | حاجی ہونے کی دلیل ہے اور جو دُعا کرے قبول ہونے کی بھی اُمید ہے۔ |
| خون اپنے جسم سے بغیر زخم کے بہتا دیکھنا | اگر کسی نے دیکھا کہ جسم سے خون یا پیپ جاری ہے اور تمام جسم آلودہ ہو گیا ہے تو مال حرام ملنے کی دلیل ہے۔ جس حیثیت سے خون یا پیپ جاری تھا کمی بیشی۔ |
| خوش آپ کو دیکھنا | رنج وغم کی نشانی ہے اور رنج وغم کا دیکھنا نہایت شادمانی ہے۔ |

## ردیف "د"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| دانت گرتے دیکھنا | راحت وآرام اور عمر دراز ہونے کی دلیل ہے۔ |
| دانت سونے چاندی کا دیکھنا | بیماری کی علامت ہے۔ |
| دانتوں کو روشن یا خوبصورت دیکھنا | نیکی فال پر دلیل ہے۔ |
| دانت اپنا گرتے دیکھنا | کوئی عزیز مر جائے یا کوئی رنج کا سامنا ہو۔ |
| دانت سیاہ دیکھنا | مرنے کی دلیل ہے۔ |
| دانت پتھر یا موم یا | صاحب خواب کی وفات کی نشانی ہے یا باعث ہلاکت و |

| | |
|---|---|
| لکڑی کے دیکھنا | مصیبت ہے۔ صدقہ دینا چاہیئے واضح ہو کہ دانتوں کا دیکھنا گھر کے آدمیوں پر دلیل ہے جیسے دو اوپر کے دو نیچے کے سامنے والے ان چاروں کو دیکھنا بیٹوں اور بھائیوں اور بہنوں سے منسوب ہے اور جوان چاروں کے متصل ہیں۔ ان دانتوں کا دیکھنا ماموں اور چچا سے نسبت رکھتا ہے اور داڑھیں جن سے کھانا کھایا جاتا ہے اوپر کی باپ کے عزیزوں سے منسوب ہیں اور نیچے کی داڑھیں ماں کے عزیزوں سے منسوب ہیں اسی طرح دانتوں کا نفع نقصان جو جس کے طرف منسوب ہے تعبیر سمجھ لینا چاہیئے |
| دانت چاندی کا دیکھنا | رنج و مصیبت کی دلیل ہے۔ |
| درس دینا | اگر عالم ہے دولت آخرت پاوے گا اگر دنیا کا عالم ہے تو مال دنیا سے مالا مال ہے۔ |
| دوشالا دیکھنا یا پانا | عورت مالدار ہاتھ آئے یا کسی امیر سے عزت ملے۔ |
| دیگ دیکھنا | عورت دیکھے مرد جواں سے عقد ہو۔ مرد دیکھے عورت حسینہ ملے۔ |
| دسترخوان خالی دیکھنا | پریشانی کی دلیل ہے۔ |
| دسترخوان کھانے سے بھرا دیکھنا | ترقی نعمت کی دلیل ہے۔ |
| دوات دیکھنا | عورت مالدار سے عیش نصیب ہو یا زن کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| دودھ کھانا یا دیکھنا | مصیبت یا پشیمانی اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| دہی کھانا | غم والم کی دلیل ہے۔ |
| درخت کے پتے دیکھنا | روپیہ ملے حاکم سے عزت ملے۔ |
| درخت پر چڑھتے دیکھنا | رتبہ بلند ہو بے حد نفع ہو اور اُترتے وقت دیکھنا ذلت و خواری کی دلیل ہے۔ |
| درخت آلو کا دیکھنا | بیماری اُٹھائے یا کسی بلا میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| دروازے کا جل جانا | گھر ویران ہو یا قرض میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| دروازے کے پٹوں کا گر جانا | اگر دو لڑکیاں ہیں دونوں مر جائیں گی' شوہر کے گھر سے نکل جائیں گی۔ |
| دیوار سے گر پڑنا | جس حال میں ہے اس سے گر جائے گا۔ ذلیل و خوار ہونے کی دلیل ہے۔ |
| دروازہ کا کھد جانا | عورت صاحب خانہ کے مر جانے کی دلیل ہے۔ |
| دروازہ دوسرا بنانا | اپنے مکان کے بیچنے کی دلیل ہے۔ یا صاحب کی زوجہ دوسرے سے نکاح کرے۔ |
| درزی کو دیکھنا | اپنے دین کو بیچتا ہے اور دنیا کو خریدتا ہے۔ |
| دریا سے پانی پینا | مرتبہ بڑھ جائے' حاکم وقت سے روپیہ ہاتھ آئے۔ |
| دریا کے پار ہونا | موت کی دلیل ہے۔ |
| دریا خواہ نہر میں غسل کرنا | بیمار ہے تو صحت ہو گناہوں سے پاک ہو' کوئی خوشی کی بات سننے کی دلیل ہے۔ |
| دانت پتھر یا لوہے خواہ لکڑی کے دیکھنا | صاحب خواب کی موت کی نشانی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| دانت سونے کے دیکھنا | مرض میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| دریا یا نہر کی دلدل میں پھنسنا | رنج وغم کی نشانی ہے۔ |
| دریا دیکھنا | دولت وترقی جاہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| دریا کی موج دیکھنا | مشقت اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| دریا کو تاریک دیکھنا | سختی کی نشانی ہے۔ |
| دوپٹہ زنانہ دیکھنا | عورت کو شوہر نیک ملے عزت سے بسر ہو۔ |
| داڑھی نوچی دیکھنا | عورت سے جنگ ہو نہایت تنگ ہو۔ |
| ڈول دیکھنا | اگر خالی ہے تو پریشانی ہے اور بھرا دیکھے تو شادمانی ہے۔ |
| داڑھی گھنی دیکھنا | اگر مفلس ہے تو پریشان حال ہو اور تونگر ہے تو اور خوشحال ہو۔ |
| داڑھی سفید دیکھنا | عزت ووقار کی دلیل ہے۔ |
| داڑھی سیاہ دیکھنا | ہمیشہ دولت اقبال گھر کا غلام رہے۔ |
| داڑھی نکلی ہوئی عورت دیکھے | اگر بیوہ ہے شادی ہوگی اگر شوہر سفر میں ہے واپس آئے گا اور اگر موجود ہے سفر کرے گا اور جو حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا اور وہ لڑکا قوم کا سردار ہوگا۔ |
| داڑھی کا دراز ہونا | عزت ومرتبہ زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| داڑھی کا چھوٹا دیکھنا | عزت وآبرو کم ہونے کی دلیل ہے۔ |
| داڑھی لڑکے کو اپنی نکلی ہوئی دیکھنا | قبل بلوغت انتقال ہوجائے گا۔ |
| داڑھی وسر کو منڈا دیکھنا | رنج ومصیبت شدید اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| دنبی دنبہ کا دیکھنا | اگر دنبی کا مالک ہوا ہے یعنی اس کے ہاتھ آئی ہے تو اس |

| | |
|---|---|
| | کو عورت نیک معہ مال ملنے کی دلیل ہے۔ |
| دنبی کا گھر سے نکل جانا | صاحب خواب کیلئے اس کی بیوی سے کوئی بات درمیان میں ہوگی جس سے بے حد نا خوشی درمیان پیدا ہوگی۔ |
| دولہا اپنے آپ کو دیکھنا | اگر دلہن صاحب خواب کو پہچانتی ہے تو گویا اسی سے عقد ہوگا اور اگر عروس صاحب خواب کے نامزد ہوئی بدون پہچان و معرفت کے تو صاحب خواب کی موت آئے گی' دلیل ہے شہید ہو کر واصل الی اللہ ہوگا۔ |
| دیوانہ اپنے آپ کو دیکھنا | مال ملنے کی دلیل ہے لیکن بے جا صرف ہوگا۔ |
| دہی چھاچھ وغیرہ دیکھنا | فکر و غم کے پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| دستار یعنی پگڑی | دولت و عزت سے مراد ہے۔ |
| دھنئے کو دیکھنا | نیک عمل کرنے کی دلیل ہے۔ |
| دھوبی کو دیکھنا | بغض و عداوت اور معاصی کی دلیل ہے۔ |

## ردیف "ذ"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ذکر خدا کرتے دیکھنا | مرشد یا عابد خواہ موحد ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ذکر یعنی اعضائے تناسل کا دراز دیکھنا | کثیر اولاد ہوگا' اگر عورت نہیں تو زن جمیلہ سے نکاح کرے گا' عورت دیکھے لڑکا پیدا ہو۔ |
| ذکر کا کٹا ہوا دیکھنا | اولاد مر جائے گی یا خود صاحب خواب کی موت کی دلیل ہے |

## ردیف "ر"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| روزہ رکھنا | نیک صالح ہونے کی دلیل ہے اور حکومت آنے کی دلیل ہے۔ |
| رسی دیکھنا | راہِ دین ہاتھ آئے' دوسروں کو بھی راہ حق دکھائے۔ |
| رونا خواب میں | خوشی کی علامت جاگنے پر ہے۔ |
| رکابی دیکھنا | روزی حلال ملے یا غلام خیر خواہ سے دلیل ہے۔ |
| روپیہ ہاتھ میں لینا | غیبت و برائی سے روزی ملے' تنگی معاش کی دلیل ہے۔ |
| روپیہ بنانا | دولت کی تمنا میں عمر ضائع ہونے کی اور نیکی نہ کرنے کی دلیل ہے۔ |
| روپیہ ضائع کرنا | کسی جاہل سے رنج اُٹھائے اور روپیہ صرف ہونے کی دلیل ہے۔ |
| روغنی روٹی کا دیکھنا | مال حلال ملنے پر دلیل ہے۔ |
| رعد کی کڑک ہمراہ بارش دیکھنا | بیماری سے شفاء قرض داری سے ادائے قرض کی دلیل ہے |
| رعد مع ہوا کے دیکھنا | حاکم کے غضب ناک ہونے کی دلیل ہے۔ |
| رعد اور پانی کا ہمراہ دیکھنا | تکلیف و مصیبت سے رہائی ہو' بیماری سے شفاء قرضداری سے ادا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| رس کا دیکھنا | شادمانی و خوشحالی کی دلیل ہے۔ |
| روشنی دیکھنا | مرشد اچھا ہاتھ آئے' راہ ضلالت سے چھڑائے۔ |

| | |
|---|---|
| رات کا دیکھنا | صدمہ اُٹھائے اور چھپے راز کے کھلنے کی نشانی ہے۔ |
| روٹی دیکھنا | تجارت میں فائدہ ہونے کی نشانی ہے۔ |
| راکھ دیکھنا | بعد تھوڑی مصیبت کے راحت وآرام کی نشانی ہے۔ |
| روباہ دیکھنا | (لومڑی) مکاری کی علامت ہے۔ |
| رخسارہ دیکھنا | قدر بڑھے یا معشوق اچھا ہاتھ آئے۔ |
| روغن سیاہ دیکھنا | سفر سے سلامت گھر واپس آنے کی علامت ہے۔ |
| روغن زرد دیکھنا | رنج وغم کی نشانی ہے۔ |
| ریگ دیکھنا | یعنی اُڑتی ہوئی خاک مال بکثرت ملنے کی اُمید ہے۔ |
| ریگ پر چلنا یا خاک اُڑانا دیکھنا | بعد مصیبت کے راحت نصیب ہو یعنی کوشش کے بعد مال ہاتھ آئے فراغت سے اُڑائے۔ |
| روغن سر پر ملنا دیکھنا | اگر روغن اندازے کے موافق ہے تو سارے کام زیب وزینت پانے کی دلیل ہے اور جو اندازے سے زائد ہے تو فکر لاحق رنج وغم کی دلیل ہے۔ |
| رونا خواب میں یا اپنے تئیں دیکھنا | خوشی کی دلیل ہے۔ |
| ریگ وخاک آسمان سے برستے دیکھنا | جس جگہ یہ خواب دیکھے وہاں نعمت اور روزی فراخ ہونے والی ہے۔ |
| روشنی چاند کی زمین پر پھیلی دیکھنا | وہاں کے باشندوں کو حاکم وقت سے نفع ہونیکی دلیل ہے |
| راستہ سیدھا دیکھنا | دین واسلام پر دلیل ہے اور ٹیڑھا راستہ دیکھنا بے دینی پر دلیل ہے۔ |
| روٹیاں بکثرت دیکھنا | دوستوں کے بکثرت ہونے کی دلیل ہے۔ |

# ردیف "ز"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| زکوٰۃ دینا | فکروتردد جاتا رہے اور تجارت میں نفع کی نشانی ہے۔ |
| زمزم پینا | زہدوتقویٰ کی نشانی ہے۔ |
| زبان سے لعاب گرتے دیکھنا | کوئی مصیبت پیش آنی ہے یا مرض کی نشانی ہے۔ |
| زبان پر بال جمے دیکھنا | آفت رنج کی دلیل ہے۔اسی طرح سے زبان کو دراز یا کسی چیز سے بندھی ہوئی دیکھنا بھی رنج کی دلیل ہے۔ |
| زینہ پر چڑھنا | ترقی کی نشانی ہے یا مرتبہ بلندی کی دلیل ہے۔ |
| زنجیر دیکھنا | صاحب خواب کیلئے پریشانی آنی ہے اور یہی تعبیر خواب میں زنجیر کے پکڑنے کی ہے۔ |
| زمین پر بناڈالنا | دنیا میں نام ہو یا فرزند نیک تولد ہو انجام نیک ہو۔ |
| زمین میں آپ کو گڑتے دیکھنا | موت آئے یا زیادہ مصیبت اُٹھائے یا سفر پیش آنے کی دلیل ہے۔ |
| زلزلہ دیکھنا | حاکم وقت پر مصیبت آئے۔ |
| زندہ کو مردہ دیکھنا | عمر دراز ہو۔ |
| زاہدوعالم کو دیکھنا | نیک اور نیک نامی کی دلیل ہے۔ |
| زندہ مردے کو دیکھنا | خوشی وخرمی کی دلیل ہے۔ |
| زمین کا بات چیت کرنا | نہایت خیروخوبی کی دلیل ہے۔ |
| زمردخواہ یاقوت کا دیکھنا یا پانا | دختر نیک اختر پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| زنجیر گردن میں بندھی دیکھنا | عورت بدذات سے سابقہ پڑنے کی دلیل ہے۔ |
| زینہ خواہ سیڑھی پر چڑھتے دیکھنا | ترقی دین اسلام کی دلیل ہے اور کبھی ترقی دنیا سے بھی دلیل ہے۔ |
| زرد سرخ بیل پرازبار کو کسی شہر یا موضع میں داخل ہوتے دیکھنا | اگر ایسے بیل کا کوئی وارث نہیں ہے تو اس جگہ مرض آنے کی دلیل ہے ورنہ بہتری کی سبیل ہے۔ |
| زنبور یعنی بھڑ اور شہد کی مکھی دیکھنا | مرد سفلہ پن اور سخن چین کی دلیل ہے۔ |
| زمین کو طے کرنا | موت آنے کی دلیل ہے۔ |
| زہر کھانا | غصہ کی دلیل ہے جو کام نہایت ذلیل ہے۔ |
| زعفران یا جو شے خوشبودار ہو اس کا دیکھنا | ان سب کا دیکھنا تعریف و ثنا اور نیک اور شریف دین پاک اور مال نیک زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی نشانی ہے اور بدبو کی چیزیں اس کے برعکس جاننا چاہیئے۔ |
| زرسرخ کا دیکھنا | اگر زر سرخ کسی صورت سے ہاتھ آئے تو فرحت و خوشی کی دلیل ہے اور کسی صورت سے اپنے سے دوسری جانب کو جاوے تو صدقہ دے ورنہ مصیبت آنے کی نشانی ہے۔ |
| زمین دیکھنا | نعمت دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| زمین کھودنا مٹی کھانا | تکلیف سے بسر اوقات ہونے کی دلیل ہے۔ |
| زمین کو ہلتے دیکھنا | اگر عورت حاملہ دیکھے اسقاط حمل ہو اور مرد دیکھے تو عتاب حاکم میں گرفتار ہو۔ |

| | |
|---|---|
| زمین کو برابر دیکھنا | دولت ملنے کی دلیل ہے۔ |
| زمین کو بولتے دیکھنا | تمام مقاصد دین و دنیا ملنے کی دلیل ہے۔ |
| زعفران دیکھنا | مال ملنے یا نیک عورت ملنے کی دلیل ہے۔ |
| زیور دیکھنا | عزت و آبرو پانے کی دلیل ہے۔ |
| زرہ دیکھنا | رتبہ بلند ہو اور آفات سے بچنے کی دلیل ہے۔ |
| زبانی لمبی دیکھنا | فحش گویائی کی دلیل ہے۔ |
| زبان منہ سے باہر نکلی دیکھنا | تہمت لگنے یا شرمندگی اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |

## ردیف "س"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| سورہ فاتحہ کا پڑھنا | سورۂ الحمد کا پڑھنا دعا قبول ہونے کی اور شاد و مسرور ہونے کی دین و دنیا میں دلیل ہے یا عقد کی سبیل ہے۔ |
| سورۂ بقر کا پڑھنا یا سننا | تمام عمر رزق سے آسودہ رہنے کی دلیل ہے۔ |
| سورۂ حشر کا پڑھنا | اس کے تلاوت کرنے والے سے بروز حشر اللہ تعالیٰ بھی راضی ہوگا۔ |
| سورۂ کوثر | دونوں جہاں میں خیر کثیر کی دلیل ہے۔ |
| سورۂ لہب | تمام امور آسان ہونے اور کشائش ہونے کی اور اسلام کی فرمانبرداری کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| سورۂ الم نشرح | توحید پر قوی ہونے کی اور پاک زندگی بسر ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سورۂ فیل | دین اسلام کے ہاتھ پر فتح ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سورۂ اخلاص | زندگی میں ترقی ہو۔ یہاں تک کہ اس کے سامنے سب اعزہ وگھر والے مرجائیں اور یہ صاحب خواب تنہارہ جائے |
| سورۂ فلق کا پڑھنا | برائیوں سے بچنے کی نشانی ہے۔ |
| سورۂ ناس کا پڑھنا | جملہ بلاؤں سے محفوظ رہنے کی دلیل ہے۔ |
| سورج کا دیکھنا | اگر عقد نہیں ہوا ہے' عقد عورت زردار سے ہو اور رزق روزی میں افزونی کی نشانی ہے۔ |
| سورج پر اندھیرا دیکھنا | مرض یا کسی مصیبت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سورج کی روشنی خوب دیکھنا | ترقی رزق اور رتبہ بلندی کی دلیل ہے۔ |
| سورج کو گہن میں دیکھنا | ماں باپ کے مرنے کی دلیل ہے۔ |
| ستاروں کو روشن دیکھنا | خانہ آبادی ہو یا حاکم وقت سے خاص فائدہ پہنچے۔ |
| ستاروں کو ٹوٹتے دیکھنا | شہادت کا درجہ نصیب ہو یا غنی مالدار ہو۔ |
| ساگ دیکھنا | فتنہ فساد برپا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سفید لباس پہننا | غنی مالدار ہونے کی یا جنتی ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سونے کی انگوٹھی پہننا | مال مفت ہاتھ آئے۔ |
| سونا پاتے دیکھنا | سرداری ملے' تنگی دور ہوجائے' مال سے مالا مال ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سونا گلانا | اچھا نہیں ہے' صاحب خواب کیلئے بہتر نہیں ہے۔ |

| | |
|---|---|
| سوئی میں دھاگہ ڈالنا | صاحب کیلئے تنگی معاش کی دلیل ہے۔ |
| سر اپنا جدا دیکھنا | حاکم کے عتاب میں مبتلا ہونے اور اپنے اقارب سے جدا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سر اپنے ہاتھ سے مونڈتے دیکھنا | خلق کی نظروں سے گرنے اور بے عزتی کی دلیل ہے۔ |
| سر کے بال کھلے دیکھنا | اگر مسافر ہے تو وطن کو واپس آئے' عورت اگر کنواری ہے تو شادی ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سرسوں دیکھنا | تجارت میں نفع کثیر کی دلیل ہے۔ |
| سرکا دیکھنا | نقصان کی دلیل ہے۔ |
| سانپ گود میں لینا | لڑکا شریر پیدا ہو جس سے ہمیشہ تکلیف کا سامنا ہو۔ |
| سانپ سے بات خوش سننا | دشمن سے نفع ہو اور رنج وغم دور ہو۔ |
| سور دیکھنا | نوکری کافر کی کرے' فسق وفجور میں مبتلا رہے۔ |
| سانپ کا گوشت کھانا | دشمن سے مال ملے لیکن بے جا صرف ہو جائے۔ |
| سرنگا دیکھنا | نقصان مال کی دلیل ہے۔ |
| سرمہ لگانا | مژدہ غیبی کی بشارت ہے یا مال پانے کی بشارت ہے۔ |
| سانپ کا بچہ دیکھنا | ضرر ہے لیکن کم ضرر ہونے کی دلیل ہے اور کنبہ سے دشمنی بڑھنے کی دلیل ہے۔ |
| ستاروں کا دیکھنا | تولد فرزند کی دلیل ہے۔ |
| سر بلند اپنا دیکھنا | دولت اور مرتبہ اور بزرگی کی دلیل ہے۔ |
| | اور سر چھوٹا دیکھنا اس کے برعکس ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سر کے بال تراشے دیکھنا | اگر فقیر ہے تو افلاس سے چھوٹنے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| سر کے بال اپنی عورت کے مونڈنا | اولاد نہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سیڑھی دیکھنا یا اس پر خواہ زینہ پر چڑھنا | ترقی دین و اسلام پر دلیل ہے۔ |
| سر کے بال جھڑتے دیکھنا | خوشی حاصل ہونے اور قرض ادا ہو جانے کی دلیل ہے۔ |
| سبزہ دیکھنا | اگر وہ نا معلوم جگہ ہے یا ایسی جگہ اگا ہے جہاں جمنے کی عادت نہیں ہے جیسے رہنے کا گھر یا مسجد وغیرہ تو مرد خواہ بطور مشارکت وغیرہ کے یا بطریق دامادی کے داخل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| سیر و تفریح کرنا باغ یا پھلواری میں دیکھنا | حق تعالیٰ کی طرف سے ہدایت اسلام میں ترقی کرنے سے دلیل ہے۔ |
| سر و ریش میں روغن ملنا | اگر موافق ملنے کے ہے تو خیر و برکت کی نشانی ہے۔ |
| اور تمام بدن میں ملنا | اور اگر اندازے سے زائد ملتا لگا تا ہے مثل ٹپکنے یا بہنے کے تو رنج و غم پہنچنے کی دلیل ہے۔ |
| سوئی کا دیکھنا | کسی مفسد فتنہ انگیز کی طرف سے بدی کی دلیل ہے۔ |
| سانپ کا دیکھنا | سانپ کا دیکھنا دشمن سے دلیل ہے چنانچہ جس قدر سانپ قوی ہوگا' دشمن بھی قوی ویسا ہی ہوگا اور جو سانپ کو فرمانبردار دیکھے دولت کمانے کی دلیل ہے۔ |
| سانپ کو اپنے اوپر گرتے دیکھنا | حاکم یا بادشاہ سے کوئی رنج پہنچنے کی دلیل ہے۔ |
| سانپوں کو اپنے اوپر گرتے دیکھنا | اگر ان سے کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ نہیں ہے تو سرداری کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| سیمرغ کا دیکھنا | مرد عابد زاہد کی دلیل ہے۔ |
| سونا جا بجا پڑا ہوا دیکھنا | آفت اور ہلاکی کی دلیل ہے۔ |
| سیاہ علم دیکھنا | سرداری کی دلیل ہے۔ |
| سبز علم دیکھنا | سفر کرنے اور نیکی پانے کی دلیل ہے۔ |
| سنان دیکھنا یا بھالا | درازی عمر کی دلیل ہے۔ |
| سرکہ دیکھنا | مال میں خیر و برکت پر دلیل ہے۔ |

## ردیف "ش"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| شیر کو حملہ کرتے دیکھنا | کچھ تکلیف پہنچنے یا فتنہ برپا ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے۔ |
| شیرنی کا دودھ پینا | دشمن پر فتح یابی کی دلیل ہے یا روزی حاصل ہونے کی یا برکت گھر کی دلیل ہے۔ |
| شراب کا دیکھنا | جان و مال کا نقصان ہو، مال حرام اور خصومت کی دلیل ہے۔ |
| شیطان کا دیکھنا | گناہوں کی علامت ہے۔ |
| شکر دیکھنا | دینداری کی نشانی ہے۔ |
| شیطان کو اپنا فرمانبردار دیکھنا | دولت حرام پانے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| شربت پینا | دل سے توبہ کرنے اور مرید ہونے یا کسی معشوق سے ملنے پر دلیل ہے۔ |
| شہد دیکھنا یا کھانا | اگر مریض ہے تو شفا پائے ورنہ ایمانداری کی دلیل ہے۔ |
| شعلہ آتش دیکھنا | خواری یا گرفتاری کی دلیل ہے۔ |
| شتر بے مہار دیکھنا | بدکاری کی علامت ہے۔ |
| شمع دیکھنا | کسی کا ہادی ہونا یا سردار ہونے کی دلیل ہے۔ |
| شیطان کو بہ شکل زن دیکھنا | دن رات عورتوں کی صحبت میں رہنے اور کاروبار سے غفلت کرنے کی دلیل ہے۔ |
| شمشیر خواہ تلوار چھری تیز دیکھنا | صاحب خواب کیلئے خوب ہے۔ |
| شانہ کرنا یعنی کنگھی کرتے دیکھنا | اگر سر داڑھی میں کنگھی کرتے دیکھا ہے تو اس کے سب رنج وغم دور ہونے کی دلیل ہے۔ |
| شیر پر آپ کو دیکھنا اور قابو پانا | غلبہ اور دبدبہ ورتبہ عظیم کی دلیل ہے۔ |
| شیر کا گوشت کھانا | کسی حاکم زبردست جابر سے مال حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| شیر کا گھر میں داخل ہونا اور ضرر کا نہ پہنچانا | اس کی وہی تعبیر ہے یعنی رتبہ عظیم کا پہنچنا ہے۔ |
| شیر سے لڑنا | کسی زبردست سے مقابلہ ہونے کی نشانی ہے۔ |
| شیر جانور نا معلوم کا پینا | اپنے دین میں کامیابی کی دلیل ہے۔ |
| شیر وحشیان بیابان کا پینا مثل آہو وغیرہ جن کا گوشت حلال ہے | یہ سب خیر وصلاح ورزق صباح اور برکت کی نشانی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| شیر سگ یعنی کتے مادہ کا پینا | خوف شدید دشمن سے اور ضرر کی دلیل ہے۔ |
| شیر گاؤ اور بھینسوں کا اور اونٹنیوں کا پینا | یہ سب خیر و برکت ہونے کی دلیل ہے۔ |
| شیر مادہ خر کا پینا | مرض شدید ہے کہ زائل ہوگا اور بہتری کی دلیل ہے۔ |
| شیر عورت کو اپنی پستان میں اُترا دیکھنا | اس کیلئے مال میں خیر و برکت کی دلیل ہے۔ |
| شادی کا دیکھنا | تعبیر ماتم داری سے ہے اور ماتم داری کا دیکھنا شادی سے تعبیر ہے۔ |
| شیر کا مقابلہ سے بھاگ جانا | فتح مندی اور مقصد حاصل ہونے کی دلیل ہے اور چیتے کی بھی یہی تعبیر ہے۔ |
| شہد معہ چھتے کا دیکھنا | مال کا گنجینہ ہونے پر دلیل ہے یا حکم قرآن و نکاح یا شفاء سے تعبیر ہے۔ |
| شوربا کھانا | بیمار کو صحت کی دلیل ہے۔ |
| شیشہ دیکھنا | صدقہ دینے کی دلیل ہے۔ |
| شوہر کا لباس عورت کو پہننا | عورت کیلئے صالح اور نیک ہونے کی دلیل ہے مرد کیلئے بد ہے |
| شبنم گرتے دیکھنا | رنج و غم اور تکلیف اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| شراب پی کر مدہوش ہو جانا | مالدار ہونے یا کسی قوم کا سردار ہو کر ذلت اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| شراب کی نہر باغ میں جاری دیکھنا | جنتی ہونے کی دلیل ہے۔ |
| شریفہ دیکھنا خواہ کھانا | بہتری و ترقی کی دلیل ہے۔ |

# ردیف ''ص''

| تعبیر | خواب |
|---|---|
| نیک نامی وخوش خرمی کی دلیل ہے۔ | صندل کوخواب میں پانایادیکھنا |
| جملہ بلاومصیبت کی صفائی ہونے کی دلیل ہے۔ | صدقہ دینا |
| مریض کیلئے صحت کی دلیل ہے۔اور تندرست کو صفائی قلب ہونے کی۔ | صابون کادیکھنا |
| دولت دنیا سے مسرور ہونے کی دلیل ہے۔ | صراحی کادیکھنا |
| نیک رائے نیک صلاح ہونے معاملگی میں کامل ہونے کی دلیل ہے۔ | صراف کودیکھنا |
| اُمید برآنے کی دلیل ہے۔ | صاحب مال کوخواب میں دیکھنایاصحبت میں جانا |
| دیوانہ ہونے یاسفر کرنے کی دلیل ہے۔ | صحرادیکھنا بمعنی جنگل |
| برے کام کرے اور دوسروں کوبھی براتبانے کی دلیل ہے | صیادکودیکھنا |
| غلام یا کنیز ہاتھ آنے کی اور عیش وآرام اُٹھانے کی دلیل ہے | صندوق دیکھنا |
| دوسروں کونیک راہ دکھلانے وبتلانے کی دلیل ہے۔ | صومعہ دیکھنا |
| مال دنیا ملنے کی اور عیش وعشرت سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔ | صوف پہننا یعنی اون کا کپڑا |
| دین دنیامیں دولت ونعمت وکرامت کی دلیل ہے۔ | صحرامیں کچھ کھاناپینادیکھنا |
| دین کی ترقی اوراسلام پر مستقل ہونے کی دلیل ہے۔ | صحرامیں راستہ طے کرتے دیکھنا |

| | |
|---|---|
| صحرا میں رستہ بھول بھٹک جاتے دیکھنا | دین اسلام میں اس کے شک آنے کی دلیل ہے۔ |

# ردیف "ض"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ضعیف کو خواب میں دیکھنا | خوش نصیبی اور نیک کوشش کی دلیل ہے۔ یا جیسی خوبی و زشتی کی صورت ضعیف کی ہوگی ویسی ہی تعبیر ہے۔ |
| ضعیفہ کو دیکھنا | اگر فربہ اور تازہ رو دیکھے تو زوال دنیا کی دلیل ہے اور صاحب خواب کو دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے اور اگر اس کے برعکس ہے تو تنگی معاش اور پریشانی کی دلیل ہے اسی طرح اگر وہ ضعیفہ نا معلوم ہے یعنی جان پہچان کی نہیں ہے تو یہ حال سے تعبیر ہے یعنی حسب حال خوبی و فربہی ہوگی |
| ضیافت کھانا خود | جس کے یہاں کھائے اس سے فریب اٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| ضیافت کھلانا | سخی ہونے کی اور کامرانی کی دلیل ہے۔ |

# ردیف "ط"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| طواف کعبہ کرنا | صاحب خواب کیلئے صلاحیت دین حاصل ہونے اور استغفار کرنے کی دلیل ہے۔ |
| طہارت کرنا خواب میں | باعث دافع رنج وغم والم وموجب فرحت وصحت کی دلیل ہے۔ |
| طاؤس کا دیکھنا خواب میں | زن حسینہ ونازنین معشوقہ سے دلیل ہے۔اور اگر طاؤس کریہہ منظر وبدشکل وشمائل ہے تو تعبیر برعکس پر دلیل ہے |
| طوطا دیکھنا یا پانا | کنیز وغلامان سے دلیل ہے یا صاحب فلاح وصلاح سے تعبیر ہے۔ |
| طوفان دیکھنا | اہل وعیال وبال جان ہوں یا نقصان مال ہونے کی دلیل ہے۔ |
| طفل کو دیکھنا | اگر اس طفل سے واقف ہے تو بشارت کی دلیل ہے اور اگر اس طفل سے آشنا نہیں ہے تو کوئی فکر یا غم لاحق ہونے کی دلیل ہے۔اور دیکھنا پیدا ہونا دختر کا بہتر ہے۔فرزند نرینہ ہے۔ |
| طلاق اپنی عورت کو دینا | صاحب خواب جس مرتبہ پر ہے اس سے گر جانے کی دلیل ہے۔ |

# ردیف "ظ"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ظلم کرنا کسی پر خواب میں | رنج وغم و بدنام ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ظالم کو دیکھنا | برے کاموں کی پاداش میں مبتلا ہو غم کا سامنا۔ |

# ردیف "ع"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| عالم کو خواب میں دیکھنا | اگر عالم خواہ زاہد خواب میں نظر آئے تو صاحب خواب کیلئے نیک نامی اور نیک بختی کی دلیل ہے۔ |
| علم کا پڑھنا خواب میں | رفعت وعزت حاصل ہونے اور مالدار ہونے کی دلیل ہے |
| عورت حسینہ جوان کا دیکھنا | مال اور دولت اور خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے اور عورت پاکیزہ یعنی کنواری عورت کو اگر خواب میں دیکھے تو پیشہ اور تجارت سے فائدہ اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| عورتوں اور لشکر والوں کو دیکھنا | زیادتی جاہ و مال اور ترقی و درازی عمر کی دلیل ہے۔ |
| عورت کو اپنے سر کے بال پریشان دیکھنا | اگر شوہر اس کا غائب ہے تو آنے کی امید ہے اور اگر اس عورت کا شوہر نہیں تو اس کے عقد ہونے کی دلیل ہے۔ |
| عورت اگر دیکھے کہ اس کے | تو اس کی تعبیر ہے اس کا شوہر طلاق دے گا۔ |

| | |
|---|---|
| سر کے بال تراشے ہیں | |
| عطروعنبراور جملہ کافور وصندل خوشبودار کادیکھنا | علم شریف اور دین پاک اور مال پاکیزہ اور زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی نشانی ہے۔ |
| عورت کو پاکیزہ لباس پہنے دیکھے | اگر کوئی عورت اپنے کو پاکیزہ لباس سے آراستہ دیکھے تو کسی نیک مرد سے نکاح کرنے کی دلیل ہے اگر نکاح شدہ ہے تو نیک عمل کی بشارت ہے۔ |
| عورت باکرہ سے مباشرت کرنا | دشمن سے فتح یاب ہونے اور مقصد دنیا و نعمتیں ملنے کی دلیل ہے۔ |
| عورت سے عورت کو مباشرت کرنا | جس سے مباشرت کی ہے اس کے راز مخفی سے خبردار ہونے یا کسی فاحشہ عورت سے ملاقات کی دلیل ہے۔ |
| عضوتناسل کا کٹ جانا دیکھنا | اگر کسی نے دیکھا کہ عضوتناسل قطع ہوگیا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ یا تو صاحب خواب کا لڑکا مرجائے گا یا خود کو مرنے کی دلیل ہے۔ |
| عضوتناسل کا دو یا زائد دیکھنا | چنانچہ جتنے خواب میں دیکھے گا اتنی ہی اولاد ہونیکی کی دلیل ہے۔ |
| عضو کوئی سا ہو سر سے پیر تک اپنا آہنی دیکھنا | درازی عمر کی دلیل ہے۔ |
| عسل یعنی شہد کا دیکھنا | اگر چھتے میں شہد کو دیکھا ہے تو مال مجموعی کی دلیل ہے اور اگر اس میں سے کچھ نوش کیا ہے تو علم قرآن و نکاح پر اور شفاء مرض ہر ایک کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| عورت کا اپنے جسم کا آلہ تناسل کا پیدا ہونا دیکھنا | اگر حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا اور وہ لڑکا سرداری پائے گا اور جو حاملہ نہیں ہے تو اولاد کبھی نہ ہوگی۔ |
| عورت حیض سے نہ ہو اور دیکھے کہ حیض سے ہو۔ | تو اس سے کوئی گناہ سرزد ہونے کی دلیل ہے۔ |
| عورت کو اپنے کپڑوں پر پیشاب دیکھنا | شہوت زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| عورت کو خون کا پیشاب کرتے دیکھنا | فرزند کا شکم میں مرجانے کی دلیل ہے۔ |
| عورت کو اپنی طلاق دیتے دیکھنا | دولت ملنے کی دلیل ہے۔ |
| عورت کی خواستگاری کرنا خواب میں ، | جس کی خواستگاری کی ہے اس کے حسن و جمال کے موافق دولت ملنے کی دلیل ہے بلکہ فراغت کلی کی دلیل ہے |
| عورت کو چاند آغوش میں لیتے دیکھنا | شوہر اس کا عزت پائے گا اور اگر شوہر نہیں ہے تو خود اس کو بزرگی ہونے کی دلیل ہے۔ |
| عقیق کا دیکھنا | عزت اور نعمت پر دلیل ہے۔ |
| عیدین یعنی فطر اور ضحیٰ کا دیکھنا | جس شخص نے دونوں میں سے جس عید کو دیکھا تو اس کے لئے تمام رنج و غم سے نکلنے کی دلیل ہے۔ |
| عروس یعنی شادی دیکھنا | رنج و غم کی دلیل ہے اور ماتم دیکھنا کھیل کود سے دلیل ہے |
| عورت کو اپنی طرف مائل دیکھنا | افلاس اور فکر و تردد کی دلیل ہے۔ |
| عمارت دیکھنا | خوشی و خرمی کی دلیل ہے۔ |
| عرق بدن سے ٹپکتا دیکھنا | بیماری سے صحت کی علامت ہے یا کوئی کام بد کرنے پر |

| | |
|---|---|
| | ندامت کی دلیل ہے۔ |
| عمامہ باندھنا | عوام سے فائدہ اُٹھائے یا امام ہوکر امامت کی دلیل ہے |

# ردیف ''غ''

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| غلّہ دیکھنا | سفر رنج وغم اور دوستوں سے ملال کی دلیل ہے۔ |
| غوطہ لگانا | فکر واندیشہ سے نجات ہونے اور عیش وعشرت اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| غسل کرنا | بیماری سے صحت پانے یا سفر سے گھر واپس آنے کی دلیل ہے۔ |
| غسل خانہ دیکھنا خواب میں | موت آنے کی دلیل ہے۔ |
| غربال دیکھنا | فکر اہل وعیال میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| غول جانوروں کا دیکھنا | حکومت وسرداری کی دلیل ہے۔ |
| غالب آپ کو دشمن پر دیکھنا | نفس امارہ پر غالب ہو دولت دنیوی کی دلیل ہے۔ |
| غبار زمین وآسمان کے درمیان دیکھنا | فتنہ فساد برپا ہونے کی دلیل ہے۔ |

# ردیف "ف"

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| فرشگان مقرب کو دیکھنا | مرتبہ بلند ہونے اور خلق سے مستفید ہونے کی دلیل ہے |
| فرشتوں کو جوق در جوق آتے دیکھنا | مال سے نقصان ہونے اور پریشانی وحیرانی کی دلیل ہے |
| فرشتگان مقرب یعنی حضرت جبرائیل، میکائیل اسرافیل، عزرائیل وغیرہ کو خوش دیکھنا | دین و دنیا میں عزت اور مرتبہ پانے کی دلیل ہے۔ اور درازی علم وحکمت کے کشادہ ہونے اور آفتوں سے محفوظ رہنے اور بیماری سے شفا پانے کی دلیل ہے اور اگر کوئی خوف وغم میں مبتلا ہے تو رہائی کی دلیل ہے۔ |
| فرشتوں کے ساتھ دشمنی کرتے دیکھنا | موت کی علامت ہے، توبہ کرنی چاہیئے۔ |
| فرشتوں کے ساتھ پرواز کرنا | دین ودنیا میں عزت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| فرشتوں کو کسی جگہ بہت سے جمع ہونا | وہاں پر کسی عابد یا عالم کی وفات کی دلیل ہے یا کسی شخص کو جور وظلم سے نجات پائے جانے کی دلیل ہے۔ |
| فرج کا دیکھنا | غم والم کی دلیل ہے یا زن جمیلہ ہاتھ لگے۔ |
| فرج کو ذکر کی جگہ دیکھنا | ہر کام کرنے سے پشیمانی اور ذلت وخواری اٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| فاختہ دیکھنا | عورت بے دین سے صحبت اُٹھانے اور رنج وغم کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| فیل سفید دیکھنا | حاکم وقت سے مال ملنے یا فرزند تولد ہونے کی دلیل ہے |
| فرشتوں کے ساتھ آپ کو اُڑتے دیکھنا | دنیا کی حیرانی و پریشانی سے نجات ملنے اور درجہ شہادت پانے کی دلیل ہے۔ |
| فانوس دیکھنا | علم آخرت حاصل ہونے کی اور بدافعالی سے بچنے کی دلیل ہے۔ |
| فیروزہ پانا یا دیکھنا | فرزند پیدا ہونے یا دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہے۔ |
| فاختہ دیکھنا | امیری سے فقیری کی نشانی ہے۔ |
| فوارہ دیکھنا | غیب سے روزی پانے اور امیر کہلانے کی دلیل ہے۔ |
| فصد کھلوانا | مرض سے شفا پانے اور تندرست ہونے کی دلیل ہے۔ |
| فرج اور ذکر کا ہمراہ دیکھنا | رنج و غم سے رہائی پانے کی دلیل ہے۔ |
| فیل کو حملہ کرتے دیکھنا | کسی آفت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| فیل عماری دار پر سوار دیکھنا | مرتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔ |
| فیل کا گوشت کھانا | مال و غلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے اسی طرح فیل کے اعضاء سے حاصل ہوگا وہ مال و غلبہ پر دلیل ہے مثل کھال و بال و ہڈی وغیرہ۔ |

# ردیف "ق"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| قرآن شریف لکھنا خواب میں | روزی حلال پانے اور پرہیزگاری کی دلیل ہے۔ |
| قرآن شریف کا تلاوت کرنا | نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔ |
| قرآن کا ورق کھانا | دنیا میں بدنامی یا موت آنے کی دلیل ہے۔ |
| قلم کا کھانا | عدل و انصاف کرنے کی دلیل ہے یا فن خوشنویسی کی نشانی ہے۔ |
| قبر کھودنا | جدید مکان کی تعمیر کی نشانی ہے۔ |
| قصائی کا دیکھنا | ملک الموت کے آنے کی دلیل ہے۔ |
| قبر کو بند کرنا | فتنہ وفساد کے مٹنے کی دلیل ہے۔ |
| قبر کا بنانا | تجارت میں نقصان اُٹھانے یا کسی معاملہ میں پھنسنے کی نشانی ہے۔ |
| قبر میں جانا | کسی بلا میں مبتلا ہونے یا رنج اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| قسم کھلوانا | خیانت کی دلیل ہے۔ |
| قبر سے کفن نکالنا | میت کے دین کی پیروی کرنے یا شریعت میں کوئی نیا امر جاری کرنے کی دلیل ہے۔ |
| قسم کھانا خواب میں | روزی کم ہونے اور مصیبت اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| قبا پہننا | دولت زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| قربانی کرتے آپکو دیکھنا | ترقی زندگی کی علامت ہے۔ |

| | |
|---|---|
| قبر کا دیکھنا | عمر قلیل کی نشانی ہے اگر مریض ہے تو طول عمر کی نشانی ہے |
| قوس قزح دیکھنا | غلّہ کی ارزانی کی دلیل ہے۔ |
| قرآن شریف کا دیکھنا | علم سیکھنے اور سکھانے اور خیر و برکت کی نشانی ہے۔ یا تولد فرزند کی دلیل ہے۔ |
| قلعہ دیکھنا | دشمن سے نجات پانے کی دلیل ہے۔ |
| قفل دیکھنا یا کھولنا | امید بر آنے کی دلیل ہے۔ |
| قلمدان دیکھنا | امیری کی دلیل ہے۔ |
| قینچی دیکھنا | دوست سے ملاقات ہو۔ |
| قاضی نامعلوم کا دیکھنا | اس کی تعبیر رویت خدائے عزوجل ہے۔ |
| قبرستان جانا' قبرستان دیکھنا | ایسے کام کرنے سے دلیل جو قابل عزت ہو۔ |
| قتل ہونا یا اپنا سر جدا دیکھنا | اپنی ثنا وصفت کسی سے سننے کی دلیل ہے۔ یا مرض سے شفا حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ یا حج کعبہ کرنے کی یا کشائش کی بشارت ہے۔ |
| قتل دوسرے شخص کو کرنا خواب میں | مقتول پر ظلم کرنے کی دلیل ہے یا قاتل سے مقتول کو کسی امر میں فائدہ پہنچے گا۔ |
| قبلہ رو ہونا یا قبلہ رو ہو کر نماز پڑھنا | راہِ حق کی طرف ہدایت کی دلیل ہے۔ |
| قبلہ سے پھرنا | راہِ ضلالت کی نشانی ہے۔ |
| قوم کی امامت کرنا | عدالت و دادرسی کی دلیل ہے۔ |

# ردیف "ک"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| کعبہ دیکھنا یا کعبہ کا طواف کرنا | صلاحیت دین حاصل ہونے ونصرت ورفعت ہونے یا خدمت والدین وسعادت کی دلیل ہے۔ |
| کُرتا پہننا | فسق وفجور کی دلالت ہے۔ |
| کمبل اوڑھنا | علم وفضل حاصل ہونے اور جہل سے اجتناب کرنے کی دلیل ہے۔ |
| کوئلہ دیکھنا | بدنامی وپریشانی بلکہ زیادتی عصیاں کی نشانی ہے۔ |
| کوہ قاف کی سیر کرنا | حکومت یا بادشاہت کی دلیل ہے۔ |
| کوا دیکھنا | بولتا دیکھے تو مسافر آنے اور خاموش دیکھنا رنج اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| کلاہ دیکھنا | عہدہ سرداری کی علامت ہے۔ |
| کوڑیاں دیکھنا | مصیبت اُٹھانے اور تکلیف کی دلیل ہے۔ |
| کمر رکھو دیکھنا | آپس میں ترشروئی یا جورو سے لڑائی کی دلیل ہے۔ |
| کمر باندھنا | سفر کی نشانی ہے لیکن دولت بے شمار پانی ہے۔ |
| کیچڑ میں گرنا یا پھنسنا | خرابی آنے کی نشانی ہے یا قرضداری کی دلیل ہے۔ |
| کسم دیکھنا | دختر نیک اختر تولد ہوئے یا ہم چشموں میں عزت پائے |
| کمان بنانا | اگر عورت حاملہ ہے فرزند تولد ہونے یا عورت ملنے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| کنیز یا غلام کو فروخت کرنا | رنج وغم سے آزاد ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کتاب یا خطوط کھلے ہوئے پانا یا دیکھنا | نہایت خیر و برکت کی نشانی ہے۔ |
| کتاب علم وفقہ وغیرہ کا دیکھنا اور صالحہ علم کی کتاب کا دیکھنا | موجب تحصیل وحکمت پر دلیل ہے۔ |
| کلیاتِ دیوان وغیرہ کا دیکھنا | صاحب خواب کیلئے بہتر نہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کتاب الٰہی یعنی کلام پاک کا دیکھنا | دین اور علم اور مال حاصل کرنے اور لوگوں کو نفع پہنچانے کی دلیل ہے اور اگر کلام پاک کو پھاڑ ڈالا ہے تو احکام خداوندی کے انکار کرنے کی دلیل ہے۔ اور اگر اقوال کو کھایا ہے یا چبا لیا ہے تو خدا کے کلام سے ہنسی کی دلیل ہے۔ |
| کژدم بمعنی بچھو کا ڈنک مارنا | کوئی دشمن ہے جو کہ غیبت اور برائی سے ضرر پہنچانے کی تدبیر کرتا ہے۔ |
| کشتی سے خشکی میں اُترنا | دشمن پر فتح پانے اور مال کثیر پانے کی علامت ہے۔ |
| کھیت کا دیکھنا | فراخی دولت ونعمت کی دلیل ہے۔ |
| کھیت میں چلنا | زراعت کے ذریعہ روپیہ ملنے کی دلیل ہے۔ |
| کھیت میں جنگل کا ہو جانا | افلاس اور قحط وتکلیف کی دلیل ہے۔ |
| کھیت کا خشک ہو جانا | کمی غلہ وخشک سالی کی دلیل ہے۔ |
| کھیت کاٹنا | اپنی عورت کو طلاق دینے یا کسی کو قتل کرنے کی دلیل ہے |
| کچا گوشت کھانا | غیبت کرنے کی صریح دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| کتیا کا دودھ پینا | دشمن سے ضرر پہنچنے اور مصیبت اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| کھانا کھاتے دیکھنا | نعمت میں افزونی کی دلیل ہے۔ |
| کھانا دوا کا | پشیمانی کی دلیل ہے۔ |
| کملی کا دیکھنا | دین ودنیا کی دولت ملئے صاحب باطن ہونے کی دلیل ہے |
| کبوتر کا دیکھنا | اچھی خبر آنے یا خوبصورت عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔ |
| کنگن پہننا | تنگی ودشواری کی دلیل ہے۔ |
| کنگھی بالوں میں کرنا | رنج والم کی دلیل ہے۔ |
| کنگھی دیکھنا | خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کمان معہ تیر پانا | اپنی بیوی سے ملاقات کرنے یا دشمن پر غلبہ پانے کی دلیل ہے۔ |
| کوزہ دیکھنا | نیک عورت ملنے اور عیش سے گزرنے کی دلیل ہے۔ |
| کرم کلہ دیکھنا | نعمت روزی زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کافور دیکھنا | دولت ملنے کی دلیل ہے یا مرض سخت اُٹھانے کی دلیل ہے |
| کھچڑی کھانا | بیماری کی علامت ہے۔ |
| کشتی دیکھنا | رنج وغم دور ہو حاصل سرور ہو۔ |
| کشتی ڈوبتے دیکھنا | مصیبت آنے کی دلیل ہے۔ |
| کشتی خشکی میں دیکھنا | رنج وغم کی نشانی ہے۔ |
| کباب کھانا | تکلیف ورنج دفع ہو۔ |
| کشتی پار ہوتے دیکھنا | دلی مراد ملنے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| کپڑا دھوتے دیکھنا | گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کائی کا پھٹتے دیکھنا | دشمن زیر ہونے اور عروج پانے کی دلیل ہے۔ |
| کرن آفتاب دیکھنا | راحت و آرام کی نشانی ہے۔ |
| کفن پہننا | اوّل مصیبت آنی ہے بعدۂ شادمانی ہے۔ |
| کنویں میں گرنا | رنج و غم و صدمہ اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| کنویں سے نکلنا | کشائش و فیروزی کی دلیل ہے۔ |
| کتے کو بھونکتا دیکھنا | کتے کو حملہ کناں یا بھونکتے دیکھنا غیب سے زیاں پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کتے کا گوشت کھانا | اگرچہ مکروہ ہے لیکن دشمن سے نفع ہو۔آپ خوش دشمن رنجور ہو۔ |
| کنواں دیکھنا | تجارت میں نفع ہونے اور مال کی افزونی کی دلیل ہے۔ |
| کنویں سے پانی کھینچنا | غریب غرباء کا فائدہ کرنے اور راہ خدا میں دینے دلانے کی دلیل ہے۔ |
| کنویں سے پانی کھینچ کر درخت کو سینچنا | غرباء اور یتیموں کی مدد و پرورش کرنے کی دلیل ہے۔ |
| کنویں سے پانی پلانا | حاجیوں کی مدد کرنے کی دلیل ہے۔ |
| کنویں سے پانی نکل جانا | مال کے تلف ہونے اور رنج اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| کنویں سے پانی کا جوش کرنا | حق تعالیٰ کی طرف سے مال پاکیزہ ملنے کی دلیل ہے اور مال میں قوت و برکت ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کشتی میں سوار ہوتے دیکھنا | حاکم وقت یا بادشاہ کے عتاب میں گرفتار ہونے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| کشتی سمیت ڈوبنا | بادشاہ یا حاکم وقت کے محاسبہ میں گرفتار ہونے و قید ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کژدم کو اپنے ہاتھوں میں دیکھنا اور کسی کو کٹوانا | صاحب خواب کے کسی کی غیبت کرنے سے دلیل ہے یعنی صاحب خواب خود غیبت دوسروں کی کرے گا۔ |
| کژدم کا گوشت کھانا | دشمن سے مال پانے کی دلیل ہے۔ |
| کژدم کو اپنے کپڑے یا بستر اور چیزوں میں گھسا ہوا دیکھنا | کوئی دشمن ہے جو پاس رہ کر صاحب خواب کے حالات دشمنوں پر جا کر ظاہر کرتا ہے اس کی غیبت میں۔ |
| کتے کا کاٹنا یا بھونکتے دیکھنا | دشمنوں کے درپے آزاد ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کشتی میں کسی کو پچھاڑنا | صاحب خواب سے وہ مال میں بہتر ہوگا جس کو پچھاڑا ہے |
| کتے کا پلے ہوئے دیکھنا | کسی کو اپنی مدد پر تیار ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کمر بند کمر میں بندھے ہوئے دیکھنا | صاحب خواب کیلئے بہتر و خوشتر ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کمر بند کا ٹوٹ جانا یا چھن جانا یا اور کوئی نقص ہو جانا | صاحب خواب کے لئے بد کی دلیل ہے۔ |
| کیکر دیکھنا | نعمتیں حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کھیرہ ککڑی شلجم وغیرہ کا خواب میں دیکھنا | صدمہ اُٹھانے مال کے جاتے رہنے کی دلیل ہے یا اور کوئی رنج وغم کی دلیل ہے۔ |
| کاتب کو دیکھنا | کسی کا اہل کار ہونے اور منشی ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کان میں چیونٹیاں گھستے دیکھنا | موت آنے کی دلیل ہے۔ |

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| کنجشک یعنی گھر والی چڑیا کا دیکھنا | بزرگی اور مال اور عیش وعشرت کی دلیل ہے۔ |
| کسی کو خواب میں ذبح کرنا یعنی انسان کو | اس کی تعبیر کسی پر ظلم کرنے سے ہے۔ یعنی جس کو ذبح کر رہا ہے اس پر ظلم کرے گا۔ |
| کوا لٹکا ہوا نیچے دیکھنا گردن کا | رزق کی کمی یا موت کی دلیل ہے۔ |
| کان کو جدا دیکھنا | لڑکی کے مرنے کی دلیل ہے یا عورت کو طلاق دے گا۔ |
| کان کی صفائی دیکھنا | خوشخبری سننے کی دلیل ہے۔ |

## ردیف "گ"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| گلاب کا پھول دیکھنا | دنیا میں ذی مرتبہ اور نیک نام ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گھوڑے کا دیکھنا | راحت وخوشی ودولت یا نیک حسین عورت ملنے کی دلیل ہے۔ |
| گھوڑے کو اپنے قابو میں پانا اور سوار ہونا | شریف وعزت وغلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گھوڑے کا شیوخی یا شور کرتے دیکھنا | کسی معصیت کے مرتکب ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گھوڑی کا مالک وقابض ہونا یا سوار ہونا | کسی زن شریفہ کے ملنے پر دلیل ہے۔ اگر شادی شدہ ہے تو لدختر کی دلیل ہے۔ |
| گھوڑے کا گوشت کھانا | روزی حلال اور مرد نیک نام اور فراخی کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| گھوڑے کو اپنے مکان یا محلّہ سے نکلتے دیکھنا | صاحب خواب کو مکان یا محلے سے نکلنے خواہ موت آنے کی دلیل ہے۔ |
| گھوڑے نامعلوم کا خواب میں دیکھنا | عزت وشرافت کی دلیل ہے واضح ہو کہ تعبیرات گھوڑوں کی بہت ہے لہذا اگر گھوڑا نیک اور سیدھا اپنے قابو میں ہے تو صاحب خواب کیلئے بہتری اور اچھائی کی صورت ہے اور اگر اس کے برعکس ہے تو برائی اور بدی ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گھر کو کشادہ دیکھنا | دنیا کی کشادگی ہونے کی دلیل ہے۔ اور اس کے برعکس کی دلیل برعکس ہے۔ |
| گدھا دیکھنا | احمقی اور مغروری کی دلیل ہے۔ |
| گدھے کا گوشت کھانا | بیوقوف کا مال کھانے اور بعدہٗ بیوقوف بننے کی دلیل ہے۔ |
| گدھی کا دودھ پینا | بیماری سے صحت ہونے اور تجارت میں نفع ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گدھی کا دودھ پینا | بیماری سے صحت ہونے اور تجارت میں نفع ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گوہ دیکھنا | مال مفت ملنے کی دلیل ہے۔ |
| گھی کا کُپا دیکھنا | تجارت میں فائدہ ہونے اور طراری زبان کی دلیل ہے |
| گاجر کھانا | جسمانی قوت کی دلیل ہے۔ |
| گوز مارنا | ہم چشموں میں ذلت کی دلیل ہے۔ |
| گورستان دیکھنا | قلیل آمدنی کی دلیل ہے یا عبرت و پریشانی کی دلیل ہے |

| | |
|---|---|
| گھر زمین پر دیکھنا | تولد فرزند ہونے یا تو دختر ہونے یا اور کوئی نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔ |
| گوہر دیکھنا | حاکم یا سردار سے نفع قلیل حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گھر سونے کا دیکھنا | گھر میں آگ لگنے کی علامت ہے۔ |
| گھر میں غیر کے داخل ہونا | جس کے گھر داخل ہو اس کی خیانت کرنے اور ذلت اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| گدھے پر سوار ہونا | اگر منہ طرف مغرب ہے حج کرے یا نیک مشہور ہونے کی دلیل ہے اور اگر اس کے برعکس دوسری طرف منہ ہے تو پاجی مشہور ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گدھے پر سے اُترنا | بے وقوفی دور ہونے اور دولت مند ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گائے کا دیکھنا | اگر فربہ ہے دولت سے مالا مال ہونے کی دلیل ہے اور لاغر ہے تو سراسر پریشانی کی سبیل ہے۔ |
| گنا دیکھنا یا کھانا | صاحب خواب کی زبان سے وہ بات نکلے گی جو سب کو اچھی معلوم ہو۔ |
| گھر لوہے کا دیکھنا | قربت سلطانی یا ترقی عمر کی دلیل ہے۔ |
| گھر کا گر جانا | موت آنے یا بداعمال سے دنیا تباہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گھر کو کھودنا | گناہوں سے پاک ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے۔ |
| گھر میں آتشکدہ دیکھنا | مال ملنے کی نشانی ہے یا بیماری سے صحت کی دلیل ہے۔ |
| گھر کو بیچ ڈالنا | موت آنے کی نشانی ہے۔ |
| گھر میں غیر معلوم کے بند ہونا | قبر کی دلیل ہے یا کسی عورت سے کام پڑے گا۔ |

| | |
|---|---|
| گلدستہ باندھنا | جنگ وخصومت کی علامت ہے۔ |
| گوشت خام دیکھنا | مال حرام ملے رنج وغم اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| گیہوں کا دیکھنا | صاحب خواب کیلئے خوب نہیں ہے۔ |
| گیہوں کا کھانا | عزت وحرمت میں فرق آنے کی دلیل ہے۔ |
| گھر کسی نامعلوم کا گرانا | بداعمالی سے نجات کی دلیل ہے۔ |
| گائے کا دودھ پینا | دنیا میں فراخی نعمت ہونے' کام انجام بخیر ہونے کی دلیل ہے |
| گھر اپنا یا کسی غیر کا بنانا | بقدر گھر بنانے کی بہ حیثیت کسی کے مال دنیا سے مستفید ہوگا |
| گلاس یا کٹورا دیکھنا | اگر کسی چیز سے بھرا ہے تو موت کی نشانی ہے۔ |
| گوشت خام کھانا یا دیکھنا | مال حرام کی دلیل ہے۔ |
| گوشت بھنا ہوا یا پختہ | مال حاکم یا بادشاہ سے ملنے کی دلیل ہے۔ |
| گھوڑے پر اپنے ساتھ کسی کو سوار دیکھنا | جو ساتھ سوار ہے اس کی سعی وکوشش سے حاکم یا حکومت ملنے کی دلیل ہے۔ |
| گوشت شیر کا کسی بھی کوئی اعضاء سے کچھ کھاتا ہے | کسی بڑے شخص کی میراث کا مالک ہونے کی دلیل ہے۔ |
| گوسفند کا دیکھنا | دولت اقبال مندی کی دلیل ہے۔ |
| گالی دینا کسی کو | صاحب خواب سے گالی کھانے والا بہتر ہوگا۔ |
| گردن کٹی اپنی دیکھنا یعنی تن سے سر جدا | اگر غلام ہے تو آزاد ہو جائے گا' مریض ہے تو شفا پائے گا اور قرض ادا ہوگا اور کبھی یہ تعبیر بھی ہوتی ہے کہ صاحب خواب حج کعبہ شریف کرے گا اور اگر سختی میں ہے تو کشائش ہوگی' اگر خائف ہے تو امن سے ہونے کی دلیل ہے۔ |

# ردیف "ل"

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| لعل و جواہر کا دیکھنا | غنی و مغنی ہونے کی دلیل ہے یا فرزند تولد ہونے یا زن حسنہ ملنے سے تعبیر ہے۔ |
| لہسن خواہ پیاز ملنا یا خریدنا خواب میں | کسی امیر کی ملازمت کرنے لیکن ذلت ملازمت سے دلیل ہے۔ |
| لومڑی دیکھنا | عورت فسادی ملنے کی دلیل ہے۔ رات و دن جنگ کرنے کی نشانی ہے۔ |
| لیزم ہلانا | عورت سے نفرت ہونے کی دلیل ہے۔ |
| لوہا دیکھنا | دشمن سے مقابلہ اور مجادلہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| لباس سیاہ خواب میں پہننا | کثرت معصیت میں گرفتار یا غم فرزند اُٹھانے کی دلیل ہے یا مال ضائع ہونے سے بھی تعبیر ہے۔ |
| لباس سفید پہننا | گناہوں سے پاک ہونے اور صلاح و فلاح کی دلیل ہے |
| لباس سرخ پہننا | زندگی میں نیک نام ہونے کی یا شہادت کی دلیل ہے۔ |
| لباس دھانی پہننا | کارِ خیر کی اور مقدس ہستی ہونے کی دلیل ہے۔ |
| لباس نیلا پہننا | حاجی ہونے کی بشارت ہے۔ |
| لباس گیروا پہننا | تہمت دنیا میں پھنسنے کی دلیل ہے۔ |
| لباس پاکیزہ پہنے دیکھنا | مرتبہ بلند ہونے کی یا نیک عورت ملنے کی اور اگر عورت دیکھے نیک مرد ملنے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| لڑکے کا آئینہ دیکھنا | بھائی کے پیدا ہونے کی اور اگر لڑکی دیکھے تو لڑکی پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| لوہے کی انگوٹھی دیکھنا | رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔ |
| لاٹھی کا دیکھنا | بلند مرتبہ عالی رُتبہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| لکڑی خشک دیکھنا | اگر تصویر بنی ہے تو نفاق کی دلیل ہے۔ |
| لڑکے خوبرو کو دیکھنا جو صورت آشنا ہو۔ | کسی بشارت نیک کی دلیل ہے۔ |
| لڑکے نا معلوم کا دیکھنا | فکر و غم لاحق ہونے کی دلیل ہے۔ |
| لڑکے معلوم کو آغوش میں لینا | کسی جگہ کا حاکم ہونے کی دلیل ہے۔ |
| لونڈی کا خرید کرنا | تمام مقصد برآنے کی اُمید ہے۔ |
| لوہار کو دیکھنا | کسی اجنبی زورآور سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے۔ |
| لعاب منہ سے جاری دیکھنا | کسی اجنبی زورآور سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے۔ |
| لباس کہنہ پہننا | صاحب خواب کی موت شباب آنے کی دلیل ہے۔ |
| لباس پیوند کا پہننا | فقر و تنگی کی دلیل ہے۔ |
| لہو ولعب یعنی کھیل کود کا اپنے تئیں خواب میں دیکھنا | غم و الم کی دلیل ہے۔ |
| لکھنا قرآن شریف کا خواب میں | دین اور علم اور مال حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |

# ردیف "م"

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| مسجد دیکھنا | خیر و برکت کی دلیل ہے اور کامل الایمانی کی نشانی ہے۔ |
| ممبر پر چڑھنا | اپنا مرتبہ بلند ہونے یا کسی رشتہ دار کا رُتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مرد نیک کا دیکھنا | نیک نامی کی دلیل ہے۔ |
| مردے کو زندہ دیکھنا | غم واندوہ سے نجات ملنے کی دلیل ہے۔ |
| مروارید کا دیکھنا | دختر خواہ پسر تولد ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مویز منقی کا دیکھنا (کشمکش) | اپنوں کی عزت اور توقیر ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مسواک کرنا | نیکی اور راستی کی دلیل ہے۔ |
| مسہری دیکھنا | گناہ سے توبہ کرے' اپنے لئے پریشان ہو' موت آنے کی دلیل ہے۔ |
| میخ دیوار میں گاڑنا | مالک یا حاکم کے دل میں جگہ ہونے اور کام بہتر ملنے کی دلیل ہے۔ |
| مرغ کو آواز کرتے دیکھنا | ذی کمالوں کی محرومی و خواری ہونے اور بے کمالوں کی گرم بازاری کی دلیل ہے۔ |
| موتی کی لڑی دیکھنا | حافظ قرآن ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مکتب خانہ دیکھنا | حاکم کی خدمت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مینہ بکثرت برسنا | خدا کی رحمت نازل ہونے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| مرغابی دیکھنا | فائدہ پہنچنے اور خودسندی کی دلیل ہے۔ |
| مسجد میں جانا | دین ودنیا میں امن پانے اور خیر وبرکت کی نشانی ہے۔ |
| مسجد میں نماز پڑھنا | خانہ کعبہ کے حج کرنے کی دلیل ہے۔ |
| مسجد میں بغیر قبلہ کے یعنی دوسری طرف نماز پڑھنا | گناہوں سے توبہ کرے کیونکہ دین میں نقصان ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مونگ ماش مسور کا دیکھنا | حرام مال ملنے اور رنج وغم سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔ |
| میدہ کا دیکھنا | تجارت میں نفع ہو عزت بڑھنے کی دلیل ہے۔ |
| مٹھائی دیکھنا یا کھانا | عزت بڑھنے کی دلیل ہے۔ |
| ملائی کھانا | رنج اُٹھانے اور ہلاکت کی نشانی ہے۔ |
| مشک لگانا یا دیکھنا | اگر فقیر دیکھے غنی ہووے اور امیر دیکھے بلند رُتبہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| موزہ یا تابہ دیکھنا | رزق میں فراخی ہونے یا عورت حسین ملنے کی دلیل ہے اور اگر عیب ہو یعنی نوچے پھٹے ہوں تو پریشانی کی نشانی ہے |
| مرد کو اپنی جورو کا لباس پہننا | عورت کی جانب سے کچھ گزند پہنچنے کی دلیل ہے۔ |
| موتی دیکھنا | قرآن اور دیگر علم خواہ فرزند پر دلیل ہے۔ |
| موتیوں کا گچھا دیکھنا | قرآن پاک حفظ کرے یا پرہیزگار ہونے کی پاکیزہ اولاد کی دلیل ہے۔ |
| منہ سے کوئی چیز نکلتے دیکھنا | اگر وہ چیز نیک ہے تو نیک اس سے صادر ہوں گی اور جو بد یا بری ہے تو بری باتیں اس سے وقوع میں آنے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| موتیوں کو کان میں دیکھنا | امورِ خیر کی یا علمِ تفسیر کے سیکھنے کی دلیل ہے۔ |
| موتیوں کا منہ سے جھڑتے دیکھنا | بہت تسبیح کرنے والا ہو یا علم دین سکھلانے کی دلیل ہے |
| مردِ معلوم کا دیکھنا | بہتری کی علامت ہے۔ |
| مردنا معلوم کا دیکھنا | بہتری کی علامت ہے یا کسی دوست سے ملاقات کی دلیل ہے۔ |
| مردے سے مباشرت کرنا | اگر غنی ہے تو فقیر ہونے کی اور اگر فقیر ہے تو غنی ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مردے کو دیکھنا | قیدی ہے تو رہائی پائے اور اگر مسافر ہے وطن نصیب ہونے اور اگر مقیم ہے تو سفر کی دلیل ہے۔ |
| مردے سے سلام کرنا | امیدیں پوری ہونے اور مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے |
| مردے کو زندہ دیکھنا | مال تلف شدہ ہاتھ آئے، خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے |
| مردوں کی جماعت دیکھنا | وباء آنے والی ہے یا گمراہی وغریبی کی نشانی ہے۔ |
| مردے کو پکارنا | موت آنے کی نشانی ہے، توبہ کرنی چاہیئے۔ |
| مردے کو نہاتے دیکھنا | کسی بے دین کو دین پر لانے اور گمراہی سے بچانے کی دلیل ہے۔ |
| مردے کو ننگا دیکھنا | گناہوں سے دور ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مردے کے پیچھے کسی مکان میں جانا | اگر اس مکان میں ٹھہر جائے موت کی دلیل ہے اور اگر اگر نکل جائے تو بھی رنج اُٹھانے کی دلیل ہے۔ |
| مردے کا کچھ مانگنا زندہ سے | یہ بہتر ہے، موت کی نشانی ہے۔ |
| مردے کا کچھ دینا زندہ کو | حاجتیں روا ہونے کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| مردے سے مباشرت کرنا | جس کام سے مایوس ہو چکا ہے۔اس کام کا انجام ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مردے کے ساتھ کھانا | راحت وآرام کی دلیل ہے۔ |
| مردہ آپ کو دیکھنا | بیماری سے صحت ہونے کی یا سفر سے گھر آنے کی دلیل ہے |
| مردے کو اپنے بستر پر سوتے دیکھنا | مقصد پورا ہونے کی اور عمر دراز ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مینڈک کا دیکھنا | مرد عابد کی نشانی ہے۔ |
| موچی کو دیکھنا | ہجو کرنے والے اور پردہ فاش کرنے والے سے دلیل ہے لٰہذا توبہ کریں۔ |
| ملاح کو دیکھنا | معالجات سلاطین سے ماہر ہونے کی دلیل ہے۔ |
| معلم کو دیکھنا | عمر دراز ہونے کی دلیل ہے۔ |
| معمار کو دیکھنا | راہِ ہدایت بتانے والے کی دلیل ہے۔ |
| مصور کو دیکھنا | صاحب خواب کیلئے بہترین علامت ہے۔ |
| مچھلی کو دیکھنا | اگر ایک یا دو ہوں، عورت پر دلیل ہے۔ |
| مچھلی چھوٹی کا دیکھنا | رنج وغم کی دلیل ہے۔ |
| مشعالچی کا دیکھنا | زن وشوہر میں تفرقہ پڑنے کی دلیل ہے۔ |
| ماہی گیر کا دیکھنا | سرداری سے تعبیر ہے۔ |
| مکان کا جل جانا دیکھنا | نکبت وخواری پہنچنے یا طاعون وآزادی سے دلیل ہے۔ |
| مکان کا دروازہ کھد جانا | مالک مکان کی موت آنے کی دلیل ہے اور اگر دروازہ |

| | |
|---|---|
| یا گر پڑنا دیکھنا | جس جگہ رہتا ہے اس کا کھد گیا ہے تو صاحب خانہ کی زوجہ کے مرنے کی دلیل ہے۔ |
| مکان کا دروازہ کھد جانا اور دوسرا دروازہ لگانا یا بنانا | صاحب خواب کی زوجہ کو کسی دوسرے سے عقد کرنے کی دلیل ہے۔ |
| مکان کا کھلا ہوا دروازہ بند کرنا | زوجہ کو طلاق دینے سے تعبیر ہے۔ |
| مکان معلوم کا دروازہ بند مقفل کھولنا | نکاح کرنے سے دلیل ہے۔ |
| مکان کو زلزلہ میں دیکھنا | جس کو زلزلہ میں دیکھا ہے اس میں زنا واقع ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مکان کا سارا یا کچھ حصہ گرا دیکھنا | موت کی دلیل ہے۔ |
| مکڑی دیکھنا | توبہ کرنے والے اور عبادت گزار پرہیز گاری کی دلیل ہے |
| موش یعنی چوہا دیکھنا | کسی بدخو عورت کو حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ |
| مکھیوں کو بکثرت دیکھنا | بے فائدہ باتیں سننے اور کہنے پر دلیل ہے۔ |
| ممبر پر خطبہ پڑھتے دیکھنا | شرف اور مرتبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ماہتاب کو گہن لگا ہوا یا گرد و غبار سے ڈھکا دیکھنا | نقصان ہونے صاحب خواب کی دلیل ہے۔ |
| مینہ کا برستے دیکھنا | رحمت کی دلیل ہے اگر ہر جگہ ہے اور اگر کسی ایک جگہ یا کسی مکان یا کسی ایک مقام پر ہے تو درد و تکلیف کی دلیل ہے۔ جہاں پر ہوئی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| مینہ کا سر پر کسی کے خاص برسنا | گناہوں کی کثرت اور معصیت و خطا کے گھیرنے کی دلیل ہے۔ توبہ کرنی چاہیے۔ |
| مکان اپنا گرا یا خراب خواہ ویران دیکھنا | اس کی بداعمالی سے دنیا تباہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مکان نامعلوم کا دروازہ بند مقفل کو کھولنا | دعا کے قبول ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مویز منقیٰ کا دیکھنا خواہ پانا | مال میں خیر و برکت و منفعت پر دلیل ہے۔ |
| مسور و ماش وغیرہ کا دیکھنا | مال غیر طیب وغیر حلال ہیں جس سے رنج و غم کی دلیل ہے |
| میدہ کا دیکھنا | فارغ البالی کی دلیل ہے۔ |
| مرد نامعلوم کا دیکھنا | اگر وہ جوان ہے تو دشمن ہونے کی نشانی ہے اور اگر مرد پیر ہے تو اس کی سعی و کوشش اور بہرہ مندی کی دلیل ہے اور اگر اس مرد پیر نے کچھ باتیں کیں یا کچھ دیا ہے حسب حال دینے کے ہوگا۔ |
| مغز انسان یا حیوان کا کھانا | غیر کی کمائی کھانے کی دلیل ہے۔ |
| مونڈنا حجام کا سر و داڑھی کا | کسی مصیبت میں پڑنے اور رتبہ و آبرو ریزی کی دلیل ہے |
| میت سے سوال کرنا اور اس کا جواب دینا | مردہ اپنے حال سے یا غیر کے حال کی جو خبر دے اس کے سچ ہونے کی دلیل ہے۔ کیونکہ وہ دار الحق میں پہنچ چکا ہے |
| میت کی حالت کا دیکھنا | اگر میت کو شاداں و خنداں دیکھنے یا لباس سفید خواہ سبز پہنے ہے تو اس کے اصلاح حال کی دلیل ہے۔ اور اگر میت کو رنجیدہ خواہ برہنہ دیکھے یا جامہ کہنہ پہنے دیکھے تو |

| | |
|---|---|
| | یہ حال مبتلائے غضبناک کی دلیل ہے۔ |
| میت کا کچھ دیتے دیکھنا | جس نے مردہ سے کوئی چیز پائی خواہ دنیاوی کیوں نہ ہو تو صاحب خواب کو روزی و بہتری ایسی ملنے کی جس کی اُمید نہ تھی دلیل ہے۔ |
| میت کو کچھ دینا زندہ کا | اگر زندہ شخص نے میت کو کچھ دیا' لباس وغیرہ ہے اور مردہ نے لے کر پہن لیا تو دینے والا مر جائے گا اور میت سے مر کر ملنے کی دلیل ہے۔ |
| میت سے معانقہ کرنا خواہ بدن سے بدن ملانا دیکھنا یا گلے لگانا | طول عمری کی دلیل ہے۔ ان تمام وجھوں کی طول حیات صاحب خواب کی دلیل ہے اور مردے کو قتل کرنے کی بھی یہ ہی دلیل ہے۔ |
| میت کے ساتھ کسی مکان نامعلوم میں جانا | صاحب خواب کے مرنے اور میت سے ملنے کی دلیل ہے۔ |
| میت کا صاحب خواب کے ہاتھ سے روٹی کا ٹکڑا خواہ انگوٹھی کا لینا | صاحب خواب کی اولاد کے مرنے یا مال کے ضائع ہونے کی دلیل ہے۔ |
| موزہ دیکھنا | اگر موزہ درست ہے پھٹا نہیں ہے تو معاش کی فراخی کی دلیل ہے۔ اور برعکس اس کے پریشانی کی دلیل ہے۔ |
| مراۃ یعنی آئینہ دیکھنا | اگر صاحب خواب کی عورت حاملہ ہے تو پسر جننے کی دلیل ہے اور اگر عورت نے یہ خواب دیکھا تو لڑکی جننے کی دلیل ہے۔ اور یہ اولاد بہ شبیہ پدر یا مادر ہوگی اور مراد یں |

| | |
|---|---|
| | حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ماز بمعنی سانپ کو مارنا یا اس پر غالب آنا | دشمن پر غالب آنے کی دلیل ہے۔ |
| مار کا غالب آنا | دشمن کے غالب آنے کی دلیل ہے۔ |
| مار کا ڈسنا | دشمن سے کوئی امر سخت پیش آنے کی دلیل ہے۔ |
| مار کا مار ڈالنا | دشمن پر ظفریاب ہونے کی ذلیل ہے۔ |
| مار کو اپنے گھر میں داخل ہوتے یا گھر میں دیکھنا | دشمن کا صاحب خواب کے گھر ہی میں خواہ عورت ہے یا مرد موجود ہونے کی دلیل ہے۔ |
| مار کا جسم کے کسی عضو مثلاً کان یا مقعد سے نکل جانا | صاحب خواب کے عیال سے کوئی دشمن تھا، جس کے نکل جانے کی دلیل ہے۔ |
| مار سفید کو مطیع و فرمانبردار دیکھنا یا ملنا اور اس میں کوئی برائی کا نہ ہونا | گنجہائے عظیم ملنے کی دلیل ہے جو شاہی خزانہ سے ہوگا۔ |
| مصطگی خواہ کندر کا دیکھنا | کسی نیک مرد سے علم فقہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ |
| مہندی لگانا | کسی کے قتل کرنے کی دلیل ہے۔ |

## ردیف "ن"

| خواب | تعبیر |
| --- | --- |
| نبی ﷺ کا خواب میں دیدار کرنا | یہ خواب بالکل صحیح اور سچا ہوتا ہے کیونکہ شیطان حضور ﷺ کی صورت میں نہیں آسکتا اور تمام مرادیں دینی و دنیاوی ہاتھ آنے اور انجام بخیر ہونے کی دلیل ہے۔ |
| نماز راست پڑھنا | صاحب صفت نیک خصلتیں ہونے اور گناہ معاف ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ناخن تراشنا | راحت و سرور حاصل ہونے اور قرض سے سبکدوش ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ناک اپنی بڑی دیکھنا | شہوت زیادہ ہونے اور بدکار عورت سے فائدہ پہنچنے کی دلیل ہے۔ یا شرف عزت حاصل ہے۔ |
| ناک کا کٹ جانا | ذلت و خواری کی نشانی ہے بلکہ افلاس کی نشانی ہے۔ |
| نہر یا دریا کے دلدل میں پھنسا دیکھنا | غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| نہر یا دریا سے گدلا پانی پینا | مرض میں پھنسنے کی دلیل ہے۔ |
| نہر کو دوسری طرف سے کاٹ کر جاری کرنا | تمام مصیبتوں سے نجات ہونے اور خوشی کی دلیل ہے۔ |
| نیزہ مارنا | دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہے۔ |
| ناخن دیکھنا | بہتری کی علامت ہے۔ |

| | |
|---|---|
| نیزہ دیکھنا | سفر کرنے یا عورت ملنے یا لڑکا پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ناک سے خون بہنا | مال حرام ملنے اور عمر ذلت سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔ |
| نشان دیکھنا | بڑا نامور ہونے رُتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ناخن بڑا یا قوی دیکھنا | دشمن پر مظفر اور منصور ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ناخن ٹوٹا دیکھنا | عزیز یا دوست سے فساد ہو یا تجارت میں نقصان ہونے کی دلیل ہے۔ |
| نقارہ بجانا | حکومت ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔ |
| ناچ دیکھنا | رنج دور ہونے راحت وسرور حاصل ہونے کی دلیل ہے |
| ناچ خود ناچنا خواب میں | عورت سے فتنہ ہونے زندگی ضیق میں پھنسنے کی دلیل ہے |
| ناک سے خون بہتے دیکھنا | مال مشقت سے ملنے اور جلد خرچ ہو جانے کی دلیل ہے |
| ناریل دیکھنا | نہایت خوشی کی خواہ شادی سے یا پیدائش اولاد سے ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ندی دیکھنا | راحت خلق کو پہنچانے اور نام آوری کی نشانی ہے۔ |
| نیم کا درخت خواہ کچھ حصہ دیکھنا | صحت کی نشانی ہے۔ |
| نعلین کا پہننا اور اُتارتے دیکھنا | نعلین پہننے سے کسی عورت سے ملنے کی دلیل ہے اور اُتارنے سے اپنی جورو کو طلاق دینے کی دلیل ہے۔ |
| نہر یا دریا میں غسل کرنا | بیمار ہے تو صحت پانے گناہوں سے پاک ہونے یا اور کوئی خوشی کی بات ہونے کی دلیل ہے۔ |
| نکاح کرنا | عزت وآبرو سے رہنے اور مال بکثرت ملنے کی دلیل ہے |
| نیولا دیکھنا | بیمار ہونے کی علامت لیکن جلد صحت ہونے کی بھی نشانی ہے |

| | |
|---|---|
| نوجوان نامعلوم کا دیکھنا | دشمن پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| نشانہ پر تیر الگنا دیکھنا | مقصد حسب دلخواہ برآنے کی دلیل ہے۔ |
| نوش کرنا دودھ جانور | دین خیر صلاح کی خاص دلیل ہے۔ |
| ان نامعلوم حلال کا | |
| نوش کرنا خواہ پانا دودھ | ان سب کے دودھ سے روزی خیر حلال کی نشانی ہے ان |
| گائے بھینس اور اونٹوں کا | میں بھیڑ' بکری کے دودھ کی کمتر تعبیر ہے۔ |
| نکاح کرنا زن مردہ سے | صاحب خواب جس مقصد کیلئے مایوس ہو چکا تھا' اس کے |
| خواب میں | پورا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| نکاح کرنا اپنی مادر یا خواہر | تو صاحب خواب کیلئے شرف زیارت خانہ کعبہ کی دلیل یا |
| یا اور کسی زن ایسی سے جس | اپنے قرابت داروں سے نیکی اور صلہ رحمی کی نشانی ہے۔ |
| سے نکاح کرنا ہمیشہ کیلئے حرام | |
| تھا یعنی محرمہ سے | |
| ناہموار و کج کا راستہ دیکھنا | بے دینی و بے مذہبی کی دلیل ہے۔ |

## ردیف "و"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| وعظ کہنا خواب میں | بدکاروں کو فضیحت کرنے اور نصیحت کرنے کی دلیل ہے |
| وضو کرنا | عنایت رب جلیل اور نیک کرداری کی دلیل ہے۔ |
| وظیفہ پڑھنا | بُرے کاموں سے بچنے اور نیک کام کرنے کی دلیل ہے |
| وبا ورنج یا دوزخ کے مبتلا دیکھنا | دنیا کے رنج و مصیبت کی دلیل ہے۔ |

## ردیف "ھ"

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ہرن دیکھنا | دختر کے پیدا ہونے کی یا کوئی حسین کنیز ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔ |
| ہوائے تند کا دیکھنا | جہاں پر دیکھے وہاں کے باشندوں اور اس سرزمین پر آفت آنے کی دلیل ہے۔ |
| ہدیہ بھیجنا | الفت و محبت خلق سے ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ہاتھوں کو بندھے دیکھنا | بے دین و بے کار ہونے کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ ہاتھ خشک یا سست ہو گئے ہیں تو اس کے یار و آشنا کنارہ کریں گے۔ |

| | |
|---|---|
| ہاتھ کئی ایک دیکھنا اپنے | اگر نیک ہے نیکی میں ترقی ہو گی اور جو مفسد ہے تو فتنہ بہت کرے گا۔ |
| ہاتھ میں مہندی لگانا | کسی کے قتل پر آمادہ ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ہرن کا خواہ گوسفند کا بچہ دیکھنا | کوئی مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ |

## ردیف الف

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| آب جاری دیکھنا | کسی بڑے کام میں پیش ہو جس کام یا عہدہ پر مقرر ہو ترقی ہو۔ |
| آب شور دیکھنا | جلد رنج میں مبتلا ہو قید فرنگ کا سامنا ہو۔ |
| آب مصفا دیکھنا | بزرگ آدمی کی صحبت سے فائدہ ہو اور فتنہ و فساد بند ہو۔ |
| آسمان دیکھنا | مرتبہ بلند ہو یا فرزند ارجمند ہو۔ |
| آگ جلا کے کچھ پکانا | بے شمار نفع ہو فضول خرچ سے بچے۔ |
| آسمان سے گرنا | ذلت و خواری کا سامنا ہو مرتبہ سے گرے گا۔ |
| آفتاب دیکھنا | عزت و آبرو میں ترقی ہو حاکم وقت مہربان ہو۔ |
| آفتاب پر ابر دیکھنا | گردش قسمت میں مبتلا ہو حکام سے فائدہ نہ ہو۔ |
| آسمان نہ دیکھ سکنا | مرد بزرگ کی زیارت سے محروم ہو جائے۔ |
| آسمانی فرشتوں کو اپنے پاس سے گزرتے دیکھنا | علم و حکمت حاصل ہو دنیا میں مشہوری ہو۔ |

| | |
|---|---|
| آسمانی فضا میں اُڑنا | برکت و نعمت حاصل ہو درجات میں ترقی ہو۔ |
| آسمان پر سیدھا اُڑ کر پہنچنا | نقصان یا رنج ہو کسی دوست سے تکلیف ہو۔ |
| آفتاب طلوع ہونا | کوئی نیا کاروبار شروع کرے نئی امیدوں کی جھلک دیکھے |
| آفتاب غروب ہونا | ناگہانی صدمہ ہو یا مشہور شخص یا خاندان کے بزرگ کی فوتیگی ہو۔ |
| آگ سے کپڑا جلنا | رنج اور نقصان ہو مصیبت آئے۔ |
| آسمان سے ندا سننا | برکت و سلامتی حاصل ہو خیر کی خبر ہو۔ |
| آسمان سے شہد کی بارش دیکھنا | نعمت حاصل ہو رزق زیادہ ملے خیر و برکت میں اضافہ ہو |
| آسمان سے خاک کی بارش دیکھنا | کم ہو تو نیک اور زیادہ مقدار ہو تو بدفال ہے نیک شگون نہیں۔ |
| اجوائن چبانا | اولاد کی پیدائش دشمن پر فتح پانا۔ |
| ادرک کھانا | صبح کے قریب یہ خواب مبارک رات کے ابتدائی حصہ میں نحس ہے ناقص ہے۔ |
| اذان دینا | کوئی نیک کام سرزد ہو دین کی تبلیغ کرے نیک کام باعث برکت ہو۔ |
| آسمان دیکھنا | مرتبہ بلند ہو اُمیدوں کے بند دروازے کھل جائیں۔ |
| آسمان تک پہنچنا | عیش و عشرت کا مہیا ہو دوستوں میں عزت بڑھے۔ |
| آباد مکان گرتے دیکھنا | گھر کے مالک کی موت واقع ہو مصیبت پیش آئے۔ |
| آگ روشن کرنا | مبارک خواب ہے کوئی نیک کام سرزد ہو۔ |
| آگ بجھانا | نحس خواب ہے دین کے کام میں رخنہ اندازی ہو۔ |

| | |
|---|---|
| اُڑنا ایک جگہ سے دوسری جگہ | سفر درپیش آئے' رتبہ اور عزت بڑھے نوکری کا تبادلہ ہونا |
| اُڑنا قبلہ کی طرف اور واپس آنا | سفر سے جلد نفع ہو' بشرطیکہ اس کے پر ہوں۔ |
| آنکھ میں سُرمہ لگانا | بیماری اور تکلیف کی نشانی ہے۔ |
| آنکھ ضائع ہو جانا | مالی فوائد سے محروم رہے' سفر میں تکلیف ہو' پریشانی آئے |
| آندھی دیکھنا | مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑے' چند روز سخت پریشانی رہے |
| انگوٹھی گم ہو جانا | بیوی سے جدائی ہو' خانہ داری کے معاملہ میں رنج ہو۔ |
| آنکھ میں سرمہ لگانا | بیماری اور تکلیف کی نشانی ہے۔ |
| ابر برستا دیکھنا | خیر و برکت اور زیادتی رزق کا سبب ہو' آرام آسائش عام ہو |
| اَبر گرجتا دیکھنا | باعث پریشانی ہے توبہ کرے' نیک ہو خوف خدا دل میں پیدا ہو۔ |
| آئینہ دینا | اگر کسی کو آئینہ دیتا دیکھے تو علم سکھائے' مال متاع کسی کو دیدے۔ |
| آئینہ چمکتا دیکھنا | سرداری ملے باعزت و توقیر ہو' شہرت پائے دولت ہاتھ آئے |
| آڑو کا درخت دیکھنا | مال و دولت ملنے کی بشارت ہے' لڑکی پیدا ہو۔ |
| آزاد ہوتا دیکھنا | قید ہو تو رہائی پائے غلامی سے نجات حاصل ہو' گناہوں سے توبہ کرے۔ |
| آسمان سفید دیکھنا | دنیا میں وبا پھیلے۔ |
| آسمان سرخ دیکھنا | ملک میں خونریزی ہو' جنگ چھڑنے سے تکلیف درپیش آئے |
| انڈا کھانا | دوست سے راحت ملے' شادی ہو۔ |

| | |
|---|---|
| اونٹ پر سوار ہونا | سفر پیش آئے کسی مقدس مقام کی زیارت کرے۔ |
| اونٹ سے گرنا | دین کے کاموں میں خلل پڑے بیماری اور نقصان ہو۔ |
| اُلو دیکھنا | گمراہی کی دلیل ہے مصیبت پیش آئے۔ |
| امام بننا | قوم کا سردار ہو قبیلہ کا امیر مقرر ہو عزت حاصل ہو۔ |
| امام لوگ بنائیں | شہر کا حاکم مقرر ہو بادشاہ سے عہدہ ملے لوگوں میں مشہور ہو |
| انار کا درخت دیکھنا | شادی ہو خوشی کے کام میں روپیہ صرف کرے۔ |
| انجیر کھانا | بیماری سے شفا ہو۔ |
| انگور ملنا | اچانک روپیہ حاصل ہو۔ |
| انگور کھانا | جسمانی امراض سے صحت ہو۔ |
| اژدہا پر بیٹھنا | دشمن سے صلح ہو رنج والم دور ہو۔ |
| اژدہا کو مار ڈالنا | دشمن کو ہلاک کرے اندیشہ دور ہو۔ |
| استاد بننا | اگر بچوں کو پڑھائے تو دنیا میں راست گو ثابت ہو عزت حاصل ہو۔ |
| اپنے آپ کو اندھا دیکھنا | نیک کاموں سے دور بھاگے برے کاموں کی طرف راغب ہو۔ |
| اپنے آپ کو قتل کرتے دیکھنا | لمبی عمر پائے اور صحت حاصل ہو۔ |
| اذان بے وقت دینا | ظلم وستم کرے اور ہر ایک پر بداندیشہ کرے۔ |
| اونٹ کو ذبح کرنا | کوئی کار خیر انجام دے بارگاہ الٰہی میں درجہ بلند ہو۔ |
| اولیاء اللہ کی زیارت | مبارک خواب ہے دین ودنیا کے مقاصد پورے ہوں۔ |

| | |
|---|---|
| اولیاء اللہ کو ناراض دیکھنا | گناہوں سے توبہ کرنا چاہیئے' اللہ کے عتاب سے ڈرنے کی ضرورت ہے۔ |
| آئینہ دیکھنا | بیوی سے ملال کا اندیشہ ہے' درجہ اور مرتبہ کم ہو' اولاد پیدا ہو |
| اذان مسجد میں کہنا | مال بے حساب ملے' انجام بے خیر ہو' حج و زیارت نصیب ہو |
| ابابیل دیکھنا | عقل و دولت میں ترقی کا باعث ہے۔ |
| اذان اقامت نماز سننا | خلق خدا کی خدمت کرے' پرہیز گار ہو۔ |
| اجوائن کسی کو دینا | غم و اندوہ سے نجات حاصل ہو اور اگر ہاتھ سے گرتی دیکھے تو غم سے بچے۔ |
| اولیاء ابدال کو دیکھنا | اقبال مندی کا باعث ہے' نیک کاموں میں زیادتی ہو۔ |
| اونچی جگہ پر چڑھنا | رتبہ بلند ہو' نہایت خوشی ملے۔ |
| ائمہ معصومین کو دیکھنا | دنیا میں دولت ملے' عاقبت میں بیڑا پار ہو۔ |
| آتش دیکھنا (آگ) | مال و دولت ملے' بارش کی علامت ہے۔ |
| اونٹ دیکھنا | نقصان ہو۔ |
| آسمان پر اُڑنا | ترقی و دولت ملے۔ |
| آسمان سے گرنا | تکلیف درپیش ہو۔ |
| الائچی کھانا | بزرگانِ دین سے فیض پہنچے' دعا قبول ہو۔ |
| الائچی ملنا | مبارک خواب ہے' بیٹی پیدا ہو۔ |
| آم کھانا | بے حساب نعمت ملے' کاروبار میں ترقی ہو۔ |
| آم خریدنا | مبارک خواب ہے' فائدہ پہنچے۔ |
| آم فروخت کرنا | ترقی اور فائدہ کا موقع سے نکل جائے۔ |

| | |
|---|---|
| اذان مکان کے گوشے میں | حق میں خیانت کرے امانت ضائع ہو۔ |
| انگوٹھی ملنا | خوشی ہو اچانک کوئی اچھی خبر سنے۔ |
| انگوٹھی پہننا | بزرگوں سے فائدہ پہنچے عزت دیرینہ حاصل ہو۔ |
| انگوٹھی پہنتا دیکھنا | حکومت مرتبہ بزرگی کی نشانی ہے جلد مسرت ثروت ہاتھ آئے۔ |
| انگوٹھی گرتا دیکھنا | قدر و منزلت زائل ہو پریشانی حاصل ہو مشکلات میں مبتلا ہو۔ |
| انگوٹھی ٹوٹتا دیکھنا | اہل و عیال سے مفارقت کا باعث ہو۔ |
| انگور کی بیل دیکھنا | نیک اور خوش خو عورت سے شادی کرے آرام پائے۔ |
| انگور کی بیل سوکھی دیکھنا | تکلیف و پریشانی اُٹھائے رنج و بلا میں گرفتار ہو۔ |
| اوپر چڑھنا یا جانا | پہاڑ یا چھت یا کسی بلند مقام پر چڑھنا کامیابی کی دلیل ہے۔ عزت و بزرگی پائے بلند مرتبہ ہو باعث خوشی ہو۔ |
| انگور سفید کھانا | نعمت و برکت حاصل ہو۔ |

☆☆========☆☆

# ب

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| باجا بجانا یا سننا | دین سے بے بہرہ ہو، دنیا میں مشغول ہو۔ |
| بادام کھانا یا دیکھنا | دولت ملنے پر خوشی ہو، رنج و تکلیف دور ہو۔ |
| بادشاہ کو غصہ میں دیکھنا | غم و اندیشہ کی نشانی ہے، قسمت قدرے پریشانی ہے۔ |
| بارانِ رحمت برستے دیکھنا | غلہ ارزاں ہو، خدا کی رحمت و مہربانی ہو۔ |
| بازو کٹا دیکھنا | بھائی یا عزت کا رنج اُٹھائے، ملال و غم پیش آئے۔ |
| بادل چھانا | رنج میں مبتلا ہو، پریشانیاں دامن گیر ہوں۔ |
| باغ دیکھنا | اگر سبز دیکھے دولت ملے، اگر خشک دیکھے تو پریشانی ہو۔ |
| بال اپنے سفید دیکھنا | عمر اور عزت بڑھے اور مال و اسباب میں زیادتی ہو۔ |
| بال سر کے کٹے دیکھنا | قرض ادا ہو جائے یا سفر حج پیش آئے۔ |
| بالائی کھانا | کہیں سے اوپری آمدنی اور مال پائے مگر جلد وبال سامنے آئے۔ |
| بانسری بجانا | اندیشہ کی نشانی ہے، باعث پریشانی ہے۔ |
| باز دیکھنا | دشمن قید ہو۔ |
| برات دیکھنا | عورت کو خوشی حاصل ہو، مرد دیکھے تو رنج پہنچے۔ |
| بُرج دیکھنا | خوف و آفت پیش ہو، رنج و مصیبت میں زیادتی ہو۔ |
| بزرگانِ دین کو دیکھنا | خیر و برکت حاصل ہو، خدا تعالیٰ کی عنایت حاصل ہو۔ |
| بندر یا بلی کا بچہ | بیماری اور کم عمری کی نشانی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| بہرہ اپنے آپ کو دیکھنا | علم دین میں نقصان ہو' بہت حیرانی ہو۔ |
| بیضہ مرغ دیکھنا | فرزند تولد ہو' رنج وغم دور ہو۔ |
| بادل میں چاند دیکھنا | مصیبت کے بعد راحت ہو۔ |
| بارش میں بھیگنا | اچھا خواب ہے' دلی مراد پوری ہو۔ |
| باغ سبز دیکھنا | خوشی کی علامت ہے۔ |
| باغ خشک دیکھنا | رنج وغم کا سامنا کرنا پڑے' امیدوں میں مایوسی ہو۔ |
| بادل گرجے بجلی چمکے | بادشاہ سے ظلم ظاہر ہو یا حاکم وقت سختی کرے۔ |
| بچھو کو مارنا دیکھنا | دشمن سے لڑائی ہو' بالآخر غالب آئے۔ |
| بچھو ڈستا دیکھنا | دشمن سے گزند اُٹھائے۔ |
| باغ میں پودا اگانا | لڑکا پیدا ہو' باعث راحت وآرام ہو' لڑکا گلفام ہو۔ |
| باغ پر موسم خزاں دیکھنا | کاروبار میں تنزل آئے' تکلیف اور رنج وملال میں مبتلا ہو |
| باغ سے پھل توڑنا | مال دولت جمع کرے' کاروبار وسیع ہو یا عزت ہو۔ |
| بال سر کے لمبے دیکھنا | عورت دیکھے تو زینت وحسن میں یکتا ہو' مرد دیکھے تو آرزدہ وملول ہو۔ |
| بالوں سے گنجا سر دیکھنا | مال وزر جمع کرے' عقل مند دانا ہو' عزت پائے۔ |
| بالوں میں کنگھی کرنا | نفع حاصل ہو' راست بازی فہم عقلمند ہو۔ |
| سخت آپ کو دیکھنا | تندرستی اور درازی عمر کی دلیل ہے۔ |
| بادشاہ کے قریب بیٹھنا | بادشاہ سے نفع ہو یا حاکم وقت مہربان ہو۔ |
| بہشت دیکھنا | عالم باعمل متقی بے بدل ہو' عوام میں عزت وحرمت پائے |
| بہشت کا پھل کھانا | اولاد صالح پیدا ہو' اعمال نیک کی وجہ سے دین ودنیا میں |

| | |
|---|---|
| | عزت پائے۔ |
| بہشت میں داخل ہونا | جنتی ہونے کی دلیل ہے' دیندار ہو' بزرگوں میں شامل ہو |
| بیمار آپ کو دیکھنا | عبادت میں خلل ہو یا قصد سفر باطل ہو' ملال حاصل ہو۔ |
| بینگن دیکھنا یا کھانا | اگر موسم ہے تو اندیشہ و ملال ہو' بے موسم دیکھنا فائدہ مند ہو |
| بوریا دیکھنا | عورت سے فائدہ حاصل ہو' اولاد میں ترقی ہو' گھر آباد ہو |
| بوسہ لینا | برکت فتح یابی امداد کرنے کی دلیل ہے' کسی کو دوست بنائے |
| بوسہ عورت کا لینا | مال و منال اور منافع روزگار کثیر ہو' صاحب تدبیر ہو۔ |
| بہار دیکھنا | اگر موسم بہار دیکھے تو حکومت یا بادشاہ و تبدیل ہو۔ |
| بہار خوش گوار دیکھنا | بادشاہ وقت سے لوگ فائدہ حاصل کریں اور آرام پائیں |
| بھاگتا دشمن سے دیکھنا | رنج و غم میں مبتلا ہو' کسی بیماری میں گرفتار ہو۔ |
| بہرہ پن پانا | تہیدی اور تنگی روزگار کا باعث ہے۔ |
| بارات دیکھنا | مرد دیکھے تو رنج و غم کا سامنا ہو' عورت دیکھے تو خوشی ہو۔ |
| بلندی پر چڑھنا | عزت و مرتبہ حاصل ہو۔ |
| بلندی سے گرنا | ذلت و خواری کا سامنا ہو۔ |
| برف گرتے دیکھنا | بیماری کی نشانی ہے' صحت خراب ہو۔ |
| برف کھانا | کوئی خوشی ہو۔ |
| بغل گیر ہونا | کسی دوست یا رفیق سے ملاقات ہو۔ |
| بغل گیر دشمن سے ہونا | صلح ہونے کی دلیل ہے' دشمن دوست بن جائے۔ |
| بکری پانا یا خریدنا | عورت ملے یا دولت ہاتھ آئے' فراخی رزق ہو۔ |
| بکری کا گوشت کھانا | مال و دولت نعمت پائے' خوشی نصیب ہو۔ |

| | |
|---|---|
| بلبلیں دیکھنا | سر پرستی نصیب ہو سردار یا امیر مقرر ہو۔ |
| بلبل پکڑنا | خوشی خلق ہر دلعزیز اور بزرگی کی دلیل ہے آرام وراحت پائے |
| بلی کو مارنا دیکھنا | بیماری سے شفا پائے رنج وتکلیف سے نجات پائے۔ |
| بلی کو حملہ آور دیکھنا | سخت بیمار ہو یا کسی مصیبت میں گرفتار ہو۔ |
| بلی کالی دیکھنا | آفت میں مبتلا ہو گرفتار بلا ہو۔ |
| بندر کو جھپٹتا دیکھنا | سخت آفت آئے بیماری میں مبتلا ہو۔ |
| بازو کٹ جانا | بھائی کی جانب سے صدمہ ہو۔ |
| بازو کا زیادہ طویل ہو جانا | بھائی سے فائدہ پہنچے۔ |
| بُرج دیکھنا | خوف وآفت پیش آئے مگر جلدی نجات پائے۔ |
| بوڑھا آدمی دیکھنا | درازی عمر کی نشانی ہے جتنا بزرگ دیکھے اس قدر بلند مرتبہ پائے۔ |
| بستر دیکھنا | عورت ملے آرام پائے بیمار ہو تو شفا پائے۔ |
| بازو کمزور | کسی عزیز کا صدمہ ہو یا بھائی بیمار ہو جائے۔ |
| بازو بند ٹوٹ جائے | بھائی کی موت یا کسی عزیز کی ناگہانی موت۔ |
| باغ سرسبز کی سیر کرنا | فرزند صالح پیدا ہو یا نیک عورت سے نکاح ہو۔ |
| بانسری بجانا یا سننا | فکر اور غم ہو مگر بجانے والا دوسروں کی بھلائی کرے۔ |
| باورچی کا کام کرنا | اگر عمدہ کھانا پکائے تو نیک فال ہے بہتری کی اُمید ہے۔ |
| بائیسکوپ دیکھنا | غم دور ہو طبیعت میں سرور ہو۔ |
| بائیسکوپ چلانا | تجارت میں فائدہ ہو اقبال بلند ہو۔ |
| بجلی کا قمقمہ دیکھنا | اگر روشن دیکھے تو کامیابی کی دلیل ہے یا لڑکا پیدا ہو۔ |

| | |
|---|---|
| باز پکڑ کر مارتا دیکھنا | ملازم ہو تو برخواست ہو روزگار بند ہو جائے پریشانی اُٹھائے |
| باز ہاتھ سے اُڑ جانا | بنا بنایا کام بگڑ جائے پریشانی ہو یا بیوی سے مفارقت ہو۔ |
| بنیاد پختہ اینٹ کی دیکھنا | مال حرام پائے جس کی وجہ سے پریشان ہو بخیل بدانجام ہو |
| بنیاد کچی اینٹ کی دیکھنا | ترقی دین میں حاصل ہو اگر مسجد باغ' قبرستان وغیرہ کی بنیاد رکھے تو دین دار نیک اور دولت مند باعزت ہو سخاوت اختیار کرے۔ |
| بندگان دین کو دیکھنا | خیر و برکت کا سبب ہے' کمال عنایت رب ہے۔ |
| بازار دیکھنا | بزرگی کی علامت ہے' باعث ترقی و دولت ہے۔ |
| بلندی سے اُترتا دیکھنا | مرتبہ گھٹنے کی اور تنزلی عہدہ کی علامت ہے' باعث نکبت و مولاکت ہے۔ |
| بارش موسمی | نیک فال ہے' بہتری ہو اور ہر کام میں فائدہ ہو۔ |
| بارش سخت محدود مقام میں | بیماری اور ہلاکت کی دلیل ہے۔ |
| بارش دھیمی | نفع اور بھلائی اور کسی دوست سے نفع کی اُمید |
| بھاوج سے لڑنا | کاروبار میں ابتری ہو' بھاوج کو خوش دیکھے تو دولت دنیا حاصل ہو۔ |
| بھائی کو قتل کرنا | دین کے کاموں میں ترقی ہو' گناہوں سے بچے۔ |
| بھائی کا گوشت کھانا | غیبت کا گناہ سرزد ہو۔ |
| بہن کو خوش دیکھنا | کوئی بگڑا ہوا کام بن جائے ناخوش دیکھے تو تعبیر برعکس |
| بیل سینگ مارتا دیکھنا | اولاد یا ملازموں سے نقصان اُٹھائے یا عزت میں فرق آئے |
| بیلچہ یا کدال دیکھنا | اگر کام کرتا دیکھے تو عزت و وقار ملے' دولت ہاتھ آئے۔ |

| | |
|---|---|
| بیلنا دیکھنا یا پانا | نفع اور کامیابی کی دلیل ہے۔ |
| بھینسا دیکھنا | مصیبت میں مبتلا ہو' بیماری آئے۔ |
| بھینس دیکھنا | اگر ایک دیکھے تو عزت و دولت پائے اور زیادہ دیکھے تو غریبی وذلت پائے۔ |
| بہار کا موسم دیکھنا | پریشان حال دیکھے تو خوشی ہو' خوش حال دیکھے تو تعبیر برعکس ہو۔ |
| بہشت کی سیر کرنا | دنیاوی پریشانیوں سے نجات ملے۔ |
| بھوکا شیر دیکھنا | کسی بڑے آدمی کا عتاب نازل ہو۔ |
| بنفشہ کا دستہ لینا یا دینا | عورت خاوند دونوں کے درمیان جدائی ہو۔ |
| بنیاد رکھنا | دنیاوی فائدہ مگر نامعلوم جگہ ہو تو نقصان دارین ہو۔ |

☆☆========☆☆

## پ

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| پارہ ہاتھ میں دیکھنا | بہت سا روپیہ ملے مگر جلد خرچ ہو جائے۔ |
| پان کھانا | اپنے ساتھیوں میں عزت بڑھے' نہایت سرخرو ہو' زر ملے |
| پانی دریا کا پینا | بادشاہ ہو یا حاکم وقت سے فائدہ ہو۔ |
| پاؤں دیکھنا | رنج اور سفر پیش ہو۔ |
| پاؤں زمین پر مارنا | رنج و مصیبت میں مبتلا ہو۔ |

| | |
|---|---|
| پرائی عورتوں کو اپنی طرف مائل دیکھنا | شہوت زیادہ ہو' عورت تابعدار ہو' محبت کا سبب ہے۔ |
| پاؤں پر درد ہونا | سفر پیش آئے کسی کام میں ترقی رُک جائے۔ |
| پانی پینا | دلی مقصد پورا ہو' کسی دوست سے فائدہ پہنچے۔ |
| پانی زمین پر بہانا | غیر ضروری کام میں روپیہ صرف ہو۔ |
| پانی کا مزہ شیریں ہونا | روپیہ آسانی سے کمائے' حکام خوش رہیں۔ |
| پانی میں غرق ہو جانا | سختی اور پریشانی کی علامت ہے۔ |
| پانی پر چلنا | کسی دشوار کام میں آسانی ہو' بغیر ظاہری امداد کے کام پورا ہو۔ |
| پاؤں کٹا دیکھنا | مال ضائع ہونے کا سبب ہے' پامال وخستہ حال ہو۔ |
| پاؤں ٹوٹے دیکھنا | جان جانے کا خطرہ لاحق ہو' مصیبت و پریشانی اُٹھائے۔ |
| پاؤں میں نیا جوتا پہننا | عورت نیک خصال باکرہ ملے' مجامعت سے لطف اندوز ہو |
| پاؤں میں تنگ جوتا پہننا دیکھنا | عورت بدخصلت ملے' اگر جوتا نیا پہنتے دیکھے تو باکرہ ملے' اگر جوتا پرانا ہو تو بیوہ یا مطلقہ سخت اور بدمزاج عورت ملے |
| پتے درخت سے اُتارنا | مال ودولت ملے' رحمت الٰہی شامل حال ہو' نیک خصال ہو |
| پتے پھل دار درخت سے اتارنا | سعادت وعظمت پائے' بے اندازہ روزی ہاتھ آئے۔ |
| پاخانہ کرنا | عزت مرتبہ اور ہنر سے تنزلی ہو (کچھ لوگوں کا خیال یہ ہے کہ یہ خواب دیکھے تو قرض ادا ہو' میرے خیال میں پہلی تعبیر صحیح ہے) |
| پیشاب کرنا | فرزند کو راحت ملے' رنج وغم دور ہو۔ |

| | |
|---|---|
| پہاڑ پر چڑھنا | روزگار میں ترقی ہو عزت و مرتبہ حاصل ہو۔ |
| پہاڑ کا ہلنا | وبائی امراض کا اندیشہ شہر میں بدامنی ہو۔ |
| پروانہ دیکھنا | حاکم کے غضب میں مبتلا ہو پریشانی کا سامنا ہو۔ |
| پری یا پرستان دیکھنا یا پڑھنا | علم معرفت حاصل ہو یا شاہی دربار میں جانا پڑے۔ |
| پستان دیکھنا | عورت ملے یا اولاد ہو دولت کی خوشی ملے۔ |
| پل صراط دیکھنا | نیک کاموں کی طرف طبیعت مائل ہو دنیوی دولت ملے |
| پنجرہ دیکھنا | قید میں گرفتار ہو رنج کا سامنا ہو۔ |
| پنجہ کٹا دیکھنا | تنگ دستی اور پریشانی و حیرانی ہو۔ |
| پنیر کھانا یا پتھر برسنا | رنج و مصیبت اور پریشانی کی علامت ہے۔ |
| پہننے کا پرانا کپڑا دیکھنا | غربت اور پریشانی کی علامت ہے۔ |
| پیشاب خون کا کرنا | پیٹ میں لڑکا مر جائے یا سخت تکلیف ہو مگر تدبیر سے اچھا ہو جائے۔ |
| پیسہ پڑا پانا | غم اور پریشانی حاصل ہو۔ |
| پھول دیکھنا | کسی خوبصورت عورت پر عاشق ہو برا فعل کرے دولت ملے |
| پردہ دار دروازہ کا | خوف اور غم لاحق ہو مگر نجات ملے۔ |
| پردہ ضائع ہو جائے | بیوی کو طلاق دے عورت دیکھے تو بیوہ ہو۔ |
| پروازی کرنا | اپنے ہم پیشہ سے دولت مند ہو۔ |
| پرندہ کا اُڑ کر آنا | حاجت پوری ہو اور فرزند پیدا ہو۔ |
| پروانہ کو مار ڈالنا | ہلاکت اور دولت کا نقصان |
| پتھر سیاہ لینا | عربی سردار سے ملاقات یا کسی مسجد کا امام ہو۔ |

| | |
|---|---|
| پتھر سرخ | رئیس ہمسایہ سے فائدہ ہو یا کسی عورت سے مال ملے۔ |
| پتھر پہاڑ سے لینا | اگر وہ سیاہ یا سفید ہوں تو منافقت کی دلیل ہے۔ |
| پٹھے جسم کے خشک | دولت چلی جائے یا پیغام موت ہے یا دوستوں سے۔ |
| پیشانی بلند دیکھنا | ترقی مراتب کی دلیل ہے' حاملہ دیکھے تو فرزند ہو۔ |
| پیٹ میں درد ہونا | بیوی اور بچوں کو تکلیف ہو۔ |
| پیٹھ میں درد ہونا | بھائی کو تکلیف ہو۔ |
| پیڑ پر چڑھنا | دشمن سے نجات ملے' قرض ادا ہو۔ |
| پیغمبروں کی زیارت | دین و دنیا کے مقاصد پورے ہوں۔ |
| پری سے گفتگو کرنا | مرتبہ بلند ہو' سفر میں آرام ملے۔ |
| پیسہ ہاتھ سے گرنا | رنج کی نشانی ہے' افلاس بڑھے۔ |
| پیسہ پانا | عیش و آرام حاصل ہو' قرضداری سے نجات ملے۔ |
| پتنگ اُڑانا | جھوٹے افسانے تراشے دوستوں میں ہوا خیزی ہو۔ |
| پانی میں نہانا دیکھنا | بیمار ہو تو شفا پائے اگر تندرست دیکھے تو کامیابی ہو۔ |
| پانی میٹھا پینا | درازی عمر پائے' نیک بختی نصیب ہو۔ |
| پانی نلکا سے نکالنا | بلا محنت و مشقت روزی کا سامان ہو۔ |
| پانی پمپ سے کھینچنا | دوستوں اور عزیزوں سے نفع پہنچے۔ |
| پہاڑ کا پھٹ جانا | شدید مصائب نازل ہوں۔ |
| پاجامہ پہننا | شادی ہو' گناہوں سے محفوظ رہے۔ |
| پتھر مارنا | کسی شخص کو تہمت لگائے۔ |
| پتھر چبانا | رنج و غم کی نشانی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| پتھر توڑنا | کسی دشوار معاملہ میں ہمت اور استقلال سے کامیابی ہو |
| پستہ کھانا | روپیہ کا فائدہ ہو' اچھی خبر سنے۔ |
| پھول چننا | مقاصد پورے ہوں' دوستوں سے راحت ملے۔ |
| پردہ ہوا سے اڑتا دیکھنا | رنج و غم سے نجات پائے' پوشیدہ راز آشکار ہو۔ |
| پردہ نیا دیکھنا | بادشاہ کیلئے اچھا ہے اور رعایا کیلئے کسی حالت میں اچھا نہیں |
| پردہ اُتارنا | دلی مراد پوری ہو' باعث مسرت ہے۔ |
| پرانا کپڑا دیکھنا | رنج والم میں مبتلا ہو' اگر فروخت کرتا دیکھے تو افلاس و تنگی و غریب ہو۔ |
| پسلی کی ہڈی ٹوٹی | عورت فوت ہو یا مال و زر میں کمی واقع ہو۔ |
| پسُو دیکھنا یا مارنا | غم و اندوہ میں مبتلا ہو۔ |
| پسُو کو کاٹتے دیکھنا | مصیبت میں گرفتار یا کوئی آفت آئے۔ |
| پسینہ آتا دیکھنا | مال حلال کمائے اور اگر بیمار دیکھے تو شفا پائے۔ |
| پشم پاس دیکھنا | دولت و نعمت حاصل ہو۔ اگر خریدے یا گھر لائے تو نعمت و دولت پائے۔ |
| پشم ضائع کرتا دیکھنا | دولت ضائع کرے یا نقصان ہو' بہر حال باعث پریشانی ہے |
| پل دیکھنا یا گزرنا | دلی مراد بر آئے' حکومت سے فیض حاصل ہو' مال و زر جمع کرے۔ |
| پل شکستہ دیکھنا | بادشاہ پر مصیبت پڑنے کا باعث ہے۔ |
| پل بناتے دیکھنا | راحت و آرام پائے' دولت و حکومت ہاتھ آئے۔ |
| پنجرہ دیکھنا | کسی مصیبت میں گرفتار ہو' پردہ فروش بنے یا قید ہو۔ |

| | |
|---|---|
| پنجرہ ٹوٹا ہوا دیکھنا | دُکھ درد سے رہائی پائے، مصیبت ٹل جائے۔ |
| پن چکی دیکھنا | جنگ اور دشمنی کے مترادف ہے۔ |
| پنیر دیکھنا | مال و نعمت پائے، عورت وفادار رہے۔ |
| پنیر خشک دیکھنا | سفر درپیش ہو، تجارت میں نفع پائے مگر کم حاصل ہو۔ |
| پنیر کھاتا دیکھنا | سفر میں محنت و مشقت سے مال و دولت ملنے پر مبنی ہے۔ |
| پودینہ سبز دیکھنا | راحت پائے، دین دار پرہیز گار ہو۔ |
| پودینہ خشک دیکھنا | رنج و غم میں مبتلا ہو، بے قرار و بے مددگار ہو۔ |
| پیاز دیکھنا | مال حرام حاصل کرے، بدنام ہو، غیبت چغلی اختیار کرے |
| پیاز پختہ کھانا | حرام کھانے سے توبہ کرنے گناہوں پر پشیمان ہو۔ |
| پیاس لگنا | دین کے کاموں میں خالی ہو، مال دنیا بکثرت جمع کرے |
| پیپ دیکھنا | مال دنیا اکٹھا کرے، بخیل و کنجوس رہو۔ |
| پھٹکڑی دیکھنا | رنج و غم، بیماری، مصیبت و نگافاد میں مبتلا ہو۔ |
| پھٹکڑی کھانا | محبت الفت رواداری پیدا ہو، کامیابی کی پیش خیمہ ہے۔ |
| پھنسی پھوڑا دیکھنا | جسم پر زیادہ دیکھے تو مال و دولت جمع کرے۔ |
| پھوڑے سے خون نکلنا | جس قدر خون نکلتا دیکھے اس قدر نقصان اُٹھائے۔ |
| پھول دیکھنا | فرزند دوست ملے، کم ہمت ہو مگر خوشی نصیب ہو۔ |
| پھول گلاب کا دیکھنا | لڑکا ذی وقار پیدا ہو۔ اہل و عیال سے آرام پائے یا دختر بیاہ لائے۔ |
| پہلوان بنا دیکھنا | اگر بادشاہ خود کو پہلوان بنا دیکھے تو قوت عظمت سلطنت زیادہ ہو۔ |

| | |
|---|---|
| پیشانی دیکھنا | فرزندار جمند پیدا ہو نیک اور باتوقیر ہو بزرگی وتونگری پائے |
| پیشانی کشادہ دیکھنا | سخاوت اختیار کرے متقی وپرہیزگار ہو عزت ومرتبہ پائے |
| پیشانی پر پسینہ دیکھنا | محنت رنج وتکلیف اُٹھائے اگر سانپ بچھو دیکھے رنج والم زیادہ ہو۔ |
| پیغمبر بنتا دیکھنا | اگر خود کو پیغمبر بنتا دیکھے تو گمراہ بے دین ہو بلاؤ مصیبت میں پھنسے۔ |
| پیالہ شیر وشربت کا پینا | عورت نیک کردار یا خدمت گار خوش اطوار حاصل ہو۔ خیر وبرکت پائے۔ |
| پیٹ انتڑیوں سے خالی دیکھنا | اقارب سے مفارقت دوست سے مہاجرت ہو ملال بشدت ہو۔ |
| پیٹ پر بال دیکھنا | خواہشات نفسانی حاصل ہوں۔دین سے نفرت دنیا سے پیار ہو۔ |
| پیٹھ ننگی دیکھنا | بے یارو بے مددگار ہو تکلیف میں کوئی ساتھی نہ ہو۔ |
| پیسہ پانا یا دیکھنا | تکلیف رنج والم میں مبتلا ہو یا بیمار ہو۔ |

☆☆==========☆☆

## ت

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| تازیانہ دیکھے | نوکر فرار ہو جائے' باعث پریشانی ہے۔ |
| تالمکھانہ کا درخت دیکھنا | کمزوری یا بیماری کی علامت ہے۔ |
| تالاب دیکھنا | اگر صاف پانی کا دیکھے تو خوشی نصیب ہو۔ پانی گندلا ہو تو بیماری آئے۔ |
| تالاب میں نہانا | بیمار ہو تو شفا پائے' اگر تندرست دیکھے تو دنیا سے کنارہ کش ہو |
| تانبا دیکھنا یا پانا | مال و منال حاصل ہو' دولت دنیا ہاتھ آئے۔ |
| تانبے کا برتن دیکھنا | نکاح و شادی ہو' باعث عیش و طرب ہو۔ |
| تصویر کھینچنا | جس شخص کی تصویر کھینچے' اس سے فائدہ ہو۔ |
| تماشہ دیکھنا | رنج و غم کا سامنا ہو' دین کی جانب سے بے رغبتی ہو۔ |
| تھیٹر دیکھنا | کسی اہم واقعہ سے عبرت حاصل ہو۔ |
| تیزاب پینا | کوئی دشوار کام آسان ہو۔ |
| تعویذ باندھنا | کسی مقصد میں کامیابی ہو' اگر خواب میں تعویذ لے اور باندھے' نہیں تو رنج و غم کا سامنا ہو۔ |
| تالاب میں غسل کرنا | تالاب اگر صاف ہو تو عزت و مرتبہ حاصل ہو۔ گدلا اور کثیف ہو تو اولاد سے تکلیف ہو۔ |
| توپ سر کرنا | دشمن مغلوب ہوں' کسی اہم معاملہ میں کامیابی ہو۔ |
| تخت شاہی پر بیٹھنا | دلی مقصد پورے ہوں' عزت و مرتبہ حاصل ہو۔ |

| | |
|---|---|
| تخت شاہی دیکھنا | کسی افسر کی مہربانی شامل حال ہو۔ |
| تربوز کھانا | کسی معاملہ میں ناکامی ہو رنج وغم کا سامنا کرنا پڑے۔ |
| تار کھینچنا | پریشانی کا باعث ہے مہربانی کی نشانی ہے۔ |
| تکیہ پانا | بزرگوں میں شامل ہو گی بزرگی حاصل ہو۔ |
| تل چبانا | چوری میں مبتلا ہو گرفتاری کا سامنا ہو۔ |
| تنبورہ بجانا | پلٹن کا عہدہ پائے یا شادی کا سامان پیش آئے۔ |
| تنور دیکھنا | نعمت کی دلیل ہے دولت میں ترقی ہو۔ |
| توپ دیکھنا | دنیا میں نیک نامی پائے دشمن پر غالب آئے۔ |
| تیر دیکھنا | اقبال حاصل ہو دولت حاصل ہو۔ |
| توپ چلانا | شاہی خدمت ملے یا مرتبہ بلند ہو۔ |
| توت وشہتوت | نفع کثیر ہو طیب مال ملے۔ |
| تار دیکھنا | درازی عمر کی نشانی ہے۔ |
| تار خبر آنا | پریشانی کی دلیل ہے صدقہ دو۔ |
| تار کسی کو لکھ کر دینا | کسی خوش خبری کے ملنے کی نشانی ہے۔ |
| تخت لٹتا دیکھنا | بادشاہ کو تنزل ہو یا سخاوت میں یکتا ہو۔ |
| تابوت دیکھنا | دلی مراد بر آئے دفینہ مال ہاتھ آئے۔ |
| تاج دیکھنا | مرد دیکھے تو عزت وتوقیر حاصل ہو عورت دیکھے تو شوہر پائے |
| تاج ملنا یا پانا | اگر بادشاہ دیکھے تو سلطنت وسیع ہو اگر اور پائے تو عزت مرتبہ بلند ہو۔ |
| تاج عورت کے سر پر دیکھنا | بلند مرتبہ پائے صاحب عزت توقیر ہو۔ |

| | |
|---|---|
| تاج چمکدار دیکھنا | اگر عورت دیکھے تو صاحب عزت دولت مند سے شادی کرے |
| تاج ٹوٹا دیکھنا | تنزل کا باعث ہو غربت آئے افلاس ذلت اُٹھائے۔ |
| تاج گرتا دیکھنا | عورت دیکھے تو شوہر فوت ہو اگر بادشاہ دیکھے تو سلطنت میں زوال آئے۔ |
| تخم گندم بونا | کام میں برکت ہو خوشی و مسرت ہو۔ |
| تخم جو بونا | مال جمع کرے عیش و آرام پائے نیک زندگی بسر ہو۔ |
| تخم باجرہ بونا | غم واندوہ میں مبتلا ہو گرفتار رنج و بلا ہو۔ |
| ترازو دیکھنا | قاضی بادشاہ حاکم کے برابر ہے۔ اگر پلڑے برابر دیکھے تو عدل و انصاف ہو۔ |
| ترازو ٹوٹا دیکھنا | قاضی یا بادشاہ عادل حاکم فوت ہو جائے۔ |
| تربوز دیکھنا | دولت ہاتھ آئے عظمت و عزت پائے۔ |
| تربوز کھاتا دیکھنا | مال و دولت اور نعمت پائے مسرت حاصل ہو۔ |
| تسبیح پڑھتا دیکھنا | متقی و پرہیز گار ہو صبح و شام عبادت میں رہے دنیا سے نجات پائے۔ |
| تصویر دیکھنا یا پانا | عورت ملے مال حرام اکٹھا کرنے کی کوشش کرے۔ |
| تصویر خریدنا | عورت خریدے مگر باعث پریشانی ہو۔ |
| تصویر ٹوٹی دیکھنا | عورت سے جدا ہونے کا باعث ہے۔ |
| تصویر اپنی بدصورت دیکھنا | سختی نازل ہو کسی آفت میں گرفتار ہو مشکل درپیش ہو۔ |
| تصویر اپنی خوبصورت | عزت پائے دولت ہاتھ آئے آرام و آسائش ہو۔ |
| ترش چیز کھانا | کاروبار میں کمی اور مال میں نقصان ہو۔ |

| | |
|---|---|
| تکبیر کہتا دیکھنا | دشمن سے محفوظ رہے۔ بلائے آسمانی سے خلاصی پائے خیر و برکت ہو۔ |
| تکلا دیکھنا | لڑکی باکرہ سے نکاح کرے۔ |
| تکلا ٹوٹا دیکھنا | لڑکی یا بہن فوت ہونے کی دلیل ہے۔ |
| تلوار دیکھنا | لڑکا یا لڑکی پیدا ہو دولت پائے۔ |
| تلوار کو نیام دیکھنا | عورت ملے نعمت و برکت پائے۔ |
| تلوار زنگ آلود دیکھنا | عورت فوت ہو باعث تکلیف ہو۔ |
| تلی دیکھنا | حلال جانور کی پائے تو مال پاکیزہ طیب ملے حرام جانور کی دیکھے تو مال مشکوک و حرام پائے۔ |
| تنور دیکھنا | بزرگ اور حاکم ہونے کی نشانی ہے۔ |
| تنور گرم روشن دیکھے | گھر کی خوشحالی کا باعث ہو اہل و عیال خوشحال ہوں نعمت ملے۔ |
| تنور شکستہ دیکھنا | گھر کی بربادی ہو یا تنگی رزق ہو جائے کلفت و رنج اُٹھائے |
| تنور میں روٹی پکانا | رزق حلال و پاکیزہ ملے نعمت بے اندازہ پائے۔ |
| تیر نشانہ پر لگانا | رنج و غم سے نجات پائے دلی مقصد پورا ہو۔ |
| توا دیکھنا | گھر کے خادم یا منتظم سے تعبیر ہے نعمت برکت آسودہ حال ہو۔ |
| توا نیا دیکھنا | گھر کا خادم صالح اور نیک ملے آسائش رزق ہو۔ |
| توا گم جاتا دیکھنا | منتظم یا خدمت گار جاتا رہے یا تنگی رزق ہو جائے۔ |
| تورات شریف پڑھنا | عزت و حشمت حاصل ہو موجب خیر و برکت ہے۔ |

| | |
|---|---|
| توڑنا کسی چیز کو | غم والم میں مبتلا ہو اگر پھول توڑے تو فرزند پیدا ہو۔ |
| توشک فراخ | رزق میں برکت ہو خوشحال ہو عمر دراز پائے۔ |
| تول پورا تولنا | نیک نیت راست باز ہو حکومت انصاف کرے۔ |
| تول کم تولنا | بخیل دغاباز مکار فریبی ہو ذلالت اُٹھائے۔ |
| تول زیادہ تولنا | سخاوت اختیار کرے نیک و متقی اور دلعزیز ہو۔ |
| تھوکنا مسجد میں | بے دین بے حیا ہو اسلام سے گمراہ ہو۔ |
| تھوکنا مجلس یا گھر میں | بدنام و بے لگام ہو برائی اختیار کرے۔ |
| تیتر دیکھنا | خوبصورت عورت ملے باعث مسرت ہو۔ |
| تیتر کا گوشت کھانا | عورت کا مال کھائے یا مال حلال آئے۔ |
| تیتر پکڑنا | کنیز یا خادم پائے دولت ہاتھ آئے راحت آرام میسر آئے |
| تیتر اُڑتا دیکھنا | اگر گم ہو یا اُڑ جائے تو عورت سے جدائی ہو یا کنیز جاتی رہے۔ |
| تیل خریدنا | نیک نام اور بلند مرتبہ حاصل ہو۔ |
| تکیہ دیکھنا | مرتبہ بلند ہو بزرگی حاصل ہونا مور ہور۔ |
| توت شہتوت دیکھنا | پھل دیکھے تو عورت ملے یا اولاد پیدا ہو۔ |
| توت کا درخت دیکھنا | مال طیب ملے منفعت پائے آرام سے زندگی بسر ہو۔ |

☆☆=========☆☆

# ٹ

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| ٹاٹ (جاجم) دیکھنا | دیانت داری اور دینداری حاصل ہو' نیک صحبت اختیار کرے |
| ٹاٹ زیادہ خریدنا | دولت بے اندازہ پائے' آخرت نیک ہو۔ |
| ٹاٹ نیا دیکھنا | عورت پاکیزہ ملے' مال طیب وظاہر ہاتھ آئے۔ |
| ٹاٹ پھٹا دیکھنا | باعث تنزل وخواری ہے' نقصان پائے پریشان ہو۔ |
| ٹانگا خریدنا | مہمان نوازی کی وجہ سے خرچ زیادہ ہو۔ |
| ٹانگے پر سوار ہونا | کسی سفر کے درپیش آنے کی علامت ہے۔ |
| ٹانگہ جوتتے دیکھنا | کسی کی شرکت کے باعث نقصان ہو۔ |
| ٹانگہ سے گرنا | غم واندوہ میں مبتلا ہو۔ |
| ٹانگہ سے اُترنا | رنج وغم سے نجات حاصل ہو' مسرت کا باعث ہو۔ |
| ٹٹو پر سوار ہونا | محنت ومشقت سے رزق حاصل ہو۔ |
| ٹٹو خریدنا | تجارت یا کاروبار میں ترقی ہو۔ |
| ٹخنہ ٹوٹا دیکھنا | اولاد سے کوئی فوت ہو یا کاروبار میں خسارہ ہو۔ |
| ٹخنے سے کھیلنا | لڑائی جھگڑا کرے' بُرے کاموں میں مبتلا ہو۔ |
| ٹڈی کا جھنڈ دیکھنا | عوام میں عزت ہو' لوگ اطاعت کریں۔ |
| ٹھوکر مارنا | اگر دشمن کو ٹھوکر مارے تو وہ مغلوب ہو' کسی اچھی چیز کو ٹھوکر مارے تو رنج وغم کا سامنا کرنا پڑے' نعمت زائل ہو |
| ٹوٹا برتن دیکھنا | توقعات میں ناکامی ہو' افلاس دامنگیر ہو۔ |

| | |
|---|---|
| ٹڈیاں دیکھنا | گناہوں سے توبہ کرے' خدا اُس کا بیڑا پار کرے۔ |
| ٹڈی دیکھنا | لشکر کی سرداری پائے' تنخواہ کافی ملے' حکومت ملنے کی دلیل ہے۔ |
| ٹرام دیکھنا یا سوار ہونا | عزت و توقیر بڑھے اور مرتبہ بلند ہو۔ |
| ٹکٹ خریدنا ریل کا | سفر کی نشانی ہے' باعث رنج و کلفت ہو۔ |
| ٹکٹ ہوائی جہاز کا | عزت و مرتبہ بلند ہو نئی ایجاد کرے' شہرہ آفاق حاصل ہو |
| ٹکٹ سمندری جہاز کا خریدنا | اگر صالح دیکھے تو حج کرے' اگر گنہگار دیکھے تو مصیبت و موت آئے۔ |
| ٹکٹ ڈاک کا دیکھنا | کسی کا خط ملے یا خط لکھے۔ |
| ٹمٹم دیکھنا | گمشدہ عزیز یا دوست کو پائے یا سفر سے واپس آئے۔ |
| ٹوپی دیکھنا | باعث عزت ناموس ہے' جس قسم کی ٹوپی دیکھے' اس کے مطابق تعبیر ہے یعنی اگر جناح کیپ دیکھے تو مسلم لیگ کا لیڈر رہو۔ |
| ٹوپی درویشانہ پہننا | عادات مسکین پیدا کرے' غرور و تکبر سے نفرت ہو یاد خدا میں رہے۔ |
| ٹوپی مجاہد کی پہننا | بہادر دلیر ہو' دشمن پر غالب آئے' فاتح ملک ہو نام پیدا کرے |
| ٹوپی ترکی پہننا | عزم استقلال ہمت' جرات' عزت پائے' دولت ہاتھ آئے |
| ٹوپی لمبی نوک دار پہننا | مُنیاں چالباز' فریبی' مکار' دھوکہ باز ہو' مال حرام پائے۔ |
| ٹوپی پھٹی پرانی پہننا | بے عزت و ننگ و ناموس ہو' قلاش ہو جائے۔ |
| ٹوپی سیاہ پہننا | جاسوس ہو یا ڈاکو راہزن چور بنے' لوگوں کو نقصان پہنچائے |

| | |
|---|---|
| ٹھوڑی دیکھنا | عقلمندی وسرداری ملے صاحب توقیر ہو۔ |
| ٹھوڑی لمبی دیکھنا | اہل وعیال میں ذلیل وخوار ہو۔ |
| ٹھوڑی سے خون بہتا | اپنے خاندانی بزرگوں سے نقصان اُٹھائے۔ |

☆☆=========☆☆

## ث

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| ثرید دیکھنا | روزی کشادہ ہو راحت بے انداز ہو۔ |
| ثمر بیٹھا کھاتا دیکھنا | خوبصورت عقلمند خوش قسمت اولاد پیدا ہو۔ |
| ثمر ترش کھانا | اولاد کی طرف سے تکلیف اُٹھائے پریشان حال ہو۔ |
| ثمر کڑوا کھانا | کاروبار میں تنزل آئے یا اولاد بدمزاج پیدا ہو۔ |
| ثریا دیکھنا | عیش وعشرت عزت ومرتبہ بلند ہو۔ |
| ثریا ماند ہوتے دیکھنا | اس قدر تنزل آئے عزت ودولت اور بزرگی میں کمی پیدا ہو |

☆☆========☆☆

# ج

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| جنازہ دیکھنا | صحت مند ہو نیک نصیب پیدا ہو خوشی ہو دولت و حشمت زیادہ ہو۔ |
| جنگل ہرا دیکھنا | رنج رفع ہو خوشی کا سامنا ہو اگر خشک جنگل دیکھے تو رنج ہو |
| جوتا تنگ پہننا | بیوی جنگ کرے اور پریشان کرے۔ |
| جوں دیکھنا | ضعیف ہو لوگوں کی نظر میں حقیر اور بے توقیر ہو۔ |
| جونک دیکھنا | کسی عارضہ میں مبتلا ہو رنج و تکلیف کا سامنا ہو۔ |
| جوہر دیکھنا | علم حاصل ہو جہالت دور ہو۔ |
| جہاد کرنا (جنگ) | دنیا میں عزت ملے عاقبت میں بیڑا پار ہو پرہیزگاری کی دلیل ہے۔ |
| جال سے شکار کرنا | دولت دنیا جمع کرنے کی علامت ہے۔ |
| جال پھٹا پرانا دیکھنا | مال ضائع ہو غریب و مفلس ہو جائے پشیمانی اُٹھائے۔ |
| جانماز مصلا دیکھنا | اگر گھر میں جانماز دیکھے تو خیر و برکت ہو یادِ الٰہی میں مشغول ہو۔ |
| جانماز مسجد میں دیکھنا | ملک حجاز کا سفر درپیش ہو حج کرے۔ |
| جانماز کسی کو دینا | لوگوں کو خدا کی طرف بلائے یعنی تلقین وعظ و نصیحت کرے |
| جادو کرتا دیکھنا | لوگوں کو اپنے ماتحت کرے۔ |
| جادوگر دیکھنا | فتنہ و فساد برپا ہو باعث حیرانی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| جادوگر سے لڑتا دیکھنا | فتنہ وفساد کو مٹائے، صلح محبت پیار کی تعلیم دے۔ |
| جُبہ پہنتا دیکھنا | نیک بخت خوش سلیقہ، عورت سے شادی کرے۔ |
| جُبہ اُتارتا دیکھنا | عورت سے مفارقت ہو۔ |
| جنوں کی ہمراہی | فریب میں پھنس کر نقصان اُٹھائے۔ |
| جبرائیل فرشتہ | خوش ہوں تو دشمن پر فتح ہو، ناخوش دیکھے تو غم ہو۔ |
| جبرائیل کا کچھ دینا | شاہ وقت قدر کرے، رتبہ بڑھے یا خوف لاحق ہو۔ |
| جعفر صادق کو دیکھنا | حج اور جہاد کرے، لوگوں میں باعزت ہو۔ |
| جادو کرنا | کار باطل دبے ہودہ کرے، معمول کے واسطے فتنہ ہے۔ |
| جبہ کسی کو پہنانا | اپنی لڑکی کی شادی کرے، عزت وعظمت پائے۔ |
| جج یا منصف دیکھنا | کسی نیک شخص سے منفعت حاصل ہو۔ |
| جج خود کو بنا دیکھنا | عزت وبزرگی کی دلیل ہے، منصف مزاج ودولت مند ہو |
| جراب دیکھنا | مال ودولت حاصل ہو۔ |
| جراب پہننا | بیابان کا سفر تنہا درپیش ہو، مال ودولت حاصل ہو۔ |
| جراب فروخت کرنا | مال ومنال ضائع کرے۔ |
| جسم ننگا دیکھنا | غم واندوہ اور تنگ رزق کا باعث ہے یا بیماری آئے۔ |
| جسم فربہ دیکھنا | غربت، تنگدستی اور بیماری کی علامت ہے۔ |
| جگر دیکھنا | مال پوشیدہ ملے، عیش وعشرت میں عمر بسر ہو۔ |
| جھنڈا سرخ رنگ کا دیکھنا | دشمن مغلوب ہو، حکام سے فائدہ پہنچے۔ |
| جھنڈا سیاہ رنگ کا دیکھنا | قوم میں عزت ہو، احکام دینی بجالائے۔ |
| جھولا جھولنا | عورت سے آرام ملے، مگر خیالات پریشان رہیں۔ |

| | |
|---|---|
| جھاڑو دینا | روپیہ غیر ضروری طور پر صرف ہو مقروض ہو جائے۔ |
| جنگل میں دوڑنا | مصیبت سے نجات حاصل ہو پریشانیوں کا دور ختم ہو جائے |
| جھگڑا کرنا حاکم سے | اگر غالب آئے تو خیر و برکت ہو عزت وتوقیر پائے۔ |
| جھگڑا کرنا بے سبب | لوگوں کو ستائے ظالم و جفا کار ہو۔ |
| جھولا میں بیٹھنا | مہربان عورت اور خوبصورت کنیز ملے دولت آرام وراحت پائے |
| جھولا تیار کرنا | کاروبار میں بے پناہ ترقی ہو شادی کا انتظار کرے۔ |
| جھنڈا سفید دیکھنا | امام وقت عالم یا فقیر روشن ضمیر ہو یا صاحب عزت وتوقیر ہو |
| جھنڈا زرد دیکھنا | بیماری آئے یا تکلیف اُٹھائے مگر جان سے بچ جائے۔ |
| جھنڈا سبز دیکھنا | سخت سفر درپیش ہو مگر عاقبت پیش ہو۔ مراجعت کرے سلامت رہے۔ |
| جھنڈا ہاتھ میں دیکھنا | حکومت سرداری عزت جاہ وحشمت پائے۔ |
| جھنڈا ہاتھ سے گرنا | عہدہ سے تنزل ہو باعث پریشانی وحیرانی ہے۔ |
| جھولی میں پھول ڈالنا | اگر عورت خواب دیکھے تو لڑکا پیدا ہونے کی خوشخبری ہے اگر آدمی خواب دیکھے تو بزرگی ملے دولت دین ودنیا پائے |
| جھولی دیکھنا | عورت ترقی دین درازی عمر مال ونعمت خیر و برکت پائے |
| جھولی خالی دیکھنا | باعث رنج وتکلیف و پریشانی ہے لڑکی کی موت واقع ہو۔ |
| جیل خانہ دیکھنا | رنج والم اُٹھائے کسی بہتان میں بدنام ہو۔ |
| جھینگر کا شور | معمولی تکلیف ہو خیالات پریشان رہیں۔ |
| جنت کی سیر | کوئی بڑی نعمت حاصل ہو۔ |
| جنت دیکھنا | عیش وعشرت دولت مندی حاصل ہو بزرگوں میں داخل ہو |

| | |
|---|---|
| جنجوتوڑنا دیکھنا | عصیاں سے تائب ہو راہ ہدایت پائے نیکوں میں شامل ہو |
| جنگل دیکھنا | دشمن پر غالب آئے آرام وراحت پائے۔ |
| جنگل میں شکار کھیلنا | بادشاہ یا حاکم ہو یا سرداری پائے۔ |
| جنگل میں سیر کرنا | غم واندوہ سے نجات پائے آرام سے زندگی بسر ہو۔ |
| جو خشک دیکھنا | خیروبرکت کا باعث ہے اگر روٹی کھائے تو بزرگی حاصل ہو |
| جو بونا | مال جمع کرے عزت حاصل ہو دولت مند ہو خوشی نصیب ہو |
| جوان ہونا | اگر بوڑھا آدمی اپنے تئیں جوان دیکھے تو نقصان اُٹھائے |
| جال میں پھنس جانا | دنیاوی تفکرات دامنگیر ہوں۔ |
| جال مکڑی کا دیکھنا | کوئی دشمن پوشیدہ طور سے نقصان پہنچانے کی کوشش کرے |
| جال میں مچھلی پھانسنا | دلی مقاصد پورے ہوں کاروبار میں ترقی ہو دولت ملے |
| جانور ذبح کرنا | اگر حلال جانور کو ذبح کرے یا گوشت کھائے تو فائدہ ہو حرام جانور کی تعبیر برعکس ہے۔ |
| جائیداد تلف ہونا | اچھی خبر سنے کشائش کار ہو۔ |
| جہاز پر سوار ہونا | کاروبار میں خوشگوار تبدیلی ہو۔ |
| جہاز دیکھنا | عورت سے رنج ہو سفر پیش آئے۔ |
| جواہرات فروخت کرنا | لوگوں کو علم سکھائے معلم واتالیق بے بدل ہو سخاوت کمال ہو۔ |
| جواہرات گم جانا | بخیل حاسد ہو لالچی عالم ہو ریاکاری پیشہ اختیار کرے۔ |
| جوہری دیکھنا | بزرگوں کا ہمنشین ہو علم ظاہری باطنی سے فائز المرام ہو |
| جہاد کرنا | فرمانِ الٰہی کی متابعت کرے صالحین میں شمار ہو نیک |

کردار ہو۔

| | |
|---|---|
| جہاد پر تیار ہونا | ترقی دین ہو، پرہیزگار عادل متقی ہو، دولت حاصل ہو۔ |

☆☆==========☆☆

## چ

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| چاند دیکھنا | بادشاہ یا وزیر ہو، عالم یا توقیر ہو، عورت جمیلہ یا دولت ملے |
| چاند گود یا گھر میں دیکھنا | فرزند سعادت مند پیدا ہو، عورت جمال ملے، مگر عورت دیکھے تو شوہر ذی رُتبہ و ذی کمال ملے۔ |
| چاند کو دھندلا دیکھنا | نکبت و فلاکت ہو، اسقاطِ حمل ہو جائے، کچھ نہ کچھ خلل آئے |
| چاند گرہن لگنا دیکھنا | غم و اندوہ میں مبتلا ہو، جان و مال کے نقصان کی علامت ہے |
| چاند زمین میں دیکھنا | اس زمین کے رہنے والوں کو حاکم سے منفعت ہو۔ راحت پائے۔ |
| چاندنی دیکھنا | مال و دولت سے گھر بھرے مگر آنکھوں کو قدرے نقصان ہو |
| چاندنی کا ٹکڑا دیکھنا | کنیز خوبرو سے وصلت رہے، دن رات مسرت رہے۔ |
| چاندنی کان سے نکالنا | کسی عورت سے مکر کرے یا دھوکہ دے کر کام میں لائے |
| چاندی کا زیور پہننا | رنج و غم دور ہو، حاصل راحت و سرور ہو، دولت پائے۔ |
| چاندی کھوٹی دیکھنا | خفیف جلال ہو، دولت کا زوال ہو۔ |

| | |
|---|---|
| چادر دیکھنا خریدنا | عورت ملے شاد و آباد ہو سکھ و آرام پائے۔ |
| چادر اوڑھنا | عورت دیکھے تو شادی کرے۔ |
| چادر سر سے گم جانا | شوہر کے فوت ہونے کی علامت ہے۔ |
| چادر پھٹی دیکھنا | پردہ دری ہو جائے یا بے عزت ہو۔ |
| چاہ و کنواں کھودنا | عورت حاصل کرے' مشقت سے مال ہاتھ آئے۔ |
| چاہ کا پانی پینا | مال حاصل ہو' اگر بیمار پیئے تو تندرستی پائے' خوشخبری ملے |
| چائے پینا | فتح و کامرانی اور تندرستی حاصل ہو' دلی مراد پائے۔ |
| چبوترہ دیکھنا | والدین کی درازی عمر ہو' صحت و سلامتی کا باعث ہے۔ |
| چبوترہ میں آرام کرنا | والدین کے زیر سایہ رہے' ان کو مہربانی پائے۔ |
| چٹائی خریدنا | نکاح کرے' زیب و زینت سے گھر آراستہ ہو۔ |
| چیٹی شیریں کھانا | خیر و برکت کا باعث ہے' کسی دولت سے تحفہ ملے۔ |
| چنبیلی کا پھول سونگھنا | بیٹی پیدا ہو' کنوارا دیکھے تو شادی ہو۔ |
| چرس پینا | کوئی حیرت انگیز خبر سنے۔ |
| چارپائی پر لیٹنا | دلی خواہش پوری ہو۔ |
| چمڑا دیکھنا | پوشیدہ دشمن یا بدصورت عورت سے تکلیف ہو۔ |
| چیل اُڑتی دیکھنا | ناگہانی مصیبت نازل ہو۔ |
| چیخیں مار کر رونا | مصیبت اور رنج و پریشانی کا سامنا |
| چلم بھرنا | عزت مرتبہ اور ہنر سے تنزل ہو۔ |
| چین گھڑی کی ٹوٹنا | روزگار میں خلل پڑے' صحت خراب ہو۔ |
| چیچک میں مبتلا ہونا | دولت ملے' دنیاوی معاملات میں آسانی ہو۔ |

| | |
|---|---|
| چھلکے پر پیر پھسلنا | کسی کام میں خلل پڑے' دشمن روڑا اٹکائے۔ |
| چھٹی لکھنا | کام میں ترقی ہو' باعث کامیابی ہے۔ |
| چراغ جلتا گھر میں دیکھنا | عورت سے فائدہ بے اندازہ پائے' راحت و آرام پائے |
| چراغ روشن کرنا | اگر کنوارا ہو تو شادی کرے' اولاد سے بھی تعبیر ہے۔ |
| چراغ گل کرنا | کوئی مصیبت درپیش آئے' رنج اندوہ میں مبتلا ہو۔ |
| چربی دیکھنا یا کھانا | نعمت دولت کامیابی حاصل ہو' خیر و برکت پائے۔ |
| چڑیا دیکھنا | قدر و منزلت بڑھنے کا موجب ہے۔ |
| چڑیا پکڑنا | کسی عورت کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو۔ |
| چڑیا کو گھونسلے سے اُڑانا | رنج و غم میں غرقاب ہو' ملامت پائے۔ |
| چیونٹیاں مارنا | مشکلات سے نجات حاصل کرے' سفر میں ہو تو واپس آئے |
| چوکھٹ دیکھنا | نیک عورت سے شادی ہو' گھر کی آبادی ہو۔ |
| چوکھٹ چومنا | جس سے محبت رکھے' اس سے شادی ہو آرام پائے۔ |
| چلنا روشنی سے تاریکی کی طرف | گمراہ و بے دین ہو' کسی مصیبت میں گرفتار ہو۔ |
| چلنا ویران میں دیکھنا | تنگی رزق ہو' فلاکت و خربت کا سبب ہے۔ |
| چمچہ دیکھنا | وکیل یا اردلی سے ملاقات ہو' حصول مقصد ہو۔ |
| چمچہ استعمال کرنا | مقدمہ درپیش ہو' وکیل یا اردلی کو ہمنوا بنائے' فائدہ اُٹھائے |
| چمڑا آدمی کا دیکھنا | آرائش اور زینت مکان ہو' برکت مال و زیادتی سامان ہو |
| چمڑا اونٹ کا دیکھنا | مال ورثہ کا ہاتھ آئے' عیش و آرام پائے۔ |
| چمڑا بکری کا دیکھنا | ترقی دولت و رزق ہو' گائے کا چمڑا دیکھنا بھی نعمت کا باعث ہے۔ |

| | |
|---|---|
| چڑا رنگنا | وراثت کا مال بانٹے یا تحریر کرے یا ورثہ پر قابض ہو۔ |
| چنے خشک دیکھنا | غم و مصیبت میں گرفتار ہو یا بیمار رہو۔ |
| چنے پختہ کھانا | رنج و غم میں کمی ہو اگر دال چنے کی کھائے تو تکلیف سے نجات ہو۔ |
| چنبیلی کا گلدستہ دیکھنا | دوست یا بیوی سے مفارقت پائے۔ |
| چھال دیکھنا | گمشدہ چیز حاصل ہو جائے اور مفلسی و تنگدستی دور ہو۔ |
| چھاؤں دیکھنا | چھت کی چھاؤں دیکھنا بزرگی سرپرستی ہیبت سے تعبیر ہے |
| چھاؤں میں بیٹھنا | موت قریب ہونے کی علامت ہے۔ |
| چھاؤں درختوں کی دیکھنا | فتنہ و فساد کی دلیل ہے اگر درخت سبز کی چھاؤں ہو تو نہایت اچھی ہے۔ |
| چھت پر چڑھنا | امارت بزرگی سرداری پائے کسی حاکم سے فیض حاصل ہو |
| چھت دیکھنا | کسی بزرگ کی محبت ہو بلند مرتبہ عزت دولت پائے۔ |
| چوری کرنا | گرفتار ہو بیماری پائے پریشانی اُٹھائے۔ |
| چوغہ پاکیزہ پہننا | عورت نیک سیرت خوبرو پائے آرام حاصل ہو۔ |
| چوغہ اُتارنا | عورت کو علیحدہ کرے یا جدائی پائے۔ |
| چوغہ ناپاک پہننا | عورت ناپسندیدہ اخلاق و بدمزاج ملے۔ |
| چولہا دیکھنا | باعث زیادتی رزق ہے آرام و راحت پائے۔ |
| چولہا ٹوٹنا | باعث ویرانی گھر ہو پریشانی حد سے زیادہ ہو۔ |
| چونا دیکھنا یا خریدنا | لڑائی جھگڑے میں مبتلا ہو باعث فساد ہے سختی و رنج اُٹھائے |
| چقندر کھانا | رنج و مصیبت پیش آئے پریشانی اُٹھائے۔ |

| | |
|---|---|
| چقندر پھینکنا | دُکھ تکلیف مصیبت سے نجات حاصل ہو، آرام پائے۔ |
| چکور مادہ دیکھنا | خوبصورت عورت یا خوشحال کنیز حاصل ہو۔ |
| چکور کا گوشت کھانا | کنواری عورت ملے یا دولت وعزت پائے، فرحت حاصل ہو |
| چکور نر دیکھنا | فرزند حسین وخوبصورت پیدا ہو۔ |
| چھتری خریدنا | عزت حکومت مرتبہ رفعت بزرگی پائے۔ |
| چھری خریدنا | فرزند نیک پیدا ہو۔ |
| چھری کا غلاف دیکھنا | عورت ملے یا عزت سے زندگی بسر کرے۔ |
| چھری سے کچھ کاٹنا | خیر و برکت کا باعث ہو، دولت ونعمت پائے۔ |
| چھلنی دیکھنا | خادم یا نوکر ہاتھ آئے، آرام پائے۔ |
| چھلنی ٹوٹی دیکھنا | نوکر یا خادم کے فرار ہونے یا فوت ہونے کا سبب ہے۔ |
| چھینک آنا | بیمار ہو تو تندرست ہو، دلی مراد پوری ہو، خوشی حاصل ہو۔ |
| چیتا دیکھنا | دشمن کے ساتھ جھگڑا ہو، پریشانی زیادہ ہو۔ |
| چیتے سے جنگ کرنا | بہادر بردبار عقل مند ذی قوت حوصلہ مند ہو۔ |
| چیتے پر سوار ہونا | دشمن پر فتح ونصرت پائے، مرتبہ بلند ہو، عزت وبزرگی ملے |
| چالیسویں کی نیاز | روحانی فیض حاصل ہو، عمدہ خوراک ملے۔ |

☆☆=========☆☆

# ح

| خواب | تعبیر خواب |
| --- | --- |
| حیض سے پاک ہو کر غسل کرنا | اگر بیمار ہے تو صحت کلی ہے' مغفرت ہو۔ |
| حرم شریف دیکھنا | خدا سے خطاؤں کی معافی مانگے ہم چشموں میں عزت بڑھے |
| حج کرنا | مقصد حاصل ہو' امید پوری ہو۔ |
| حق تعالیٰ کو حساب کیلئے دیکھنا | گناہ معاف ہو۔ |
| حقہ پینا | مرض سے نجات ہو' معشوق سے ہم کلام ہو' انجام نیک ہو |
| حکم عورت کا ماننا | زنا میں مبتلا ہو' رسوائی حاصل ہو۔ |
| حلال کرنا جانور کا | نیک کام زیادہ کرے' حاکم وقت سے فائدہ حاصل ہو۔ |
| حلوہ کھانا (یا لینا) | علم حاصل ہو' جہالت دور ہو' درازی عمر کی نشانی ہے۔ |
| حمام سرد اور بے آب دیکھنا | عورت نہایت خراب اور بدتر ملے۔ |
| حمام میں جانا اور غسل کرنا | مصیبت دور ہو اور صحت حاصل ہو۔ |
| حور دیکھنا | جنت نصیب ہو' دعا قبول ہو۔ |
| حوض دیکھنا | خیر و برکت کی علامت ہے' خوشی حاصل ہو۔ |
| حج یا طواف کرنا | بیمار ہو تو شفا پائے' عزت و بزرگی پائے' رحمت خدا ہو جائے |
| حج پر جانا | عادل بادشاہ کی زیارت ہو' افعال نیک کرے' علم دوست ہو۔ |
| حجامت بنوانا | بیمار ہو تو صحت پائے' قرض دار ہو تو خلاصی پائے۔ دکھ رنج دور ہو۔ |
| حجر اسود چومنا | بزرگ دین سے یا حاکم وقت سے فیض حاصل ہو۔ |

دین میں کامل ہو۔

| | |
|---|---|
| حرم کعبہ دیکھنا | دنیاوی رنج والم دور ہو' عیش ومسرت پائے' غم غصہ کافور ہو۔ |
| حرم کعبہ میں اندر دیکھنا | دشمنوں سے محفوظ رہے' مشیت ایزدی شامل حال ہو۔ |
| حرم پاک کا طواف کرنا | دلی مراد پوری ہو' عزت بلند مرتبہ حاصل ہو۔ |
| حرام کھانا | رنج وغم میں مبتلا ہو' تکلیف اُٹھائے۔ |
| حرام کاری کرنا | کسی آوارہ اور بدکار عورت سے ذلیل۔ |
| حساب وکتاب کرنا | فکر اور غم واندوہ میں مبتلا ہو' محنت ومشقت اُٹھائے۔ |
| حسنؓ، حسینؓ سے بات کرنا | دشمن دوست بن جائے' دین کا حامی ہو' مرتبہ بلند ہو۔ |
| حکومت کرنا | سرکشی اور آزادی پائے' بے فکر اور بہادر ہو۔ |
| حکومت سے محروم رہنا | خلق خدا میں بدنام ہو' دنیا سے ہمکنار ہو' درویشوں میں شمار ہو۔ |
| حکیم دیکھنا | گناہوں سے تائب ہو' پارسا' نیک ذی وقار ہو۔ |
| حلیم کھانا | عیش وخوشی حاصل ہو' تکلیف کے بعد راحت ملے۔ |
| حوض میں مچھلیاں کا تیرانا | کاروبار میں ترقی ہو' آرام ہو' روپیہ کا فائدہ ہو۔ |
| حمام سرد دیکھنا | اُمیدوں میں ناکامی ہو' قرض ادا نہ ہو سکے۔ |
| حوض میں گرنا | رنج وپریشانی کا سامنا کرنا پڑے' کاروبار میں ابتری ہو |
| حراست میں دیکھنا | فکر وتشویش کی علامت ہے۔ |
| حمام میں پیشاب کرنا | رنج وغم کی نشانی ہے۔ |

☆☆========☆☆

# خ

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| خاک اُڑانا | ناگہانی مصیبت کا سامنا ہو' کسی رشتہ دار کے مرنے کی خبر سنے۔ |
| خاک برسنا | شہر پر تباہی آئے' فتنہ وفساد کی گرم بازاری ہو۔ اگر صرف اپنے گھر پر خاک برستی دیکھے تو روپیہ کا فائدہ ہو۔ |
| خاک دیکھنا | درم و دینار سے تعبیر ہے' دلی مقصد پورا ہو۔ |
| خاک اُٹھانا یا سمیٹنا | مال و دولت جمع کرے' باعث فتح مندی وظفر یابی ہے۔ |
| خاک اُٹھا کر باہر پھینکنا | مال وزر ضائع کرے' پریشانی اُٹھائے۔ |
| ختنہ ہوتا دیکھنا | نیک ہو' فرمانبردار اسلام ہو' سنجیدہ مزاج ہو۔ |
| ختنہ سے خون جاری دیکھنا | گناہوں سے تائب ہو' فرزند پیدا ہو' سعادت ہویدا ہو۔ |
| خربوزہ دیکھنا | رنج والم سے نجات پائے' مسرت وخوشی حاصل ہو۔ |
| خربوزہ بے موسم دیکھنا | بیماری' عورت غلام منفعت پائے' راحت ہاتھ آئے۔ |
| خربوزہ کا کھیت | نیک بختی اور بلند بختی کی دلیل ہے۔ |
| خط پڑھ کر مضمون سمجھنا | کاروبار میں مددگار کی ضرورت اور راحت نصیب ہو۔ |
| خط مہر لگا ہوا دیکھنا | رازدار اور دیانت دار مشہور ہو۔ |
| خط کھلا ہوا | راز ظاہر ہو جائے۔ |
| خرگوش | حلال مال سے فائدہ ہو۔ |
| خشخاش | قبض کی شکایت ہو' ناگہانی تکلیف ہو۔ |
| خطیب سے ملنا | خوش قسمت سے ملاقات ہو۔ |

| | |
|---|---|
| خون کرنا | تندرستی دامن سے زندگی بسر ہو کر مگر سہوے مجبور دین و دنیا سے بے خبر ہو۔ |
| خون میں لوٹنا | نعمت حاصل ہونے کی نشانی ہے باعث کامرانی ہے۔ |
| خون کھانا یا پینا | مال حرام کھائے یا گناہ سے توبہ کرے بدکاموں سے باز رہے۔ |
| خبریں سننا | علم میں زیادتی ہو طالب علم دیکھے تو امتحان میں کامیاب ہو |
| خرگوش دیکھنا | عورت سے ملاقات ہو بیوی سے آرام ملے۔ |
| خربوزہ کھانا | علم حاصل ہو نعمت ملے حاملہ دیکھے تو بیٹا ہو۔ |
| خط چاک ہونا | کسی دوست یا رشتہ دار کے مرنے کی خبر سنے۔ |
| خط بیرنگ وصول ہونا | جو کام کرنا چاہتا ہے اس میں تاخیر ہو۔ |
| خط لکھنا | رنج دور ہو غم وغصہ سے نجات ملے۔ |
| خفا ہونا | اگر کسی دوست سے خواب میں خفا ہو تو خوشی کا پیغام سننے کی علامت ہے۔ |
| خانہ منقش دیکھنا | آرام وآسائش پائے عورت ماہ جبین ہاتھ آئے۔ |
| خرما دیکھنا | علم دولت دین حاصل ہو امور خیر میں شامل ہو۔ |
| خرما کا تخم دیکھنا | سفر درپیش ہو رنج ومنفعت پیش ہو۔ |
| خچر پر سوار ہونا | سفر درپیش ہو کوئی ملازم کاروبار میں خیانت کرے۔ |
| خطبہ پڑھنا | دینی کام انجام دے شادی ہو میراث ملے۔ |
| خطیب سے مصافحہ کرنا | کسی مرد بزرگ سے فائدہ پہنچے۔ |
| خلال کرنا | عزیزوں سے رنجش ہو۔ |
| خشخاش کھانا یا شربت پینا | روپیہ ملے دل کو تقویت ہو۔ |

| | |
|---|---|
| خچر کو آوارہ دیکھنا | بیماری میں مبتلا ہو' گرفتار مصیبت و بلا ہو۔ |
| خچر مردہ دیکھنا | عیش و آرام پائے' دولت حرام پائے۔ |
| خرگوش پکڑنا | عورت نا آشنا سے واسطہ پڑے یا کنیز پائے یا توقیر ہو۔ |
| خرگوش کا گوشت کھانا | دولت پائے' عزت و عظمت زیادہ ہو' قدر بلند ہو۔ |
| خرگوش کا چمڑا پہننا | اگر کھال کی ٹوپی یا دستانے پہنے تو دولت مند صاحب عزت ہو' آرام پائے۔ |
| خرید و فروخت | دنیا کا مال و رم دینار ملنے کا سبب ہے' خیر و برکت ہو۔ |
| خزانہ پانا | اگر سونا دیکھے تو بیمار و ہلاک ہو' باعث رنج و غم ہے۔ |
| خزانہ لعل و جواہرات کا دیکھنا | باعث قدر بلندی ہو' عالی ہمت ہو' ذی وقار ہو۔ |
| خزانہ گم ہو جانا | بیمار ہو تو شفا پائے' عالم ہو تو سخت ذلت اُٹھائے۔ |
| خشک لکڑی دیکھنا | کسی نا معلوم جگہ یا آدمی سے فائدہ حاصل ہو' مال دنیا ملے۔ |
| خضاب داڑھی کو لگانا | عیبوں کو چھپانے یا راز پوشیدہ رکھنے میں کامیاب ہو۔ |
| خضاب سر کو لگانا | نام و نمود و ریا کاری اختیار کرے' ظاہر بینی زیادہ ہو دھوکہ باز ہے۔ |
| خطیب سے جھگڑا کرنا | بے دین ہو جائے' اسلام میں شر پیدا کرے' بدنام ہونے لگا ہو۔ |
| خلال کرنا | اپنے خویشوں سے محبت والفت بڑھے' بیگانوں سے دشمنی پیدا ہو |
| خلعت ملنا | عزت اور مرتبہ و بلندی حاصل ہو یا عہدہ پائے۔ |
| خلعت بادشاہ سے پانا | مال و دولت سے سرفراز ہوگا' علم و نعمت پائے۔ |
| خلعت سفید یا سبز پائے | دین کا مرتبہ ہو' نیک عابد سخی ہو بزرگوں میں شامل ہو۔ |
| خلعت ریشمی پانا | عزت و دینداری سے سرفراز ہو' شاد و آباد ہو۔ |

| | |
|---|---|
| خوانچہ دیکھنا | مال ونعمت پانے کی نشانی ہے راحت ہاتھ آتی ہے۔ |
| خوان یا خوانچہ دیکھنا | درازی عمر ومال ودولت پانے کا باعث ہے۔ |
| خوان اُٹھتا دیکھنا | غم واندوہ میں مبتلا ہو رنج وتکلیف پائے۔ |
| خوشبو میں مست | موت آنے کی علامت ہے باعث تکلیف ہے۔ |
| خوشبو حاصل کرنا | لوگوں سے اپنی تعریف وثناء سنے۔ |
| خوشہ (بالی) دیکھنا | دولت وعزت حاصل ہو امیروں میں شامل ہو۔ |
| خیمہ دیکھنا | حکومت وسرداری ملنے کی دلیل ہے۔ |
| خیمہ میں بیٹھنا | کسی حکومت سے اعلیٰ عہدہ پائے عزت زیادہ ہو۔ |
| خیمہ لگتا دیکھنا | منصب حاصل ہو نعمت وبرکت پائے کاروبار میں ترقی ہو |

☆☆==========☆☆

## د

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| دارچینی کھانا | اگر خواب میں بلاوجہ کھائے تو غم اندوہ زیادہ دیکھے۔ |
| داڑھی دیکھنا | عزت اور بزرگی پائے نیکوں میں شمار ہو۔ |
| داڑھی لمبی دیکھنا | دنیاوی کاموں میں ترقی اور برکت ہو خوش حال ہو۔ |
| داڑھی ناف لمبی دیکھنا | مصیبت اور رنج والم میں گرفتار ہو قرضدار ہو۔ |
| داغ سر پر دیکھنا | سوداگر پیشہ ور کیلئے سودمند اور ترقی بخش ہے۔ |
| داغ لگانا بدن پر | خدا تعالیٰ کی راہ میں خیرات کرے۔ آخرت نیک عذاب سے نجات پائے۔ |

| | |
|---|---|
| داغ کسی کو لگانا | بدنام ہو، عزت و آبرو جاتی رہے۔ |
| دال ہر قسم کی دیکھنا | دنیا کی جدوجہد میں مصروف ہو، کامیابی قدم چومے۔ |
| دانے خام یا پختہ | رنج والم میں مبتلا ہونے کا باعث ہے، تنگی رزق ہو جائے |
| دانے زمین پر گرتے دیکھنا | ارزانی رزق ہو، آسودہ حالی ہو، دنیا آرام پائے۔ |
| دانے سمیٹنا | اگر برتن یا بوری میں بھرتا دیکھے تو قحط سالی ہو، دنیا بے چین ہو۔ |
| دانت دیکھنا | رنج و غم دور ہو، کاروبار میں ترقی ہو۔ |
| دانت گرتے دیکھنا | عمر دراز ہو، راحت باز ہو، ہم نشینوں میں توقیر پائے، صاحب تدبیر ہو۔ |
| دانت اپنے اکھاڑنا | مال خاطر خواہ جمع ہو، عزیزوں سے قطع رحمی کرے۔ |
| دانت چاندی کا دیکھنا | مال برباد ہو جائے، تکلیف اُٹھائے، دوست سے شکر رنجی ہو |
| دانت سیاہ دیکھنا | دنیا سے رحلت پائے، بیمار بشدت ہو، خلق سے نفرت ہو۔ |
| دختر پیدا ہوتی دیکھنا | مرد دیکھے تو مال و دولت پائے، اگر عورت دیکھے تو اولاد پیدا ہو۔ |
| درانتی دیکھنا | زر و مال جمع کرے، کاروبار وسیع ہو جائے، مشقت اُٹھائے |
| درانتی سے کاٹنا دیکھنا | اگر سنہری چیز کاٹتا ہو مال نعمت حاصل ہو۔ |
| دربان دیکھنا | بادشاہ یا حاکم کا نزدیکی ہو، فیض پائے، راحت ہاتھ آئے |
| درخت پھلدار دیکھنا | باعث رفاہ و فراغت ہو، ہر طرح کی راحت ہو۔ |
| درخت جڑ سے اکھاڑنا | عزت اور مرتبہ پائے اور مال کے نقصان کا سبب ہے۔ |
| درندے دیکھنا | دشمنوں کے نرغے میں آئے یا ہر چار طرف سے مصیبتوں میں گرفتار ہو۔ |
| درود شریف پڑھنا | دین میں ترقی ہو، دلی مقاصد پورے ہوں، حضور اکرم |

| | |
|---|---|
| | صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو۔ دین و دنیا کی دولت ملے نعمتیں پائے |
| درویش دیکھنا | دین دار ہو کوئی انعام خدا تعالیٰ سے پائے دل مسرور ہو |
| درویشی اختیار کرنا | دنیا سے بیزار ہو کاروبار سے ہمکنار ہو گوشہ نشینی اختیار کرے |
| درویش گھر اپنے دیکھنا | موجب خیر و برکت ہے سب تکلیف دور ہوں راحت پائے |
| درویش کو ناراض دیکھنا | قہر الٰہی نازل ہو مصیبت میں گرفتار ہو عاقبت خوار ہو۔ |
| درویش سے لڑنا | دین سے منہ موڑ کر گمراہ ہو جائے افلاس و مصیبت میں گرفتار ہو۔ |
| دروازہ سونے کا دیکھنا | عورت خوشحال ملے مگر غربت آئے۔ |
| دریا میں نہانا | بیماری سے شفا پائے منفعت بے شمار ہو دولت عزت سے سرشار ہو۔ |
| دسترخوان پر بیٹھنا | دولت پائے کاروبار وسیع ہو رزق میں توسیع ہو۔ |
| دعوت دینا | دنیا کو فیض پہنچائے اگر عالم دیکھے تو علم سکھائے۔ وعظ و نصیحت کرے۔ |
| دعوت قبول کرنا | کاروبار وسیع ہو دولت و نعمت پائے خوشخبری ملے۔ |
| دلدل دیکھنا | مصیبت کا پیش خیمہ ہے کوئی آفت سامنے آئے۔ |
| دلدل میں پھنسنا | مشکلات میں گھر جائے آفت میں مبتلا ہو گرفتار رنج و بلا ہو |
| دلدل سے نکلنا | غم و اندوہ سے نجات پائے بیماری سے شفاء پائے تکلیفات ہو۔ |
| دوا پینا | دولت پیدا کرنے میں مشقت اور محنت اُٹھائے۔ |
| دودھ اونٹنی کا پینا | مال کسب سے یا عورت سے پائے جسم زار میں توانائی آئے۔ |

| | |
|---|---|
| دودھ گائے کا پینا | اگر بیمار ہو تو شفا پائے' بزرگی و عزت پائے۔ |
| دودھ بکری کا پینا | مال مشقت سے پیدا کرے' اگر تجارت کرے تو نفع کم پائے۔ |
| دودھ بھینس کا پینا | بہادر چست و چالاک جنگجو عالی ہمت ہو' راست باز دیانتدار ہو۔ |
| دوات سے لکھنا | گناہوں سے نفرت ہو' ہدایت پائے۔ |
| دوربین دیکھنا | دور دراز کا سفر درپیش ہو' نفع کم و پیش ہو۔ |
| دھواں دیکھنا | بادشاہ یا جابر حاکم سے تعبیر ہے۔ |
| دیوار بنانا | لوگوں کو تعلیم دے' معلم داتالیق کا عہدہ پائے۔ |
| دیوار بلند بنانا | استاد العلماء ہو' فقیہ عالم ہو' سلطنت سے قضاء کا عہدہ پائے |
| دیوار گرانا | گمراہ ہو' بے دین ہو اگر ان پڑھ دیکھے تو بے عزت ہو۔ |
| دیوار گھر کی شکستہ دیکھنا | گھر کا مالک یا مالکہ کے فوت ہونے کی علامت ہے۔ |
| درخت سیب کا دیکھنا | مومن یا متقی مشہور ہو یا مشرف لقائے۔ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم مجبور ہو |
| درخت کنجد کا دیکھنا | مرد عجمی سے نفع یا عورت ولایت پائے' مالدار ہو جائے۔ |
| درخت خرما کا دیکھنا | عالم ہو' دولت پائے' عورت شیفتہ ملے' کبھی ملال کبھی مسرت ہو۔ |
| درخت کدو خیال دیکھنا | مال طیب یا نفع یا برکت ہو' عزت دولت قلیل پائے۔ |

☆☆=====☆☆

## ڈ

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| داڑھی دیکھنا | عزت اور مرتبہ بڑھے' لوگوں میں عزت ہو۔ |
| داڑھی لمبی دیکھنا | نعمت اور دولت کی ترقی' روزگار کی وسعت |
| داڑھی تراشنا | گمراہی اور زوال دولت کی علامت ہے۔ |
| داڑھی عورت کے | اس کا شوہر سفر سے واپس آئے' اس کی مراد پوری ہو۔ |
| داڑھی لڑکی کے | شادی کا کہیں اچھی جگہ انتظام ہو۔ |
| ڈولی دیکھنا | کسی کی موت کا پیغام آئے۔ |
| داڑھی اکھاڑنا | لہو ولعب اور فضول خرچی میں مبتلا ہو۔ |
| ڈولی میں بیٹھنا | بیمار سخت ہو یا موت واقع ہو۔ |
| داڑھی سفید | مراد پوری ہو' عزت رتبہ بڑھے' دلی مقصد پورا ہو۔ خالی دیکھے تو تعبیر برعکس ہے۔ |
| ڈول دیکھنا | اگر پانی سے لبریز دیکھے تو دلی مقصد پورا ہو۔ خالی دیکھے تو تعبیر برعکس ہے۔ |
| ڈلی چبانا | بیمار دیکھے تو تندرست ہو' عورت دیکھے تو گھر میں شادی ہو' بیٹی پیدا ہو۔ |
| ڈائن دیکھنا | مرد دیکھے تو روپیہ کا فائدہ ہو' عورت دیکھے تو نقصان ہو۔ |
| ڈول بڑا دیکھنا | کسی امیر آدمی سے نفع پائے۔ |

☆☆======☆☆

## ذ

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| ذکر الٰہی کرنا | بزرگانِ دین میں شامل ہو' عبادت سے عامل ہو۔ |
| ذائقہ شیریں چکھنا | روزگار حاصل ہو' نعمت پائے' آرام وآسائش ہو۔ |
| ذبح کرنا | اگر حلال جانور ذبح کرے تو مال حلال پاکیزہ پائے۔ |
| ذبح لڑکے اپنے کو کرنا | اگر سلام کیلئے ذبح کرے تو سعادت دارین حاصل ہو۔ نیک بزرگ ہو' حج کرے' رحمت الٰہی نازل ہو۔ |
| ذبح لڑکی اپنی کو کرنا | مفلس وکنگال ہو' غربت سے بے حال ہو۔ |
| ذخیرہ درخت کا دیکھنا | سبز درختوں کو دیکھے تو مال ودولت بے اندازہ پائے۔ اگر بیٹھا یا آرام کرتا دیکھے تو اس قدر دولت سے فائدہ حاصل ہو۔ |
| ذخیرہ پھل اور اناج کا دیکھنا | غیب سے دولت ملے' انعام پائے' راحت حاصل ہو۔ |

☆☆==========☆☆

## ر

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| رس پینا | دلیل کامرانی ہے' باعث شادمانی ہے۔ |
| رسی دیکھنا | دین پر چلے اور خلقت کو سچا راستہ بتلائے۔ خوشی کی دلیل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| راکھ پھانکنا | عورت کیلئے یہ خواب نحس ہے' شوہر کی وفات ہو۔ |
| رسی گلے میں باندھنا | رنج وغم ہو' قرض بڑھے۔ |
| ریت پر چلنا | دشمن سے تکرار ہو' کام میں دشواریاں حائل ہوں۔ |
| ریگستان دیکھنا | بیماری اور رنج کی دلیل ہے۔ |
| ریچھ دیکھنا | نحس خواب ہے' رنج وغم کا سامنا ہو۔ |
| راہ میں غبار دیکھنا | مقصد حاصل ہو' نصرور پیش ہو' ملال کم وبیش ہو۔ |
| روزہ رکھنا | خیر وبرکت ہو' رزق میں کشائش ہو۔ |
| روشنی دیکھنا | اگر آسمان پر یا تاریک مکان میں روشنی دیکھے تو مایوسی میں کامیابی کی امید ظاہر ہو' بگڑا ہوا کام درست ہو۔ |
| ریشم کے کپڑے دیکھنا | معاش کے ذرائع قائم ہوں' آمدنی میں اضافہ ہو۔ |
| ریل میں سفر کرنا | مقصد میں جلد کامیابی ہو' بیروزگار ہو تو ملازم ہو جائے۔ |
| ریشمی کپڑے پہننا | مرد دیکھے تو نحس ہے' عورت دیکھے تو خوشی ہے۔ |
| رشوت لینا | مال ناجائز کو قبضہ میں کرے' ظالم اور بدنام ہو پشیمان ہو |
| رشوت دینا | حرام اشیاء کی تجارت کرے مثلاً شراب افیون بھنگ چرس وغیرہ |
| روزہ توڑنا | دین سے بے بہرہ ہو' بھوک وافلاس سے آوارہ ہو۔ |
| روزہ افطار کرنا | خوشخبری ملے' دل کی آرزو پوری ہو' نعمت وعزت پائے۔ |
| روضۂ الرسول | حضور اکرم ﷺ کی زیارت ہو' حج کرے' متقی ہو۔ |
| روضۂ اولیاء اللہ کا دیکھنا | دلی مراد پوری ہو' سعادت مطمئن قلبی حاصل ہو۔ |
| رمضان کا مہینہ | تنگی رزق کا باعث ہو مگر شاکر وصابر رہے' عزت و بزرگی پائے۔ |

# ز

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| زبان دراز دیکھنا | فضول گوئی اختیار کرے باتونی بنو۔ |
| زخم دیکھنا | رنج وغم اور تکلیف اُٹھائے اگر پیپ دیکھے تو مال حرام پائے |
| زخم سے خون بہنا | صادق القول راست باز ہو اگر زخم سے خون نکلے تو جھوٹے |
| زخمی ہونا | حق پرست راست گو ہو دکھ سے نجات پائے۔ |
| زعفران سے لکھنا | جج یا مجسٹریٹ ہو یا قاضی وقت کا ممتاز عہدہ پائے۔ |
| زکوٰۃ دینا | مال ودولت جمع کرے نیکی اور بزرگی پائے۔ |
| زکوٰۃ لینا | اگر خوشوضع سے لیتا دیکھے تو آرام وراحت دولت بزرگی پائے۔ |
| زلف دیکھنا | کسی پر عاشق ہو اور فکر والم میں مبتلا ہو محبت میں گرفتار ہو |
| زلزلہ یا بھونچال آنا | اگر ساری زمین پر دیکھے تو لوگ آسودہ حال ہوں اسلام کا چرچا ہو۔ |
| زمزم پینا یا پانا | بیماری سے شفا پائے دین کا خادم اور مددگار ہو۔ |
| زنجیر ہاتھ میں لینا | چور بنے گناہ میں مبتلا ہو ظالم بدکردار خوار ہو۔ |
| زنجیر گردن میں دیکھنا | گناہوں سے توبہ کرے نیک ہو کسی کا غلام بنے یا خادم ہو |
| زندہ کو مردہ دیکھنا | زیادتی حیات ہو دفع آفات ہو مریض صحت پائے۔ |
| زندہ کو قبر میں رکھنا | کچھ سختی وبلا درپیش آئے مگر انجام بخیر ہو جائے۔ |
| زمین کھود کر پانی پینا | مال حلال پائے مگر مشقت اُٹھائے۔ |

# س

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| سانپ کی پشت پر سوار ہونا | موت کی نشانی ہے۔ |
| ستارہ دیکھنا | قسمت کا ستارہ چمکے۔ |
| ستاروں کا ٹوٹنا | بلائے ناگہانی نازل ہو' شہر میں وبائی امراض پھیلیں۔ |
| سر اپنا کٹا ہوا دیکھنا | عزت و مرتبہ سے تنزل ہو۔ |
| سر چھوٹا دیکھنا | احمقانہ حرکات سرزد ہوں۔ |
| سر بڑا دیکھنا | علم و عقل میں ترقی ہو' عزت بڑھے۔ |
| سر میں تیل ڈالنا | اگر زیادہ تیل ڈالے تو فکر کی نشانی ہے۔ |
| سر میں درد ہونا | روپیہ ملے بچھڑے ہوئے دوست سے ملاقات ہو۔ |
| سر کے بال جھڑنا | قرض سے سبکدوشی ہو۔ |
| سانپ چھت سے گرے | حاکم یا بادشاہ سے رنجش اور بزرگوں سے ناراضگی۔ |
| سانپ گھر کے اندر | بیوی کے ہاتھ نقصان یا بیوی کا کسی سے تعلق ہو۔ |
| ساگ دیکھنا | لڑائی جھگڑے سے اضطراب ہو۔ |
| ستارے بے شمار | دولت اور حکومت میں حصہ ملے اور خوشی حاصل ہو۔ |
| سانپ اپنی گود میں دیکھنا | لڑکا موذی ہو' اس سے تکلیف پہنچے یا موذی کا مال ملے |
| سر پر آدمی | دشمن پر فتح ہو' سرداری ملے۔ |
| سر کے بال مونڈنا | اخفائے راز آقا سے رنجش مگر محرم میں نیک فال ہو۔ |
| سر کے بال کٹے دیکھنا | عورت دیکھے تو شوہر سے قطع تعلق ہو' مرد دیکھے تو مفلسی |

| | |
|---|---|
| | کی دلیل ہے۔ |
| ستارہ روشن دیکھنا | اقبال میں ترقی ہو لازوال دولت حاصل ہو۔ |
| سر اپنا ننگا دیکھنا | مالی نقصان ہو یا حاکم کے آگے فریادی بن کے جائے۔ |
| سرمہ لگانا | پیر شریعت ہو مژدہ غیبی کی بشارت ہے۔ |
| سر میں جوئیں پڑنا | قرض بڑھے پریشانی ہو صحت خراب ہو جائے۔ |
| سر کھلا دیکھنا | شادی شدہ عورت کیلئے نجس خواب ہے۔ |
| | کنواری لڑکی دیکھے تو سعد۔ |
| سیاہ بال سفید دیکھنا | فرزند سعید پیدا ہو یا توقیر ہو بزرگی پائے۔ |
| سبیل دیکھنا | فیض جاری ہو محتاج اور فقراء کی خدمت اور دلجوئی کرے |
| سلام کی آواز سننا | بیمار سنے تو موت کی نشانی ہے عورت سنے تو شوہر سے تکرار ہو۔ |
| سرحد کو پار کرنا | کسی ملک کی سرحد کو پار کرے تو علم و عقل میں ترقی کرے |
| سودا خریدنا | تجارت میں فائدہ ہو۔ |
| سینہ پر بال دیکھنا | کنجوس اور کمینہ خصلت پیدا کرے زر و دولت کیلئے خونی ہو |
| سینہ صاف کشادہ دیکھنا | سخاوت اختیار کرے معاملہ فہم بردبار چالاک ہو۔ |
| سانپ غیر جگہ دیکھنا | کسی شخص سے عداوت ہو پریشانی اٹھائے۔ |
| سانپ مارنا | دشمن پر غالب آئے مصیبت سے نجات پائے۔ |
| سانپ ڈستا دیکھنا | دشمن سے آزار پہنچے رنج و تکلیف میں مبتلا ہو۔ |
| سائبان دیکھنا | ظالم اور کمینہ حاکم مقرر ہو جس سے نفع نقصان یکساں پہنچے۔ |
| سائبان تلے بیٹھنا | بادشاہ کی خدمت گار ہو یا کسی کے زیر سایہ ہو۔ |

| | |
|---|---|
| سائبان سر پر گرنا | بادشاہ سے تکلیف اُٹھائے' حکومت کے پنجہ میں پھنسے۔ |
| سائبان پھٹا دیکھنا | بادشاہ حاکم یا سردار پر تنزل آئے یا موت واقع ہو۔ |
| سبزی دیکھنا | رحمت کا باعث ہے بیماری سے شفا پائے' غم اندوہ سے نجات پائے۔ |
| سبزی خراب دیکھنا | نقصان اُٹھائے' پریشان حال ہو۔ |
| سبزہ میں بیٹھنا | بزرگ دین سے فیض حاصل ہو' دیندار پارسا ہو۔ |
| ستارے دیکھنا | دلی مراد پوری ہو' کاروبار ملازمت میں ترقی ہو۔ حاکم سے نفع پائے۔ |
| ستارہ طلوع ہوتا دیکھنا | کسی بادشاہ حاکم عالم عادل سردار امام کے ظہور ہونے کا باعث ہے۔ |
| ستارہ غروب ہوتا دیکھنا | تنزل و خشومت کا باعث ہے' پریشانی اندیشہ میں مبتلا ہو |
| سانپ کو چھت سے گرتے دیکھنا | بادشاہ یا حاکم سے رنج حصول ہو۔ مرض کے صدمہ سے ملول ہو۔ |
| سانپ اژدہا دیکھنا | اگر مطیع دیکھے تو دولت مال عزت پائے اگر حملہ آور دیکھے تو رنج اُٹھائے۔ |
| سرخ لباس دیکھنا | عورتوں کو دیکھے تو باعث مسرت و راحت ہے۔ مردوں کے لئے خرابی ہو۔ |
| سرسوں دیکھنا | رنج و غم کے مترادف ہے' مصیبت یا تکلیف آئے۔ |
| سرسوں کا کھیت دیکھنا | اگر سرسبز دیکھے تو ترقی روزگار ہو' اگر سوکھا دیکھے تو پریشانی اُٹھائے۔ |
| سرسوں کا تیل دیکھنا | منفعت تجارت ہو' روزگار میں ترقی ہو اگر تیل نکلتا دیکھے |

| | |
|---|---|
| | تو دولت مند ہو۔ |
| سرمہ لگانا | مال و دولت پائے' دین میں ترقی ہو اور بزرگی پائے۔ |
| سرمہ دانی خریدنا | عورت پارسا سے شادی ہو' باعث راحت و آرام ہو۔ |
| سیر کرنا | آرام و راحت پانے کی دلیل ہے۔ |
| سیر باغ کا کرنا | بیٹا پیدا ہو فرحت پائے' عیش و عشرت حاصل ہو۔ |
| سفر کرنا | اگر پیدل کرتا دیکھے تو کاروبار میں جدوجہد سے کامیاب ہو |
| سفر کشتی پر کرنا | بزرگی پائے' دولت مند صاحب عظمت بلند اقبال سردار ہو |
| سفر موٹر سائیکل پر کرنا | کام میں ترقی ہو' تیزی سے عروج پائے۔ |
| سمندر دیکھنا | بہت بڑے شہنشاہ سے مترادف ہے کہ اس کا نزدیکی ہو۔ |
| سمندر میں تیرنا | شہنشاہ وقت سے عہدہ پائے' جلیل القدر ممتاز ہو۔ |
| سمندر میں ڈوبنا | شہنشاہ یا بادشاہ کے عتاب میں آئے' نیست و نابود ہو جائے |
| سمندر کی موجیں دیکھنا | شہنشاہ وقت سے زمانہ فائدہ اُٹھائے' لوگ خوشحال ہوں |
| سمندر پر کشتی چلانا | شہنشاہ سے ممتاز عہدہ پائے وزیر یا مشیر مقرر ہو' خلعت پائے |
| سمندر جھاگ دیکھنا | بادشاہ یا بزرگ سے نفع حاصل ہو۔ |
| سور دیکھنا | مالدار اور طاقتور بے فیض بے غیرت حرام خور ہو۔ |
| سور کو حملہ آور دیکھنا | کسی حاکم یا امیر بد خصلت سے واسطہ پڑے۔ |
| سور کو ہلاک کرنا | کسی دشمن یا حاکم ظالم پر فتح نصرت پائے۔ خطرہ سے محفوظ رہے۔ |
| سورج دیکھنا | بلند بخت ہو' نعمت عزت اور فرزند نیک سعادت مند پیدا ہو۔ |
| سورج چمکتا دیکھنا | عزت و بزرگی پائے' ترقی دولت زر و مال ہو۔ |

| | |
|---|---|
| سورج گرہن دیکھنا | باعث نحوست ہے ذلالت کا باعث ہے مصیبت دکھ اٹھائے |
| سونے کا زیور پہننا | عورتوں کیلئے باعث مسرت ہے اولاد رزق و دولت ملیں |

☆☆========☆☆

# ش

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| شادی کرنا | جس کی شادی کرے اور دلہن یا دولہا گھر نہ لائے۔ تو اس کی موت واقع ہو۔ |
| شامیانہ دیکھنا | سفر اختیار کرے یا گھر والوں سے مفارقت ہو مگر دولت عزت پائے۔ |
| شطرنج کھیلنا | کاروبار میں نقصان ہو دین میں خلل پڑے۔ |
| شکار کھیلنا | مرتبہ میں ترقی کی علامت ہے۔ |
| شمع روشن دیکھنا | خوب صورت عورت سے شادی ہو۔ |
| شمع گل دیکھنا | نحس خواب ہے۔ |
| شملہ باندھنا | عزت اور مرتبہ میں ترقی ہو۔ |
| شراب سے مست ہونا | مال یا سرداری ملے۔ شراب کی مستی غم کی دلیل ہے۔ |
| شور سننا جنگل میں | مصیبتوں میں گرفتار ہو۔ |
| شیر کا حملہ کرنا | اوراد و وظائف میں خلل پڑے بلاؤں میں گرفتار ہو۔ |
| شیر کے سامنے سے بھاگ جانا | مصیبت نازل ہو مگر حسن تدبیر سے بچ جائے۔ |

| | |
|---|---|
| شیشہ دیکھنا | بیمار دیکھے تو ازار بڑھے تندرست دیکھے تو پریشان ہو۔ |
| شیر دیکھنا | خوشی ملے' حاکم کا ہمراز ہو' فتح حاصل ہو۔ |
| شادی دیکھنا | اگر دیکھے کہ کسی شادی شدہ عورت کی شادی ہو رہی ہے تو نحس خواب ہے جس عورت کی شادی دیکھے اس کی وفات ہو۔ |
| شربت پینا | عمر دراز ہو' بیمار دیکھے تو بہت جلد تندرست ہو جائے۔ |
| شراب پینا | مال حرام پائے' رشتہ داروں سے فساد ہو۔ |
| شہد | بیمار کو صحت ہو' مال ملے' نفع ہو' سرداری پائے۔ |
| شیر سے بھاگنا | مقدمہ بازی سے خلاصی ہو۔ |
| شیطان مطیع | دشمن مغلوب دولت اور دین حاصل ہو۔ |
| شعر و شاعری کرنا | بیہودہ گوئی اور لغویات سے تعبیر ہے۔ |
| شعلہ آتش دیکھنا | تکلیف دُکھ رنج کا پیش خیمہ ہے۔ |
| شعلہ بدن پر پڑنا | مصیبت میں بتلا ہو جس میں کوئی ساتھی مددگار نہ ہو۔ |
| شعلہ آسمان پر دیکھنا | آفت اور مصیبت نازل ہونے کا موجب ہے۔ |
| شکار کرنا یا کھیلنا | مال غنیمت ہاتھ آئے یا غیب سے مدد ملے۔ عزت مرتبہ بلند ہو۔ |
| شکار چیتے کا کرنا | بردبار بہادر ہو' کمینہ خصلت دشمن پر فتح پائے۔ |
| شکار ریچھ کا کرنا | بد خصلت مگر طاقتور دشمن پر فتح پائے یا موذی مرض سے نجات پائے۔ |
| شکار لومڑی کا کرنا | مکارہ عورت پر قابو پائے یا عیار آدمی کی چالوں کو سمجھے۔ |
| شکر کھانا | روزی حلال پائے' فرزند و عزیز سے محبت زیادہ ہو۔ |

| | |
|---|---|
| شکر اللہ کا کرنا | دین و دنیا کی بھلائی پائے' آخرت نیک ہو' بزرگی ملے۔ |
| شکرانہ ادا کرنا | سعادت دارین حاصل ہو اور دین کی ترقی کا سبب ہے۔ |
| شکریہ ادا کرنا | دنیوی منفعت حاصل ہو اور دین کی ترقی کا سبب ہے۔ |
| شکنجہ دیکھنا | مصیبت یا بیماری آئے۔ |
| شمشیر دیکھنا | عورت یا فرزند پانے سے مراد ہے۔ |
| شہادت پانا | دنیاوی غم واندوہ سے نجات پائے' سعادت دارین ملے |
| شریک ہونا | ہمدرد قوم ہو' مساکین و یتامیٰ کی دلجوئی کرے۔ |
| شہد خریدنا | نعمت دارین حاصل ہو' سعادت و بزرگی پائے۔ |
| شیر حملہ آور دیکھنا | دشمن سے خوف پیدا ہو' دکھ درد اندیشہ ہویدا ہو۔ |
| شیر کو ہلاک کرنا | دشمن سے بے خوف ہو' بے فکری پائے' راحت حاصل ہو |
| شیر کا شکار کرنا | عزت و سرداری پائے' عہدہ ممتاز ملے' نام آور بہادر ہو۔ |
| شیر پر سواری کرنا | بہادر شاہ زور ہو' لشکر کا سردار مقرر ہو' دیندار دیکھے تو کمال بزرگی پائے۔ |
| شیر تابع دیکھنا | عقلمند دانا بزرگ قوم ہو' عزت شہرت پائے' نامور ہو۔ |
| شیشہ خالی خریدنا | مفلس عورت سے شادی ہو' مجامعت سے گھبرائے۔ |
| شیر سے بھاگنا | مقصد تدبیر سے حاصل ہو' راحت شامل ہو۔ |
| شتر مرغ دیکھنا | نفس کے پھندے میں گرفتار ہو' حرص و ہوا میں پھنسے۔ |
| شتر مرغ پکڑنا | نفس یا شہوت پر قابو پائے' دیندار ہو۔ |
| شتر اونٹ دیکھنا | اگر بلبلاتا دیکھے تو تکلیف و مصیبت آئے' اگر آرام میں دیکھو تو دولت پائے۔ |

# ص

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| صافہ سر سے گرنا | نحس خواب ہے مرتبہ میں تنزل ہو۔ |
| صدقہ دینا | بلائیں دور ہوں۔ |
| صدقہ لینا | افلاس دامنگیر ہو' دل سخت ہو۔ |
| صندوق کھلا دیکھنا | روپیہ کا فائدہ ہو' کشائش کار ہو۔ |
| صراحی دیکھنا | عیش و عشرت حاصل ہو' دولت دنیوی سے مسرور رہے۔ |
| صحبت کرنی عورت سے | عورت کے راز مخفی سے خبر دار ہو۔ |
| صحبت کرنا واقف عورت سے | نیک فال ہے لیکن دولت کا زوال ہے۔ |
| صحبت کرنا باکرہ سے | پوری مراد ہو مگر بعد میں مشکل پڑے۔ |
| صحرا دیکھنا | حاکم یا بادشاہ سے فائدہ اُٹھائے' مسرت حاصل ہو۔ |
| صحر سرسبز دیکھنا | بادشاہ مہربان ہو' یا عالم باعمل سے فیض روحانی پائے' خوشحال ہو۔ |
| صحرا سنسان دیکھنا | کسی مصیبت میں گرفتار ہو' جس میں بے یار و مددگار ہوں |
| صراف دیکھنا | نیک و بد کے پہچاننے کی تمیز ہو' قیافہ شناسی میں کامل ہو۔ |
| صراحی سونا یا صراف بننا | لوگوں کی خیانت اور غیبت میں مشغول ہو۔ خرافات بکنے اور اپنا نقصان آپ کرنے کا باعث ثابت ہو۔ |
| صراحی شراب کی پانا | عورت خوبصورت دوشیزہ مخمور پر ادا پائے' جس پر فدا ہو۔ |
| صراحی شربت کی پانا | مالدار سلیقہ شعار عورت پائے' عیش و عشرت سے زندگی بسر ہو۔ |

| | |
|---|---|
| صراحی پرانا پانا | بیوہ عورت سے شادی ہو اگر صراحی کسی کو دے تو بیوی کو اپنے سے جدا پائے۔ |
| صفائی کرنا یا کرانا | دین و دنیا کے کاموں میں اصلاح کرنے کی کوشش کرے نیک کام ہو۔ |
| صلیب دیکھنا | دین میں خرابی پڑنے کا موجب ہے۔ |
| صفائی گھر کی کرنا | غربت سے نجات پائے' سب مصیبتوں سے آزاد ہو' دلشاد ہو |
| صفائی مسجد کی کرنا | گناہوں سے تائب ہو' خادم دین اسلام ہو۔ عزت بزرگی پائے۔ |
| صفائی گلی کی کرنا | راستہ صاف کرنے کے مترادف ہے' کسی نیک کام کا آغاز کرے۔ |
| صلح کرنا یا کرانا | درازی عمر و ترقی رزق کا سبب ہے' امن و چین پائے۔ |
| صندل پانا یا خریدنا | لوگوں میں عزت پائے' تعریف و توصیف ہو' دولت حاصل ہو۔ |
| صندل سفید پانا | کسی معزز امیر رئیس سے انعام و اکرام پائے' عزت مرتبہ بلند ہو۔ |
| صندل سرخ پانا | کسی جابر حاکم سے انعام و خلعت پائے' عزت دوبالا ہو |
| صلیب بنانا | مذہب عیسائی اختیار کرے یا عیسائیوں کی مدد کرے۔ |
| صندوق منقش دیکھنا | عورت تابعدار ملے' حسینہ جمیلہ پائے' آرام عزت شہرت حاصل ہو۔ |
| صومعہ دیکھنا | گمراہوں کو راہ بتائے کار دین میں سرگرم ہو جائے۔ |

| | |
|---|---|
| صیاد کو دیکھنا | مکر وحیلہ سے روزی پائے' فکر وتدبیر میں پریشانی اُٹھائے |
| صنم کی پوجا کرنا | کافر ہو یا حق چھپائے' گناہ میں مبتلا ہو یا کافر عورت پر عاشق ہو۔ |
| صنم تراش بننا | کافروں کا ہمنوا ہو یا عورتوں پر جان دے یعنی بدمعاش کافر ہو۔ |

☆☆======☆☆

# ردیف ض

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| ضامن بنانا | اسے استاد بنائے یا فیض دین پائے۔ |
| ضامنی دینا | رنج وغم میں مبتلا ہو' فکر واندیشہ دامنگیر ہو۔ |
| ضائع مال ہونا | دین کی ترقی کا باعث ہے' استقامت عطا ہو۔ |
| ضبط کرنا | غم واندوہ سے نجات پائے' مدبر وسیاست دان ہو۔ |
| ضد کرنا | نام ونمود اور دنیاوی شہرت حاصل ہو۔ |
| ضرب لگانا | فخریہ الفاظ بولے' غرور وتکبر کا پتلا ہو۔ |
| ضرب اللہ اللہ کی لگانا | ظاہر داری سے کام لے ریا کار ہو۔ |
| ضرب سکہ پر لگانا | لوگوں میں بدنام ہو' ذلت خواری اُٹھائے۔ |
| ضرورت محسوس کرنا | حرص وطمع زیادہ ہو' لالچ بے فائدہ ہو۔ |
| ضرورت مند دیکھنا | طمع نفسانی خواہشات کا شکار ہو مگر نامراد رہے۔ |
| ضریح بنانا یا کھودنا | تنگی رزق ودولت ہو' گناہوں سے توبہ کرنے' عاقبت اچھی ہو۔ |

| | |
|---|---|
| ضعف پڑتا دیکھنا | عزت و مرتبہ کی کمی ہو تنزل پائے۔ |
| ضعف آنکھ کو پڑنا | دین میں کمزور ہو اسلام کا چور ہو۔ |
| ضعیف بوڑھا دیکھنا | دنیاوی کمزوری کا باعث ہے۔ |
| ضعیف سے ملنا | رزق یا کاروبار میں کمی واقع ہو ارادہ متزلزل رہے۔ |
| ضعیف سے کچھ لینا | کہنہ اشیاء جمع کرے یا کاروبار رزیلہ اختیار کرے۔ |

☆☆=========☆☆

## ط

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| طالب کی مدد کرنا | کوئی کار خیر انجام دے۔ دنیا میں نیک نامی ہو۔ |
| طباق کھانے سے پُر دیکھنا | رزق میں کشائش ہو بیروزگار کو روزگار ملے۔ |
| طلاق دینا عورت کو | مکروہات دنیاوی سے نجات ہو دین کی جانب رحجان بڑھے۔ |
| طنبورہ بجانا | کوئی گناہ سرزد ہو۔ |
| طور پہاڑ دیکھنا | محبوب سے ملاقات ہو اللہ تعالیٰ کا فضل شامل حال ہو۔ |
| طواف کرنا | دولت مند بزرگ سے فائدہ ہو۔ |
| طواف دیکھنا | کاروبار میں ترقی ہو روپیہ بلا مشقت ملے۔ |
| طوق گردن میں دیکھنا | نحس خواب ہے غم وفکر میں مبتلا ہو۔ |
| طویلہ دیکھنا | اگر طویلے میں گھوڑے دیکھے فائدہ ہو خالی دیکھے تو تعبیر برعکس ہے۔ |

| | |
|---|---|
| طوفان دیکھنا | متعلقین کی جانب سے فکر ہو' قرض خواہ سختی کریں۔ |
| طرہ لٹکانا | قوم میں عزت بڑھے۔ |
| طہارت کرنا | بیمار دیکھے تو صحت ہو۔ |
| طاؤس مور دیکھنا | شاہی مراتب سے تعبیر ہے' یعنی کسی بادشاہ سے دولت پائے |
| طبابت حکمت کرنا | اصلاح و ہدایت پائے یا لوگوں کو سکھلائے۔ |
| طبابت چھوڑنا | بے دین و گمراہ ہو' عزت و آبرو جاتی رہے۔ |
| طشت ٹوٹنا | خادمہ بیمار ہو یا فوت ہو جائے۔ |
| طشت میں طعام | خادمہ یا نوکرہ سے کمال فائدہ حاصل ہو' عیش راحت پائے |
| طاؤس ناچتا | عیش و آرام پائے' عورت رقاصہ ملے۔ |
| طباق دودھ کا | بزرگی حاصل ہو' سعادت پائے' فرزند پیدا ہو۔ |
| طباق خریدنا | نوکر سے تعبیر ہے اگر ٹوٹے تو نوکر چلا جائے۔ |
| طوطا دیکھنا | فرزند یا غلام کے مترادف ہے یا مال حرام پائے۔ |
| طوطا پکڑنا یا خریدنا | عیار غلام یا فرزند پائے' جس سے نفع حاصل ہو۔ |
| طوطا اُڑانا | فرزند بھاگ جائے یا نوکر ہاتھ سے نکل جائے۔ |
| طوطی بولتا دیکھنا | باتونی ہو' لغویات سے لوگوں میں بدنام ہو۔ |
| طوطی پانا | لڑکی کنواری پائے یا شاگرد نیک ملے۔ |
| طوطی سے باتیں کرنا | کسی لڑکی سے دوستی کرے مگر بے وفا پائے۔ |
| طوطے کا شکار کرنا | مال حرام حاصل کرنے کی کوشش کرے' بدنام ناکام ہو۔ |
| طعام پانا | دولت میں پائے نعمت بے اندازہ پائے۔ |
| طعام بدمزہ پانا | رنج و غم سے نڈھال ہو' پریشانی لازوال ہو۔ |

| | |
|---|---|
| طعام شیریں کھانا | بزرگی پائے' پرہیزگار ہو' راحت وخوشی پائے۔ |
| طعام باسی کھانا | مصیبت میں مبتلا ہو یا بیمار لاچار ہو' رنج وغم پائے۔ |
| طعام نمکین کھانا | اولاد سے خوشی حاصل ہو' دین میں کامل ہو۔ |
| طعام پھیکا کھانا | اولاد کا غم کھائے' زندگی تلخ گزرے بے آرام ہو۔ |
| طعنہ سننا | غم واندوہ اور رنج وملال پائے۔ |
| طعام پھینکنا | غربت ومفلسی پائے' خدا تعالیٰ کے عتاب میں آئے۔ |
| طعنہ دینا | کسی عزیز سے جدائی کا موجب ہے فکر واندیشہ پائے۔ |
| طغیانی پر دریا دیکھنا | اگر زیادہ دیکھے جس سے خوف پیدا ہو تو عذاب الٰہی نازل ہو' قحط وبا پڑے۔ |
| طغیانی آتی دیکھنا | اگر پانی سفید اور بے خوف ہو تو رحمت خدا نازل ہو' خلقت آرام پائے۔ |
| طغیانی میں بہتے دیکھنا | مصیبت میں گرفتار ہو' سخت لاچار ہو بے یار ومددگار ہو۔ |
| طلاق بی بی کو دینا | تونگر ہونے کی علامت ہے' صحت کی بشارت ہے۔ |
| طلاق شدہ سے نکاح کرنا | کسی کا مال اپنے قبضہ میں کرے' عیش وعشرت کرے۔ |
| طلاق نامہ لکھنا | عزت ومرتبہ کی کمی واقع ہو' دولت جاتی رہے۔ |
| طلسم دیکھنا | عمر دراز ہو' دنیا کی سیر وسیاحت کرے۔ |

☆☆======☆☆

# ظ

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| ظرف برتن دیکھنا | دنیاوی کاروبار میں مشغول ہو۔ |
| ظروف خریدنا | دنیا کے کاموں میں محو ہو دین کو بھول جائے۔ |
| ظرافت کرنا | دنیا کے فضول کاموں میں حصہ لے۔ |
| ظالم کو دیکھنا | بُرے کام کی سزا پائے' غم میں مبتلا ہو۔ |
| ظریف بننا | عزت و بزرگی پائے' ہم نشینوں میں عزت ہو۔ |
| ظلمت دیکھنا | گمراہی میں پھنسے' رنج و غم اُٹھائے۔ |
| ظلم کرنا | بدنام مشہور ہو' تکلیف میں مبتلا ہو' رنج پہنچے۔ |
| ظلمات دیکھنا | ناگہاں آفت میں گرفتار ہو' دکھ درد مصیبت اُٹھائے۔ |
| ظلمت شہر پر دیکھنا | آسمانی بلائیں نازل ہوں' آزاد و ملول ہوں۔ |
| ظلم کرنا | ظالم جابر راہزن' ڈاکو پر فتح پائے۔ |
| ظالم بننا یا دیکھنا | شیطانی جماعتوں کو نیست و نابود کرے' ظالم عیار ذلیل و خوار ہوں۔ |
| ظالم کو ہلاک کرنا | قحط سالی دور ہو' نیک لوگوں کا دشمن ہو' خود غرض ہو۔ |
| ظہر کا وقت دیکھنا | رزق و دولت میں قدرے کمی واقع ہو' عزت میں فرق آئے |
| ظہر کی نماز پڑھنا | گناہوں سے توبہ کرے' دیندار اور پرہیز گار ہو۔ |

# ع

| خواب | تعبیر خواب |
| --- | --- |
| عرق بدن سے ٹپکنا | اگر بیمار ہو صحت ہو' برے کام کرنے میں ندامت پائے۔ |
| عصا دیکھنا | غلام یا ملازم اچھا پائے' اس سے نفع پائے۔ |
| عطار دیکھنا | کسی دفتر میں کلرک وغیرہ بنے یا سفر کرے۔ |
| عطر لگانا | دنیا میں حرمت ہو' عورت پاکیزہ سے صحبت حاصل ہو۔ |
| عمارات دیکھنا | امیر بننے کی علامت ہے' بہتری کا سبب ہے۔ |
| عمامہ باندھنا | امامت کرے' امام کہلائے' عوام سے نفع اٹھائے۔ |
| عاقل مرد کو دیکھنا | تجارت میں نقصان ہو۔ |
| عندلیب دیکھنا | شعر و سخن کے میدان میں شہرت پائے' خوشی حاصل ہو۔ |
| عابد کو دیکھنا | دین و دنیا میں نیک نامی ہو۔ |
| عادل بادشاہ کو دیکھنا | کسی مواخذہ میں گرفتار ہو' گناہ کا پردہ چاک ہو جائے۔ |
| عالم کو دیکھنا | گمراہی سے بچے' طالب علم دیکھے تو امتحان میں کامیابی ہو |
| عامل کو دیکھنا | رنج و غم کا سامنا ہو' دل پریشان رہے۔ |
| عبادت خدا کی کرنا | مکروہات دنیا سے نجات ہو۔ |
| عبرت حاصل کرنا | علم و عقل میں ترقی ہو۔ |
| عزت پانا | کشائش کار ہو۔ |
| عشق میں مبتلا ہونا | پریشانی و حیرانی بڑھے' کاروبار میں نقصان ہو۔ |
| عفیفہ عورت کو دیکھنا | اولاد سے راحت ہو' اللہ کا کرم شامل حال ہو۔ |

| | |
|---|---|
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھنا | دولت مند ہو اور صاحب وجاہت ہو۔ |
| عمارت بنانا | مالی فائدہ کی دلیل ہے بیمار دیکھے تو مرض بڑھے۔ |
| عمامہ سر سے گرنا | مرتبہ میں تنزل ہو ذلت وخواری پیش آئے۔ |
| عمرہ کرنا | کار خیر انجام شہرت اور نیک نامی میں اضافہ ہو۔ |
| عمدہ مکان دیکھنا | بیمار دیکھے تو موت کی نشانی ہے۔ |
| حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو دیکھنا | قرض ادا ہو مفلسی دور ہو۔ |
| عمر بتانا | بیماری اور مفلسی کی نشانی ہے۔ |
| عمر کم بتانا | موت کی نشانی ہے توبہ واستغفار کرے۔ |
| عمر دریافت کرنا | مریض صحت پائے اور تندرستی حاصل ہو۔ |
| عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان سے اُترتے دیکھنا | بارش ہونے کی دلیل ہے۔ |

☆☆=======☆☆

# غ

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| غبارے اُڑتے دیکھنا | بے بنیاد خبریں سنے' افواہیں سنے۔ |
| غبارہ ہاتھ میں دیکھنا | بیٹے سے راحت ہو۔ |
| غزوہ میں شریک ہونا | عورت سے آرام' دلی مقاصد پورے ہوں۔ |
| غسل کرنا | بیمار دیکھے تو صحت ہو' قرضداری سے نجات ملے۔ |
| غرق دریا میں ہونا | نحس خواب ہے' قرضداری کا عذاب بڑھے۔ |
| غش آنا | مشکل کام آسان ہو' فکر سے نجات ملے۔ |
| غل شور سننا | پریشانیوں میں اضافہ ہو۔ |
| غلام دیکھنا | اگر غلام کو مطیع دیکھے تو فائدہ ہو' سرکش دیکھے تو تعبیر برعکس ہے |
| غلاظت کھانا | دولت ملے' عیش و آرام حاصل ہو۔ |
| غلاظت جسم پر دیکھنا | بیماری کی نشانی ہے' کوئی گناہ سرزد ہو۔ |
| غوث الاعظم کی زیارت | مبارک خواب ہے' مشکل کاموں میں غیب سے اولاد اور دستگیری ہو۔ |
| غوطہ دریا میں لگانا | سعی و محنت سے روپیہ حاصل کرے۔ |
| غیبی آواز سننا | بیمار کیلئے خواب نحس ہے۔ |
| غلام بالغ ہوتا دیکھنا | آزاد ہونے کی دلیل ہے۔ |
| غلام فروخت کرنا | خوشی حاصل ہو' اگر خوبصورت غلام بیچے تو تنگی پائے۔ |
| غلام خریدنا | مال و دولت پائے اگر غلام مہیب شکل ہو تو مصیبت آئے |

| | |
|---|---|
| غلام کا بھاگنا | تنگدستی اور غم واندوہ میں مبتلا ہو۔ |
| غلام کو آزاد کرنا | دنیا سے جلدی کوچ کرنے کی علامت ہے۔ |
| غلامی کرنا | ذلت وخواری ہے اگر مشہور آدمی کی غلامی کرے تو اس سے نفع پائے۔ |
| غلامی علماء کی کرنا | دین و بزرگی پائے' صاحب توقیر یا تدبیر ہو۔ |
| غلّہ کا ڈھیر دیکھنا | محنت ومشقت سے روزی حاصل ہو۔ |
| غلّہ خریدنا | تنگی رزق کا باعث ہے' فلاکت پائے یا غم واندوہ پائے۔ |
| غلّہ فروخت کرنا | تندرستی راحت پائے' بے فکر ہو' آزاد طبع ہو۔ |
| غلّہ کاشت کرنا | نیکی کی علامت ہے' صالح عمل کمائے پرہیزگار دولت مند باعزت ہو۔ |
| غیبی خط دیکھنا | امداد پائے' رحمت حق شامل حال ہونے کا زوال ہو۔ |
| غیبی امداد پانا | مشکلات سے نجات پائے' صحت پائے آرام پائے۔ |
| غبار اُڑتا دیکھنا | مصیبت میں گرفتار ہو' یا فتنہ وفساد پھیلے۔ |
| غرق شہر ہوتا دیکھنا | قہر الٰہی لوگوں پر نازل ہو' لوگ تباہ وبرباد ہوں یا گمراہ ہوں |
| غسل جنابت کا کرنا | جھوٹ کذاب سے توبہ کرے' غم سے نجات پائے۔ |
| غسل چشمہ شفاف میں کرنا | تمام مصائب سے آزاد ہو' رحمت خدا سے دولت عزت بزرگی پائے۔ |
| غشی دور ہونا | کاروبار میں ترقی پائے' مصیبت ٹل جائے' آرام پائے |
| غصہ کرنا یا ہونا | اگر خواب میں دنیاوی باتوں پر غصہ کھائے تو دین سے گمراہ ہو۔ |

| | |
|---|---|
| غصہ والدین پر کرنا | مرتبہ گرنے کی علامت ہے یا والدین سے تکلیف پائے |
| غصہ گمراہ لوگوں پر کرنا | دیندار گمراہ لوگوں سے نفرت کرے، پرہیزگاری اختیار کرے |
| غصہ پی جانا | عزت و مرتبہ بلند ہو رحمت الٰہی شامل حال ہو سعادت پائے |
| غلاف دیکھنا | عورت سے تعبیر ہے اگر نیا دیکھے تو کنواری عورت ملے۔ |
| غبار اُٹھتا دیکھنا | جھگڑا اور خوف لاحق ہو مگر آخر میں خوش ہو۔ |
| غبار درمیان زمین و آسمان | فساد برپا ہو یا ملک میں بیماری پھیلے۔ |
| غبارہ دیکھنا | ملازمت ملنے کی دلیل ہے۔ |
| غلط پڑھنا | کسی عزیز کی خبر آئے۔ |
| غمگین ہونا | خوشی و مسرت کی خبر آئے، چوری شدہ مال واپس ملے۔ |

☆☆========☆☆

# ف

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| فقیر کو مانگتا دیکھنا | تنگدستی اور مفلسی سے نجات حاصل کرنے کی کوشش کرے |
| فقیر دیکھنا | مفلس و قلاش ہو فکر معاش ہو۔ |
| فقیر کو خیرات دینا | بیماری ہو تو شفا پائے، تنگی دور ہو راحت و آرام پائے۔ |
| فقیر سے کچھ لینا | باعث خرابی ہے، رنج و غم میں مبتلا ہو۔ |
| فقیر خود کو بنا دیکھنا | لوگوں کی نظروں میں حقیر ہو، فکر و اندیشہ دامنگیر ہو۔ |
| فوج دیکھنا | کاروبار میں ترقی ہو عزت پائے۔ |

| | |
|---|---|
| فوج میں بھرتی ہونا | سفر طویل کرے' فائدہ کم و بیش ہو۔ |
| فرزند پیدا ہونا | دکھ اور مصیبت میں گھر جائے' باعث پریشانی ہے۔ |
| فوج کو لڑتے دیکھنا | رزق و دولت عام ہو' خلقت بآرام ہو' اگر فوج مغلوب ہو تو قحط پائے۔ |
| فرزند خوبصورت پانا | مال و دولت پائے' غائب سے امداد ملے' راحت ہو۔ |
| فرزند گم جانا | غربت کی علامت ہے' مصیبت میں پھنسے پریشانی اٹھائے۔ |
| فالسہ پھل کھانا | فائدہ حاصل ہو' والدین یا بزرگی سے فیضیاب ہو۔ |
| فاختہ دیکھنا | غربت کی نشانی ہے' باعث سرگردانی ہے۔ |
| فالودہ پینا | مریض ہو تو شفا حاصل ہو' غریب ہو تو امیر ہو جائے۔ |
| فوت ہوتا دیکھنا | بیماری سے شفا پائے۔ |

☆☆=========☆☆

# ردیف ق

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| قالین خریدنا | اگر بڑا خریدے تو عمر دراز ہو' اگر چھوٹا خریدے تو عمر کوتاہ پائے۔ |
| قالین نیا خوشنما لینا | ترقی کاروبار کی علامت ہے' عورت مالدار ملے' یا خادم نیک پائے۔ |
| قافلہ دیکھنا | کاروبار میں ترقی ہو' بیرونی ممالک سے تجارت کرے۔ |

| | |
|---|---|
| قافلہ گھر میں آتا دیکھنا | رُکے ہوئے تمام کام پورے ہوں' راحت و آرام پائے |
| قافلہ میں شامل ہونا | موت آئے یا سفر دراز اختیار کرے یا حج کرے۔ |
| قبر دیکھنا | قید خانہ سے تعبیر ہے' باعث عبرت ہے توبہ کرے۔ |
| قبر کھودنا | تکلیف و مشکلات میں پڑے' محنت و مشقت اُٹھائے۔ |
| قبر میں مٹی ڈالنا | بغیر توبہ کے مرے گناہوں پر پردہ ڈالے۔ |
| قفل کھولنا | دین و دنیا کے کام بخیر و عافیت اختتام پذیر ہوں۔ |
| قلعہ دیکھنا یا بنانا | بڑے بڑے کاموں میں کامیابی حاصل ہو یا مستقل مزاج ہو۔ |
| قلم سے لکھنا | علم حاصل کرے' فرشتہ خصلت نیک ہو۔ |
| قلمدان دیکھنا یا پانا | بادشاہ یا حاکم سے عہدہ جلیلہ پائے' عزت و بزرگی حاصل ہو۔ |
| قید میں بند دیکھنا | دین کی گمراہی کے باعث غم و اندوہ میں مبتلا ہو۔ |
| قید خانہ دیکھنا | اگر عالم خود کو قید خانہ میں بند دیکھے تو رُکے ہوئے کام پورے ہوں۔ |
| قرآن شریف لینا | بزرگی کے کام میں باقوت ہو' علم و عمل میں کامل ہو۔ |
| قرآن شریف پڑھنا | حکمت سیکھے' یا دین و دنیا باہم جمع کرے' عیش میں قدم دھرے' میراث یا روزی حلال سے خوشتر ہو یا قوت و نصرت سے نام آور ہو۔ |

☆☆========☆☆

# ک

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| کاتنا چرخہ پر سوت | کپڑے کی تجارت کرے اور فائدے بے اندازہ پائے۔ |
| کاجل لگانا | اولاد سے راحت ہو دل کو فرحت ہو زیادتی بصارت ہو۔ |
| کاشتکاری کرنا | ترقی دین و دنیا ہو بزرگی و عزت پائے فیض حاصل ہو۔ |
| کاشتکار دیکھنا | کامیابی کا موجب ہے برکت و رحمت ہو کاروبار میں ترقی ہو۔ |
| کانپتا جسم دیکھنا | امانت میں خیانت کرے ضعف غم واندوہ بیماری پائے |
| کافور دیکھنا | بہت سا روپیہ پائے یا لقوہ کے مرض میں مبتلا ہو۔ |
| کباب بھوننا | رنج و مصیبت کی نشانی ہے سمجھے اگر عقیل ہے۔ |
| کباب کھانا | ماندگی رفع ہو رنج و تکلیف دور ہو۔ |
| کبوتر دیکھنا | کنیز ملے یا بہتری حاصل ہو۔ |
| کتا دیکھنا | دشمن سے مقابلہ ہو مگر فتح ہو۔ |
| کرتا پہننا | علم و فضل حاصل ہو جہالت دور ہو۔ |
| کان کٹ جانا | وفات ہونے کی وجہ ہے۔ |
| کانٹا چبھنا | تکلیف پہنچنے کی علامت ہے۔ |
| کفن پہننا | شاہی خلعت اور انعام ملے عمر دراز ہو۔ |
| کافر کو قتل کرنا | نفس امارہ مغلوب ہو دین کے احکام بجا لائے۔ |
| کرکٹ کھیلنا | امتحان میں کامیابی اور نوکری کے ملنے کی اُمید |

| | |
|---|---|
| کرکٹ دیکھنا | کسی عزیز دوست کا خط آئے یا کوئی خوشی ہو۔ |
| کتا حملہ آور دیکھنا | شیطان کے نرغے میں پھنسے یا دشمن سے مقابلہ ہو گزند پائے۔ |
| کتے کا کاٹنا | دشمن سے گزند پہنچے مگر دل مطمئن رہے۔ |
| کشتی میں سوار ہونا | حاکم وقت سے منفعت پائے اگر کشتی سے اُترے تو مصیبت سے نجات پائے۔ |
| کشتی لڑنا | تنگی مال اور پریشانی حال ہو' تکلیف کمال ہو۔ |
| کعبہ شریف دیکھنا | بزرگی پرہیزگاری پائے' میراث مراتب علم وحکومت پائے |
| کعبہ کا طواف کرنا | بزرگوں میں شامل ہو' دین میں کامل ہو' ایسے کام کرے جو حج پر برابر ثواب ہو۔ |
| ککڑیاں خریدنا | احباب واقارب سے فائدہ حاصل ہو' دین میں کامل ہو۔ |
| کنواں دیکھنا | اگر چلتا دیکھے تو کامیابی کی علامت ہے' اگر بند ہو تو خرابی ہو |
| کنواں کھودنا | عورت گھر میں لائے' جس سے فائدہ اُٹھائے یا مقصد میں کامیاب ہو۔ |
| کنگن انعام میں ملنا | حکومت سے فائدہ ہو' فرزند پائے یا کام میں ترقی ہو' عزت ملے۔ |
| کنگھی سر کو کرنا | رنج وغم سے نجات پائے' قرضہ سے خلاصی ملے۔ |
| کنگھی داڑھی کو کرنا | مال زکوٰۃ نکالے' صدقہ خیرات دے' عزت وبزرگی پائے |
| کمر بند باندھنا | طاقت ہمت جرأت سے زمانہ بھر میں شہرت حاصل کرے |
| کمر بند خریدنا | کاروبار میں شہرت ہو' عزت ومرتبہ بلند ہو۔ |
| کوا دیکھنا | فاسق اور کاذب (جھوٹے) سے واسطہ پڑے۔ |

| | |
|---|---|
| کوڑا پھینکنا | اقتدار سے دستبردار ہو اگر ظالم ہو گناہوں سے توبہ کرے |
| کھجور پر چڑھنا | کامیابی کی دلیل ہے' کاروبار میں ترقی ہو' عہدہ پائے عزت ملے۔ |
| کھجور سے پھل توڑنا | کسی بڑے گھرانے سے یا حاکم امیر رئیس سے فائدہ حاصل ہو۔ |
| کھانا درویش کو کھلانا | مصیبت سے نجات پائے' پرہیز گار ہو' سعادت و بزرگی پائے |
| کھیت دیکھنا | ترقی نعمت و علم کی نشانی ہے' خوش حالی حاصل ہو۔ |
| کھیت ہرا بھرا دیکھنا | فراخی نعمت ہو یا اولاد سے راحت ہو' آرام پائے۔ |
| کوئل کی آواز سننا | دوست یا عزیز کے آنے کی خبر پائے۔ |
| کیچڑ میں پھنسنا | مصائب و آلام میں گرفتار ہو یا مرض مہلک کا شکار ہو۔ |
| کیچڑ سے نکلنا | ہر بلاؤ مصیبت بیماری سے نجات پائے۔ |
| کیلا کھانا | فتح مندی حاصل ہو' دولت بزرگی آرام و راحت حاصل ہو |
| کیلا خریدنا | ترقی کامیابی کاروبار میں حاصل ہو' بزرگی اور آرام پائے |
| کڑا پاؤں میں پہننا | دختر یا فرزند سعادت مند پائے' عورت کو خوف شوہر سے لاپرواہی ہو۔ |
| کلام کسی پرندے سے سننا | میراث عظیم پائے یا ایسا عجب کام کرے جس سے مشہور عام ہو۔ |

☆☆========☆☆

# گ

| خواب | تعبیر خواب |
| --- | --- |
| گاجر کھانا | قوت باہ زیادہ ہو' ممسک سے فائدہ ہو۔ |
| گالی دینا | تنگی حال کی علامت ہے۔ |
| گائے ملنا | زمین ملنے کی نشانی ہے۔ |
| گدھا دیکھنا | سفاہت میں شہرت ہو' شیطان کے مثال مغرور ہو۔ |
| گدھے پر سے اُترنا | سفاہت دور ہو' دولت مند ہو جائے۔ |
| گرجنا بادل کا | غضب شاہی میں گرفتار ہو' نہایت ذلیل ہو۔ |
| گرم پانی پینا | بخار میں مبتلا ہو' پینے کو جوشاندہ ملے۔ |
| گلاب دیکھنا | معشوق گل بدن پائے' یا نیک کام کر کے مخلوق میں شہرت ملے |
| گاڑی میں سوار ہونا | سفر پیش آئے بیماری دیکھے تو موت کی نشانی ہے۔ |
| گلاب دیکھنا | دین و دنیا کی نعمت حاصل ہو۔ |
| گھوڑے پر سوار ہونا | عزت و مرتبہ حاصل ہو۔ |
| گیند دیکھنا | خوشی ہو۔ |
| گھوڑے سے گرنا | عزت و مرتبہ زائل ہو' مصیبت اور ذلت کا سامنا کرنا پڑے |
| گدھے کی آواز | خرابی صحت برے کام کی طرف رغبت |
| گلاب دیکھنا | عزت و رتبہ بڑھے' شہرت ہو۔ |
| گھی دیکھنا | خیر و برکت اور نفع ہو فرزند اور لڑکی کی شادی ہو۔ |
| گداگری کرنا | کوشش و ہمت سے کاروبار اور تجارت میں ترقی کرے |

| | |
|---|---|
| گداگر کو کچھ دینا | کسی کے کام میں مددگار ہو' خیر و برکت پائے۔ |
| گڑھا کھودنا | حیلہ وفریب سے مال حاصل کرے۔ |
| گلدستہ باندھنا | فتنہ وفساد کرے' موجب خرابی ہے۔ |
| گلقند کھانا | اگر بیمار ہو تو شفا پائے اگر غمزدہ ہو خوشحالی پائے۔ قرضہ سے نجات پائے۔ |
| گھوڑا دیکھنا | قدر و منزلت اور دولت و لایت پائے۔ |
| گھوڑے پر سوار ہونا | دولت بے انداز پائے اور خوبی و خوش رفتاری سے حکومت منصب مراد ہے۔ |
| گھوڑا دوڑانا | مراد حاصل ہو' علم میں کامل ہو' سردار قوم ہو' یا وزیر مشیر سلطنت ہو۔ |
| گھوڑی دیکھنا | عورت ملے جس قدر خوبصورت دیکھے اس قدر حسینہ عورت پائے۔ |
| گھی کھانا یا خریدنا | مال و دولت پائے' مگر دل پریشان ہو۔ |
| گیدڑ کیساتھ کھیلنا | عورت پر عاشق ہو' جو اجنبی ہو مگر عورت بے وفا نکلے۔ |
| گیند بلا کھیلنا | دنیاوی جستجو میں کامیاب ہو' عزت مرتبہ پائے مگر دین میں کمزور ہو۔ |
| گینڈا دیکھنا | دشمن پر فتح یاب ہو' مصیبت سے آزاد ہو۔ |
| گیہوں دیکھنا | مال حلال پائے مگر مشقت سے ہاتھ آئے۔ |

☆☆========☆☆

# ل

| خواب | تعبیر خواب |
| --- | --- |
| لباس سیاہ دیکھنا | دن ورات غم وغصہ کھائے' مشقت سے روزی حاصل ہو |
| لباس نیلا پہننا | حج نصیب ہو' دعا قبول ہو۔ |
| لڑکی حسینہ دیکھنا | نعمت وراحت کی نشانی ہے' دولت وعزت ملے |
| لڑائی ہونا | مصیبت آئے۔ |
| لعل دیکھنا | فرزند ارجمند پیدا ہو' عورت حسینہ ملے۔ |
| لکڑی جلانا | نفاق کی دلیل ہے۔ |
| لگام دیکھنا | عورت کو مطیع کرے' یا اللہ تعالیٰ اس کا مرتبہ بلند کرے۔ |
| لومڑی دیکھنا | مکار عورت ملے' رات دن جنگ کرکے پریشان کرے۔ |
| لاش دیکھنا | کسی مقصد میں کامیابی ہو۔ |
| لباس پاکیزہ پہننا | عزت ومنصب میں ترقی ہو۔ |
| لباس بوسیدہ پہننا | رنج وغم کی دلیل ہے۔ |
| لحاف اوڑھنا | عورت سے صحبت کرے اگر کنوارہ ہو تو شادی کرے۔ |
| لحاف نیا لینا | کنواری لڑکی سے شادی کرے اگر زرد لحاف صاف ستھرا ہو تو پاکیزہ عورت ملے۔ |
| لکڑی تراشنا | کسی منافق یا مرتد ملعون کا ہمنوا اور خیر خواہ ہو یا مشرک کی مدد ملے۔ |
| لکھائی قرآن پاک کی | موجب برکت ورحمت ہے' رشد وہدایت پائے' بزرگی ملے۔ |

| | |
|---|---|
| لگام کسی کو دینا | جس کو دے اس کو راہ ہدایت پر لگائے مشیر و ہمدرد ہو۔ فائدہ پہنچائے۔ |
| لوٹ مار کرنا | رنج وغم میں پڑے یا مال حرام پائے عوام میں بدنامی پائے |
| لونگ خریدنا | رشد و ہدایت پائے یا لوگوں میں تعریف وتوصیف سے مشہور ہو۔ |
| لوہا دیکھنا | دولت وقوت حاصل ہو اگر لوہے سے کام لے تو بہادر عالی قدر ہو۔ |
| لہسن کھانا یا خریدنا | مال حرام پائے رنج وغم میں مبتلا ہو۔ |
| لومڑی دیکھنا | کسی قریبی رشتہ دار کے مکر وفریب کا شکار ہو۔ |
| لومڑی خریدنا | مکاری فریب دہی سے مقصد میں کامیاب ہو۔ |
| لونڈی خوبصورت پانا | مال ودولت عزت وفرحت خیر وبرکت حاصل ہو۔ |
| لوٹا مٹی کا خریدنا | دیندار ہو کنیز خادمہ نیک ملے اگر چاندی کا پائے تو مال ونعمت پائے۔ |

☆☆========☆☆

# م

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| ماتھا چمکتا کشادہ | پرہیزگار اور بزرگ ہو' سخاوت اور مہمان نوازی اختیار کرے |
| ماتھے سے خون جاری دیکھنا | عزت و مرتبہ پائے' عزیز و اقارب کا ہمدم و ہمدرد ہو شہرت پائے۔ |
| ماش کی دال کھانا | مالدار ہو' عزت و فرحت حاصل ہو' آرام پائے۔ |
| مال و دولت دیکھنا | کامیابی کی علامت ہے' خوشحالی پائے' دکھ دور ہوں۔ |
| مٹی کے ڈھیلے دیکھنا | درم دینار اور روپیہ پیسہ پانے سے تعبیر ہے۔ |
| مٹی اکٹھی کرنا | دولت و زر مال جمع کرے' عزت پائے۔ |
| مشکیزہ پانی سے بھرنا | مقصد پورا ہو' روزگار ملے۔ |
| مشکیزہ سے پانی بہہ جانا | رنج و غم کا سامنا ہو۔ |
| موتی دستیاب ہونا | حاملہ دیکھے تو بیٹی پیدا ہونے کی دلیل ہے' مقصد پورا ہو۔ |
| مسواک کرنا | قرض ادا ہو کار خیر انجام دے۔ |
| مشک دیکھنا | عزت اور شہرت میں اضافہ ہو۔ |
| مندر میں جانا | مسلمان کیلئے نحس اور ہندو کیلئے اچھا خواب ہے۔ |
| مینڈک پکڑنا | رنج و غم کا سامنا ہو۔ |
| مہندی لگانا | مرد دیکھے تو فرائض کی ادائیگی میں پہلوتی کرے۔ عورت دیکھے تو مبارک خواب ہے۔ |
| میلاد شریف کی محفل دیکھنا | رنج و غم سے نجات ہو' روزگار میں ترقی ہو۔ |

| | |
|---|---|
| ماں کی قدم بوسی کرنا | دین ودنیا کی نعمت حاصل ہو۔ |
| مرغی دیکھنا | غیر شادی شدہ دیکھے تو شادی ہو۔ |
| مرگی کا مریض دیکھنا | رنج وغم کا سامنا ہو۔ |
| ماں باپ کو دیکھنا | رنج دور ہو' نفع ہو خیر وبرکت کی نشانی ہے۔ |
| ماں باپ کو مار ڈالنا | قرض بیماری میں مبتلا' سخت پریشانی ہو۔ کسی مصیبت میں گرفتار ہو۔ |
| مٹھائی کھانا | عزت اور مرتبہ بڑھے' نوکری میں اضافہ ہو۔ |
| مچھر دیکھنا | کمزور آدمی کو ہلکا بخار آئے' تندرست کیلئے دردسر کی نشانی ہے۔ |
| محراب دیکھنا | نیکی کی بشارت ہے' ہدایت پائے' فرزند پیدا ہو۔ |
| محراب میں نماز پڑھنا | زیادتی مال اور بزرگی پانے کی نشانی ہے۔ اگر جاہل ہو تو خوار ہو۔ |
| مدینہ شریف دیکھنا | ترقی علم اور دین ودنیا کی بہتری پائے' زیارت مدینہ شریف پائے۔ |
| مردار سنگ دیکھنا | رنج وغم اور بیماری اور عذاب میں مبتلا ہو۔ |
| مرغ ذبح کرنا | نیکی کی علامت ہے' اگر مرغ کا گوشت کھائے تو دولت پاکیزہ ہے۔ |

☆☆==========☆☆

# ن

| خواب | تعبیر خواب |
| --- | --- |
| ناچ دیکھنا | رنج دور ہو' خوشی حاصل ہو اور جو خود ناچے تو غل وشور کرے |
| ناخن تراشنا | قرض دور ہو' حاصل بہ جحت وسرور ہو۔ |
| نارنج دیکھنا | بیمار ہونے کی علامت ہے' مگر بعد رنج کے آرام ملے۔ |
| ناریل دیکھنا | شادی ہو غم سے آزادی ہو یا فرزند پیدا ہو۔ |
| ناک اپنی بڑی دیکھنا | شہوت زیادہ ہو' عصمت بدکارہ سے فائدہ ہو۔ |
| ناک کٹی دیکھنا | غربت وذلت کی نشانی ہے۔ |
| نبی کریم ﷺ کو دیکھنا | دینی ودنیوی مراد ہاتھ آئے' انجام بخیر ہو۔ |
| ندی دیکھنا | کسی بڑی سرکار میں پیش ہو' تنخواہ زیادہ ہو' دریادل کہلائے |
| نرگس دیکھنا | معشوق عاشق مزاج ملے' محبت کے پھول کھلیں۔ |
| نعلین دیکھنا | سفر کرنا پڑے' کافی دولت ہاتھ آئے۔ |
| نماز پڑھنا | گناہ معاف ہو' خوبیاں حاصل ہوں۔ |
| نمک دیکھنا | عمدہ وسفید ہے' بیماری سے چھٹکارہ ملے۔ |
| نیزہ دیکھنا | فوج کا افسر ہو' نہایت خوشی ملے۔ |
| نارنگی کھانا | بیماری کی علامت ہے۔ |
| نجومی دیکھنا | حاکم وقت سے عزت ومرتبہ پائے۔ |
| نکاح کرنا | اگر عورت نکاح کراتی دیکھے تو مال کا نقصان ہو۔ |
| نگینہ دیکھنا | اگر بادشاہ دیکھے تو ملک فتح کرے' عورت کیلئے شوہر ہے |

| | |
|---|---|
| ندی کا دیکھنا | تجارت وکاروبار میں ترقی پائے' مراد پوری ہو۔ |
| ندی میں نہانا | بیماری سے شفا پانا' دولت عزت راحت حاصل ہو۔ |
| نرگس کا پھول دیکھنا | فرزند خوبصورت پیدا ہو یا حسینہ عورت ملے۔ |
| نسوار لینا | غم واندوہ میں مبتلا ہو' رنج وفکر پائے۔ |
| نسوار خریدنا | زکام اور بخار میں پڑے' حیران سرگردان ہو۔ |
| نسوار ضائع کرنا | بیماری سے نجات پائے' دکھ دُور ہوں۔ |
| نشاستہ کھانا | رنج وغم اور مصیبت میں گرفتار ہو۔ |
| نشہ شراب میں مست ہونا | عیش وراحت اور آرام وچین پائے۔ |
| نل کا پانی دیکھنا | ترقی کاروبار کی نشانی ہے۔ |
| نماز پڑھنا | اگر مشرق کی طرف منہ کر کے نماز پڑھے تو حج ادا کرے۔ |
| نماز قبلہ رو پڑھنا | دین اسلام میں ترقی کا باعث ہے۔ |
| نماز میں امامت کرانا | اپنے خاندان یا قوم پر سرداری پائے' عزت حاصل ہو۔ |
| ننگا ہونا | طالب دنیا ہونے کا موجب ہے' رسوائی ہو۔ |
| ننگا دیکھنا عورت کو | مال بے اندازہ پائے' جس کا شمار نہ ہو' عزت حاصل کرے |
| نوکر بادشاہ کا ہونا | بادشاہ سے ذلت اُٹھائے' مصیبت میں پڑے۔ |

☆☆========☆☆

## و

| خواب | تعبیر خواب |
|---|---|
| وادی دیکھنا | فرحت حاصل ہو' رنج وغم سے نجات پائے۔ |
| وادی شاداب | دین میں بزرگ ہو' راحت و آرام حاصل ہو' دولت مندی پائے۔ |
| وادی میں نہر دیکھنا | بادشاہ وقت کو مہربان پائے' دولت بزرگی عزت راحت پائے۔ |
| وادی سے نکلنا | اگر خشک وادی سے باہر نکلے تو رنج وغم سے نجات پائے۔ |
| وادی خشک دیکھنا | تنگدستی اور مصیبت میں پڑے' تکلیف دُکھ اُٹھائے۔ |
| وارث یتیم کا بننا | مال ومنال اور عزت واقتدار پائے۔ |
| واعظ ہونا | اگر عالموں کی مجلس میں وعظ کرے تو شہرت حاصل ہو۔ |
| وعظ جاہلوں میں کرنا | بدنام وگمراہ ہونے کا باعث ہے۔ |
| وعظ عالم سے سننا | رشد وہدایت پائے' نیک دیندار متقی ہو۔ |
| وثیقہ لکھانا | مال حرام کھائے' غیر کا حق دبائے۔ |
| وزیر آپ کو دیکھنا | اگر عدل کرتا دیکھے تو رزق ودولت میں ترقی پائے۔ |
| وزیر سے ملاقات کرنا | ترقی عزت اور زیادتی مال کی علامت ہے' خیر وبرکت پائے |
| وسمہ لگانا یا خریدنا | مکر وفریب میں پھنسے' ذلت وخواری پائے' بے دین ہو۔ |
| وحشی کو دیکھنا | مصیبت یا تکلیف میں گرفتار ہو یا سخت بیمار ہو۔ |

☆☆========☆☆

## ہ

| خواب | تعبیر خواب |
| --- | --- |
| ہاضمہ خراب ہونا | جمع شدہ مال میں سے کچھ خرچ ہو۔ |
| ہیضہ ہونا | مال تجارت میں نقصان اور ملازمت سے برطرفی۔ |
| ہزار روپیہ دیکھنا | لڑکا یا لڑکی پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ہاتھی خریدنا | عزت بڑھے' دوستوں سے فائدہ پہنچے۔ |
| ہاتھی پر سوار ہونا | عزت و مرتبہ میں ترقی ہو۔ |
| ہاتھی فروخت کرنا | تعبیر برعکس ہے۔ |
| ہاتھا پائی کرنا | اگر دشمن کو مضبوط پکڑتے دیکھے تو حالات کو اپنے موافق پائے۔ |
| ہار پھولوں کا پہننا | اپنی محبوبہ یا دوست سے محبت و پیار کرے' عیش و آرام پائے۔ |
| ہڈی چبانا | محنت و مشقت زیادہ اُٹھائے' رزق حلال پائے۔ |
| ہڈی پھینکنا | مصیبت سے نجات پائے' باعث آرام راحت ہے۔ |
| ہل چلانا | کامیابی کی دلیل ہے' رزق حلال پاکیزہ ہے۔ |
| ہل خریدنا یا لینا | محنت و مشقت سے روزی حلال پائے۔ |
| ہل ٹوٹا دیکھنا | ناکامی اور تنگدستی کی علامت ہے۔ |
| ہنٹر مارنا | بلا عذر مارے تو رشوت خور ظالم ہو' اگر عذر پہ مارے تو کامیابی و ترقی ہو۔ |
| ہوا میں اُڑنا | اگر آسمان کی طرف اُڑتا دیکھے تو موت کا انتظار کرے۔ |
| ہاتھ کشادہ دیکھنا | سخاوت اختیار کرے' ملنسار محبت سلوک پیار کرے۔ |

# ی

| خواب | تعبیر خواب |
| --- | --- |
| یاسمین دیکھنا | چنبیلی کا پھول اگر حاملہ خواب میں دیکھے تو بیٹی پیدا ہو غیر شادی شدہ دیکھے تو شادی ہو۔ |
| یاقوت دیکھنا | یاقوت پانا' عیش و دولت کی دلیل ہے۔ |
| یکہ میں سوار ہونا | یکہ میں سوار ہو تو سفر پیش ہو۔ |
| یاقوت سرخ دیکھنا | پاکیزہ حسینہ مگر بارعب عورت پائے' راحت حاصل ہو۔ |
| یاقوت سبز دیکھنا | نیک سیرت جمیلہ باوقار خوش اخلاق عورت پائے۔ |
| یاقوت سوداگر دیکھے | تو تجارت میں نفع کثیر پائے' خوشحال ہو۔ |
| یاقوت بادشاہ دیکھے | تو سلطنت میں ترقی ہو' ہر دلعزیز نیک سیرت ہو۔ |
| یاقوت غریب دیکھے | تو تنگدستی سے نجات پائے' کاروبار میں ترقی پائے۔ |
| یاقوت بیمار دیکھے | تو تندرستی پائے' صحت یاب ہو۔ |
| یاقوت باکرہ دیکھے | تو شوہر خوبصورت نیک پائے جس سے فرحت حاصل ہو۔ |
| یاقوت عورت دیکھے | تو خوش جمال فرزند پائے' مشہور عام ہو' نیک نام ہو۔ |
| یاقوت گم ہونا | سب کیلئے باعث تنزل ہے فکر اندیشہ حیرانی لاحق ہو۔ |
| یاسمین دیکھنا چنبیلی | اگر چنبیلی کا پودا دیکھے تو عزیز دوست بیوی سے جدائی ہو۔ |
| یاسمین کے پھول توڑنا | اگر مرد توڑے تو نقصان اٹھائے اگر عورت توڑے تو مرد سے ناچاکی ہو' طلاق ہونے کی نشانی ہے۔ |
| یکہ سے گرنا | باعث تنزل ہے' ذلت و خواری پائے۔ |

☆☆========☆☆

# نسخۂ کیمیا برائے روحانی امراض

حضرت شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک حکیم سے کہا: مجھے گناہوں کا مرض ہے اگر اس کی دوا بھی آپ کے پاس ہو تو عنایت کیجئے۔ یہاں یہ باتیں ہو رہی تھیں اور سامنے میدان میں ایک شخص تنکے چننے میں مصروف تھا اس نے سر اُٹھا کر کہا: جو تجھ سے لو لگاتے ہیں وہ تنکے چنتے ہیں۔

شبلی: یہاں آؤ میں اس کی دوا بتاتا ہوں۔ حیا کے پھول صبر شکر کے پھل عجز و نیاز کی جڑ غم کی کونپل سچائی کے درخت کے پتے ادب کی چھال حسن اخلاق کے بیج یہ سب لے کر ریاضت کے ہاون دستہ میں کوٹنا شروع کرو اور اشک پشیمانی کا عرق ان میں روز ملاتے رہو۔ ان سب کو دل کی دیگچی میں بھر کر شوق کے چولہے پر پکاؤ۔ جب پک کر تیار ہو جائے تو صفائے قلب کی صافی میں چھان لینا اور شیریں زبان کی شکر ملا کر محبت کی تیز آنچ دینا۔ جس وقت تیار ہو کر اُترے تو اس کو خوف خدا کی ہوا سے ٹھنڈا کر کے استعمال کرنا۔

حضرت شبلی نے نگاہ اُٹھا کر دیکھا وہ دیوانہ غائب ہو چکا تھا۔

وہ جو بیچتے تھے دوائے دل
وہ دوکان اپنی اٹھا گئے

(حوالہ موت کا منظر)

صلی اللہ علی حبیبہ محمد و علی آلہ و بارک وسلم

**تمت بالخیر**

بروز پیر شریف یکم ربیع الاوّل ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

بعد نماز ظہر ۱۴۳۳ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرضِ مصنف

## فقیر کے اکتساب علم دین وسلسلہ طریقت کا کچھ تذکرہ

بندۂ ناچیز ان نفوس قدسیہ کا ساری زندگی شکریہ ادا نہیں کرسکتا اور میری زندگی کے ایک ایک لمحہ میں ان کے کئی احسانات ہیں جن کی صحبت وتربیت سے خدمت دین کی سعادت حاصل ہوئی اور میرے نزدیک میرے لیے یہ بہت عظیم ہستیاں ہیں' جنہوں نے مجھ گنہگار کو علم دین کی تعلیم دی اور بالخصوص خانقاہ ڈوگراں شریف مرکزی دارالعلوم جامعہ چشتیہ رضویہ آستانہ عالیہ حضور محدث ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ مربی من سیّدی وسندی حضور پیر ابوالفیض حضرت علامہ محمد عبدالکریم محدث ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ خود حیات تھے۔ جب میں حضرت کی بارگاہ عالیہ میں حاضر ہوا اور آپ کی زیارت سے مستفیض ہوا اور درسِ نظامی کا فیض حاصل کیا' جب میں نے علم دین پڑھنا شروع کیا تقریباً ۱۹۹۴ء تھا۔ مرکزی دارالعلوم چشتیہ رضویہ میں داخل ہونے کے بعد جن اساتذہ کرام سے اکتساب علم دین کیا ان کے اسمائے مبارکہ یہ ہیں:

پیر طریقت رہبر شریعت خطیب عالم حضور محدث ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے شہزادگان میں سے شیخ الحدیث والتفسیر حضرت صاحبزادہ مولانا پیر محمد نور المجتبیٰ چشتی صاحب جوکہ آجکل مرکزی دارالعلوم کے مفتی وشیخ الحدیث ہیں اور دیگر صاحبزادگان سے بھی کچھ اسباق پڑھے ہیں۔ اور مناظر اسلام رئیس المدرسین' صوفی باصفا حضرت علامہ مولانا میاں محمد یونس قادری صاحب مدظلہ العالی اور مناظر اسلام' رئیس المدرسین حضرت علامہ مولانا محمد مقصود احمد قادری صاحب مدظلہ العالی۔

ان حضرات سے درسِ نظامی پڑھنے کا گنہگار کو شرف حاصل ہوا اور اسی تعلیمی دور میں کسی مرشد کامل کے دستِ حق پرست پر بیعت کرنے کا ذہن بنا تو گوجرانوالہ شریف میں مشہور ومعروف بزرگ' علمی اور روحانی شخصیت' پیر طریقت رہبر شریعت' عالم باعمل' ولی کامل' پیکر صدق وصفا' پاسبان مسلک امام احمد رضا' فیض یافتہ حضرت امیر ملت نائب حضرت محدث اعظم پاکستان' حضرت علامہ الحاج سیّدی مرشدی حضور پیر ابوداؤد محمد صادق صاحب قادری رضوی

دامت برکاتہم القدسیہ امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان کی بارگاہ میں حاضر ہوکر بیعت ہونے کا شرف حاصل کیا۔ قبلہ حضرت صاحب نے مجھ گنہگار کو سلسلہ قادریہ رضویہ میں شامل فرما لیا۔

بعد ازاں کچھ عرصہ ۲۰۱۰ء رمضان شریف میں حضور قبلہ پیر صاحب نے سلسلہ کی اجازت بھی عنایت فرما دی۔ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے مرشد پاک اور آپ کے صاحبزادگان حضرت صاحبزادہ محمد داؤد قادری رضوی اور حضرت صاحبزادہ محمد رؤف قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کو ابدی عظمتیں عطا فرمائے۔ آمین۔

بحرمة سيّد العالمين عليه الصلوٰة والتسليم

اور پھر اس کے بعد دورہ حدیث شریف کے لئے فیصل آباد مرکزی دارالعلوم جامعہ رضویہ مظہر اسلام آستانہ عالیہ حضور محدث اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ میں حاضر ہوا اور سند المحدثین شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا سیّدی و استاذی حضور ابوالخیر حافظ غلام نبی صاحب نقشبندی مجددی دامت برکاتہم القدسیہ سے دورہ حدیث شریف پڑھنے کا شرف حاصل کیا۔

کچھ عرصہ بعد ازاں ۲۰۱۳ء ربیع الاوّل شریف کے ہمارے سالانہ جلسہ پر پیر طریقت رہبر شریعت شیخ الحدیث والتفسیر جگر گوشہ حضور محدث ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا پیر محمد نور المجتبیٰ چشتی رضوی مدظلہ العالی' آپ نے حضور محدث ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے مجھ گنہگار کو سلسلہ قادریہ رضویہ کی اجازت و خلافت عطا فرمائی اور دستار بندی فرمائی۔

اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے تصدق سے میرے جملہ اساتذہ کرام ذوالاحتشام کو دارین کی برکات سے نوازے اور انہیں دائمی طور پر اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو اور اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

جن کی نگاہ شفقت سے مجھ گنہگار کو خدمت دین کی توفیق ملی۔

العبد الحقیر

خلیفہ مجاز حضور محدث ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ

ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

الحافظ القاری مولانا غلام حسن قادری کی واقعات پر دیگر تصانیف




ناشر
اکبر بک سیلرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
Ph:37352022